التماس

- تمام مقالہ نگاروں سے درخواست ہے کہ اپنے مسودات مدیر مسئول کے نام ارسال فرمائیں
- مضامین/مقالات کمپوز کرائیں یا نہایت صاف خط میں، مناسب حاشیہ چھوڑ کر لکھیں۔ ہر دو صورتوں میں کاغذ کی ایک ہی طرف تحریر کریں
- حواشی اور حوالہ جات کا اہتمام ضرور کریں بصورت دیگر مقالہ شامل اشاعت نہ ہوگا

معارف اسلامی

میں شائع ہونے والے مقالات کے موضوعات کا دائرہ حسب ذیل ہے:

- علوم القرآن، علوم الحدیث، سیرت، فقہ واصول فقہ
- علم کلام، تصوف، تقابل ادیان، اسلامی تاریخ، تعلیم وتدریس، مسلم شخصیات اور اسلامی موضوعات پر لکھی جانے والی کتب (تبصرہ وتعارف)
- فلسفہ، سائنس، ادب، معاشیات، عمرانیات، سیاسیات ثقافت وتمدن، قانون واصول قانون (اسلامی نقطہ نظر سے)

مدیر مسئول معارف اسلامی
کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی
اسلام آباد، پاکستان

8 ثمینہ سعدیہ
لیکچرار، شعبۂ اسلامیات، گورنمنٹ وقار النساء کالج، راولپنڈی۔

9 ڈاکٹر محمود الحسن عارف
چیئر مین، اُردو دائرہ معارفِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور۔

10 ڈاکٹر محمد نعیم صدیقی ندوی
سابق رفیق، دار المصنفین، شبلی اکیڈیمی، اعظم گڑھ، انڈیا۔

11 پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی
ڈین، کلیۂ عربی و علوم اسلامیہ و مدیر مسؤل ''معارفِ اسلامی''
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

12 ڈاکٹر محمد ضیاء الحق
چیئر مین شعبۂ اسلامک لاء، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

13 ڈاکٹر محمد عبداللہ
لیکچرار، شعبۂ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی، لاہور۔

14 پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی
ڈائریکٹر جنرل، شریعہ اکیڈیمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

15 ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس
لیکچرار، شعبۂ اسلامیات، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، لاہور۔

فہرست

○ اشارات — مدیر اعلیٰ — i

❶ مطالعۂ قرآن

✍ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی قرآنی خدمات — ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی — 1

✍ قرآن مجید کے ترجمے — ڈاکٹر محمد حمید اللہ — 27

✍ تراجم قرآن مجید۔ تازہ بتازہ نو بنو — ڈاکٹر محمد حمید اللہ — 47

❷ مطالعۂ حدیث

✍ مطالعہ وتدوین حدیث میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی خدمات — ڈاکٹر خالد ظفر اللہ رندھاوا — 59

✍ کتاب السرد والفرد فی صحائف الاخبار — پروفیسر عبدالرحمٰن مؤمن — 95

❸ مطالعۂ سیرت

✍ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، مصنف سیرتِ نبویہ ﷺ — پروفیسر ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ — 105

✍ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی چند مشہور کتب سیرت کا تعارف — پروفیسر لطف الرحمٰن فاروقی — 117

✍ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی سیرت نگاری میں اہم خصوصیات — پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر — 151

✍ خطوط نبویؐ کی اصلیت پر مستشرقین کے اعتراضات اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے جوابات — ڈاکٹر محمد اکرم رانا — 173

✍ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی تحقیقات کی روشنی میں۔ مطالعۂ سیرت کی نئی جہات — ثمینہ سعدیہ — 193

❹ تحقیقات وتعلیقات

✍ اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ کی تالیف میں ڈاکٹر محمد حمیداللہ کی خدمات	ڈاکٹر محمود الحسن عارف	241
✍ ''کتاب النبات'' از ابوحنیفہ دینوری (تحقیق وتدوین ڈاکٹر محمد حمیداللہ)	ڈاکٹر محمد نعیم صدیقی ندوی	271
✍ ''کتاب المعتمد'' کی تحقیق وتدوین میں ڈاکٹر محمد حمیداللہؒ کے منہج واسلوب کا جائزہ	پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی	277
✍ ''الوثائق السیاسیۃ'' میں ڈاکٹر محمد حمیداللہؒ کا تحقیقی منہج	ڈاکٹر محمد ضیاء الحق	293

❺ مطالعۂ مذاہب وادیان

✍ ڈاکٹر محمد حمیداللہؒ کا مطالعۂ ادیان ومذاہب	ڈاکٹر محمد عبداللہ	311

❻ تاثرات، نقد واستدراک اور خطبات

✍ خطباتِ بہاولپور کا انداز واسلوب	پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی	359
✍ خطباتِ بہاولپور (تعارف اور مشہور روایات کا تنقیدی جائزہ)	ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس	367
✍ علم وعمل کا پیکر ڈاکٹر محمد حمیداللہؒ (تاثرات)	پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی	395
✍ ڈاکٹر محمد حمیداللہ سے ایک یادگار ملاقات	پروفیسر ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی	407
✍ ڈاکٹر محمد حمیداللہ	سید ضمیر جعفری	419
✍ اسلامی فلاحی ریاست کا قیام (خطاب A.I.O.U)	ڈاکٹر محمد حمیداللہ	427

اشارات

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا شمار ان نابغۂ روزگار شخصیات واعلام میں ہوتا ہے جو کہیں صدیوں میں جا کر نمودار ہوتے ہیں بیسویں صدی کے تقریباً آغاز میں آپ اس عالم دنیا میں تشریف لائے اور اکیسویں صدی کی ابتداء میں عالم عقبیٰ کی طرف چل دیئے۔

اس لحاظ سے دیکھا جائے تو آپ کی شخصیت پوری ایک صدی پر محیط رہی۔ قانونِ قدرت کے مطابق آپ دنیا سے چلے گئے لیکن اپنی علمی خدمات اور کارہائے نمایاں کی وجہ سے آپ زندہ وتابندہ ہیں اور زندہ وتابندہ رہیں گے۔ آپ کی خوش قسمتی اور سعادت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اب تک آپ کی دعائے مغفرت کے لیے پروردگارِ عالم کے حضور جو ہاتھ اٹھے ہیں وہ ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں کی تعداد میں ہیں۔

دنیا کے گوشے گوشے میں آپ کے لیے تعزیتی ریفرنسز منعقد ہوئے اور آپ کے چاہنے والوں نے بہت بھرپور طریقے سے آپ کو خراجِ تحسین پیش کی۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی ذات کو اس پہلو سے دیکھا جائے تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ آپ کو مقامِ مقبولیت عطا ہوا تھا اور یہ مقام اللہ جل شانہ کی خاص عطا ہوتی ہے جو ہر ایک کو حاصل نہیں ہوتی۔ بقول شاعر:

؎ مقبول بہت شاذ ہیں قابل تو بہت ہیں
آئینہ کے مانند ہیں کم ، دل تو بہت ہیں

ڈاکٹر صاحب کی تحریر میں ایسی تاثیر ہے کہ جو بھی اس کو پڑھتا ہے آپ کا گرویدہ ہو جاتا ہے۔ آپ کی زبان اتنی سادہ، سلیس اور شستہ ہے کہ پڑھنے والے کو اسے پڑھتے ہوئے کسی قسم کا بوجھ اور تردد محسوس نہیں ہوتا۔ تحریر میں اس نوع کی تاثیر تب پیدا ہوتی ہے جب لکھنے والا انتہائی مخلص اور باکردار ہو۔ ڈاکٹر صاحب کے اخلاص پر آپ کی تالیفات اور علمی خدمات شاہد عدل ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کے علمی سفر میں وہ موڑ بہت خوبصورت معلوم ہوتا ہے جب آپ حدیث اور سیرت کی طرف مڑ گئے اور آپ نے اپنی ساری توجہ حدیث وسیرت کی خدمت واشاعت کی طرف مرکوز کی حدیث کے مصادر ومراجع اور ذخائر کے بارے میں مستشرقین نے جو شکوک وشبہات پھیلائے تھے ان شکوک وشبہات کے بارے میں جتنا علم ڈاکٹر صاحب کو تھا اتنا علم کسی اور سکالر کو نہیں تھا اس کی وجہ یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب مستشرقین کو ظاہراً اور باطناً دونوں پہلوؤں سے بہت اچھی طرح جانتے تھے آپ ان کے دونوں پہلوؤں سے اس لیے واقف تھے کہ آپ کا ٹھکانا پیرس جیسے شہر میں تھا اور آپ ان کی علمی نشاطات سے اس لیے آگاہ تھے کہ آپ عربی، انگریزی، فرانسیسی، جرمنی اور اطالوی زبانوں پر عبور رکھتے تھے۔ اس پہلو سے دیکھا جائے تو آپ کے علاوہ مسلم دنیا میں کوئی اور عالم مستشرقین کے بارے میں اتنا باخبر نہیں تھا۔ حدیث کے بارے میں مستشرقین نے جو بہت ہی بنیادی سوال اٹھائے تھے ڈاکٹر صاحب نے ان کے ہر ایک سوال کا مسکت جواب دیا۔ اس ضمن میں آپ نے صحیفۂ ہمام بن منبہ کو منظرِ عام پر لا کر مستشرقین کو آگاہ کر دیا کہ تیسری صدی ہجری میں تدوینِ حدیث کا پروپیگنڈہ ان کی غلط فہمی پر مبنی ہے اصل بات یہ ہے کہ کتابتِ حدیث کا کام دورِ رسالت اور دورِ صحابہ میں شروع ہو گیا تھا اور وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ اس میں اضافہ ہوتا گیا تا آنکہ تیسری صدی ہجری میں محدثین نے پہلی دو صدیوں کے مجموعہائے حدیث سے انتخاب کر کے ابواب وفصول کی تقسیم کے ساتھ روایات کو مدوّن کر دیا۔

سیرت کے ضمن میں آپ کی خدمات سب سے زیادہ وقیع اور مفید نوعیت کی ہیں۔ حضور اکرم ﷺ کی سیرت پر فرانسیسی زبان میں آپ کی کتاب کو بہت زیادہ پذیرائی حاصل ہوئی جو حضرات فرنچ جانتے ہیں وہ اس کتاب کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کی علمی خدمات آپ اس خصوصی نمبر کے مقالات میں تفصیل کے ساتھ ملاحظہ فرمائیں گے۔ کاتبِ حروف کی ملاقات ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم کے ساتھ ۱۹۹۲ء میں اس موقع پر ہوئی جب آپ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی تشریف لائے تھے۔ آپ نے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے آڈیٹوریم میں ایک جم غفیر کے سامنے "اجتہاد" کے موضوع پر لیکچر دیا تھا۔ یہ لیکچر اتنے سیدھے سادے الفاظ اور مختصر جملوں سے مرکب تھا کہ سامعین میں سے ہر شخص بہت سہولت کے ساتھ اس کا ہر ہر لفظ سمجھ سکتا تھا۔ جس طرح آپ کی زبان سادہ اور عام فہم تھی اسی طرح آپ کی شخصیت بھی انتہائی سادہ اور تکلفات سے مبرا تھی۔

آپ کی علمی خدمات پر علوم اسلامیہ کے اساتذہ اور محققین کی ورکشاپ ہونی چاہیے جس میں آپ کی کدو کاوش کا بھرپور جائزہ لینے کے بعد اس پہلو سے تخطیط کی جائے کہ جو کام انہوں نے شروع کیے تھے ان کو آگے کیسے بڑھایا جائے۔"

وائس چانسلر صاحب نے کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کو ہدایت فرمائی کہ:

"ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم کی یاد میں مجلّہ "معارفِ اسلامی" کی طرف سے خاص نمبر کی اشاعت کا اہتمام کیا جائے اور اس میں ایسے مقالات کو جگہ دی جائے جو خالص علمی اور تحقیقی نوعیت کے ہوں اس نمبر کو اس انداز سے مدوّن کیا جائے جس طرح ایک تاریخی دستاویز مدوّن کی جاتی ہے۔"

محترم وائس چانسلر صاحب کی ہدایات اور رہنمائی کے مطابق اس نمبر کو بہتر سے بہتر شکل میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے یہ ڈاکٹر صاحب مرحوم کی خدمت میں ایک حقیر سی کوشش ہے اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ اس معمولی سی کوشش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے زندگی بھر علوم اسلامیہ کی ترویج واشاعت کے لیے جو بے لوث اور مخلصانہ خدمت کی ہے ہم محض اس کا تذکرہ نہ کریں بلکہ ان کی زندگی کو مینارۂ نور سمجھتے ہوئے ان کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کریں۔

اللہ تعالیٰ ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہمیں ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی
مدیر مسؤل
۲۹/۰۱/۲۰۰۴

1



مُطالعۂ قرآن

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کی قرآنی خدمات

* ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی

ڈاکٹر محمد حمید اللہ (۲۰۰۲ء۔۱۹۰۸ء) ایک ایسا معروف نام ہے جس سے دنیائے اسلام کا ہر محقق اور دانشور بخوبی واقف ہے، یہ وہ عظیم شخصیت ہے جس نے درویشی میں دین اسلام کی عظیم خدمات انجام دی ہیں۔ ۹۵ برس کی عمر تک پیہم دین اسلام کے حقائق کی تقدیم میں ہمہ تن مصروف رہے۔ قرآنیات، تدوین حدیث اور اسلامیات کے سلسلے میں معاندین اسلام کے بہت سے شکوک وشبہات رفع کیے، تحقیق وتصنیف کے علاوہ اشاعتِ اسلام کے باب میں آپ نے گرانقدر خدمات انجام دیں، بیشمار لوگوں کو آپ کے توسط سے ایمان کی دولت نصیب ہوئی۔ اسی طرح عیسائی حلقوں میں اپنی تقاریر کے ذریعہ دین اسلام کے سلسلے میں پیدا ہو جانے والے غلط احساسات کو ختم کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔

ڈاکٹر صاحب کو مختلف زبانیں سیکھنے کا شدید اشتیاق صرف اس لیے تھا کہ مختلف اقوام وملل اور مختلف نظریات کے حاملین تک دین اسلام کی صداقت کو بآسانی پہنچایا جا سکے۔ ڈاکٹر صاحب ۲۵ زبانوں سے واقف تھے۔ عربی، فارسی، ترکی، انگریزی، فرانسیسی، جرمن اور اطالوی زبانوں پر انہیں دسترس حاصل تھی۔ عربی، فارسی، اردو، انگریزی، فرانسیسی اور جرمن میں گرانقدر علمی سرمایہ چھوڑا ہے۔ اسی طرح دنیا کی مختلف زبانوں میں موجودہ اسلامی مخطوطات سے ڈاکٹر صاحب باخبر تھے۔ تصنیف وتالیف کا مشغلہ ڈاکٹر صاحب کو اس قدر عزیز تھا کہ مختلف سربراہان مملکت اور سلاطین کی درخواستوں کو درخور اعتناء تصور نہ کیا۔

ڈاکٹر صاحب کی مختلف الجہات خدمات کا ایک قابل ستائش پہلو یہ تھا کہ وہ اتحاد بین المسلمین کے زبردست مبلغ تھے۔ خود تو شافعی المسلک تھے لیکن اسلام کی ہمہ گیریت کو دیکھتے ہوئے کبھی انہوں نے کسی دوسرے مسلک کے پیروکاروں کو بنظر تحقیر نہیں دیکھا۔ خطباتِ بہاولپور میں بہت سے مسلکی سوالات آپ سے کیے گئے اور آپ نے ان

* ریڈر، شعبہ عربی، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، انڈیا۔

کے جوابات اس طرح علمی انداز میں دیئے کہ سائلین کو جس طرح تسکین و تسلی حاصل ہوئی۔ اسی طرح اتحاد بین المسلمین کا شیرازہ بکھرنے سے محفوظ ہو گیا۔

مذکورہ چند تمہیدی کلمات کے بعد اپنے اصل موضوع پر آنا چاہوں گا۔ ڈاکٹر صاحب کی مختلف تصانیف مختلف زبانوں میں موجود ہیں۔ چونکہ اسلامیات کے ماہر کے لیے یہ ممکن ہی نہیں کہ وہ مرجع اول قرآن کریم کے مباحث اور اس کی حکمتوں سے واقف نہ ہو، ڈاکٹر صاحب کی تصانیف میں قرآنی رنگ ابھرا ہوا نظر آتا ہے، قرآنیات سے دلچسپی کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ آپ ایک علمی خانوادے کے چشم و چراغ تھے، کئی پشتوں سے یہ خاندان اسلامیات میں علم وتحقیق کا امین رہا ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ قرآنیات بھی اس کا طرۂ امتیاز رہا ہے۔ قطب کوکن حضرت مخدوم علی مہائمی (۸۳۵ھ۔۷۷۶ھ) ڈاکٹر صاحب کے اجداد میں سے تھے، جن کی مختلف تصانیف علمی حلقوں میں عزت کی نظر سے دیکھی جاتی ہیں۔ آپ کی کئی تصانیف، مخطوطات کی شکل میں موجود ہیں۔ (۱)

حضرت مہائمی کی تفسیر ''تبصیر الرحمان و تیسیر المنان'' اپنی بعض خصوصیات کی بناء پر امتیازی خصوصیت کی حامل ہے (۲) ڈاکٹر صاحب کے پردادا مولوی محمد غوث شرف الملک (متوفی ۱۲۳۸ھ) اپنے عہد کے جلیل القدر عالم تھے۔ عربی، فارسی اور اردو میں ۳۰ سے زائد کتابیں تصنیف کیں (۳) جن میں مشہور تصنیف ''نثرالمرجان فی رسم نظم القرآن'' بھی شامل ہے۔ جو سات جلدوں پر مشتمل ہے۔ (۴) ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے دادا قاضی محمد صبغۃ اللہ بدرالدولہ (متوفی ۱۲۸۰ھ) کے علمی اکتسابات قابل ذکر ہیں اردو، عربی اور فارسی زبانوں پر انہیں دستگاہ حاصل تھی۔ (۵) اردو میں قرآن کریم کی ایک تفسیر ''فیض الکریم'' (۶) کے عنوان سے لکھنے کا آغاز کیا۔ لیکن اس کی تکمیل سے قبل اپنے معبودِ حقیقی سے جا ملے۔ بعد میں ان کے صاحبزادے مفتی محمد سعید نے تفسیر کے کچھ حصے شائع کیے۔

مذکورہ گفتگو سے بتانا یہ مقصود ہے کہ ڈاکٹر صاحب کا تعلق ایک ایسے خاندان سے تھا جس نے ہر دور میں قرآنی علوم و فنون کی خدمات کو اپنا معیار و محور بنا رکھا تھا۔ اسی مبارک سلسلے کی ایک قابل قدر کڑی ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب ہیں۔ جنہوں نے اپنی تمام تر مصروفیات کے ساتھ ساتھ قرآنیات کے میدان میں عظیم الشان خدمات انجام دیں۔ سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ آپ نے یورپی زبانوں، فرانسیسی میں مکمل، جرمن اور انگریزی میں (جزوی)

قرآن کریم کا ترجمہ پیش کیا، اس کے علاوہ ''القرآن فی کل لسان'' کے عنوان سے ایک غیر معمولی ببلیوگرافی تیار کی اور آپ کی قرآنی خدمت کا ایک پہلو یہ ہے کہ اپنی مختلف تصانیف میں مختلف امور کی تائید اور تردید کے لیے قرآن کریم سے استدلال کیا۔ یہ چیز ''خطباتِ بہاولپور'' میں واضح طور پر نظر آتی ہے۔ انہی چیزوں کی بنیاد پر کچھ کہنے کی کوشش کی جائے گی۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کی خدماتِ قرآنیات کا حق اس مقالے میں ادا نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ڈاکٹر صاحب کے جرمن اور انگریزی زبان میں قرآن کریم کے ترجمے مجھے دستیاب نہیں ہوئے، اسی طرح ''القرآن فی کل لسان'' بھی میری رسائی سے باہر ہے۔ البتہ دوسرے حوالوں سے مجھے جو معلومات ان مذکورہ علمی خدمات کے متعلق حاصل ہوئی ہیں۔ انہیں پیش کرنے کی کوشش کروں گا۔

❶ فرانسیسی ترجمہ قرآن کریم

سب سے پہلے ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کے فرانسیسی ترجمہ قرآن کریم سے اس بحث کا آغاز کیا جائے۔ یہ وہ ترجمہ قرآن ہے جسے قانونی اور غیر قانونی ذرائع سے لاکھوں کی تعداد میں شائع کر کے علوم قرآن کے شائقین کے ہاتھوں تک پہنچایا جا چکا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے فرانسیسی ترجمہ قرآن سے قبل ۲۶ فرانسیسی تراجم قرآن منظر عام پر آ چکے تھے، اور ۱۹۸۸ء تک فرانسیسی تراجم ستّر (70) سے زائد زیور طبع سے آراستہ ہو چکے ہیں۔ ان مترجمین میں مسلمان اور مستشرقین دونوں شامل ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنے فرانسیسی ترجمہ کے تعارف کے لیے اگست ۱۹۵۹ء کے ماہنامہ ''معارف'' میں ایک معلوماتی مقالہ رقم کیا۔ جس میں سب سے پہلے مسلمانوں کی یورپ کی آمد پر روشنی ڈالی گئی، اس کے بعد مختلف انداز کے پائے جانے والے فرانسیسی تراجم قرآن پر اظہار خیال کیا گیا اور بتایا کہ ان میں کچھ تراجم مکمل ہیں۔ کچھ چند سورتوں پر مشتمل ہیں اور کچھ سورتوں اور آیات کے تراجم مختلف کتابوں میں دستیاب ہیں

ڈاکٹر صاحب نے اپنے اس مقالے میں جن ۲۶ تراجم کا تعارف کرایا تھا، اس میں بعض غلط فہمیوں کے در آنے اور کچھ نئے تراجم کے منظرِ عام پر آ جانے کے بعد ڈاکٹر صاحب نے نومبر ۱۹۸۸ء کے ''معارف'' میں تراجم قرآن پر ایک اور مقالہ سپرد قلم کیا۔ دونوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے کچھ اہم امور کی طرف توجہ دیتے ہوئے ڈاکٹر صاحب کے فرانسیسی ترجمہ قرآن کا ایک جامع تعارف کرایا جائے گا۔

ڈاکٹر صاحب نے اپنے پہلے مقالہ میں ''جویش انسائیکلوپیڈیا'' کے حوالے سے بتایا تھا کہ فرانسیسی کا سب سے اولین ترجمہ قرآن ایک یہودی عالم ''دون ابراہام'' (Don Abraham) نے کیا جو سورۃ معارج کے تراجم آیات پر مشتمل تھا، لیکن اپنے دوسرے مقالہ میں تصحیح کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے اپنے ایک دوست کی تحقیقی دریافت کے توسط سے بتایا کہ یہ سورہ معارج کا ترجمہ نہیں بلکہ یہ ایک عربی ''معراج نامے'' کا ترجمہ اسپینی زبان میں کیا گیا تھا۔ جس کو بعد میں لاطینی اور فرانسیسی زبان میں منتقل کیا گیا۔ ڈاکٹر صاحب کی تازہ ترین معلومات کے مطابق سب سے قدیم ترجمہ قرآن مشائیل بوڈے کا ہے (۱۶۴۵ء۔ ۱۵۸۰ء) یہ مستقل ترجمہ قرآن نہیں ہے بلکہ بوڈیئے نے اپنی مشہور کتاب ''ترکوں کے مذہب کی تاریخ'' میں بیشمار آیات کا کامل یا ملخص مفہوم پیش کیا تھا۔

اس کے بعد ۱۹۴۷ء میں ''سیوروددریئے'' نے قرآن کریم کا مکمل ترجمہ پیش کیا، جسے مختلف یورپی زبانوں میں منتقل کیا گیا۔ ۱۷۷۲ء میں ساواری نے دوجلدوں میں قرآن کریم کا ترجمہ پیش کیا، جس کی ادبی حیثیت کا اعتراف تو ضرور کیا گیا لیکن تراجم کی صحت نا قابل اعتماد ہے۔ اس کے بعد فرانس کے مشہور عربی عالم رینو نے اپنی کتاب ''عربوں کا فرانس پر حملہ، پھر وہاں سے سوئٹزرلینڈ اور اٹلی پر'' میں متعدد آیات اور سورتوں کے تراجم دیئے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب نے گارسئین دتاسی کی کتاب ''قرآن سے ماخوذ اسلامی عقائد وفرائض'' کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ اس نے اپنی کتاب میں متعدد سورتوں کا ترجمہ پیش کیا ہے۔ پانچویں نمبر پر ''کازیمیرسکی'' کا ذکر کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ وہ جامعہ ازہر میں عربی کا پروفیسر تھا۔ ۱۸۴۰ء میں قرآن کریم کا مکمل ترجمہ کیا۔ جو دیگر فرانسیسی تراجم کے مقابلے میں عمدہ ہے۔ آگے چل کر بوڈیئے نے اسی پر نظر ثانی کر کے ایک نیا ایڈیشن شائع کیا، ڈاکٹر صاحب نے ''مارسل'' کے ترجمہ قرآن کا ذکر کیا ہے، لیکن وہ دستیاب نہیں ہے، اسی طرح ایک دوسرے ''مارسل'' نے قرآنی سورتوں اور آیتوں کا منظوم ترجمہ کیا ہے۔ اس کے بعد ڈاکٹر صاحب نے گالان، لبوا، سینٹ، ایلیر، پاریس کے تراجم اور کتب خانہ عام میں فرانسیسی ترجمہ قرآن اور الجزائر کے شہر ''عنابۃ'' میں فقہ اسلامی پر آنے والی کتاب (میں قرآن کریم کی مختلف آیات کے حوالے دیئے گئے ہیں) کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ یہ تمام تراجم میری نظر سے نہیں گذرے اس کے بعد فاطمہ زاہدہ کی ایک کتاب کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ اس میں صرف سورۃ فاتحہ کا ترجمہ شامل ہے، انہی تراجم میں ''ودار مونتے'' کا ترجمہ قرآن بھی شامل ہے جو حد درجہ ناقص ہے۔ ''ماردروس'' نے

۱۹۲۶ء میں باسٹھ (۶۲) سورتوں کا ترجمہ پیش کیا۔ ۱۹۳۱ء میں احمد الاعمش اور ابن داؤد نے ترجمہ قرآن شائع کیا جو بے حد مقبول ہوا، ۱۹۴۶ء میں پیل اور احمد تیجانی نے اپنی مشترکہ کاوشوں سے قرآن کریم کا ترجمہ پیش کیا۔ ۱۹۵۷ء میں ''ریڈی بلاشر'' نے قرآن کریم کا ترجمہ پیش کیا، اسی طرح ۱۹۵۱ء میں طلبہ کی تعلیمی ضرورتوں کے پیش نظر ''آلاری بے ریس'' نے سورۃ فاتحہ اور سورۃ بقرہ کا ترجمہ پیش کیا۔ ترکی عالم محمود مختار پاشا نے ''حکمتِ قرآنی'' کے عنوان سے مختلف قرآنی آیات کو اس میں شامل کیا۔ اسی کڑی کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک تونسی مسلمہ قدیرہ نے نہایت اہتمام سے ۱۹۵۶ء میں آرٹ پیپر پر قرآن کریم کا ترجمہ شائع کیا۔ ۱۹۵۶ء ہی میں آلاری محمد مریسر نے چند منتخب آیات کے تراجم شائع کیے۔ آخر میں قادیانی عالم بشیر الدین محمود کی اس خواہش کا ذکر کیا گیا ہے جس میں انہوں نے فرانسیسی زبان میں ترجمہ قرآن کریم پیش کرنے کا اعلان کیا تھا۔ لیکن ابھی تک اس کی اشاعت کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

مذکورہ معلومات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے یہ بات بغیر کسی تردد کے کہی جاسکتی ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے انہیں یکجا کرنے میں بڑی دقتیں اٹھائی ہوں گی۔ مذکورہ فرانسیسی تراجم کا تعارف کراتے ہوئے دو چار جملوں میں ان پر اپنے جن خیالات کا اظہار کیا ہے وہ ان کے تحقیقی مزاج اور علمی انداز کی دین ہے، نیز اس سے یہ بھی ترشح ہوتا ہے کہ وہ فرانسیسی کی ادبی اور لغوی خوبیوں سے اچھی طرح واقف تھے۔ وہ پیرس کے مسلمانوں کو ان تراجم کی خوبیوں اور ان میں کی جانے والی منافقتوں اور اسلام کے خلاف کی جانے والی سازشوں سے آگاہ کرنا چاہتے تھے۔ غالباً ان کا یہی وہ اسلامی جذبہ ہے جس نے انہیں فرانسیسی ترجمہ قرآن پر آمادہ کیا۔ ڈاکٹر صاحب نے اولاً اپنی اس خواہش کی تکمیل کے لیے ایک گمنام ناشر کی درخواست پر ساواری کے ترجمہ قرآن پر نظر ثانی کی۔ جو دو ہفتوں میں مکمل ہوئی۔ ناشر نظر ثانی شدہ نسخہ لے تو گیا لیکن آج تک اس کا اور اس نسخے کا پتہ نہیں ہے۔ چونکہ اللہ کو منظور تو یہ تھا کہ ڈاکٹر صاحب سے اس سے عظیم تر کام لیا جائے۔ چنانچہ ڈاکٹر صاحب ایک ناشر کی درخواست پر ترجمۂ قرآن کے لیے کمربستہ ہوگئے دیگر تراجم قرآن کی موجودگی میں ایک ایسے ترجمہ قرآن کی ضرورت تھی جس کا مرتب ایسا مسلم ہو جسے عربی کے ساتھ ساتھ فرانسیسی زبان پر پورا عبور ہو لیکن ایسے مسلم مترجم کی تلاش ناممکن تھی۔ یہ کام دراصل ایک مسلم عربی دان اور ایک فرانسیسی ادیب کے اشتراکِ عمل سے ممکن تھا۔ چنانچہ اس کے لیے ''کارموسیولیتوری'' کی خدمات حاصل کی گئیں۔ چنانچہ ڈاکٹر صاحب اپنے رفیقِ کار کو تھوڑا تھوڑا کر کے بھیجتے گئے اور وہ زبان و بیان کی نزاکتوں کے پیش نظر

اصلاحات کر کے واپس بھیجتے رہے، مکمل ہونے کے بعد دسمبر ۱۹۵۸ء اور جنوری ۱۹۵۹ء میں چند ہفتوں رفیق کار کے شہر روبے میں قیام کر کے اسے آخری شکل دے کر ناشر کے سپرد کر دیا۔ اس طرح اکتوبر ۱۹۵۹ء میں طباعت اور جلد بندی کے بعد یکم نومبر ۱۹۵۹ء کو شائقین قرآن کے ہاتھوں میں آ گیا۔ اس اہم اور عظیم الشان ترجمے کی خصوصیت یہ ہے کہ جہاں کہیں قرآن کریم میں توریت، زبور اور انجیل کے حوالے ہیں یا ان کتابوں میں قرآنی قصص ہیں ان کے مکمل حوالے اس ترجمہ میں دیئے گئے ہیں جو: '' وَاِنَّهٗ لَفِیْ زُبُرِ الْاَوَّلِیْنَ '' کے پیش نظر حضرت ادریس علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسی علیہ السلام تک کے اقوال پارسی اور ہندو کتب مقدسہ کے مکمل حوالوں کے دینے کا اس میں اہتمام کیا گیا ہے اس کے بہت سی قرآنیات سے متعلقہ چیزوں کے نقل کرنے کی طرف توجہ مبذول کی گئی ہے۔ (۸) اس ترجمے کی ایک قابل ذکر خصوصیت یہ ہے کہ ابتداء میں ساٹھ صفحات پر مشتمل ایک مقدمہ ہے تا کہ قرآنیات سے متعلقہ اہم مباحث کو اس میں ذکر کر دیا جائے تا کہ فرانسیسی مسلمان اور دیگر غیر اہل ایمان ترجمہ قرآن کے مطالعہ سے قبل ضروری متعلقات سے آگاہ ہو سکیں۔ چونکہ یہ کام تبلیغ اسلام اور اشاعت تعلیمات قرآن کریم کی غرض سے کیا گیا ہے اس لیے ایسے مقدمہ کا شامل کیا جانا واجب تھا۔ مقدمہ میں درج ذیل موضوعات پر گفتگو کی گئی ہے۔ قرآن کا مؤلف، الہام ربانی کا مفہوم، مختلف ملتوں میں نزول وحی کی کیفیت، قرآن وحدیث کا فرق، قرآن کا اسلوب بیان اور اس کا مقصد، مندرجات قرآنی، قرآن کریم میں یہودیوں سے زیادہ خطاب کیوں ہے، قرآنی تصور حیات اور اقسام احکام، عورت کا ذکر قرآن میں، غلامی اور قرآن، سیرتِ نبویہ قرآن کی روشنی میں، اس سے قرآنی اشاروں کا تاریخی پس منظر سمجھ میں آتا ہے۔ تدوین قرآن مجید کی تاریخ، ترتیب آیات وسور۔ عربی خط اور اعراب اور دیگر علامات تحریری، قرآن کے نسل بہ نسل تحفظ کا دوہرا طریقہ یعنی تحریر و حفظ، صحتِ متن کے لیے استاذ سے سماع اور اجازت، اختلاف روایات، مسئلہ تنسیخ وتبدیل، تجوید وتلاوت، تراجم قرآنی جس کا آغاز صحابہ کرامؓ نے فرمایا۔ تاریخ مسلم مترجمین اور غیر مسلم مترجمین۔ ایک نئے فرانسیسی ترجمے کی ضرورت اور یورپی زبانوں میں تراجم قرآن کی مکمل فہرست وغیرہ پر اس انداز سے روشنی ڈالی گئی ہے کہ عام آدمی تاریخ قرآن اور خصائص قرآن سے واقف ہو جائے۔

یہ تھیں ڈاکٹر صاحب کے فرانسیسی ترجمہ قرآن کی خصوصیات، اس فرانسیسی ترجمہ قرآن کو یورپ، امریکہ افریقہ اور دیگر ممالک میں زبردست پذیرائی ہوئی۔ اب تک اس ترجمہ کے بیس ایڈیشن منظرِ عام پر آ چکے ہیں۔

گذشتہ ایڈیشن کی تعداد بیس لاکھ تھی۔(۹)

یہ بات آ چکی ہے کہ اس ترجمہ قرآن کے پیچھے جہاں ایک معیاری ترجمہ قرآن کا پیش کرنا تھا۔ وہیں اس کا ایک مقصد اشاعت اسلام بھی تھا یہی وجہ ہے کہ ایک بڑی تعداد اس ترجمہ قرآن کی وجہ سے مشرف بہ اسلام ہوئی۔(۱۰) ڈاکٹر صاحب کی زندگی ہی میں ان کے ترجمہ قرآن کی مقبولیت بام عروج پر تھی انہوں نے خود اس کی عکاسی درج ذیل لفظوں میں کی ہے۔

> ''خدا کی ششدر کر دینے والی عنایت ہے۔ پندرہواں ایڈیشن اس وقت مطبع میں ہے پروف دیکھ چکا ہوں سابق میں کچھ نہیں تو دو ڈھائی لاکھ نسخوں کی نکاسی ہو چکی ہے اور مانگ کی کثرت سے اس دفعہ نیا ایڈیشن ناشر ایک لاکھ کی تعداد میں چھاپ رہا ہے۔''(۱۱)

ڈاکٹر صاحب کے انتقال کے بعد بیشمار مقالات میں آپ کی سادگی، انکساری اور تقویٰ کا ذکر کیا گیا ہے۔ آپ کی للّٰھیت کی ایک مثال یہ ہے کہ آپ نے مسجد نبویؐ کے شیخ القراء کو پورا قرآن مجید سنایا۔ جس پر انہیں ایک سند عطا کی گئی۔ جس میں نسلاً بعد نسل سارے اساتذہ کا ذکر ہے۔ آخری مرحلے میں حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت ابیؓ بن کعبؓ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہم پانچ صحابیوں سے سننے کا ذکر ہے اور اس سے اوپر رسول اکرم ﷺ آتے ہیں۔ ایک ایڈیشن میں ڈاکٹر صاحب نے اس سند کو شامل کیا ہے۔ یہ چیز قرآنیات سے ان کے والہانہ لگاؤ کا پتہ دیتی ہے۔(۱۲) اس وقت میرے سامنے ڈاکٹر صاحب کا وہ فرانسیسی ترجمہ قرآن ہے جسے ''مجمع الملك فهد لطباعة المصحف الشريف'' نے شائع کیا ہے لیکن افسوس کہ اس میں ساٹھ صفحے کا مقدمہ شامل نہیں کیا گیا ہے جس سے اس ترجمے کا بڑا مقصد فوت ہو رہا ہے۔ یہاں پر سورۃ فاتحہ کا ترجمہ نقل کیا جا رہا ہے ہوسکتا ہے کہ کسی فرانسیسی داں کے لیے ہدایت کا ذریعہ ثابت ہو۔

پروفیسر عبدالرحمان مومن نے ڈاکٹر صاحب کے متعلق بتایا کہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ دنیا کے واحد شخص ہیں جنہوں نے تین زبانوں جرمن، فرانسیسی اور انگریزی میں قرآن کریم کا ترجمہ پیش کیا ہے(۱۳) میں نے اب تک جتنی تحریریں ڈاکٹر صاحب پر دیکھی ہیں ان میں جرمن اور انگریزی ترجموں کا ذکر نہیں ملتا۔

❷ القرآن فی کل لسان

یہ دراصل ببلیوگرافی ہے جس میں دنیا کی مختلف زبانوں میں پائے جانے والے تراجم قرآن کے حوالے دیئے گئے ہیں، ڈاکٹر صاحب نے اپنی اس کتاب کا خود تعارف کرایا ہے، کتاب پڑھنے سے قبل اس اہم پہلو کا ذکر بھی ضروری سمجھا کہ ہر دور میں ہر زبان میں قرآن کریم کے تراجم کی ضرورت محسوس ہوئی، جس طرح اس کی ضرورت عجمی مسلمانوں کی تھی اس طرح غیر مسلم قوموں کو بھی کسی کو تحقیق کے لیے، کسی کو قرآن پر اعتراضات کے لیے، ترجمہ قرآن کا آغاز عہد نبویؐ سے ہو چکا تھا۔ حضرت سلمان فارسیؓ نے چند نو مسلم ایرانیوں کے لیے سورۃ فاتحہ کا ترجمہ فارسی زبان میں پیش کیا تھا۔ اس فارسی ترجمے کا پہلا جملہ تھا: ''بنام خداوند بخشایندۂ مہربان''۔

تراجم قرآن کی فہرست سازی کی جانب سب سے پہلے فرنگیوں نے توجہ دی اس سلسلے میں وکتور شووین (Victur Chauvin) کا نام سرخیل کے مانند ہے۔ جس نے ''ان کتابوں کی فہرست جو عربی میں یا عربوں سے متعلق ۱۸۱۰ء سے ۱۸۵۰ء تک عیسائی یورپ میں چھپیں'' کے عنوان سے کتابیات تیار کی، اس کی دسویں جلد قرآن و حدیث سے متعلق ہے، اس میں قرآن کریم سے متعلق خاصہ مواد ہے۔ اس کے علاوہ ''مسلم ورلڈ'' نے اسی موضوع پر ایک طویل مقالہ شائع کیا، اور غالباً اسی کو بعد میں جرجی زیدان نے اپنے رسالے ''الہلال'' میں شائع کیا ڈاکٹر صاحب نے مذکورہ کاموں کے متعلق بتایا کہ ان میں بہت سے نقائص موجود ہیں۔ اسی لیے اسے ایک معیاری صورت میں پیش کرنے کو ٹھان لی۔ تراجم قرآن کی ایک جامع کتابیات پیش کرنے کا خاکہ ڈاکٹر صاحب کے ذہن میں اس وقت آیا جب انجیل پر تیار کردہ کتابیات "Gospel in many Tongues" ان کی نظر سے گذری، جو سات سو زبانوں پر مشتمل ہے، اسے دیکھ کر ڈاکٹر صاحب کو حد درجہ قلق ہوا کہ ہم نے اب تک قرآن کریم کی کیا خدمت انجام دی ہے۔ ڈاکٹر صاحب ان حسابات سے دوچار تھے ہی کہ ابو محمد مصلح صاحب نے حیدر آباد میں ''عالمگیر تحریک قرآن مجید'' کے عنوان سے ایک انجمن کی بنیاد ڈالی۔ جس کا ایک مقصد یہ تھا کہ دنیا میں موجود مختلف تراجم قرآن کو شائع کیا جائے۔ ڈاکٹر صاحب اس تحریک سے وابستہ ہو کر ''القرآن فی کل لسان'' کی ترتیب میں مصروف ہو گئے، چنانچہ ۱۹۴۵ء میں اسی انجمن نے ''القرآن فی کل لسان'' جو کہ ۲۳ زبانوں پر مشتمل تھی شائع کی۔ جس میں

مترجمین اور تراجم کی فہرست کے علاوہ بطور نمونہ سورۃ فاتحہ کا ترجمہ ہر زبان کے ساتھ شامل کیا گیا۔ اسے اس قدر مقبولیت حاصل ہوئی کہ ۱۹۴۶ء میں اس کا دوسرا ایڈیشن منظر عام پر آیا جو ۴۳ زبانوں پر مشتمل تھا۔ پھر مانگ کی کثرت سے ۱۹۴۷ء میں تیسرا ایڈیشن بھی نکلا جس میں ۶۷ زبانوں کے ترجموں کی تفصیل بیان کی گئی۔ اس کے بعد ڈاکٹر صاحب کو حیدر آباد سے ملک بدر ہونا پڑا اور کسی نئے ایڈیشن کے منظر عام پر آنے کا موقع نہ ملا، لیکن ڈاکٹر صاحب مستقل نئے تراجم کی تلاش میں سرگرداں رہے۔ ۱۹۸۸ء تک ڈیڑھ سو مختلف زبانوں کے تراجم قرآن مجید آپ کے پاس موجود تھے جن میں سے اسی (۸۰) تراجم قرآن کامل تھے۔ بقیہ جزئی۔

کتابیاتِ قرآن کو منظر عام پر نہ لائے جاسکنے کے سبب ۱۹۶۰ء میں اسے بالاقساط ڈاکٹر صاحب نے فرانسیسی زبان کے رسالہ ''افکارِ شیعہ'' میں شائع کرنا شروع کیا۔ لیکن ۱۹۶۲ء میں جب یہ بند ہوگیا تو ۱۹۶۷ء میں ایک تونسی مسلم نے فرانسیسی زبان میں ''فرانس اسلام'' کے نام سے ایک مجلّے کا آغاز کیا۔ جس میں کتابیات کی کچھ چیزیں شائع کی گئیں لیکن مالی وسائل کے سبب یہ بھی بند ہوگیا دوبارہ ''بینش اسلام'' کے نام سے منظر عام پر آیا لیکن ۱۹۸۳ء میں دوبارہ بند ہوگیا۔ اس طرح یہ کام تشنۂ تکمیل رہا۔ اسی سلسلے کو ترکی کے ادارہ ریسرچ سنٹر فار اسلامک ہسٹری، آرٹ اینڈ کلچر نے آگے بڑھاتے ہوئے:

"World Biblography of Translation of Meanings of the Holy Quran" کے عنوان سے ایک کتاب شائع کی جس میں ۱۵۱۵ء سے ۱۹۸۰ء تک کے مختلف زبانوں کے شائع شدہ تراجم شامل ہیں۔ (۱۵) اسی سلسلے کی ایک خدمت ڈاکٹر صاحب نے یہ انجام دی کہ فارسی اور ترکی تراجم قرآن کی آپ نے ایک فہرست تیار کی اسی طرح اپنے فرانسیسی ترجمہ قرآن میں آپ نے یورپی زبانوں کے تراجم قرآن کریم کی مکمل فہرست شامل کی جو اٹھائیس زبانوں کے مواد پر ترتیب دی گئی تھی اور ۱۹۸۸ء کا ایڈیشن چھیالیس زبانوں پر مشتمل ہے۔ (۱۶)

مذکورہ سطور سے یہ شہادت ملتی ہے کہ اپنے تمام کاموں کے ساتھ ساتھ زندگی بھر ڈاکٹر صاحب کو مختلف زبانوں کے تراجم قرآن کے جمع کرنے کا غیر معمولی حد تک شوق تھا۔ کاش کہ یہ سب کام کتابی صورت میں اہل علم و فہم کے سامنے آتے اور دنیا اس عظیم قرآنی خدمت سے مستفیض ہوتی۔

مختلف اہل علم و دانش کے قلم سے اس کی تصدیق و توثیق ہو چکی ہے کہ ڈاکٹر صاحب اسلامی مصادر و مراجع،

تراجم قرآن اور مسودات سے بخوبی واقف تھے۔ یہی وجہ ہے کہ اپنی معلومات ہی کے سبب انہوں نے ترکی کو مسودات کا دارالخلافہ قرار دیا جس کا اعتراف عربی زبان و ادب کے مشہور عالم پروفیسر عبدالعزیز میمن نے بھی کیا ہے۔(۱۷) اپنی انہی معلومات کے سبب جب انہوں نے ڈاکٹر احمد خان کی کتاب ''قرآن کریم کے اردو تراجم''(۱۸) پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ اس میں بہت سے نقائص ہیں کیونکہ انہوں نے ڈاکٹر صاحب کی تالیف ''القرآن فی کل لسان'' کو پیش نظر نہیں رکھا جس کی وجہ سے بہت سے اردو تراجم تک ڈاکٹر احمد خان کی رسائی نہ ہوسکی اسی طرح اس کتاب کی ترتیب میں امریکہ کی نیشنل یونین کیٹلاگ سے استفادہ نہ کیا جا سکا جو کئی سو جلدوں پر مشتمل ہے۔خود پاکستان سے قاضی زاہد الحسینی کی شائع شدہ مشہور کتاب ''تذکرۃ المفسرین'' کا بھی یہاں پتہ نہیں ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے اشاریہ، کے تعلق سے کئی مشورے دیئے ہیں، چونکہ اشاریہ سازی کے جدید اصولوں سے آپ پوری طرح واقف تھے۔ڈاکٹر صاحب نے مذکورہ چیزوں کی طرف توجہ دلانے کے بعد کتاب کو خوش آمدید بھی کہا ہے اور اسے اپنے موضوع پر حرف آخر قرار دیا ہے۔(۱۹)

❸ خطباتِ بہاولپور میں قرآنی آیات سے استدلال

ڈاکٹر صاحب کی تصانیف میں ''خطباتِ بہاولپور'' کو غیر معمولی شہرت نصیب ہوئی۔ یہ کتاب آپ کے وسعت مطالعہ اور دقتِ نظر پر دال ہے۔اگر یوں کہا جائے کہ زندگی بھر کے مطالعہ کا نچوڑ ہے تو شاید مبالغہ نہ ہو۔اس کتاب کی ایک ایک سطر آپ کے محقق اور مبلغ ہونے پر شاہد ہے، ''خطباتِ بہاولپور'' میں اسلامی تاریخ، ملت اسلامیہ کے امتیازات اور دین اسلام کے اہم کارناموں کو سمیٹنے کی لائق صد تحسین کوشش کی گئی ہے۔اگر یوں کہا جائے کہ اسلامیات کو کوزے میں بند کرنے کی کامیاب کاوش ہے تو شاید غلط نہ ہو، ان خطبات سے نئی نئی دریافتیں منظر عام پر آئی ہیں تو بہت سے حجابات کو ہٹا کر حقائق منظر عام پر لائے گئے ہیں، یہاں پر خطباتِ بہاولپور کے کچھ ان مباحث کو سمیٹنے کی کوشش کی جائے گی۔ جہاں ڈاکٹر صاحب نے دورانِ گفتگو قرآنی آیات سے استدلال کیا ہے۔خطبات میں جگہ جگہ قرآنی موضوعات پر بحث ہے اور مختلف مقامات پر آیات کریمہ سے استدلال ہے۔آپ نے قرآن کریم کی حکمتوں اور باریکیوں کو قارئین کے سامنے پیش کرنے میں مہارت تامہ کا ثبوت دیا ہے پروفیسر عبدالقیوم قریشی نے

آپ کی قرآنیات سے وابستگی کا ذکر ان لفظوں میں کیا ہے۔

''پچھلے دنوں آپ نے گورمکھی میں ترجمہ قرآن کی تلاش کے سلسلے میں لکھا تھا کہ اگر خریدنا ناممکن نہ ہو تو اس کے فوٹو اور مائیکروفلم بھی کافی ہوں گے اور سارے مصارف پیشگی ادا کرنے کو حاضر ہوں۔'' (۲۰)

خطبات میں حفاظتِ قرآن پر عالمانہ گفتگو کی گئی ہے۔ اس کی حفاظت کا ایک سب سے اہم گوشہ یہ ہے کہ اس کی زبان غیر متبدل ہے۔ اس کے برعکس دنیا کی دیگر زبانیں ہر دو تین سو سال میں اپنے اندر اس قدر تبدیلیاں سمیٹ لیتی ہیں کہ اہل زبان کو ان کا سمجھنا دشوار ہو جاتا ہے قرآن کریم کا نزول اس زبان میں اس لیے ہوا کہ ہر عہد میں تعلیمات قرآن کا سمجھنا آسان ہو، قرآن کریم کو عصر حاضر میں بالکل اسی طرح سمجھا جاتا ہے جس طرح کہ عہدِ نبوت میں (۲۱)

حفاظتِ قرآن کریم پر گفتگو کرتے ہوئے یہ مسئلہ بھی ڈاکٹر صاحب نے اٹھایا کہ نزول قرآن کی ابتداء ہی سے قرآن کریم کے یاد کرنے اور لکھنے کا کام شروع ہو گیا تھا۔ کیونکہ صحابہ کرام اپنی نمازوں میں قرآن کریم کی آیتوں کا اعادہ کرتے تھے۔ یہ فطری امر ہے کہ انسان لکھی ہوئی چیزوں ہی کو یاد کرتا ہے۔ چنانچہ جب کوئی آیت نازل ہوتی تو آپ ﷺ صحابہ کرام میں سے کسی ایسے صحابی کو طلب کرتے جسے لکھنا پڑھنا آتا ہو، لکھوانے کے بعد پڑھنے کا حکم دیتے، تا کہ کوئی غلطی ہو تو اس کی اصلاح ہو سکے۔ اسی طرح لکھوانے کے بعد آپ ﷺ صحابہ کرام کو از بر کرنے اور روزانہ نماز میں دو وقت اعادہ کرنے کا حکم صادر فرماتے۔ اس وقت دو نمازیں تھیں۔ معراج کے بعد پانچ نمازیں ہوئیں تو پانچ مرتبہ صحابہ کرام دہرانے لگے (۲۲) قرآن مجید کی حفاظت کی جانب ایک اہم قدیم یہ بھی اٹھایا گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ حکم دیا کہ ہر صحابی کو کسی مستند استاذ ہی سے قرآن مجید پڑھنا چاہیے تا کہ کوئی غلطی باقی نہ رہے اس وقت کے سب سے عظیم استاذ، اللہ کے رسول تھے، اس لیے قرآن کریم رسول اللہ سے پڑھا جاتا اور تحریری آیات آپ ﷺ کو سنائی جاتیں تا کہ غلطیاں دور ہو جائیں اور حفظ میں کوئی گڑبڑ نہ ہو۔ جب مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا گیا تو آپ ﷺ نے قرآن مجید پڑھانے کے لیے چند ایسے صحابہ کرام کو متعین کیا جن کی قرآن دانی پر آپ ﷺ کو کامل اعتماد تھا۔ گویا آپ ﷺ کی جانب سے سند کی وصولیابی کے بعد ہی یہ صحابہ کرامؓ تدریس قرآن کی ذمہ داری کو انجام دیتے۔ (۲۳)

مصحفِ عثمانؓ

تاریخ قرآن مجید میں مصحفِ عثمان کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ڈاکٹر صاحب نے دو صفحے میں مصحف عثمان کی سرگزشت کو بہترین انداز میں پیش کیا ہے۔فرماتے ہیں کہ: تیمور لنگ کو دمشق کی فتح میں سب سے قیمتی مال غنیمت مصحفِ عثمان ملا، جسے سمرقند میں لاکر محفوظ کرلیا،لیکن جب روسیوں نے سمرقند کو فتح کیا تو روسی کمانڈر انچیف اسے سینٹ پیٹرس برگ (لینن گراڈ) لے کر چلا گیا، روسی مورخین کا خیال ہے کہ یہ یہاں خرید کرلایا گیا نہ کہ چُرا کر، زار کی حکومت کے اختتام کے بعد جب کمیونسٹوں کا روس کی حکومت پر قبضہ ہوا تو ایک مسلم جنرل علی اکبر توپچی کی کوششوں سے وہ ترکستان آ گیا جواب تک تاشقند میں محفوظ ہے، زار کے عہد میں مصحف عثمانی کا فوٹو لے کر ایک گز کی لمبی تقطیع پر پچاس نسخے چھاپے گئے تھے،اس کے چند نسخے ڈاکٹر صاحب کے نہ صرف علم میں ہیں بلکہ ایک نسخہ دیکھا بھی ہے جو کابل میں موجود ہے اور سورۃ بقرہ کی آیت ''فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰه ''پر سرخ دھبے موجود ہیں۔اس کے علاوہ اس کے نسخے امریکہ، انگلینڈ اور مصر میں موجود ہیں۔ڈاکٹر صاحب نے اس کی مائیکرو فلم بھی اپنے لیے تیار کرائی تھی۔(۲۴)

خطبات میں ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے حروف مقطعات پر بھی گفتگو کی ہے اور بتایا کہ کم از کم اس سلسلے میں سَتّر آراء پائی جاتی ہیں انہوں نے فرمایا کہ اگر رسول اللہ ﷺ اس کی تشریح فرما دیتے تو آج مفسرین طرح طرح کے خیالات صادر نہ کرتے۔(۲۵) ڈاکٹر صاحب کے اس خیال پر یہ وضاحت ضروری معلوم ہوتی ہے کہ اس کی وضاحت اور تشریح کی حاجت نہیں تھی، کیونکہ یہ چیز عربوں کے ذوق کے مطابق تھی یہ کوئی اجنبی شے نہیں تھی، کیونکہ قرآن کریم پر کفار و مشرکین نے سینکڑوں اعتراضات کیے ہیں لیکن حروف مقطعات کے سلسلے میں کوئی اعتراض نہیں کیا گیا۔ کیونکہ یہ چیز ان کے کلام و خطبات میں موجود تھی۔ مولانا فراہیؒ (۱۹۳۰ء۔۱۸۶۳ء) کا خیال ہے کہ حروف مقطعات انگریزی اور ہندی حروف کی طرح صرف آواز ہی نہیں بتاتے بلکہ یہ چینی زبان کی طرح معانی اور اشیاء پر بھی دلالت کرتے ہیں اور انہی کی صورت و ہیئت پر لکھے جاتے ہیں۔یہی حروف قدیم مصریوں نے اخذ کر کے اپنے تصورات کے مطابق ان میں ترمیم و اصلاح کر کے ان کو اس خط تمثالی کی شکل دی جس کے آثار اہرام مصر کے کتبات میں موجود ہیں۔ان حروف کے معانی کا علم اب ختم ہو چکا ہے لیکن اب بھی بعض حروف کے معانی معلوم ہیں۔مثلاً الف گائے کے معنی میں ہے۔ب کا مفہوم ''بیت'' (گھر) ہے۔ج ''جمل'' (اونٹ) کے معنی میں ہے۔اسی طرح ط

''سانپ'' کے معنی میں اور ''نون'' (مچھلی) کے معنی میں آتے ہیں۔اس کی تائید قرآن کریم سے بھی ہوتی ہے۔مثلاً سورۃ طٰہٰ میں موسیٰ علیہ السلام کی لٹھیا کے سانپ بن جانے کا ذکر ہے۔یہی حال ''طٰسٓمٓ'' اور ''طٰسٓ'' کا بھی ہے۔ ان سورتوں میں بھی سانپ کا ذکر ہے۔سورۃ نون میں صاحب الحوت حضرت یونس علیہ السلام کا ذکر ہے اور سورۃ بقرہ میں گائے کا واقعہ مذکور ہے۔ (۲۶) مولانا فراہی کے اس خیال سے غور وفکر کی راہیں وا ہوتی ہیں ۔بعض لوگوں کا یہ خیال کہ یہ موسیقی کی لے اور دُھن ہے یہ ایک نامناسب رائے ہے کیونکہ اس سے کلام الٰہی کا تقدس مجروح ہوتا ہے۔

تاریخ حدیث پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے قرآن کریم اور حدیث کے درمیان فرق بیان کرتے ہوئے سورۃ حشر کی آیت نمبر ۷ اور سورۃ نساء کی آیت نمبر ۸۰ نقل کرتے ہوئے بتایا کہ:

> ''قرآنی تصور میں حدیث کوئی کم درجے کی چیز نہیں بلکہ ایک لحاظ سے اس کا درجہ قرآن کے برابر ہی ہے۔'' (۲۷)

اسی طرح بادشاہ اور سفیر کی مثال دیتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے مزید فرمایا کہ:

> ''میرا منشاء یہ ہے کہ حقیقت میں حدیث اور قرآن ایک ہی چیز ہیں، دونوں کا درجہ بالکل مساوی ہے۔'' (۲۸)

دونوں آیتوں کی روشنی میں یہ بات بغیر تأمل کے کہی جا سکتی ہے کہ اطاعتِ رسول اطاعت خداوندی سے مربوط ہے، کیونکہ آپ ﷺ قرآن کریم کے حقیقی شارح ہیں۔آپ ﷺ کی بعثت کا مقصد قرآن کریم کی تبیین تھی۔ آپ ﷺ کی ذات گرامی قرآن کریم کی سچی تصویر تھی ۔لیکن ان تمام چیزوں کے باوجود یہ کبھی نہیں کہا جا سکتا کہ احادیث قرآن حکیم کے مثل ہیں۔خود آپ ﷺ نے بھی ہمیشہ قرآن کو اولیت دی ہے،اسی احساس کا نتیجہ تھا کہ آپ ﷺ نے یہ اعلان کیا کہ:

> ''میں تمہارے لیے قرآن کریم چھوڑے جاتا ہوں اگر تم سبھوں نے اسے پکڑے رکھا تو کبھی گمراہ نہیں ہو سکتے ہو اور قرآن کریم اور حدیث میں امتیازی فرق کو بیان کرنے کے لیے دو چیزوں کی جانب اشارہ کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے یہ کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی

تلاوت کا حکم دیا ہے لیکن قرآن کریم میں حدیث کی تلاوت کا حکم موجود نہیں ہے۔اسی طرح حفاظت قرآن کی ذمہ داری اللہ پر ہے اور حفاظت حدیث کی ذمہ داری اللہ کے بندوں پر ہے اور یہ بات بھی قابل غور ہے کہ قرآن کریم بغیر کسی تغیر وتبدل کے لفظاً ومعنیً ہمارے سامنے موجود ہے اور تا قیامت موجود رہے گا لیکن احادیث معنیً موجود ہیں اور اس معنوی روایت کے راوی حضرات بھی مختلف النوع اخلاق وکردار کے حامل تھے۔''

انہی خیالات کا اظہار آگے چل کر خود ڈاکٹر صاحب نے بھی کیا ہے بہر کیف کبھی بھی قرآن کریم اور احادیث کو ایک میزان میں نہیں رکھا جاسکتا یہی بات ڈاکٹر صاحب نے خود بھی کہی ہے کہ:

''غرض مختلف وجوہ سے رسول اللہ ﷺ کے بعد حدیث یعنی رسول اللہ ﷺ کے کلام کا دوسروں تک ابلاغ اتنا یقینی نہیں رہتا جتنا قرآن کا یقینی ہے۔''(۲۹)

تدوین قرآن

خطبات میں دو جگہوں پر تدوین قرآن پر گفتگو کی گئی ہے یہ گفتگو تدوین قرآن کے باب میں شکوک وشبہات کا باعث بنتی ہے۔ایک مقام پر ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں:

''قرآن مجید کو خود رسول اللہ ﷺ نے اپنی نگرانی میں مدون کرایا اور اس کے تحفظ کے لیے وہ تدبیریں اختیار کیں جو اس سے پہلے کسی پیغمبر نے نہیں کی تھیں یا کم از کم تاریخ میں اس کی نظیر ہمیں نہیں ملتی۔''(۳۰)

اسی طرح دوسری جگہ حدیث قدسی سے متعلق جواب دیتے ہوئے رقم طراز ہیں:

''رسول اللہ ﷺ نے مناسب نہیں سمجھا کہ یہی اصل جواب ہے کیونکہ ضرورت نہیں تھی کہ قرآن کریم کو ایک لامحدود کتاب بنایا جائے ، بہتر یہی تھا کہ قرآن مجید مختصر ہو، ساری ضرورت کی چیزیں اس کے اندر ہوں، اور وقتاً فوقتاً اس پر زور دینے کے لیے رسول اللہ ﷺ

اور چیزیں بیان کریں جو حدیث میں بھی آئی ہیں اور حدیث قدسی میں بھی، اس سے ہی استفادہ کر سکتے ہیں۔ لیکن اس کو قرآن میں شامل کرنے کی ضرورت رسول اللہ ﷺ نے محسوس نہیں فرمائی۔'' (۳۱)

مذکورہ دونوں اقتباس سے یہی نقطہ نظر سامنے آتا ہے کہ قرآن کریم کی تدوین اللہ کے رسول نے فرمائی ہے اور کلام الٰہی کو ایک مختصر اور جامع انداز میں مدون کیا ہے۔ یہ یکسر غیر اسلامی نظریہ ہے جس طرح قرآن کریم کلام ربانی ہے، اسی طرح اس کی ترتیب و تدوین بھی من جانب اللہ ہے۔ اسی کو قرآنی اصطلاح میں ''ترتیب توقیفی'' کہا جاتا ہے۔ احادیث سے ثابت ہے کہ آپ ﷺ کو بتایا جاتا تھا کہ اس آیت کو یہاں اس آیت کو وہاں رکھ دیا جائے جس طرح یہ کتاب ہدایت منزل من اللہ ہے اسی طرح مرتب من اللہ بھی ہے جیسا کہ نظریہ نظم قرآن سے یہ چیز ظاہر و باہر ہے، تدوین قرآن کے مباحث پر عبداللطیف رحمانی نے بڑی جامع بحث کی ہے۔ (۳۲)

سورۃ قیامہ کی آیت '' اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَه' وَقُرْآنَه'' کی تفسیر بیان کرتے ہوئے صاحب تدبر قرآن مولانا امین احسن اصلاحی نے بڑی قیمتی بات کہی ہے:

''لفظ جمع یہاں ایک جامع لفظ ہے۔ اس سے مراد اس کو نبی ﷺ کے سینہ میں محفوظ کرنا بھی ہے اور ان منتشر موتیوں کو ایک لڑی میں پرونا بھی۔ چنانچہ نبی ﷺ کی طرف سے برابر رہنمائی حاصل ہوتی رہی کہ مختلف مواقع پر نازل ہونے والی آیات کو الگ سورتوں میں کس ترتیب سے آپؐ جمع فرمائیں۔ چنانچہ اسی رہنمائی کی روشنی میں آپ ﷺ نے الگ الگ سورتوں میں ان کے مواقع کی تعیین کے ساتھ جمع کرنے کی ہدایت فرمائی اور جمع کرنے والوں نے آپؐ کے اس حکم کی تعمیل کی۔'' (۳۳)

تاریخ فقہ پر روشنی ڈالتے ہوئے ایک اہم پہلو کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ دیگر پیغمبروں پر نازل ہونے والے احکام بھی ہمارے لیے اسی طرح واجب التعمیل اور قابل تعظیم ہیں جس طرح کہ سرور کائنات ﷺ پر نازل ہونے والے احکام ہمارے لیے وجوب کا درجہ رکھتے ہیں۔ جیسا کہ قرآن میں آیا:

’’ أُولَئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِه ‘‘ (الانعام ۶:۹۰)

’’یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی ہے، اس لیے (اے محمد) آپ ﷺ بھی ان کی پیروی کریں۔‘‘

اسی طرح ایک دوسری جگہ قرآن کریم میں ارشاد ہے:

’’ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِنْ رُّسُلِهٖ ‘‘(البقرہ:۲/۲۸۵)

’’ہم رسولوں میں تفریق کے قائل نہیں ہیں۔‘‘

مذکورہ دونوں آیتوں کی روشنی میں یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ دیگر تمام پیغمبروں اور خاتم المرسلین ﷺ پر نازل ہونے والے احکام میں کوئی فرق نہیں ہے، لیکن پرانے قانون کے باب میں اگر کوئی جدید رہنمائی ہے تو جدید قانون قابل عمل ہوگا پچھلے انبیاء و رسل کے قوانین پر عمل کے لیے یہ شرط بھی ہوگی کہ وہ قابل اعتبار طریق سے ہم تک پہنچیں۔ کیونکہ قرآن کریم نے یہ صراحت کردی ہے کہ یہود و نصاریٰ نے اپنی کتابوں میں تحریف کی ہے۔(۳۴)

غلامی اور قرآن

ڈاکٹر صاحب نے اپنے خطبات میں مسئلہ غلامی کو بھی اٹھایا اور یہ واضح کیا کہ توریت اور انجیل میں غلام بنانے کا ذکر تو ہے لیکن انہیں آزاد کرنے کا کوئی ذکر نہیں جب کہ قرآن کریم میں غلاموں کے آزاد کرانے کے لیے مختلف آیات میں زور دیا گیا ہے قرآن کریم میں غلاموں کی آزادی کو کارثواب قرار دیا گیا ہے۔’’ظہار‘‘ نامی طلاق اور غلطی سے کسی کو قتل کر دینے کی پاداش میں غلاموں کو آزاد کرانے کا حکم دیا گیا ہے، سرکاری آمدنی کی ایک مد یہ بھی ہے کہ غلاموں کو آزاد کرانے کے لیے اسے صرف کیا جائے۔ اسی طرح قرآن کریم میں یہ حکم بھی موجود ہے کہ اگر غلام اپنے روپیوں کو دے کر آقا سے نجات حاصل کرنا چاہے تو آقا کو لازمی طور سے اسے رہا کرنا ہوگا ’’فی الرقاب‘‘ کے سلسلے میں تمام مفسرین اور فقہاء کا اتفاق ہے کہ مسلم اور غیر مسلم غلاموں کی رہائی کے لیے سرکاری رقم خرچ کی جائے۔(۳۵)

بادشاہت اور قرآن

قرآن کریم میں بادشاہت کو شئ مذموم قرار دیا گیا ہے اور شئ محبوب بھی، بادشاہت اگر قوانین الٰہی کے مطابق ہے تو وہ عندالاسلام قابلِ قبول ہے۔ بادشاہت اگر خواہشاتِ نفس کی پیروی اور اقربا پروری ہے تو وہ قابل تنقید ہے۔ فرعون اور نمرود جیسے بادشاہوں کو ہدف ملامت قرار دیا گیا اور حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام جیسے پیغمبروں کو بادشاہ کا لقب دے کر مکرم و محترم گردانا گیا۔ اس تناظر میں بادشاہت کو حرام کے زمرے میں نہیں ڈالا جاسکتا البتہ بلقیس کے حوالے سے جو قرآن کریم میں ذکر ہے:

إِنَّ الْمُلُوكَ إِذَا دَخَلُوا قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا (النمل ۲۸: ۳۴)

''بے شک یہ بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے تباہ کر دیتے ہیں۔''

تو اس کے متعلق ڈاکٹر صاحب کا خیال ہے کہ ایسا صرف بلقیس کے طرزِ عمل کو دیکھ کر فرمایا گیا، اس سے زیادہ اس کی اور کچھ اہمیت نہیں ہے۔ بات صرف یہ ہے کہ بادشاہت اگر ظلم و تعدی سے پاک ہے تو وہ اختیار کے لائق ہے اور اگر وہ قتل و غارت گری پر مبنی ہے تو اس سے گریز کیا جائے، ہمارے سرور کونین ﷺ نبی ہی نہیں بلکہ بادشاہ بھی تھے (۳۶)

❹ ام القریٰ

''ام القریٰ'' کے سلسلے میں ڈاکٹر صاحب نے بڑی مناسب بات کہی ہے پائے تخت کے لیے انگریزی میں Metraplis کا لفظ استعمال ہوتا ہے، یہ دراصل یونانی لفظ ہے جس کے لفظی معنیٰ ''شہروں کی ماں'' ہے۔ اس مفہوم میں قرآن کریم نے ''ام القریٰ'' کو استعمال کیا ہے۔ شہر مکہ ''ام القریٰ'' ہی کے نام سے مشہور ہے۔ گویا اللہ کی سلطنت کا وہ صدر مقام ہے جب ایک میٹروپولس یا ام القری ہو تو وہاں بادشاہ کا محل بھی ہوگا۔ چنانچہ بیت اللہ الحرام، اللہ کا مکان یا اللہ کا گھر وہاں موجود ہے۔ گویا کعبہ جو بیت الحرام ہے۔ یہ اس بادشاہ کا محل ہے کسی ملک میں بادشاہ ہو تو یہ ہمیشہ سے رواج رہا ہے رعایا کے نمائندے پائے تخت کو جا کر بادشاہ کے ہاتھ پر بیعت کرتے ہیں اور اپنی اطاعت کا یقین دلاتے ہیں۔ حج کے سلسلے میں جب لوگ مکہ معظّمہ جاتے اور وہ کعبہ کے سامنے حاضر ہوتے تو وہ حجر اسود پر اپنا

بازو رکھتے ہیں اور حجر اسود کو (اور اگر دور ہوں تو ہاتھ سے اشارہ کر کے اپنے ہاتھ) کو بوسہ دے کر طواف کا آغاز کرتے اور اسے جاری کرتے ہیں۔اس کو ہمارے فقہاء دو ناموں سے یاد کرتے ہیں،اسے استسلام بھی کہتے ہیں اور بیعت بھی کہتے ہیں۔(۳۷)

❺ قرآن کریم اور گوتم بدھ

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اپنے خطبات میں بہت سے اہل علم کی آراء کا بھی ذکر کیا ہے،اسی طرح ''ذوالکفل'' کے متعلق بتایا کہ مولانا مناظر احسن گیلانی نے اس سے مراد ''گوتم بدھ'' لیا ہے۔

﴿وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ وَطُورِ سِينِينَ وَهَذَا الْبَلَدِ الْأَمِينِ﴾ کے باب میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ اس میں چار پیغمبروں کا ذکر ہے۔زیتون سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اشارہ ہے،طور سینین سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف ذہن موڑا گیا ہے اور بلد امین شہر مکہ کی اہمیت کو منظر عام پر لاتا ہے۔اسی طرح ''التین'' سے گوتم بدھ کی جانب توجہ منعطف کرائی ہے۔کیونکہ گوتم بدھ کے پیرو کاروں کا اتفاق ہے کہ آپ کی پیدائش جنگلی انجیر کے نیچے ہوئی تھی ،اسی سے مولانا گیلانی کا خیال ہے کہ قرآن کریم میں جہاں دنیا کے بڑے مذاہب کا ذکر ہے وہیں بدھ مت کا بھی ذکر ہے۔قرآن کریم اس کی تفصیل میں اس لیے نہیں جاتا کیونکہ عرب اس سے واقف نہیں تھے۔(۳۸)

مولانا فراہی نے مذکورہ چاروں چیزوں پر نہایت عالمانہ انداز میں گفتگو کی ہے۔بالخصوص اشعار عرب سے استدلال کے ذریعہ اپنی بات کو قابل اعتبار بنا دیا ہے۔مشہور شاعر نابغہ ذبیانی نے اپنے ایک شعر میں ''تین'' کو ایک مقام کی حیثیت سے ذکر کیا ہے۔عربوں کے مذاق میں یہ چیز داخل تھی کہ اگر کوئی درخت کسی مقام پر کثرت سے پایا جاتا ہے تو اس کو اسی نام سے موسوم کر دیتے ہیں۔مولانا فراہی نے ''تین'' کی اہمیت کی طرف یوں اشارہ کیا ہے۔

> ''اس سے معلوم ہوا کہ تین سے مراد یا تو کوہ جودی ہے یا اس کے قریب کا کوئی دوسرا پہاڑ تورات میں ہے کہ طوفان نوح کے بعد بنی آدم یہیں سے اِدھر اُدھر متفرق ہوئے اور قرآن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ کوہ جودی کے پاس پیش آیا۔''(۳۹)

❻ مفرداتِ قرآن

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے خطبات میں جگہ جگہ ''مفردات قرآن'' پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب کو قرآنیات سے کس قدر گہرا شغف تھا۔ یہاں چند مثالیں خطبات سے نقل کی جائیں گی۔

لفظ ''انجیل'' کے معنی خوشخبری کے ہیں۔ اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام گاؤں میں جا کر لوگوں کو بشارت دیا کرتے تھے کہ اللہ کی حکمرانی بہت جلد آنے والی ہے۔ (۴۰)

''توریت'' کے معنی قانون کے ہیں۔ توریت پانچ حصوں پر مشتمل ہے۔ اس میں ایک حصہ قانون کے نام سے منسوب ہے۔ (۴۱) ڈاکٹر صاحب نے یہ بھی بتایا کہ توریت کو عبرانی زبان میں ''نوموس'' بھی کہتے ہیں، نوموس کے معنی بھی قانون ہی کے ہیں، اسی طرح جب ورقہ بن نوفل کے سامنے آنحضور ﷺ کا واقعہ پیش کیا گیا تو انہوں نے یہی کہا تھا کہ یہ چیز حضرت موسیٰ علیہ السلام کی توریت سے زیادہ مشابہ ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے نزدیک یہی مفہوم قرین قیاس ہے۔ (۴۲)

فقہ کے لفظی معنی ''جاننا'' کے ہیں اور اصطلاحی مفہوم ''قانون'' یعنی شریعت اسلامی ہے، قرآن کریم کے تصور قانون کے متعلق یہ آیت پیش نظر رہے۔

﴿ كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ ﴾

''اچھی بات کی مثال اچھے درخت کی طرح ہے اس کی جڑ تو زمین میں گڑی ہوئی رہتی ہے
لیکن اس کی شاخیں آسمان تک پھیل جاتی ہیں۔'' (ابراہیم:۱۴/۲۴)

قانون کی بنیاد دراصل ایک چھوٹے سے بیج کے مانند ہے، لیکن اس سے جو درخت نکلے گا وہ آسمان کی بلندیوں تک پھیل جائے گا۔ اس آیت سے اسلامی شریعت کی عظمت کو سمجھا جا سکتا ہے۔ (۴۳)

احسان کا لفظی مفہوم کسی چیز کو حسن عطا کرنا اور خوبصورت بنا دینا ہے، زندگی کے کسی کام کو مہذب انداز میں انجام دینا ہی دراصل احسان ہے۔ اصطلاحی مفہوم یہ ہے کہ احکام الٰہی کو سچے دل سے قبول کرنا اور اس میں اخلاص

پیدا کرنا،صوفیاءکرام نے اسے ''سلوک وطریقت'' کا نام دیا ہے،اسی کا دوسرا نام ''تصوف'' ہے۔(۴۴)

ڈاکٹر صاحب نے احسان کو''سلوک وطریقت'' سے تعبیر کیا ہے،سلوک وطریقت کا جائزہ لینے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہر ایک طریقے کا ذاتی فلسفہ ہے،صوفیاءکرام نے بہت سے طریقہ عبادت ایجاد کیے جس کا حیات طیبہ اور آثار صحابہ کرام سے کوئی واسطہ نہیں ہے اس لیے احسان کو سلوک وطریقت سے جوڑنا غیر مناسب فعل ہے۔کیونکہ مختلف صوفیاءکرام کے یہاں اذکار واوراد کے مختلف طریقے رائج ہیں۔

معروف ومنکر قرآن کریم کی دو اہم اصطلاحات ہیں۔معروف کے لیے قرآن کریم میں خیر کا لفظ بھی استعمال ہوا ہے اور منکر کے لیے شر کا لفظ،معروف ایسی چیز کو کہتے ہیں جو فطری لحاظ سے قابل قبول ہو،جس کا کرنا لائق تحسین ہے اور یہ وہ چیز ہے جو ہر دور اور ہر قوم کے نزدیک قابل قبول ہو۔یہی حال منکر کا ہے جو فطری لحاظ سے غیر مستحسن ہے۔اسے ہر دور میں ہر قوم نے ناپسند کیا ہے۔اس کا مفہوم یہ ہے کہ قرآن کریم کسی غیر فطری اور غیر مستحب عمل کی دعوت نہیں دیتا اور نہ ہی کسی جدید اور اجنبی چیز کو پیش کرتا ہے۔معروف اور منکر کے اعتبار سے قرآن کریم کا ہر حکم حکمت پر مبنی ہے۔(۴۵)

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے یقیناً قرآنیات سے متعلق متعدد مقالات سپرد قرطاس کیے ہیں اس میں دو رائے نہیں کہ انہوں نے ان مقالات میں اہم قرآنی مباحث کو موضوع بحث بنایا ہوگا کاش کہ ان کے اس طرح کے مقالات کو علمی دنیا کے استفادہ کے لیے جمع کرکے،کوئی شائع کرنے کی کوئی سبیل پیدا کر دیتا تو یہ ایک عظیم قرآنی خدمت ہوتی۔

ڈاکٹر صاحب کا ایک مقالہ'' قرآن مدار مغفرتِ انسان'' کے عنوان سے مجلّہ ''علوم القرآن'' میں شائع ہوا ہے جس میں توریت،زبور،انجیل،آویستا اور پران وغیرہ پر اظہار خیال کرتے ہوئے بتایا گیا کہ آج اس عہد میں مذکورہ آسمانی صحیفوں کے متعلق گمان تو کیا جا سکتا ہے لیکن یقین کے ساتھ کوئی بات نہیں کہی جا سکتی۔احادیث میں حضرت آدم،حضرت شیث اور حضرت ادریس علیہم السلام کے صحیفوں کا ذکر ملتا ہے۔لیکن آج اس عہد میں اعتماد کے ساتھ کچھ کہنا بڑا دشوار ہے۔اسی طرح صحف ابراہیم کا کچھ پتہ نہیں۔صرف چند آیات قرآن کریم میں درج ہیں۔

مختلف آسمانی کتب وصحیفوں میں صرف بشارت کے لیے انتظار کرنے کو کہا گیا۔لیکن اس کے برعکس

قرآن کریم کو آخری کتاب ہدایت قرار دیا گیا جو تا قیامت تمام انسانوں کے لیے مشعل رشد و ہدایت ہے۔ تیئس سالہ مدت میں جستہ جستہ یہ کتاب الٰہی نازل ہوتی رہی اور اللہ کے حکم کے مطابق آنحضور ﷺ اسے ترتیب دیتے رہے اور ہر ممکن کوشش کی کہ اللہ کے اس کلام میں کوئی تغیر و تبدل نہ ہو سکے۔

ڈاکٹر صاحب کا خیال ہے کہ کتاب اسے اس لیے کہا گیا ہے کہ اسے کتابی شکل میں پیش کیا جائے اور قرآن اس لیے کہا گیا ہے کہ یہ لکھی ہوئی کتاب پڑھنے کے لیے ہے۔ قرآن کریم کی صحت برقرار رکھنے کے لیے ہجرت کے بعد رمضان میں صحابہ کرام کی موجودگی میں ایک بار آپؐ پورے قرآن کریم کو دہراتے تا کہ کوئی غلطی باقی نہ رہے، اس وقت تصحیح کے لیے حضرت جبرائیل علیہ السلام بھی موجود ہوتے۔ اسی طرح وفات سے قبل رمضان میں دو بار قرآن کریم کو دہرا کر فرمایا کہ میرا فریضہ مکمل ہو گیا ہے اور میں جلد ہی وفات پانے والا ہوں۔ آگے بھی اس مقالہ میں حفاظت قرآن کریم کی صحت اور تدوین سے متعلق گفتگو کی گئی ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ قرآن کریم تمام تحریفات سے پاک ہے اور یہی کتاب تنہا بنی نوع انسان کو ظلمتوں سے نجات دلا سکتی ہے۔ (۴۶)

قرآنیات سے متعلق ایک اہم مقالہ ''قرآنی تصور مملکت'' ہے (۴۷) اس میں قرآن کریم اور تاریخ اسلام کی روشنی میں اسلامی ریاست کے خدوخال پیش کیے گئے ہیں، اللہ کے رسول نے دس سال کے اندر ایک ایسا نظام حکومت قائم کیا جسے دیکھ کر دنیا انگشت بدنداں رہ گئی، اس حکومت کی کامل تصویر قرآن کریم میں موجود ہے۔

تاریخ انسانی کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ انبیاء کرام کی آمد کے باوجود بہت عرصہ کے بعد کسی اقتدار یا سیاسی نظام کا پتہ چلتا ہے، بادشاہی کا وجود حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عہد سے ملتا ہے، یہی بادشاہت حضرت یوسف علیہ السلام کے عہد میں ترقی یافتہ صورت اختیار کر لیتی ہے۔ اسی طرح حضرت موسیٰ، حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہم السلام کی سیرتوں سے اقتدار و اختیار کے قیام کا پتہ لگتا ہے۔ حضرت داؤد کے متعلق قرآن کریم میں واضح کیا گیا کہ وہ کس طرح فرائض اقتدار انجام دیتے تھے۔ قرآن کریم میں ارشاد ہے:

﴿ وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنٰهُ الحِكْمَةَ وَ فَصْلَ الخِطَاب ﴾ (ص:۳۸:۲۰)

''ہم نے اس کی حکومت کو مضبوط بنا دیا، اور اسے حکمت اور فیصلہ کرنے والی زبان عطا کی۔''

اسی طرح ملکہ سبا کی حکومت کا ذکر قرآن کریم میں بڑے واضح انداز میں ملتا ہے۔قرآن کریم میں پیغمبروں کے صحیفوں اور کتابوں کا ذکر ہے۔صحیفہ کا مفہوم دستور العمل اور کتاب کا مفہوم حکم دینے کے ہیں۔آگے بڑھتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے بیعت پر روشنی ڈالی ہے اور بتایا کہ خلیفہ اصلاً مقتدرِ اعلیٰ کا پابند ہوتا ہے۔وہ عبادات اور معاملات دونوں میں اپنے معبود کی اتباع کرتا ہے، دین اسلام سے قبل دین اور دنیا الگ الگ تھے، جیسا کہ حضرت عیسیٰ کی طرف یہ قول انجیل میں منسوب ہے:

''قیصر کی چیزیں قیصر کو دے دو اور کلیسا کی کلیسا کو۔''

لیکن اللہ کے رسول محمد ﷺ دین اور دنیا کے لیے مبعوث کیے گئے تھے۔قرآن کریم میں ارشاد ہے:

﴿وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا مِنْكُم وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى الْأَرْضِ﴾

''تم میں سے جو لوگ ایمان لے آئے ہیں اور نیک اعمال بجالائے ہیں، اللہ نے ان سے وعدہ کر رکھا ہے کہ انہیں زمین میں ضرور جانشین بنائے گا۔'' (النور:۲۴/۵۵)

اس مقالہ میں عدل گستری، شورائیت، قانون سازی، جہاں بانی کے قواعد، قومی دولت، اخلاق عامہ، سیاسی اصلاحات اور جانشینی جیسے موضوعات پر اظہار خیال کیا گیا ہے۔ڈاکٹر صاحب نے ان موضوعات کو جدید تناظر میں دیکھتے ہوئے بتایا کہ دین اسلام نے مذکورہ تمام چیزوں کے لیے ایسی ہدایات دی ہیں جو دنیائے انسانیت کے لیے رہنما اصول کی حیثیت کے حامل ہیں۔

مذکورہ سطور میں ڈاکٹر صاحب کی تمام قرآنی خدمات کا احاطہ نہیں کیا جاسکتا کیونکہ قرآنیات سے متعلقہ ان کی بہت سی چیزیں دسترس سے باہر ہیں۔ویسے ان سطور سے یہ چیز ضرور منظر عام پر آگئی کہ آپ کو قرآنیات سے گہرا شغف تھا، جس کی بین مثال فرانسیسی ترجمہ قرآن ہے۔اس کے علاوہ مستقلاً انہیں اس کی فکر دامن گیر رہی کہ اہل علم کے سامنے قرآنی خدمات اور قرآنی حقائق کو منظر عام پر لایا جائے۔یہی وجہ ہے کہ مختلف زبانوں میں زندگی بھر دین اسلام کی صداقتوں کو پیش کرتے رہے اور اسی اضطراب کے پیش نظر القرآن فی کل لسان کی ترتیب و تدوین میں لگے رہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ مخدوم علی مہائمی کی حیات وخدمات کے لیے ملاحظہ ہو: مخدوم علی مہائمی: حیات، آثار وافکار۔ مولانا عبدالرحمان پرواز اصلاحی، اشاعت اول۔

۲۔ اس تفسیر کی اہمیت کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ یہ مصر کے مشہور مطبع ''بولاق'' سے شائع ہوئی، نظم قرآن کی نمائندہ تفاسیر میں اس کا شمار ہے۔ دیکھیے اسلامی علوم وفنون ہندوستان میں، سید عبدالحئی، لکھنؤ، ۱۹۶۹ء، ص۲۳۲۔۲۳۱۔

۳۔ عمری، محمد یوسف کوکن عمری، ''خانوادۂ قاضی بدرالدولہ''، دارالتصنیف مدراس ۱۹۶۳ء، ص۱۶۱۔۱۷۹

۴۔ یہ عظیم تفسیر سات جلدوں میں ہے، جو عربی زبان میں لکھی گئی جو ملا بحرالعلوم عبدالعلی (المتوفی ۱۲۲۵ھ) کے ایما پر لکھی گئی تھی۔ یہ تفسیر مجلس اشاعت العلوم حیدرآباد (دکن) سے شائع ہوئی۔ اس تفسیر کی جلد اول ۱۳۲۲ھ میں شائع ہوئی اور آخری جلد ۱۳۴۷ھ میں۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: المسدوسی، احمد عبداللہ، ''مملکتِ حیدرآباد ایک علمی، ادبی اور ثقافتی تذکرہ''، ناشر بہادر یار جنگ اکادی، کراچی، ۱۹۶۷ء، جلد اول، ص ۸

۵۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: خانوادۂ قاضی بدرالدولہ، ص۴۹۰

۶۔ تفسیر ''فیض الکریم'' کا پہلا حصہ میرے سامنے ہے، جو مدراس کے مطبع ''عزیزی'' سے شائع ہوا، یہ ۹۷۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں مصنف کا چار صفحے کا مقدمہ بھی شامل ہے۔

۷۔ وضاحت کے لیے دیکھیے: قرآن مجید کے فرانسیسی ترجمے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ۔ معارف، اعظم گڑھ۔ جلد ۸۴، شمارہ ۲ راگست ۱۹۵۹ء، ص ۴۵۰۔۴۶۸

۸۔ ایضاً ص ۴۶۷۔

۹۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، پروفیسر عبدالرحمان مومن، ماہنامہ ترجمان الاسلام، جامعہ اسلامیہ، ریوڑی تالاب بنارس جنوری تا جون ۲۰۰۳ء، شمارہ: ۵۳۔۵۴، ص ۱۶۔۱۷۔

۱۰۔ اداریہ (محقق گرامی ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ) اشتیاق احمد ظلی۔ شش ماہی، علوم القرآن، علی گڑھ، جنوری۔ جون ۲۰۰۲ء، ۱۷/۱، ص ۱۰

۱۱۔ تراجم قرآن مجید: تازہ بتازہ نو بہ نو۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ۔ ماہنامہ معارف، اعظم گڑھ، نومبر ۱۹۸۸ء، ۱۴۲/۵، ص ۳۷۹

۱۲۔ ایضاً ص ۳۸۴۔

۱۳۔ ترجمان اسلام، ص ۱۶۱۔ تاہم جناب مظہر ممتاز قریشی کے نام ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے خطوط سے معلوم ہوا کہ ڈاکٹر صاحب نے جرمن زبان میں سورہ الانعام تک ترجمہ کیا تھا بعد دیگر مصروفیات کی وجہ سے اس کو مکمل نہ کر سکے، تفصیل کے لیے دیکھیے: محمد رومی، وہاب، سید ''سہ ماہی ارمغان'' کراچی، دسمبر ۱۹۹۴ء، خط نمبر ۴، ص ۸۹

۱۴۔ وضاحت کے لیے دیکھیے: ماہنامہ معارف۔ نومبر ۱۹۸۸ء، ۲۴۲/ ۵ ص ۳۸۸۔۳۸۶۔

۱۵۔ اس پر جامع تبصرہ کے لیے دیکھیے: ششماہی علوم القرآن ج ۲، شمارہ ۲، جولائی۔ ستمبر ۱۹۸۷ء ص ۱۴۰۔

۱۶۔ ماہنامہ معارف۔ نومبر ۱۹۸۸ء، ۱۴۴/ ۵ ص ۳۸۸۔

۱۷۔ وضاحت کے لیے دیکھیے: مجالس المیمنی، المجمع العلمی الھندی۔

۱۸۔ ڈاکٹر احمد خان کی کتاب ''قرآن کریم کے اردو تراجم'' ۲۹۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب مشہور اہل قلم سید عبدالقدوس ہاشمی کی نظر ثانی کے بعد منظر عام پر آئی ہے (طبع اول، مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد ۱۹۸۷ء)۔

۱۹۔ معارف، نومبر ۱۹۸۸، ۱۴۲/ ۵ ص ۳۸۹۔۳۹۱۔

۲۰۔ خطبات بہاولپور، ڈاکٹر محمد حمید اللہ، بار اول، اسلامک بک فاؤنڈیشن، ۱۹۹۷ ص ۱۱۔

۲۱۔ ایضاً ص ۲۵۔

۲۲۔ ایضاً ص ۲۸۔

۲۳۔ ایضاً ص ۲۹۔

۲۴۔ ایضاً ص ۴۰۔۴۱۔

۲۵۔ ایضاً، وضاحت کے لیے دیکھیے: ص ۴۳۔۴۴۔

۲۶۔ وضاحت کے لیے دیکھیے: تدبر قرآن، امین احسن اصلاحی، بار اول، تاج کمپنی، ۱۹۸۹، ۱/ ۸۵۔۸۶۔

۲۷۔ خطبات بہاولپور، ص ۵۷۔

۲۸۔ ایضاً ص ۵۷۔

۲۹۔ ایضاً ص ۵۸۔

۳۰۔ ایضاً ص ۵۸۔

۳۱۔ ایضاً ص ۸۸۔

۳۳۔ تدبر قرآن، امین احسن اصلاحی، طبع اول، نومبر ۱۹۸۰ء فاران فاؤنڈیشن، لاہور، ص ۸۶۔

۳۴۔ خطبات بہاولپور، ص ۱۰۱۔۱۰۲۔

۳۵۔ وضاحت کے لیے دیکھیے: ایضاً ص ۱۱۷۔۱۱۶۔

۳۶۔ وضاحت کے لیے دیکھیے: ایضاً، ص۱۲۰۔۱۱۹۔

۳۷۔ ایضاً، ص۲۱۵۔۲۱۴۔

۳۸۔ ذوالکفل کے سلسلے میں دیکھیے: اعلام القرآن۔عبدالماجد دریا آبادی، مطبع شاہی برقی پریس، لکھنؤ (بدون تاریخ)، ص۱۰۷۔

۳۹۔ وضاحت کے لیے دیکھیے: تفسیر نظام القرآن۔حمیدالدین فراہی۔دائرہ حمیدیہ مدرسۃ الاصلاح۔سرائے اعظم گڑھ، ۱۹۹۰ء، ص۳۱۲۔۳۱۰۔

۴۰۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۲۴۔

۴۱۔ ایضاً، ص:۲۱۔

۴۲۔ ایضاً، ص:۲۷۔

۴۳۔ ایضاً، ص:۹۷۔۹۶۔

۴۴۔ ایضاً۔

۴۵۔ ایضاً، ص۳۴۲۔

۴۶۔ وضاحت کے لیے دیکھیے: قرآن: مدارِ مغفرت انسان۔محمد حمیداللہ، (علوم القرآن، علی گڑھ، جولائی۔دسمبر ۱۹۸۹ء، ۲/۴، ص۵۷۔۴۵۔

۴۷۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: ماہنامہ معارف، ج۴۸، شمارہ۶ دسمبر ۱۹۴۱ء، ص۴۰۵۔۴۳۱

قرآن مجید کے ترجمے

ڈاکٹر محمد حمید اللہ

❶ عربی زبان

سب جانتے ہیں کہ قرآن مجید عربی زبان میں ہے لیکن کم لوگ اس زبان کی بعض خصوصیتوں پر غور کرتے ہیں:

ایک بات یہ ہے کہ وہ ساری دنیا کے مسلمانوں کی، اگلے ہوں یا پچھلے تا قیامِ قیامت، مادری زبان ہے۔ کیونکہ ''امہات المومنین'' یہی زبان بولتی تھیں۔ کیا کسی کو یہ آیت یاد دلانے کی ضرورت ہے کہ:

﴿اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗ اُمَّهٰتُهُمْ﴾(۱)

''مومنوں کے لیے نبیؐ اپنی ذات سے اولیٰ (مرجح) ہوتا ہے اور آپ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔''

دوسرا پہلو یہ ہے کہ یہ ایک ابدی اور غیر تبدل پذیر زبان ہے۔ دنیا کی زبانیں مرورِ زمانہ سے بدلتی رہتی ہیں حتی کہ ایک سو سال ہی میں وہ نا قابلِ فہم ہو جاتی ہیں مثلاً پندرہویں صدی عیسوی کے انگریز ادیب چاسر کی زبان آج انگلستان میں سوائے گنتی کے متخصصین کے سوا کسی کی سمجھ میں نہیں آتی، موجودہ زبانیں ہوں کہ دنیا کی قدیم زبانیں، سب کا یہی حال ہے۔ اردو، انگریزی، ترکی، روسی، جرمنی، فرانسیسی، یونانی وغیرہ کوئی اس سے مستثنیٰ نہیں صرف عربی اس کلیے سے خارج ہے کہ چودہ سو سال پہلے کی قرآن و حدیث کی زبان وہی ہے جو آج بھی ریڈیو پر بولی جاتی، اخباروں اور کتابوں میں برتی جاتی اور بازار سے باہر علمی حلقوں میں نیز بین العرب ضروریات کے لیے لکھی اور بولی جاتی ہے کم از کم گذشتہ پندرہ سو سال سے نہ اس کے الفاظ کے معنی بدلے، نہ صرف و نحو بدلی، نہ املا و تلفظ! کسی ابدی تعلیم اور آخری نبیؐ کے ذریعے سے انسانیت کے لیے آئے ہوئے احکام خداوندی کی حامل کون سی دوسری زبان ہو سکتی ہے بجز اس کے جو مرورِ زمانہ سے نہ بدلے بلکہ ہمیشہ قابلِ فہم ہے؟

ان اور دیگر خصوصیات کے ساتھ اور اس امر کے باوجود کہ قرآن مجید ''بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُبِيْنٍ ''(۲) نازل ہوا ہے۔ عجمی نہیں، خود عربوں کو بھی تفسیر کی ضرورت خود عہدِ صحابہ سے رہی ہے کیونکہ قرآن کی زبان کی بلاغت اور اس کے معانی کی گہرائی ''كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ ''(۳) کا مصداق ہے اور اس کا ہر مطالعہ کرنے والا کچھ نہ کچھ نئی چیز پالیتا ہے بغیر اس کے کہ کسی دوسرے کو کچھ خسارہ ہو۔ چونکہ خدا نے اسے ''كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْراً وَّنَذِيْراً ''(۴) بنا کر بھیجا ہے، عجمی بھی خدا کے فضل سے اس قرآن کے باعث ہدایت پاتے رہے ہیں اور موروثی مسلمانوں کی بداعمالی کے باوجود نومسلموں کی تعداد روز افزوں ہی ہے اور تو اور پولینڈ اور یوگوسلاویا جیسے کمیونسٹ (اور خدا اور دین کے دشمن) ملکوں میں بھی نومسلم نظر آ رہے ہیں۔ ان غیر عرب لوگوں کے لیے اسلام لانے سے پہلے بھی اور اسلام لانے کے بعد بھی قرآن کے پڑھنے اور سمجھنے کے لیے ترجمے کی ضرورت ہوتی ہے یہ خارج از بحث اور خارج از امکان ہے کہ وہ پہلے عربی سیکھیں پھر براہِ راست قرآن کو پڑھیں اور سمجھیں۔

❷ اوّلین ترجمے

تاریخ بتاتی ہے کہ علمائے اسلام، آغازِ اسلام سے لے کر گزشتہ صدی تک، قرآن مجید کا اجنبی زبانوں میں بغیر کسی ادنیٰ تذبذب کے ترجمہ کرتے رہے۔ قدماء میں مثلاً مشہور و مستند فقیہ امام شمس الائمہ سرخسی اپنی تیس جلدوں والی کتاب المبسوط (ج ۱، ص ۳۷) میں لکھتے ہیں:

> ''امام ابوحنیفہ نے اس روایت سے استدلال کیا ہے کہ (چند نومسلم) ایرانیوں نے حضرت سلمان فارسیؓ کو خط لکھا کہ انہیں سورۂ فاتحہ فارسی میں لکھ دیں یہ لوگ اس (ترجمے) کو اس وقت تک نماز میں پڑھتے رہے جب تک کہ ان کی زبانیں عربی الفاظ سے مانوس نہ ہو گئیں۔'' (یعنی قرآنی سورے حفظ نہ ہو گئے) (۵)

ایک دوسرے مشہور فقیہ تاج الشریعہ الحنفی نے اپنی فقہی کتاب ''النهاية حاشية الهداية ''(طبع دہلی ۱۹۱۵ء، ج ۱، ص ۸۶) میں اس کی مزید تفصیل دی ہے کہ:

''حضرت سلمان فارسیؓ نے ان کے لیے سورۂ فاتحہ فارسی میں لکھ دی اور بسم اللہ الرحمن الرحیم کو ''بنام یزدان بخشاوندہ'' وغیرہ ترجمہ کیا اور لکھنے کے بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا پھر اسے ان (ایرانیوں) کو بھیج دیا اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے ناپسند نہ فرمایا۔'' (۶)

واقعہ یہ ہے کہ فارسی، مشرقی ترکی اور مغربی ترکی میں قرآن مجید کے ترجمے سامانی دور کے یعنی چوتھی صدی ہجری کے علماء نے کیے ان میں سے فارسی ترجمہ جس کے ساتھ تفسیر طبری کا خلاصہ ترجمہ بھی انہیں علماء کا کیا ہوا موجود ہے۔ حال ہی میں ایران میں چھپ گیا ہے۔ یہ بادشاہ منصور بن نوح کے حکم سے ۳۴۵ھ میں انجام پایا تھا اس سے کچھ ہی بعد کے فارسی ترجمے سورابادی، زاہدی، اسفرائنی اور خواجہ عبداللہ انصاری نے کیے جن میں سے بعض چھپ بھی گئے ہیں۔ سامانی دور کے ترکی ترجمے البتہ ابھی ناشر کے انتظار میں ہیں۔

جاحظ (متوفی ۲۵۵ھ) نے اپنی کتاب البیان والتبیین (ج۱، ص۱۳۹) میں لکھا ہے کہ:

''موسیٰ بن سیار الأسواری قرآن کی فارسی میں تفسیر کیا کرتے تھے۔'' (۷)

بزرگ بن شہریار نے اپنی کتاب عجائب الہند والصین (طبع یورپ ص۲ تا ۳) میں لکھا کہ ۳۴۵ھ کے لگ بھگ کامل قرآن مجید کا شمالی ہند کی ایک زبان میں (شاید سندھی یا ملتانی ہو) ترجمہ ہو گیا تھا۔ (۸)

❸ ترجمۂ قرآن کے ناجائز ہونے کا ادّعا

جواز اور عمل کی ان پرانی اور مستند روایتوں کے باوجود گزشتہ صدی کے اواخر میں خاص کر ترکی سلطنت اور اس کے مصر شام وغیرہ علمی نقطۂ نظر سے ترقی یافتہ عربی صوبوں میں یہ دعویٰ کیا جانے لگا کہ قرآن مجید کی اعجاز بیانی کی وجہ سے اس کا کسی دوسرے زبان میں ترجمہ ناجائز ہے اور یہ خیال ابھی حال حال تک باقی رہا ہے۔ مجھے یاد پڑتا ہے کہ جب محمد مارماڈیوک پکتھال نے نظام حیدرآباد عثمان علی خان کی سرپرستی میں قرآن مجید کا انگریزی ترجمہ کیا اور پھر مزید احتیاط کے لیے مصر جا کر شیخ الازہر کی نگرانی میں اس کی نظر ثانی بھی کی اور شائع کیا تو اس کا داخلہ مصر میں ممنوع قرار دیا گیا! اس نقطۂ خیال کو سمجھنے کی کوشش کی تو مجھے دو باتیں نظر آئیں۔

① ترجمے کی حرمت کے خیالات کا ذکر کرنا اور ان کا اچھالنا اسلامی کتب و رسائل سے زیادہ عیسائی مشنریوں کے رسالوں میں نظر آیا۔

② یہ اس زمانے کا ذکر ہے کہ جب قریب قریب سارے اسلامی ملکوں پر فرنگی عیسائیوں کا قبضہ ہوگیا تھا۔

کیا ان حقائق کو اتفاقات سے سمجھا جائے۔ یا ان میں باہم ربط وصلہ سمجھا جائے؟ اسے بھی نہ بھلایا جائے کہ سیاہ افریقہ ہی نہیں الجزائر وغیرہ عربی علاقوں میں بھی فرنگی حاکموں نے عربی زبان کی تعلیم بند کر دی، غیر سرکاری اسلامی مدرسے بھی مسدود کر دیئے۔ ہندوستان میں انگریز مشنریوں نے تو اس کی بھی کوشش کی کہ قرآن کے سارے نسخے خرید کر ان کو تلف کر دیں۔

میں ان سب سے یہ نتیجہ اخذ کرتا ہوں کہ ان عیسائیوں نے چاہا کہ مسلمان عربی سے نابلد ہو جائیں اور مقامی زبانوں میں قرآن مجید کا ترجمہ بھی نہ ہو۔ اس طرح عیسائیت کے لیے میدان خالی ہو جائے۔ مگر تدبیر کند بندہ، تقدیر زند خندہ۔ ہوا یہ کہ ان مہربانوں نے یہ فرض کیا کہ قرآن مجید کا ترجمہ عرب ہی کریں گے۔ اسی لیے یہ خیال عربی ممالک میں پھیلایا یا غالباً کسی مشنری نے ایک بھولے بھالے مسلمان عالم سے کہا: قرآن مجید کی زبان واقعی ایک معجزہ ہے۔ اس کا ترجمہ ناممکن ہے! یہ بھولے بھالے فاضل خوشی سے اُچھل پڑے کہ '' الفضل ما شهدت به الاعداء'' (جادو جو سر چڑھ کر بولے) دشمن کی شہادت سے بڑھ کر اور کیا چیز ہو سکتی ہے۔ حلقہ احباب میں فخر سے اس کا ذکر کیا اور جلدی ہی معجز بیان قرآن کا ترجمہ ''ناممکن'' ہے کو ایک قدم آگے بڑھا کر ''ناجائز'' ہے کر دیا۔ اور جیسا کہ عرض ہوا، یہ خیالات عربی ممالک میں پھیلے اور پھیلائے گئے۔

مگر اس منطق میں ایک نقص تھا۔ یہ مفروضہ ہی غلط تھا کہ ترجمے عرب ہی کریں گے کیونکہ تاریخ بتاتی ہے کہ ترجمے ان عجمیوں نے کیے جنہوں نے عربی سیکھی اور علوم اسلامی میں رسوخ حاصل کیا۔ جہاں تک مجھے علم ہے، یہ خیالات ہندوستان، ایران، افغانستان یا ملایا وغیرہ کے علماء میں بالکل نظر نہ آئے۔ مصری، شامی اہل قلم کے خیالات کا انہیں علم ہوا بھی تو بھی بظاہر انہوں نے مسکراہٹ سے زیادہ قابل اعتناء نہ سمجھا ہوگا کیونکہ ہندوستان میں اردو، فارسی ترجمے اسی زمانے میں روز افزوں ہونے لگے۔

ابھی بیان ہوا کہ اسلام کے عہد زریں میں محترم اور ثقہ علماء نے قرآن مجید کے ترجموں پر کوئی اعتراض نہ کیا۔ مثلاً خواجہ عبداللہ انصاری اپنے فارسی ترجمے اور تفسیر کے متعلق ۵۲۰ ھ میں لکھتے ہیں کہ انہوں نے اپنے پیشروؤں کی (۱۰۷) عربی، فارسی تفسیروں سے استفادہ کیا ہے۔

دنیا میں اسلام کے پھیلنے کی رفتار عربی زبان کے پھیلنے کی رفتار سے زیادہ تیز ہے اور غیر عرب نومسلموں کو اسلام کی اساسی کتاب یعنی قرآن مجید کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی لیے ترجمے کی ضرورت پر حکومتوں نے بھی توجہ کی اور علماء ربانیین رحمۃ اللہ علیہم نے بھی جہاں تک سامانی دور کے مذکورہ فارسی اور ترکی ترجموں کا تعلق ہے، میں کہہ سکتا ہوں وہ بہت نفیس ہیں زبان بھی اچھی ہے اور مفہوم بھی خوبی سے ادا کیا گیا ہے۔ ہمالہ تلے کے برِاعظم میں مسلمان علماء نے قدیم سے، ملک کی مختلف زبانوں میں قرآن پاک کا ترجمہ کیا۔ اسلام یہاں حضرت عمرؓ کے زمانے میں پہنچا۔ اکیلی اُردو زبان ہی میں آج تک قرآن کے تین سو سے زائد ترجمے ہوئے ہیں اور نئے ترجموں کا شوق تا حال نہ ہند میں ختم ہوا ہے نہ پاکستان میں، ترکی اور فارسی میں بھی اب سو سو سے زیادہ تراجم ہو چکے ہیں۔

یورپی زبانوں میں سے اندلسی اور پولینڈی میں قرآنی تراجم قدیم ہیں۔ اس زمانے میں یہ زبانیں عربی خط میں لکھی جاتی ہیں۔ بوشناق یعنی بوسینا (یوگوسلاویہ) میں عربی خط کا ترجمہ قرآن غالباً متاخر زمانے میں ہوا ہے۔ شاید گزشتہ صدی سے پہلے کا ایسا ترجمہ موجود بھی نہیں ہے۔

❹ عربی خط

حقیقت یہ ہے کہ عربی خط پر اعراب لگا ہوا ہو تو دُنیا کا کوئی دوسرا خط صحت تلفظ میں اس کا مقابلہ نہیں کرتا ایک بچہ بھی سمجھ سکتا ہے کہ (Hamid) تلفظ حَمِد، حامِد، حَمِید، حامِید، چار طرح سے ہو سکتا ہے۔ اعراب لگے ہوئے عربی خط میں ایسا ابہام ناممکن ہے۔ جسے اللہ نے سمجھ دی وہ اسے سمجھ گیا، جسے نہ دی، نہ سمجھا، یہ بیان کرتے چلیں تو کوئی حرج نہیں کہ قدیم اندلس میں عام مسلمان عربی بولتے لکھتے تھے لیکن بعض اندلسی (غیر مسلم ہی نہیں نومسلم بھی) ایسے بھی تھے جو اندلسی (اسپینی اور پرتگالی زبانیں) بولتے بھی تھے اور لکھتے بھی اور لکھنے میں عربی خط برتتے تھے اور اس عربی خط والی اندلسی زبان کو وہ الأعـجـمية کہتے تھے (جو اب بگڑ کر الخمیادہ Aljamiado) ہو گیا ہے۔ (اسپنی میں J کا تلفظ

جیم نہیں، ےخ ہوتا ہے) سینکڑوں الخمیادو مخطوطے آج بھی مغربی کتب خانوں میں محفوظ ہیں ان میں قرآن مجید کے ترجمے بھی موجود ہیں۔

5 غیر مسلم مترجم

قرآن کریم کے اجنبی زبانوں میں ترجمے مسلمانوں نے بھی کیے ہیں، غیر مسلموں نے بھی۔ظاہر ہے کہ عربی دان مسلمان عالم قرآن کا ترجمہ زیادہ تر اپنے بچوں اور ملک کے عربی نہ جاننے والے مسلمانوں کے لیے کرتا ہے۔ غیر مسلم مترجموں کی غرض مختلف افراد کے لحاظ سے مختلف ہوتی رہی ہے، کوئی اپنے دین کی حفاظت اور اسلام کی پیشروی کو روکنے کے لیے ترجمہ کرتا ہے تا کہ عربی نہ جاننے والے غیر مسلم عالم اس کا مطالعہ کر کے بحث وجدل کے لیے اس میں قابل اعتراض مقامات کا پتہ چلاسکیں لیکن کچھ ایسے بھی رہے ہیں جو محض علم اور اپنی زبان کو متمول کرنے کے لیے بھی اس کام میں مشغول ہوئے ہیں، اسی طرح عربی دانی بھی افراد کے لحاظ سے کم وبیش ہوا کرتی ہے۔

جہاں تک غیر مسلموں کے کیے ہوئے ترجموں کا تعلق ہے، غالباً قدیم ترین سُریانی زبان میں ہے یہ تو معلوم نہیں کہ سُریانی عیسائیوں نے کامل قرآن کا ترجمہ کیا یا نہیں۔لیکن جو اقتباسات جدل اور مباحثوں کی کتابوں میں ملتے ہیں وہ حجاج بن یوسف کے زمانے یعنی پہلی صدی ہجری کے نصفِ دوم سے متعلق ہیں۔یہ لوگ ذِمّی یعنی اسلامی رعایا سے تھے اور سُوریا یعنی شام میں رہتے تھے ان کتابوں کے وجود سے پتہ چلتا ہے کہ مسلمان رواداراور فراخ دل تھے کہ اپنی غیر مسلم رعایا کو اس کی بھی اجازت دیتے تھے کہ اسلام کے خلاف اپنے اختلاف کا برملا بھی اظہار کریں۔

بیزنطینی نصرانیوں کی یونانی کتابوں میں بھی جو مذہبی جدلی اور مباحثوں پر ہیں، قرآنی اقتباسات ملتے ہیں، فرانسیسی مستشرقین وِ ے سال مونتے ای(Prof. Vincet Monteil) جنہوں نے ابھی حال میں ۱۹۷۷ء میں اپنے اسلام کا اعلان کیا ہے اپنی پرانی کتاب میں لکھا تھا کہ بیزنطینی پادری نِقی طاس (Nicitas) نے قرآن کے ایک حصے کا کامل اور باقی کا خلاصہ ترجمہ یونانی زبان میں کیا تھا؟ لیکن نہ تفصیل دی، نہ حوالے بیان کیے۔فرانسیسی فاضل مستشرقہ مس دالویرنی(Dialverny) نے مجھ سے بیان کیا کہ نِقی طاس نویں صدی عیسوی (تیسری صدی ہجری) یعنی عباسی دور کا مؤلف اس نے اسلام کے خلاف کئی جدلی رسالے لکھے ہیں (جو پاتر ولوگیا گریکا)

(Patrologia Graeca) نامی کتاب میں چھپ چکے ہیں اور ان میں قرآنی اقتباسات یونانی زبان میں ملتے ہیں۔ان معلومات پر میں مس صاحبہ کا شکر گزار ہوں۔

یونانی کے بعد یورپی زبانوں میں قدیم ترین قرآنی ترجمہ لاطینی میں ہوا جو قرون متوسطہ میں سارے یورپ کی مشترکہ علمی زبان تھی ایسا قدیم ترین ترجمہ میرے علم کی حد تک ۱۱۴۱ء میں ہوا اور اندلس کی بات ہے دیگر یورپی زبانوں میں سے اطالوی میں ۱۵۳۰ء میں جرمن میں ۱۶۱۶ء میں، ولندیزی (ہالینڈی) میں ۱۶۴۱ء میں، فرانسیسی میں ۱۶۴۷ء میں اور انگریزی میں ۱۶۴۸ء میں پہلی بار قرآن کا ترجمہ چھپا۔نشاۃ ثانیہ، یورپ میں، سولہویں صدی عیسوی میں اٹلی سے شروع ہوئی پھر باقی مغربی یورپ میں سترہویں صدی میں پھیلی، مشرقی یورپ میں قدیم ترین روسی ترجمہ اٹھارہویں صدی عیسوی سے ملتا ہے۔سابقہ ترجموں کی اصلاح کے لیے مختلف فرنگی زبانوں میں یکے بعد دیگرے متعدد ترجمے چھپتے رہے ہیں۔

❻ عربی زبان غیر عربی خط میں

یہ بھی شاید قابل ذکر ہے کہ بعض عجمی لوگ قرآن کے عربی متن کو اپنے غیر عربی خط میں بھی نقل کرتے رہے ہیں ایسی قدیم ترین مثال سُریانی مخطوطوں میں ملتی ہے جو پہلی صدی ہجری کی چیز ہیں چونکہ سُریانی زبان سے عربی اتنی ہی قریب ہے جتنی مثلاً فارسی زبان اردو سے، اس لیے عربی عبارت کو سُریانی پڑھنے والے کم وبیش سمجھ لیتے تھے اس کے بعد یہودیوں نے قرآن کو عبرانی خط میں لکھا۔پھر اہل یورپ نے لاطینی (انگریزی) خط میں بھی منتقل کیا۔ ہمارے اپنے زمانے میں آج کل بنگالی، ترک، چینی وغیرہ میں لوگوں نے بھی یہی کیا اور آج کل کوریا والے بھی اپنے زیر تالیف ترجمہ قرآن میں عربی متن بھی کوریائی رسم الخط میں دے رہے ہیں اس کی ایک اور ضرورت چھوٹے پیمانے پر یہ بھی ہے کہ نومسلم کو پہلے ہی دن سے نماز پڑھنا لازم ہے اور نماز میں سورۃ التحیات اور دیگر دعائیں صرف عربی میں ہوتی ہیں جو زبانی یاد کر کے پڑھنی ہوتی ہیں۔عربی خط سیکھنے میں کافی وقت لگتا ہے اس لیے فوری ضرورت کے لیے یہ عربی متن گراموفون کے علاوہ فرنگی یا دیگر خطوں میں لکھنے پر حفظ میں سہولت ہوتی ہے مگر اس عارضی کو مستقل بنانے کی خواہش کی حوصلہ افزائی نہیں کی جانی چاہیے خوشی کی بات ہے کہ ناروچ کے نومسلم انگریز اب انگریزی زبان کو

روز افزوں عربی خط میں لکھ رہے ہیں ایسا ایک ترجمہ قرآن بھی چھپنا شروع ہوا ہے۔ حدیث وغیرہ کے ترجمے بھی انگریزی زبان اور عربی خط میں چھپنے کے لیے تیار ہو رہے ہیں۔

تراجم قرآن کی تفصیل پر کتب ورسائل

تقریباً پچاس ایک سال قبل جرجی زیدان نے اپنے عربی ماہوار رسالہ الہلال (مصر) میں ایک مختصر فہرست شائع کی تھی کہ کس زبان میں کس نے قرآن کا ترجمہ کیا ہے۔ یہ رسالہ اس تحریر کے وقت پیش نظر نہیں ہے کہ تاریخ دے سکوں کچھ معلومات جواد سلماسی زادہ کی فارسی کتاب ''تاریخ سیر ترجمہ قرآن در اروپا و آسیا'' تہران، شہریو ۱۳۲۴ء میں، اور کچھ محمد سالم قاسمی کی اردو کتاب ''جائزہ تراجم قرآنی'' مطبوعہ دیوبند ۱۹۶۸ء میں ہیں، لیکن الفاظ پر اعراب نہ ہونے سے فرنگی ناموں کا پڑھنا آسان نہیں، خاص کر جب غیر انگریزی الفاظ کو انگریزی کے طور پر پڑھ کر عربی خط میں لکھا جائے۔ عبدالصمد صارم کی ''تاریخ القرآن'' کا یہی حال ہے۔

میری اپنی ''القرآن فی کل لسان'' "Quran in Every Language" کا تیسرا اڈیشن ۱۳۶۶ھ/ ۱۹۴۷ء میں حیدرآباد (دکن) میں چھپا تھا(۹) اس میں فرنگی اور اصحاب الشمال کی زبانوں کے معلومات لاطینی خط میں اور عربی خط میں لکھی جانے والی زبانوں اردو، فارسی، پشتو، ترکی وغیرہ) کو عربی خط میں دیا گیا تھا۔ ظاہر ہے کہ اس تیس سال میں یہ معلومات پرانے ہو گئے ہیں، میرے پاس جو تازہ ترین معلومات ہیں وہ (France Islam) نامی پاریس کے فرانسیسی ماہنامے میں حروف تہجی پر چھپ رہے ہیں چنانچہ آغاز Abyssin یعنی حبشی زبان سے ہوا اور اب ۱۹۷۷ء میں حرف G میں گاملک زبان تک پہنچا ہوں۔ اس میں ہر زبان کے تمام معروف کامل و جزئی ترجموں کا ذکر، مؤلف کے نام اور مقام اشاعت اور اشاعت کی تاریخوں کی بھی تفصیل رہتی ہیں اور ہر زبان میں بطور نمونہ سورۃ فاتحہ کا ترجمہ دیا جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ آئے دن نئے ترجمے نکلتے ہیں اور شائع شدہ معلومات اضافہ طلب ہو جاتے ہیں میرے فرانسیسی ترجمہ قرن کے دیباچے میں صرف یورپی زبانوں کے ترجموں کی تفصیل دی گئی ہے۔ یہ اب تک آٹھ بار چھپا ہے۔ فرنگی ماخذ بہ کثرت ہیں۔ ہر انسائیکلوپیڈیا کا کچھ ذکر آتا ہے اور خصوصی مراجع کی کتابوں میں بھی اہم تر کا ذکر کرتا ہوں:

① BRUNET, MANUEL DU LIBRAIRE, 1962, III, 1306-1310.

② VICTOR CHAUIN, BIBLIOGRAPHIE DES OUVRAGES ARABIS OU RELATIS AUX ARABES, LIEGE-LIPZIG 1907, VOL. X, LE CORANET LA TRADITION.

③ EBERT, ALLGEMEINES BIBLIOGRAPHIS CHEN LEXIKON 1821, I, 945-947.

④ S. KEYZER, BIJZONDERHEDEN NOPENS ALMEDE BEOORDLING VAN DE BESTENDE KORANVERTALIGEN OP JAVA, 1863.

⑤ PFANMULLER, HANBUCH DER ISLAMLITTERATUR, A QURAN

⑥ SCHNURRER, BIBLIOTHECA ARABICA, I, LVII-LXII

⑦ STOREY, PERSIAN, LITERATURE, VOL,1, QURAN AND TAFSIR.

⑧ VETH, JETS OVER DE VERTALIGEN DES KURANS IN DE TALEN VAN DEN INDISCHEN ARCHIPEL, 1867.

⑨ D, VAN WIJK, DE KORANISCHE VERHALEN IN HET MALEISCH, BATAVIA 1893.

⑩ ZENKER, BIBLIOTHECA ORIENTALIS, I, 167-174, II, 85-88 .

⑪ MOSLIM WORLD, USA, JULY AND OCTOBER 1927.

⑫ MISSION SBLATT, BARMEN 1883, P.58-76.

ان پرانے ماخذوں میں سے نمبر۳ اور نمبر۵ زیادہ اہم ہیں آخرالذکر دو رسالے بھی کارآمد ہیں نمبر ۷ میں صرف فارسی ترجمہ کا ذکر ہے جس طرح ترکی کتاب قرآن تاریخی (Kurian Tarihi) میں جو میں اور ماجد پاشاء اوغلو نے مل کر شائع کی۔ صرف ترکی ترجموں کا ذکر ہے۔

موجودہ معلوم ترجمے

ان تمہیدی معلومات کے بعد بطور خلاصہ عرض ہے کہ میرے ناچیز وحقیر علم میں فی الوقت ذیل کی زبانوں میں قرآن کے ترجمے موجود ہیں۔

نمبر شمار	زبان	ملک	خط	مقدار ترجمہ	تعداد تراجم
۱	آذری	ایشیا	عربی دروسی	کامل	۴
۲	آسامی	ایشیا	خاص	کامل	۱
۳	ایثوبی (حبشی)	افریقہ	خاص	کامل	۲
۴	اراغونی	یورپ	لاطینی	کامل	۲
۵	اُردو	ایشیا	عربی	کامل	تین سو سے زائد
۶	آئرلینڈی	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۷	ارمنی	ایشیا	خاص	کامل	۵
۸	آڑیا	ایشیا	خاص	جزئی	۱

	اسپینی			دیکھو تحت	قشتالی
	اسکائیلنڈی			دیکھوتحت	گاملک ولو
					لینڈی
۹	آئسلینڈی	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۱۰	اطالوی	یورپ	لاطینی	کامل	۱۲
۱۱	افریقانیہ	افریقہ	عربی	کامل	۲
۱۲	امریکانس	افریقہ	لاطینی	کامل	۴
۱۳	البانی	یورپ	عربی ولاطینی	کامل	۴
۱۴	الخمیادو	یورپ	عربی	کامل	۳۶ مخطوطے
۱۵	امہری	افریقہ	خاص	کامل	۱
۱۶	انڈونیسی	ایشیا	عربی ولاطینی	کامل	۶
۱۷	انگریزی	یورپ	لاطینی	کامل	۹۲
۱۸	اوکرانی	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۱۹	سپرانتو	یورپ	لاطینی	کامل	۴
۲۰	ایستونی	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۲۱	ایوہے	افریقہ	لاطینی	جزئی	۱
۲۲	سُسک	یورپ	لاطینی	جزئی	۱

۲۳	بربر	افریقہ	عربی	جزئی	۱
۲۴	برمی	ایشیا	خاص	کامل	۱
۲۵	بُرنو	افریقہ	عربی	جزئی	۱
۲۶	بروہوی	ایشیا	عربی	کامل	۱
۲۷	بریتونی	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۲۸	بُشناق	یورپ	لاطینی	کامل	۱
	بُشناق	یورپ	روسی	کامل	۴
	بُشناق	یورپ	عربی	جزئی	۳
۲۹	بلغاری	یورپ	روسی	کامل	۳
۳۰	بلوچی	ایشیا	عربی	کامل	۳
۳۱	بمبر	افریقہ	عربی ولاطینی	جزئی	۲
۳۲	بنگالی	ایشیا	عربی وخاص	کامل	۲۵
۳۳	(بوہیمی)	یورپ	لاطینی	کامل	۴
۳۴	پالی	ایشیا	خاص	جزئی	۱
۳۵	پرتگالی	یورپ	لاطینی	کامل	۴
۳۶	پرووانسالی	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۳۷	پشتو	ایشیا	لاطینی	کامل	۵

۳۸	پلات واچ	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۳۹	پنجابی	ایشیا	عربی	کامل	۵
۴۰	پولینڈی	یورپ	عربی	کامل	۳
	پولینڈی	یورپ	لاطینی	کامل	۵
۴۱	تامل	ایشیا	خاص وعربی	کامل	۵
۴۲	ترکستانی	ایشیا	عربی	کامل	۲
۴۳	ترکی	یورپ وایشیا	اویغوری	جزئی	۲
	ترکی	یورپ وایشیا	عربی ولاطینی	کامل	سوسے زائد
۴۴	تلنگی	ایشیا	خاص	کامل	۶
۴۵	تھائی لینڈی	ایشیا	خاص	کامل	۲
۴۶	جاپانی	ایشیا	خاص	کامل	۷
۴۷	جاوی	ایشیا	عربی	کامل	۵
۴۸	جرمن	یورپ	لاطینی	کامل	۱۴۹
۴۹	چینی	ایشیا	خاص	کامل	۱۳
۵۰	حوسا	افریقہ	عربی ولاطینی	کامل	۲
۵۱	دانمارکی	یورپ	لاطینی	کامل	۶
۵۲	دکھنی	ایشیا	عربی	کامل	۱

۵۳	ڈِیولا	افریقہ	لاطینی	جزئی	۱
۵۴	روسی	یورپ وایشیا	روسی (کریلی)	کامل	۱۱
۵۵	رومانش	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۵۶	رومانوی	یورپ	لاطینی	کامل	۲
۵۷	زُولو	افریقہ	عربی	جزئی	۱
۵۸	ساراکولا	افریقہ	عربی	جزئی	۱
۵۹	سریانی	ایشیا	خاص	جزئی	۱
۶۰	سندانی	اوقیانوسیہ	لاطینی	جزئی	۱
۶۱	سندھی	ایشیا	عربی	کامل	۳۶
۶۲	سنسکرت	ایشیا	خاص	جزئی	۳
۶۳	سنہالی	ایشیا	خاص	کامل	۱
۶۴	سواحلی	افریقہ	عربی ولاطینی	کامل	۲
۶۵	سونرائی	افریقہ	عربی	جزئی	۱
۶۶	سویڈنی	یورپ	لاطینی	کامل	۳
۶۷	عبرانی	ایشیا	خاص	کامل	۵
۶۸	عربی	ساری دنیا	عربی ودیگر	کامل	اصل
۶۹	فارسی	ایشیا	عربی	کامل	سوسے زائد

۷۰	فرانسسی	یورپ	لاطینی	کامل	۴۶
۷۱	فریزونی	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۷۲	فُلاّ تا	افریقہ	عربی	کامل	۲
۷۳	فلاماں	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۷۴	فنلینڈی	یورپ	لاطینی	کامل	۱
۷۵	قشلانی	یورپ	لاطینی	جزئی	۳
۷۶	قشتالی	یورپ	عربی ولاطینی	کامل	۱۹
۷۷	کورجا	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۷۸	کُردی	جنوبی امریکہ	عربی ولاطینی	کامل	۱
۷۹	کریئول	ایشیا	لاطینی	جزئی	۲
۸۰	کشمیری	افریقہ	عربی	کامل	۱
۸۱	کمبوجی	ایشیا	خاص	جزئی	۳
۸۲	کنٹری	ایشیا	خاص	کامل	۱
۸۳	کوتوکولی	ایشیا	لاطینی	جزئی	۱
۸۴	کوریائی	افریقہ	خاص	کامل	۲
۸۵	کوکنی	ایشیا	عربی	جزئی	۲
۸۶	کوہستانی	ایشیا	عربی	جزئی	۱

۸۷	کیوا	ایشیا	لاطینی	جزئی	۱
۸۸	گالہ	جنوبی امریکہ	عربی	جزئی	۱
۸۹	گائلک	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۹۰	گجراتی	ایشیا	خاص وعربی	کامل	۲
۹۱	گرجُستانی جُرجانی	ایشیا	لاطینی	جزئی	۱
۹۲	گروز	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۹۳	گورمکھی	ایشیا	خاص	کامل	۱
۹۴	لاپلینڈی	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۹۵	لاتوی	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۹۶	لاطینی	یورپ	لاطینی	کامل	۴۴
۹۷	لوگانڈی	افریقہ	لاطینی	جزئی	۱
۹۸	لولینڈی	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۹۹	مَجند ناو	ایشیا	عربی ولاطینی	کامل	۲
۱۰۰	مرہٹی	ایشیا	خاص	کامل	۱
۱۰۱	مکاسری	ایشیا	خاص	جزئی	۲
۱۰۲	ملایو	ایشیا	عربی ولاطینی	کامل	۵
۱۰۳	ملایالم	ایشیا	خاص	کامل	۲

۱۰۴	ملتانی	ایشیا	خاص	کامل	۲
۱۰۵	مدگاش	افریقہ	عربی ولاطینی	جزئی	۲
۱۰۶	میمنی	ایشیا	عربی	جزئی	۱
۱۰۷	ناروبجی	یورپ	لاطینی	جزئی	۲
۱۰۸	ولاپوکی	یورپ	لاطینی	جزئی	۱
۱۰۹	ولندیزی ہالینڈی	یورپ	لاطینی	کامل	۷
۱۱۰	ولوف	افریقہ	عربی ولاطینی	جزئی	۲
۱۱۱	ہندی	ایشیا	خاص	کامل	۴
۱۱۲	ہنگروی	یورپ	لاطینی	کامل	۲
۱۱۳	یِدش	یورپ	عبرانی	جزئی	۳
۱۱۴	یروبا	افریقہ	لاطینی	جزئی	۱
۱۱۵	یوروبا	افریقہ	عربی ولاطینی	کامل	۱
۱۱۶	یونانی	یورپ	خاص	کامل	۵

نوٹ: اگر نمبر ۱۱، نمبر ۱۲، افریقانیہ اور افریکانس کو ایک ہی زبان شروع (شمار) کریں تو تعداد (۱۱۵) رہے گی حقیقت میں ان میں رسم الخط کا فرق ہے اور بس۔ (۱۰)

حواشی وحوالہ جات

۱۔ الاحزاب۳۳:۶۔

۲۔ الشعراء۲۶:۱۹۵۔

۳۔ الرحمٰن۵۵:۲۹۔

۴۔ سبا۳۴:۲۸۔

۵۔ السرخسی، کتاب المبسوط، ج۱،ص۳۷۔

عربی عبارت کچھ یوں ہے:

’’روی أن الفرس کتبوا الی سلمان الفارسی رضی اللّٰہ عنه أن یکتب لهم الفاتحة بالفارسیة ، فکانوا یقرؤن ذلك فی الصلوٰة حتی لا نت ألسنتهم للعربیة ‘‘

۶۔ تاج الشریعہ، النھایۃ حاشیۃ الھدایۃ، طبع دہلی، ۱۹۱۵ء، ج۱،ص۸۶۔

عربی عبارت کچھ یوں ہے:

أن یکتب لهم الفاتحة بالفارسیة ’’ فکتب (بسم الله الرحمٰن الرحیم - بنام یزدان بخشاونده الخ) وبعد ما کتب عرضه علی النبی ﷺ ثم بعثه الیهم ، ولم ینکر علیه النبی ﷺ -

۷۔ الجاحظ، ابی عثمان عمرو بن بحر، البیان والتبیین، مصر ۱۹۵۷ء، ج۱،ص۱۲۹۔

قال الجاحظ فی البیان ’’ ان موسی بن سیار الأسواری کان یفسر القرآن بالفارسیة‘‘

۸۔ بزرگ بن شہریار، عجائب الھند والصین، طبع یورپ، ص۲۔۳۔

’’ أن القرآن ترجم کاملا فی سنة ۳۴۵ھ تقریبا الی إحدی لغات شمال الهند

۹۔ ’’القرآن فی کل لسان‘‘ کے تاریخی پس منظر اور اس کی طباعت کی تفصیلات خود ڈاکٹر صاحب کی زبانی پیش خدمت ہیں لکھتے ہیں:

حیدرآباد (دکن) میں مرحوم ابومحمد مصلح صاحب (سابق مدیر ترجمان القرآن) نے جو بہار کے باشندے تھے اور ''بچوں کی تفسیر'' کے مؤلف، لاہور وغیرہ میں عرصہ تک قرآن مجید کی خدمت میں سرگرم رہ چکے تھے۔ ''عالمگیر تحریک قرآن مجید'' کے نام کی ایک انجمن ۱۳۴۳ھ/۱۹۲۸ء میں قائم کی، اس کا مقصد دنیا کی ساری زبانوں میں قرآن مجید کے ترجمے شائع کرنا تھا، رفتہ رفتہ مجھے بھی اس سے واقفیت ہوئی اور مؤسس کا ہاتھ بٹانے کی تھوڑی بہت مجھے بھی سعادت حاصل ہوئی۔ چنانچہ ۱۳۶۴ھ/۱۹۴۵ء میں ''القرآن فی کل لسان'' (Quran In Every Language) نامی کتاب اسی انجمن نے شائع کی، اس میں ۲۳ زبانوں کے بارے میں مواد تھا، ہر زبان کے سارے معلوم مترجموں اور ترجموں کی فہرست اور بطور نمونہ سورۃ فاتحہ کا ترجمہ ہر زبان کے ساتھ شامل کیا گیا، کتاب بہت مقبول ہوئی، والحمدللہ، اور دوسرے ہی سال ۱۳۶۵ھ/۱۹۴۶ء میں اس کا دوسرا ایڈیشن نکلا اور اس دفعہ ۴۳ زبانوں کا ذکر کیا جا سکا، پھر مانگ کی کثرت سے ۱۳۶۶ھ/۱۹۴۷ء میں تیسرا ایڈیشن بھی نکلا جس میں ۶۷ زبانوں کے ترجموں کا پتہ چلا تھا۔

مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے، (تراجم قرآن مجید، از ڈاکٹر محمد حمید اللہ، ماہنامہ معارف اعظم گڑھ، ج ۱۴۲، عدد ۵، نومبر ۱۹۸۸ء ص ۳۷۹۔۳۹۱۔

۱۰۔ ماہر القادری، ماہنامہ فاران، کراچی، جلد نمبر ۲۹، شمارہ ۹، دسمبر ۱۹۷۷ء ص ۲۵۔۲۳

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا یہ مقالہ پہلی بار مولانا ماہر القادری، کے ماہنامہ فاران، کراچی میں شائع ہوا، ہم ماہنامہ فاران کے شکریہ کے ساتھ اس کو دوبارہ شائع کر رہے ہیں۔ متن مقالہ میں کوئی اضافہ اور ترمیم نہیں کی گئی، البتہ حواشی وحوالہ جات کا اضافہ کیا گیا ہے۔

تراجم قرآن مجید۔تازہ بتازہ نو بنو

* ڈاکٹر محمد حمید اللہ

تمہید

تیس برس ہوتے ہیں، موقر رسالہ ''معارف'' کے دسمبر ۱۹۵۹ء (۱) کے شمارے میں میرے ایک مضمون کو اشاعت کی عزت بخشی گئی تھی، ''قرآن مجید کے فرانسیسی ترجمے'' اس میں اس وقت تک کے سارے معلوم فرانسیسی ترجموں کا تاریخ وار ذکر کیا گیا تھا اور ان چھبیس (۲۶) تراجم کی فہرست میں سب سے آخری وہ تھا جسے اس سے ایک ہی مہینہ پہلے یکم نومبر ۱۹۵۹ء کو شائع کرنے کی مجھے سعادت حاصل ہوئی تھی، اُس مضمون میں خاص کر اس آخری ترجمے کی سرگزشت بھی درج تھی کہ کن حالات میں وہ کام ہاتھ میں لیا گیا اور کس طرح جلد اور جلدی میں تکمیل کو پہنچایا گیا۔

ان تین دہ سالگیوں میں بہت سے نئے ترجمے بھی شائع ہوئے ہیں اور اپنی بعض پرانی معلومات کی اصلاح بھی کرنی پڑی ہے، جس سے ناظرین معارف کو ناواقف نہیں رہنا چاہیے، اجازت ہو تو آج، اسی موضوع پر عود بھی کروں اور نظر ثانی بھی، اور اس کی ایک ضمنی، ذیلی تقریب یہ بھی ہوئی ہے کہ خود میرے ترجمہ کا، خدا کی ششدر کرنے والی عنایت سے، پندرہواں ایڈیشن اس وقت مطبع میں ہے، پروف دیکھ چکا ہوں، سابق میں کچھ نہیں تو دو ڈھائی لاکھ نسخوں کی نکاسی ہو چکی ہے اور مانگ کی کثرت سے اس دفعہ نیا ایڈیشن ناشر ایک لاکھ کی تعداد میں چھاپ رہا ہے۔ وللہ الحمد والمنّۃ

اس تمہید کی تتمیم کرتے ہوئے عرض کروں گا کہ مقالہ ہذا کی تدوین کے لیے جب معارف موقر کا متعلقہ پرانا شمارہ نکالا تو کچھ عجیب باتوں سے بھی دوچار ہوا۔ اس میں مولانا ضیاء الدین اصلاحی صاحب بھی مقالہ نگاروں میں تھے اور ان کا نام اب رسالے کے ٹائٹل کو زیب دے رہا ہے۔

---

* بشکریہ ''ماہنامہ معارف'' اعظم گڑھ، نومبر ۱۹۸۸ء (ص ۳۷۹-۳۹۱)

اسی ٹائٹل کے آخری صفحہ پر ''خطباتِ مدراس'' اور ''رحمت عالم'' جیسی شہرۂ آفاق کتابوں کا اشتہار بھی دیا تھا، ابھی ابھی اطلاع آئی ہے کہ میری ''خطباتِ بہاولپور'' کا نظر ثالث شدہ ایڈیشن اسلام آباد میں چھپ گیا ہے جو ''خطباتِ مدراس'' ہی کا خوشہ چین اور گویا تکملہ ہے، اسی طرح میری فرانسیسی سیرۃ النبیؐ کے پانچویں ایڈیشن کے پروف بھی آئے ہوئے ہیں اوران شاءاللہ چند ماہ میں چھپ جائیں گے۔

اسی شمارہ میں جگن ناتھ آزاد کی منظوم تاریخ انسانیت سے ختم المرسلینؐ کی ولادت باسعادت کا متعلقہ اقتباس بھی پڑھا، بے اختیار آنسو بہ نکلے معلوم نہیں موصوف ابھی بقید حیات ہیں یا نہیں (۲) جی چاہتا ہے کہ اس نظم کا فرانسیسی ترجمہ کرکے یہاں کے کسی رسالہ میں شائع کروں (۳)، واللہ المستعان، یہ ہوسکا تو ان شاءاللہ اطلاع دوں گا۔

❶ آمدم برسرِ مطلب: تصحیح

دسمبر ۱۹۵۹ء کے معارف کے محولہ پرانے مضمون میں' پرانی معلومات کی اساس پر (جو ''جویش انسائیکلوپیڈیا'' پر مبنی تھیں) عرض کیا تھا کہ اولین معلوم فرانسیسی ترجمہ قرآن مجید طلیطلہ (اندلس) کے عالم دون ابراہام (Don Abraham) (غالباً یہودی) کا ہے، قشطیلہ کے حکمراں الفونسو دہم (حکمرانی ۶۵۰ھ/۱۲۵۲ء تا ۶۸۳ھ/۱۲۸۴ء) کے حکم سے یہ کام اسپینی زبان میں کیا گیا، اور پھر اسپینی سے بون آوین تورادے سیوے (Bonnaventura De Seve) نے اس کا فرانسیسی میں ترجمہ کیا۔ مگر روما کے آنجہانی فاضل پروفیسر لیوی دیلاّ وِیدا (Levi Della Vida) نے اپنے ایک عنایت نامے میں مجھے لکھا تھا کہ یہودی انسائیکلوپیڈیا کے مقالہ نگار اشتائن شنائیڈر (Steinschnider) کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ دون ابرہام نے سورۂ معارج کا نہیں، بلکہ ایک عربی معراج نامے کا اسپینی میں ترجمہ کیا تھا، یہ کتاب اتنی مقبول ہوئی کہ اس کا لاطینی اور فرانسیسی میں Bonaventura De Sienne نے ترجمہ کیا، اور یہ کہ اس کا نام (De Seve) غلط ہے، یہ ایک شہر ہے جو اٹلی میں ہے اور اطالوی میں Siena لکھا جاتا ہے (یعنی سیَنا والا) اس موضوع پر دیکھو چیرولی کی اطالوی کتاب معراج "E.Cerulli; il Libro Della Scalla." میری تازہ معلومات کے مطابق قدیم ترین فرانسیسی ترجمہ قرآن دون ابراہام کا نہیں، بلکہ میشائیل بوڈے (Michael Baudier) کا ہے جس کا زمانہ ۱۵۸۰ء تا ۱۶۴۵ء کا ہے یہ مستقل ترجمہ قرآن تو نہیں ہے، بلکہ اس کی کتاب ''ترکوں کے مذہب کی تاریخ''

(Histoire De La Religion Des Turcs) مطبوعہ پاریس ۱۶۲۵ء میں بکثرت آیات قرآن کا کامل مفہوم یا تلخیص وخلاصہ دیا گیا ہے، اچھا ہو یا برا، یہ سب سے پرانا ترجمہ ہے جو فرانسیسیوں کو ان کی اپنی زبان میں پڑھنے کو ملا تھا۔

معارف کے محولہ پرانے مضمون میں فرانسیسی تراجم کی مجموعی تعداد چھبیس (۲۶) دی گئی تھی، میرے زیرِ طبع فرانسیسی ترجمہ قرآن کے دیباچے میں فرنگی زبانوں کے تراجم قرآن کی جو فہرست ہے، اس میں فرانسیسی میں اب پورے ستر (۷۰) ترجمے بلکہ کچھ زائد ہی دیئے گئے ہیں، آج اس پوری تفصیل سے بحث نہیں کروں گا، صرف اپنے ترجمے کی سرگزشت عرض کروں گا:

اس کے پہلے ایڈیشن کی ۲۰/اکتوبر ۱۹۵۹ء کو طباعت مکمل ہوئی تھی، اس میں سے چھبیس نسخے خصوصی عمدہ کاغذ پر چھپے، اور ان پر حروف (A) تا (Z) بھی درج کیے گئے ہیں (یہ ناشر نے خاص لوگوں کو دیے) مزید ایک سو نسخے بھی اچھے کاغذ پر چھپے، اور ان پر اعداد (I ,II تا CI) درج ہیں، اور یہ ناشر کمپنی کے مالکوں اور حصہ داروں کے لیے مخصوص کیے گئے، ان کے علاوہ بارہ ہزار نسخے جن پر ہندسے (2,1 تا 12000) درج ہیں، اور یہ ناشر کمپنی کے شرکاء کے لیے فروخت کے لیے پیش کیے گئے۔ [ناشر کا نام ہے ''کتابوں کا فرانسیسی کلب'' Club Francais Du Livre اور اس کی نشریات صرف ان لوگوں کو فروخت کی جاتی ہیں جو اس کلب کے ممبر بنیں، عام خریداروں کو نہیں]۔ ترجمہ چھپتے ہی ممبر ٹوٹ پڑے، اور یہ ساری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں اور ناشران کو ہر کتاب کی اشاعت کی اطلاع اور تفصیل دیتا ہے، چنانچہ اس ترجمہ کی خوبصورت طباعت اور خوبصورت زریں جلد کے باعث ساڑھے بارہ ہزار نسخے صرف دو ہفتوں میں بک گئے، خفیف اصلاح کے بعد دوسرا ایڈیشن نومبر ۱۹۵۹ء میں کلب ہی نے چھاپا، اس کا ایک چوری کا عکس ایڈیشن قم میں بلا تاریخ چھپا، تیسرا اور چوتھا ایڈیشن ناشر کی اجازت سے پاریس کے مطبع قرطاجہ کے مسلمان مالک نے ۱۹۶۳ء میں چھاپے، ان میں ایک میں سے ایک میں عربی متن بھی ہے، پاریس کے ایک غیر مسلم ناشر کتب پادو (Padoux) نے ۱۹۶۵ء میں ایک نیا پانچواں ایڈیشن بہ اجازت چھاپا، اس میں جو عربی متن ہے وہ ترکی کے ایک مشہور خطاط کا لکھا ہوا ہے، اور ترکی کے محکمہ امور مذہبی نے اس کا عکس چھاپا تھا مگر اس فرانسیسی ناشر نے ترکی حکومت سے اجازت لینی ضروری نہ سمجھی، اس ایڈیشن کی دو جلدیں ہیں۔

ایک میں قرآن کا متن وترجمہ، اور دوسری میں کچھ لغو تصویریں ہیں اور گویا ترجمے کی ہمراہی جلد ہے،

یہ مؤلف سے پوچھے بغیر نئے ناشر نے کیا تھا، چھٹا اور ساتواں ایڈیشن مؤلف کی نظر ثانیوں کے بعد اصل ناشر ہی نے ۱۹۶۶ء اور ۱۹۷۱ء میں چھاپے، آٹھواں نظر ثانی شدہ ایڈیشن عربی متن کے ساتھ ۱۹۷۳ء میں بیروت میں چھپا، اس کے ناشر نے اس کے دو مزید ایڈیشن بلاترمیم چھاپے مگر ان پر تاریخیں درج نہ کیں، نواں چوری کا ایڈیشن جو تیسرے ایڈیشن کا عکس ہے، کتب خانہ اشاعت اسلام، دہلی نے عربی متن کے ساتھ چھاپا، اور اس کے دو مزید ایڈیشن بلا تاریخ طبع ہوئے اور یہ جزیرہ موریشس کے ایک مسلمان تاجر کے مصارف پر نکلے، دسواں ایڈیشن مؤلف کی نظر ثانی سے عربی متن کے ساتھ بیروت میں دو جلدوں میں چھپا، اسی کو ۱۹۸۰ء میں حکومت قطر نے مکرر چھپوایا، گیارہواں ایڈیشن بلاترمیم بیروت میں ۱۹۸۱ء میں ایک جلد میں طبع ہوا، بارہواں ایڈیشن بعد نظر ثانی ۱۹۸۳ء میں انقرہ میں چھپا ہے، ایک چوری کا ایڈیشن جس میں باہر دسواں ایڈیشن لکھا ہے اور اندر گیارہواں ایڈیشن لکھا گیا ہے، بیروت میں چھپا ہے، مگر یہ حقیقت میں، بیروت کے آٹھویں ایڈیشن کا عکسی چھاپا ہے، تیرہواں ایڈیشن مؤلف کی نظر ثانی کے بعد ۱۹۸۵ء میں پچاس ہزار کی تعداد میں امریکہ میں چھپا، چودھواں ایڈیشن مؤلف کے علم و اجازت کے بغیر ۱۹۸۵ء ہی میں ہینین Le Hennin نامی کمپنی نے شائع کیا جو غالباً ایک پرانے ایڈیشن کا عکسی چھاپا تھا اور جس میں عربی متن بھی لگایا جانا معلوم ہوا، یہ کمپنی افلاس کے باعث جلد ہی ٹوٹ گئی اور مؤلف کو اس ایڈیشن کی صورت دیکھنے کا بھی موقع نہ مل سکا، اللہ کی مرضی، پندرہواں ایڈیشن مؤلف کی نظر جدید کے بعد آج کل (یہ مضمون لکھتے وقت، اکتوبر ۱۹۸۸ء میں) امریکہ میں زیر طبع ہے اور اس کے مسلمان ناشر کا بیان تھا کہ مانگ کی کثرت کے باعث اس کے ایک لاکھ نسخے چھاپے جا رہے ہیں، وللہ الحمد،

اپنے اس ترجمے کی خصوصیتیں پرانے مضمون میں لکھ چکا ہوں، نئے ناظرین معارف سے معذرت کرتا ہوں کہ اس کی تکرار نہیں کر سکتا، اس میں سو صفحے سے زائد کا ایک مقدمہ ہے جس میں خاص کر قرآن مجید کی تدوین کی تاریخ اہمیت رکھتی ہے، نئے زیر طبع ایڈیشن میں اس سند کا فوٹو بھی شامل کر رہا ہوں جو مسجد نبویؐ کے شیخ القراء نے اس گناہگار کو شروع سے آخر تک پورا قرآن مجید ان کو سنانے کے بعد عطا فرمائی تھی، اس میں نسلاً بعد نسلٍ سارے اساتذہ کا ذکر ہے، اور آخری مرحلے میں حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت ابی بن کعبؓ اور حضرت زید بن ثابتؓ پانچ صحابیوں سے سننے کا ذکر ہے، اور اس سے اوپر رسول اکرم ﷺ آتے ہیں، اس مقدمہ کے بعد فرنگی زبانوں کے سارے تراجم کا ذکر ہے، یہ اناسی زبانیں ہیں، اور بعض میں کامل

نہیں، صرف جزئی ترجمہ ہوا ہے، ضخامت کے خیال سے مشرقی زبانوں کا اس فہرست میں ذکر نہیں ہے، کتاب میں تین انڈیکس ہیں، ایک مقدمہ کا، دوسرا مترجمین کی فہرست کا اور تیسرا ترجمہ حواشی وقرآن کا، خطاء ونسیان سے مبرا نہیں ہوں، عفو مولا کا فقیر ومحتاج ہوں۔

❷ ترجموں کی فہرست

دنیا میں جتنی بھی عجمی (غیر عربی) زبانیں ہیں ان میں سے ہر ایک میں قرآن مجید کے ترجمے کی ضرورت ہوگی تاکہ جن کو عربی نہیں آتی وہ بھی احکام خداوندی سے واقف ہوسکیں، اسے وہی شخص کرسکتا ہے جسے دونوں زبانیں آتی ہوں، اور اچھی آتی ہوں، اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ایک ہی زبان میں کئی کئی لوگ ترجمہ کرتے ہیں، قرآن مجید کے ترجمہ کا آغاز عہد نبویؐ سے ملتا ہے، مشہور حنفی فقیہ شمس الائمہ سرخسی اور امام تاج الشریعہ بیان کرتے ہیں کہ چند نو مسلم ایرانیوں نے حضرت سلمان فارسیؓ سے خواہش کی کہ وہ ان کو نماز کے لیے لابد عنصر یعنی سورۂ فاتحہ کا فارسی ترجمہ مہیا کریں، حضرت سلمان فارسیؓ نے اس کو انجام دینے کے بعد رسول اکرم ﷺ سے عرض کیا، اور آپؐ نے منع نہ فرمایا تو وہ ترجمہ ان کو بھیج دیا، اور یہ لوگ اس کو اس وقت تک نمازوں میں پڑھتے رہے جب تک کہ عربی متن ان کو یاد نہ ہوگیا اور یہ کہ اس فارسی ترجمے کا پہلا جملہ تھا:

"بنام خداوند بخشاینده مهربان"

جیسے جیسے اسلام پھیلتا گیا، عام تعلیم کے لیے کامل قرآن مجید کے ترجموں کی ضرورت ہونے لگی، دوست ہی نہیں دشمنوں کو بھی، تاکہ اسلام کی تردید کرسکیں، نومسلموں میں فارسی اور ترکی سرفہرست نظر آتے ہیں تو معترضین میں سریانی اور یونانی۔

مجھے معلوم نہیں ساری زبانوں کے معلوم تراجم قرآنی کی فہرست سب سے پہلے کس نے مدون کی، البتہ یہ جانتا ہوں کہ دیگر اسلامی چیزوں کے ساتھ فرنگیوں نے خاص کر گزشتہ صدی میں اس سے بھی دلچسپی لی، مثلاً وکتور شووین (Victor Chauvin) کی فرانسیسی کتاب (مطبوعہ بلجیم) ہے، جس کے عنوان کا ترجمہ ہوگا: "ان کتابوں کی فہرست سے جو عربی میں، یا عربوں سے متعلق ۱۸۱۰ء سے ۱۸۵۰ء تک عیسائی یورپ میں چھپیں۔" (مخفف نام۔ ببلیوگرافی (Bibliographie) کی دسویں جلد قرآن اور حدیث سے متعلق ہے، اس میں تراجم قرآن مجید کا کافی مواد ہے، یورپ اور امیرکا کے بڑے کتب خانوں کی فہرست سے مدد ملتی ہے،

امیر کا کے مشنری رسالے ''مسلم ورلڈ'' نے اس بارے میں ایک خصوصی اور طویل مقالہ شائع کیا، غالباً اسی سے لے کر مصر کے عربی رسالے ''الہلال'' میں جرجی زیدان نے بھی ایک مقالہ چھاپا، مگر یہ سب سوکھی پھیکی فہرستیں تھیں جن میں زبان اور مترجموں کے نام اور زیادہ سے زیادہ ترجمے کی تاریخ طباعت درج تھی، مگر میں شروع میں ان سے بھی واقف نہ تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ خود توریت اور انجیل کے تراجم کی بھی مکمل فہرستیں میرے علم میں نہیں پائی جاتی ہیں۔ مجھے اس سے دلچسپی ایک انگریزی کتاب دیکھ کر ہوئی، اس کا نام ہے ''انجیل بہت سی زبانوں میں'' (Gospel in Many Tongues) اس میں کئی سو زبانوں کا نام اور ہر ایک میں انجیل کا ایک مختصر اقتباس بطور نمونہ دیا گیا ہے اس میں عربی بھی ہے اردو بھی، اور ایسی زبانیں بھی جن کا نام مجھے پہلی دفعہ اس کتاب سے معلوم ہوا، یہ کوئی پانچ سات سو زبانوں کے مواد پر مشتمل کتاب تھی جس سے مجھے تاسف ہوا کہ ہم نے قرآن کی کیا خدمت کی ہے؟ اس میں صرف تراجم کے اقتباس ہیں، مترجموں سے بحث نہیں ہے۔

آمدم برسر مطلب، حیدرآباد (دکن) میں مرحوم ابومحمد مصلح صاحب نے (جو غالباً بہار کے باشندے تھے، اور ''بچوں کی تفسیر'' کے مؤلف، لاہور وغیرہ میں عرصہ تک قرآن مجید کی خدمت میں سرگرم رہ چکے تھے) ''عالمگیر تحریک قرآن مجید'' کے نام کی ایک انجمن ۱۳۴۷ھ/ ۱۹۲۸ء میں قائم کی، اس کا مقصد دنیا کی ساری زبانوں میں قرآن مجید کے ترجمے شائع کرنا تھا، رفتہ رفتہ مجھے بھی اس سے واقفیت ہوئی اور موسس کا ہاتھ بٹانے کی تھوڑی بہت مجھے بھی سعادت حاصل ہوئی، چنانچہ ۱۳۶۴ھ/ (۱۹۴۵ء) میں ''القرآن فی کل لسان'' نامی کتاب اسی انجمن نے شائع کی، اس میں ۲۳ زبانوں کے بارے میں مواد تھا، ہر زبان کے سارے معلوم مترجموں اور ترجموں کی فہرست اور بطور نمونہ سورۃ فاتحہ کا ترجمہ ہر زبان کے ساتھ تو شامل کیا گیا۔ کتاب بہت مقبول ہوئی، والحمدللہ، اور دوسرے ہی سال ۱۳۶۵ھ/ ۱۹۴۶ء میں وہیں اس کا دوسرا ایڈیشن نکلا اور اس دفعہ ۴۳ زبانوں کا ذکر کیا جا سکا، پھر مانگ کی کثرت سے ۱۳۶۶ھ/ ۱۹۴۷ء میں تیسرا ایڈیشن بھی نکلا، جس میں ۶۷ زبانوں کے ترجموں کا پتہ چلا تھا۔

پھر مشیتِ الٰہی یہ ہوئی کہ انگریز بھی ملک بدر ہوں، اور سلطنت آصفیہ بھی بڑے خون خرابے کے ساتھ ختم ہو۔ اس کے بعد سے مجھے اس کا موقع تو نہ ملا کہ کتاب کا نیا ایڈیشن نکال سکوں، لیکن معلومات جمع کرنے کا شوق برقرار رہا، اس کا بھی موقع ملا کہ عالم دوستوں اور ملاقاتیوں کی مدد سے سورۃ فاتحہ کے نئی نئی زبانوں میں ترجمہ کرا کرا اپنے ذخیرے کا حجم ''مصنوعی طور پر بڑھا سکوں، آج کل میرے پاس ڈیڑھ سو سے زیادہ زبانوں کا مواد

فراہم ہوگیا ہے جن میں سے تقریباً اسی میں کامل ترجمہ قرآن ہے، باقی میں جزئی۔

یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ تراجم قرآن کی کثرت کے لحاظ سے مشرقی زبانوں میں اردو کا نمبر سب سے پہلے آتا ہے، کہ اس میں پانچ سات سو ترجمے بتائے جاتے ہیں، پھر ترکی اور فارسی کا نمبر آتا ہے، فرنگی زبانوں میں انگریزی، فرانسیسی اور جرمن فائق ہیں۔

جوینده یابنده، کتاب کی اشاعت کے وسائل نہ ہونے پر یہ سوچا کہ کتاب کی جگہ مقالے چھاپوں، اتفاق کی بات ہے کہ ۱۹۶۰ء میں ایک ایرانی صاحب سے ملاقات ہوئی جو پیرس سے فرانسیسی زبان میں ''افکار شیعہ'' (La Pense Chi' Ites) نامی ایک دوماہی رسالہ نکالنے لگے، مجھے حرج نہ معلوم ہوا کہ اس کے ہر نمبر میں حروف تہجی پر ایک ایک زبان کا مواد شائع کروں اور ساتھ ہی حسب سابق سورۃ فاتحہ کا ترجمہ بھی اس زبان میں دیتا جاؤں، لیکن دو ہی سال بعد، بارہ ہی نمبر نکلے تھے کہ ۱۹۶۲ء میں یہ رسالہ بند ہوگیا، اس میں فرانسیسی، افریقائی، البانی، الخمیادو، المانی (جرمن)، عربی، ارمنی، آسامی اور آذری کا ذکر آیا تھا۔ پھر ایک تونسی مسلمان پیرس ہی سے ''فرانس اسلام'' نامی ایک ماہوار رسالہ ۱۹۶۷ء سے فرانسیسی زبان میں شائع کرنے لگے، میں نے اس سے بھی استفادہ کیا، پچاس ایک نمبر نکلنے کے بعد مالی دشواریوں سے یہ رسالہ بھی بند ہوگیا، رسالہ افکار شیعہ کچھ عرصہ بند رہنے کے بعد ۱۹۸۰ء میں دوبارہ ''دینیش اسلام'' (Connaissance De L'Islam) کے نام سے شائع ہونا شروع ہوا، پھر ۱۹۸۳ء میں مکرر بند ہوگیا، مرضی مولا از ہمہ اولیٰ۔

اس سلسلہ کی ایک آخری چیز یہ ہے کہ بعض عربی سلطنتوں اور ترکی حکومت نے استنبول میں ایک ادارۂ قائم کیا ہے، جو اسلامی فنون لطیفہ اور ثقافت (تہذیب وتمدن) پر تحقیقاتی کام کرتا ہے، وہاں کے مواد کی کثرت کے باعث استنبول سے بہتر اس کا کوئی مرکز نہیں ہوسکتا، اس کے ناظم اعلیٰ ڈائریکٹر جنرل) ایک ترکی فاضل ڈاکٹر اکمل الدین احسان اوغلو ہیں، اس نے ۱۹۸۶ء میں ایک کتاب انگریزی میں چھاپی ہے جس کا نام ہے:

(World Bibliography of Translation Of The Meanings Of The Holy Qur'an, Printed Translations 1515-1980)

یعنی مطبوعہ تراجم قرآن مجید کی عالمگیر فہرست از ۱۵۱۵ء تا ۱۹۸۰ء اس میں ۸۸۰ + ۳۴ صفحے ہیں، قلمی تا حال شائع شدہ ترجمے اس فہرست سے خارج ہیں، لعلّ الله يحدث بعد ذلك أمرا۔

یہ بیان کرنا شاید ضروری ہے کہ یک لسانی فہرستیں بھی ہیں، صرف فارسی ترجموں پر، صرف ترکی ترجموں پر، (از ناچیز حمید اللہ)، وغیرہ نیز یہ بھی کہ جب ۱۹۵۹ء میں میرا فرانسیسی ترجمہ قرآن مجید شائع ہوا، تو اس کے فرنگی ناشر کے اصرار پر میں نے اس کے مقدمے میں صرف یورپی زبانوں کے ترجموں کی مکمل فہرست شامل کی (مؤلف کا نام، مقام اشاعت، تاریخ طباعت ہائے مختلفہ وغیرہ) اس میں بشمول ترکی والبانی اٹھائیس (۲۸) زبانوں کا مواد تھا، اس کے پندرھویں ایڈیشن میں جو ان سطروں کی تحریر کے وقت ۱۹۸۸ء مطبع میں ہے، چھیالیس زبانوں کا ذکر ہے، ان میں سے متعدد کئی کئی خطوں میں لکھی جاتی ہیں، مثلاً یوگوسلاوی (بوشناق) زبان عربی، لاطینی اور روسی تین خطوں میں ملتی ہے، ترکی زبان اور اویغوری، عربی، لاطینی اور روسی چار خطوں میں، یونانی زبان عربی اور یونانی خطوں میں، پولینڈی زبان عربی اور لاطینی خطوں میں وغیرہ۔ ایک زمانے میں اندلسی زبان صرف عربی خط میں لکھی جاتی تھی، مسلمانوں میں بھی، عیسائیوں میں بھی اور اسے نام دیا جاتا تھا ''الخمیادو'' (Aljamiado) حرف ''ل'' (ـجـ) کا تلفظ ''خ'' اور یہ نام ہے ''الأعجمیة'' کا اسپینی تلفظ۔ اور اس زبان میں متعدد تراجم قرآن مجید تا حال کتب خانوں میں محفوظ ہیں، اور میرے پاس ان کے مائکروفلم، وسائل کا انتظار ہے کہ ان کو چھاپ دوں۔

❸ ایک نئی کتاب کا تعارف

۱۹۸۷ء میں اسلام آباد میں ایک نئی کتاب ہمارے موضوع پر چھپنے لگی اور ابھی ابھی شائع ہوئی ہے یعنی ''قرآن کریم کے اردو تراجم، کتابیات، مرتبہ ڈاکٹر احمد خان''، ناشر: ''مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد۔'' اس کے مؤلف جو فاضل بھی ہیں، سابق میں عرصے تک پاکستان کے ادارۂ تحقیقاتِ علمیہ (ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد) کے کتب خانے کے ناظم بھی رہے ہیں، اور میرے بہت عزیز دوست بھی ہیں، اس لیے ان سے گلے اور شکوے سے آغاز کرتا ہوں۔

کتاب کے مقدمے میں (ص ۱۶ پر) وہ مجھ ناچیز کی کتاب ''القرآن فی کل لسان'' کا ذکر واقفانہ انداز سے کرتے ہیں، لیکن جب صفحہ ۲۹۱ و مابعد میں مآخذ و مراجع کا ذکر کرتے ہیں تو یہ کتاب نظر نہیں آتی، ذکر آتا ہے تو صفحہ ۲۹۵، پر مغربی زبانوں کی کتابوں میں میرے فرانسیسی ترجمہ قرآن مجید طبع دہم کے مقدمے میں مندرج فہرست تراجم کا، حالانکہ اس فہرست میں اردو تراجم کا کوئی ذکر نہیں ہے، معلوم ہوتا ہے کہ کتاب کی

تالیف کے وقت ''القرآن فی کل لسان'' ان کے سامنے نہ تھی، اور انہیں تکلف ہوا کہ مجھے لکھ کر اس کے دیکھنے کا موقع حاصل کرسکیں، اس میں اردو تراجم کی طویل فہرست ہے، اور میں نے دیکھا کہ اس میں ایسے ترجمے بھی مذکور ہوئے ہیں جن کا مواد انہیں زیر تبصرہ تالیف کے لیے کسی اور ماخذ سے نہ مل سکا اس لیے میں نے اپنی پرانی کتاب فوٹو کاپیاں لے کر فوراً انہیں ہوائی ڈاک سے بھیج دیں، تا کہ کسی آئندہ ایڈیشن میں ان سے استفادہ کر سکیں، لیکن ہمارے مؤلف امریکہ کی نیشنل یونین کیٹلاگ (National Union Catalog) سے ناواقف معلوم ہوتے ہیں جو کئی سو جلدوں میں ہے اور بہت اہم اردو ماخذوں میں خود پاکستان میں چھپی ہوئی کتاب ''تذکرہ المفسرین'' مولفہ قاضی زاہد الحسینی بھی مفقود ملی۔

بہرحال زیر نظر کتاب ان تالیفوں میں تازہ ترین ہے جو ایک ہی زبان کے تراجم قرآن سے بحث کرتی ہیں جیسا کہ عرض ہوا، اردو اس بارے میں سب سے باثروت ہے، اور خوش قسمتی سے اس کتاب کو ایسے فرد نے مرتب کیا ہے جو اس فن کا ماہر اور تجربہ کار ہے، یقین ہے کہ جلد ہی اس کی طباعتِ جدید کا موقع ملے گا، اور اس وقت اس میں مزید اصلاحیں بھی عمل میں آئیں گی۔

کتاب تاریخ وار نہیں بلکہ مؤلف وار ہے، اور مؤلفوں کے نام حروفِ تہجی پر مرتب ہیں، میں شخصی طور پر اس کو پسند کروں گا کہ تراجم کو تاریخ تالیف پر مرتب کیا جائے، یعنی سب سے قدیم معلوم مترجم کا ذکر سب سے پہلے آئے، اور اسی اندراج میں اس کی جملہ طباعتوں کا ذکر دیا جائے، اور کتاب میں ایک اشاریہ ہو جو مترجموں کے ناموں کا حروفِ تہجی پر ذکر کرے، اس میں فائدہ یہ ہے کہ بعض ناموں کا اشاریے میں کئی بار ذکر کیا جا سکتا ہے، مثلاً اس دفعہ پہلا نام آغا قزلباش دہلوی کا ہے، میرے مجوزہ اشاریے میں وہ آغا اور قزلباش دو جگہ آسکتا ہے، اس دفعہ امام غزالی کا ذکر حرف الف میں ہے، میں اعتراف کرتا ہوں کہ میں ان کی تلاش کبھی حرف الف میں نہ کر سکتا، امام فخر الدین رازی کا ذکر حرف الف میں نہیں، حرف ''ر'' میں ہے۔

اس دفعہ مکمل اور جزوی (جزئی؟) اردو تراجم کی مجموعی فہرست نمبر ۱۱۰۱ پر ختم کی گئی ہے، لیکن نظر یہ آیا کہ ایک ہی ترجمہ کئی بار کئی مقاموں پر چھپا ہو تو نمبر برقرار رکھنے کی جگہ نیا نمبر دیا گیا ہے، اس سے یہ معلوم نہیں ہو سکتا کہ حقیقت میں اردو میں کتنے ترجمے ہوئے، شاید مشکل سے اس کے ایک تہائی ہوں۔ جدتوں میں سے ایک یہ ہے کہ ایک اشاریہ مطبعوں کے نام دیا گیا ہے، دوسری یہ کہ ایک اشاریہ ان لوگوں کا ہے جنہوں نے اردو ترجمہ راست اصل عربی سے نہیں کیا، بلکہ کسی اور زبان کے ترجمے کو ''اردو میں ڈھالا''۔ اچھا ہوتا اگر وہیں قوسین

میں مزید وضاحت ہوتی کہ اس سے کیا مراد ہے، اشاریے میں مندرج ''ف'' سے مراد غالباً فارسی ہے لیکن ''ع'' سے کیا عربی مراد ہے؟ سارے ترجمے عربی سے ہوئے ہیں، نمبر (۱۴۶) پر حضرت امام حسنؓ کے ترجمے کا ذکر ہے اور تفصیل میں اسے حضرت امام حسینؓ کی تفسیر کا ترجمہ بتایا ہے، صحیح کون ہے؟

معمولی طباعتی غلطیاں بھی ناگزیر ہیں: مثلاً مترجم نمبر ۲۲۹ کو ۶۲۹ لکھا گیا ہے۔ مگر ان معمولی چیزوں سے قطع نظر کتاب خوش آمدید کہے جانے کے لائق ہے، اور اپنے موضوع پر فی الوقت حرف اخیر ہے، خدا کرے جلد نئی اور مکمل اشاعت کا موقع ملے، موضوع ہی ایسا ہے کہ ہر روز نئے تراجم قرآن کی اشاعت سے ترمیم و تکمیل کی ضرورت رہے گی، شاذ و نادر اور تبدیل و تصحیح کی بھی، مثلاً موجودہ ایڈیشن کے صفحہ ۲۹۵، سطر ۱۷ میں لکھنا یہ چاہیے تھا کہ ''یورپی زبانوں کے تراجم قرآنی کی فہرست جو مذکورہ مآخذ کے دسویں ایڈیشن کے مقدمے میں شامل کی گئی ہے''، نہ یہ کہ ''فہرست تراجم قرآن، دسواں ایڈیشن ۱۹۸۰ء'' اور ظاہر ہے کہ یہ مآخذ اردو تراجم سے قطعاً غیر متعلق ہے۔

کتاب میں اس کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ ہر اردو ترجمے خاص کر پرانے ترجمے کے متعلق یہ بھی بیان کریں کہ وہ اب کہاں دیکھا جا سکتا ہے، اس سے ہمارے فاضل مؤلف کی انتھک کوشش، عظیم محنت اور اس اصول عمل کا پتہ چلتا ہے کہ محض سنی سنائی باتوں پر اکتفا نہ کریں۔ کتاب میں کوئی تین سو صفحے ہیں، اور ٹائپ پر خوبصورت چھپائی ہوئی ہے۔ جزاہ اللہ خیراً۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ ؒ کی خدماتِ حدیث

* ڈاکٹر خالد ظفر اللہ رندھاوا

اسلام کے بین الاقوامی سفیر، عصر حاضر کے نامور سکالر، شہرہ آفاق محقق، نامور مبلغ اسلام، علم وفقر کے جامع، بہترین انسان دوست وعلم پرور، خط کے جواب میں انتہائی مستعد، مجلس احیاء المعارف النعمانیہ کے بانی اراکین میں سے ایک، نظام حیدر آباد کے اقوام متحدہ میں نمائندے اور اس ریاست کے آخری شہری، پاکستان کی اسلامی دستور سازی کے لیے قائم ''تعلیمات اسلامی بورڈ'' کے رکن، ابواللغۃ مفسر ومترجم قرآن، منفرد سیرت نگار پروفیسر ڈاکٹر حافظ قاری محمد حمید اللہ ؒ نے حیدر آباد (دکن) کے ایک مشہور علمی عربی خاندان ''نوائظ'' میں ابو محمد خلیل اللہ کے ہاں کوچہ حبیب علی شاہ صاحب کٹل منڈی حیدر آباد میں ۱۶ر محرم ۱۳۲۶ھ/ ۱۹ر فروری ۱۹۰۸ء کو جنم لیا آپ اپنے تین بھائیوں اور پانچ بہنوں میں سب سے چھوٹے تھے، ۱۹۲۸ء میں آپ کی والدہ اور ۱۹۳۶ء میں (آپ کی پیرس سے واپسی سے چند ماہ قبل) آپ کے والد محترم نے رحلت فرمائی ۔

دار العلوم حیدر آباد میں زیادہ تر اور ایک سال جامعہ نظامیہ میں تعلیم پائی۔ جامعہ عثمانیہ میں شعبہ دینیات سے ۱۹۳۰ء میں ایم اے کیا اور اسی سال ایل ایل بی سے فراغت حاصل کی۔ پھر جامعہ عثمانیہ کے شعبہ تحقیقات علمیہ کے پہلے اور واحد طالب علم کے طور پر ''اسلامی قانون بین الممالک'' پر کام کرنے لگے مواد کی تلاش میں بیرون ممالک کا سفر کیا پھر ۷۵ روپے ماہوار یونیورسٹی سکالرشپ پر بون یونیورسٹی (جرمنی) تشریف لے گئے اور ۹، ۱۰ مہینے کی مختصر مدت میں ۱۹۳۳ء میں Neutialitat in slamische Vokeriercht یعنی: "Neutrality in Muslim International Law " کے موضوع پر تحقیقی مقالہ لکھ کر ڈی فل (D.Phil) کی سند حاصل کی (یہ مقالہ ۱۹۳۵ء میں جرمنی سے شائع ہو گیا تھا) ۱۹۳۳ء میں آپ نے تین مہینے عملاً صبح سے شام تک لندن کے کتب خانوں میں بھی گذارے۔ سکالرشپ کی مدت باقی ہونے کی بناء پر آپ جرمنی سے سوبورن یونیورسٹی (فرانس) چلے گئے۔ اور اگست ۱۹۳۴ء میں ''عہدِ نبوی ﷺ اور خلافتِ راشدہ میں اسلامی سفارت کاری''

---

* ایسوسی ایٹ پروفیسر، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ کالج سمندری۔

(Diplomatie Musulmane al ' epoch an Prophet de I'slam et des caliphes Othodxes) کے موضوع پر مقالہ لکھ کر ڈی لٹ (D.Litt) کی ڈگری ۱۹۳۵ء میں حاصل کی اس کے بعد لینن گراڈ (روس) جا کر تیسری ڈگری لینا چاہتے تھے جس کے لیے روسی زبان بھی سیکھ لی تھی لیکن ارباب یونیورسٹی نے واپس بلا لیا اور آپ نے یہاں پر ۱۹۳۹ء یا ۱۹۴۰ء میں Muslim Conduct of State کے موضوع پر تحقیقی مقالہ پیش کر کے تیسری Ph.D کی ڈگری حاصل کی۔

طالب علمی سے لے کر ۱۹۴۰ء تک ڈاکٹر صاحب کی علمی دلچسپی اور تحقیقی میدان، قانون، بلکہ اصول قانون اور بین الاقوامی قانون تھے۔اس کے وہ استاد، محقق اور فرانسیسی و انگریزی کتابوں کے مترجم تھے۔

تقسیم ہند کے وقت اقوام متحدہ میں ریاست حیدر آباد (دکن) کے پاکستان کے ساتھ الحاق کا مسئلہ پیش کرنے کی غرض سے نظام حیدر آباد کی حسب منشاء ایک وفد تشکیل دیا گیا جس میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب بھی شامل تھے ابھی یہ وفد وہاں پر کچھ طے نہ کر پایا تھا کہ بھارت نے کمال عیاری سے ریاست پر قبضہ کر لیا اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے جو آزاد ریاست کے پاسپورٹ پر وفد کے ہمراہ گئے تھے عمر بھر مقبوضہ ریاست میں آنا گوارا نہیں کیا اور اس کے ساتھ ساتھ اس قبضہ میں معاونت کے مجرم برطانیہ میں بھی پھر جانا قبول نہیں کیا۔کسی بھی ملک کی شہریت اختیار نہیں کی ساری عمر پناہ گزیں کی حیثیت سے سفری دستاویز (Travel Document) پر فرانس میں زندگی گزار دی۔

۱۹۵۴ء سے ۱۹۷۸ء تک پیرس کے نیشنل سنٹر آف سائنٹیفک ریسرچ (CNRS) سے وابستہ رہے پیرس میں آپ نے مرکز ثقافت اسلامی کی بنیاد رکھی اور اس کی طرف سے عرصہ دراز تک ''مجلّہ فرانس۔اسلام'' ماہوار نکالتے رہے۔فرانس، مصر، پاکستان، ملائیشیا اور ترکی کے علاوہ دیگر کئی ایک ممالک کی یونیورسٹیوں اور کانفرنسوں میں لیکچر دیتے رہے۔ ۱۹۵۴ء سے لے کر ۲۰ سال سے استنبول یونیورسٹی، ادارۂ تحقیقات اسلامی، ادبیات فیکلٹی، استنبول یونیورسٹی وزٹنگ پروفیسر کے طور پر لیکچر دینے کے لیے تشریف لاتے رہے۔ استنبول، انقرہ اور ارض روم کی یونیورسٹیوں میں آپ عام طور پر عربی میں اور کبھی کبھار انگریزی یا فرانسیسی میں لیکچر دیتے تھے۔ترکی میں یونیورسٹی لیکچر کے علاوہ آپ کا باقی سارا وقت لائبریریوں میں گذرتا تھا۔

ریٹائرمنٹ کے بعد صحت کے ساتھ دینے تک سارا وقت ذاتی طور پر تحقیقات علمیہ اور تعلیمات اسلامیہ کی فروغ میں گذر تا تھا۔ ۱۹۴۸ء سے ۱۹۹۶ء تک پیرس کے دو کمروں والے معمولی فلیٹ میں انتہائی سادگی اور تنہائی میں زندگی بسر کر دی۔ بقول استاد محترم پروفیسر ڈاکٹر محمد سعید خطیب اوغلی۔(۱)

''حوجہ (استاد یعنی ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب) نے نہ بیوی، نہ نوکر، نہ ٹیلی فون کوئی بھی چیز نہ رکھی کہ یہ سب وقت کا ضیاع ہیں۔''

اپنے کمرے میں پہنچنے کے لیے عمر بھر ہر روز ۱۱۴ سیڑھیاں اترنے چڑھنے کی سخت مشقت گوارا رکھی لیکن فلیٹ تبدیل نہ کیا بالآخر انتہائی کمزور، لاغر اور بیمار ہو جانے پر علاج کی غرض سے ۱۹۹۶ء میں امریکہ چلے گئے۔

امریکہ میں ڈاکٹر صاحب کے بھائی کی پوتی محترمہ سدیدہ شفق صاحبہ نے زندگی کی آخری سانس تک ان کی دیکھ بھال کی اور آپ ۱۳/ شوال ۱۴۲۳ھ/ ۱۷ دسمبر ۲۰۰۲ء بروز منگل صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد ایسے لیٹے کہ پھر اٹھ نہ سکے اور استراحت کی حالت میں خفیف سے متبسم چہرے کے ساتھ جان جان آفرین کے سپرد کر دی۔ اگلے دن ۱۸/ دسمبر بروز بدھ آپ کے عزیز شاگرد، ترک نژاد امریکی دانشور پروفیسر ڈاکٹر یوسف ضیاء قاوقچی نے نماز جنازہ پڑھائی۔ جس میں ۷۰ مرد اور ۵ عورتیں شامل تھیں۔ بعد ازاں آپ کو امریکی ریاست فلوریڈا کے شہر جیکسن ولا کے مسلم قبرستان میں دفن کیا گیا(۲) یوں مشرق سے ابھرنے والا یہ روشن تارہ مغرب میں جا ڈوبا۔ آپ کی وفات پر بے ساختہ زبان سے نکلا: ''غاب الغریب فی الغرب'' ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ صاحب کی خدمات حدیث سے پہلے ان کے ''نظریہ حدیث'' اور محدثین کے بارے میں رویہ'' پر چند معروضات پیش خدمت ہیں۔

نظریہ حدیث

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ صاحب کے ہاں حدیث اور سنت مترادف ہیں۔ ان کی وضاحت کرتے ہوئے کہتے ہیں:

''حدیث سے مراد وہی ہے جو سنت کا مفہوم ہے۔''(۳)

مزید برآں کہتے ہیں:

''حدیث سے مراد قول بھی ہے اور عمل بھی اسی طرح سنت سے مراد قول بھی ہے اور عمل بھی اب عملاً ان میں کوئی فرق باقی نہیں ہے جہاں تک میرے علم میں ہے۔''(۴)

آپ حدیث وسنت کی حجیت کے قائل ہیں اور انہیں اسلام کے اساسی ماخذوں میں سے تسلیم کرتے ہیں۔ آپ کے الفاظ میں ''قرآن مجید کے بعد حدیث کا ذکر ناگزیر ہے اس لیے کہ یہی دو چیزیں ہیں جو اسلام کا محور ہیں۔''(۵) قرآن وحدیث کے ساتھ ساتھ مجتہدین کی سعی وکاوش کی گنجائش تسلیم کرتے ہیں لیکن کسی قیاس یا قیاسی استنباط و استخراج (یعنی اجتہاد) کی بنیاد پر قرآن کی طرح حدیث کی منسوخی کے بھی قائل نہیں ہیں۔ ان کے الفاظ میں:

" Although the Quran and the Hadith (traditions)could not be abrogated by qiyas are analogical deduction, yet enough margin was left for individual interpratiation and the recognition of the possibillity of a Mujtahid ". (6)

مزید کہتے ہیں:

''میرا منشاء یہ ہے کہ حقیقت میں حدیث اور قرآن ایک ہی چیز ہیں دونوں کا درجہ بالکل مساوی ہے۔ ایک مثال سے میرا مفہوم آپ پر زیادہ واضح ہوگا۔ فرض کیجئے آج رسول کریم ﷺ زندہ ہوں اور ہم سے کوئی حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر اسلام قبول کرنے کا اعلان کرے اور اس کے بعد رسول اللہ ﷺ سے مخاطب ہوکر یہ جاہل شخص اگر کہے کہ یہ تو قرآن ہے خدا کا کلام، میں اسے مانتا ہوں مگر یہ آپ کا کلام ہے اور حدیث ہے یہ میرے لیے واجب التعمیل نہیں ہے۔ تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا فوراً ہی اس شخص کو اُمت سے خارج قرار دے دیا جائے گا۔ اور غالباً حضرت عمرؓ وہاں پر موجود ہوں تو اپنی تلوار کھینچ کر کہیں گے یا رسول ﷺ اجازت دیجئے کہ میں اس کافر و مرتد کا سر قلم کردوں غرض رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں یہ کہنا کہ یہ آپ صلی اللہ وسلم کی نجی بات ہے اور مجھ پر واجب التعمیل نہیں

ہے، گویا ایک ایسا جملہ ہے جو اسلام سے منحرف ہونے کا مترادف سمجھا جائے گا اس لحاظ سے رسول اللہ ﷺ جو بھی ہمیں حکم دیں اس کی حیثیت بالکل وہی ہے جو اللہ کے حکم کی ہے۔''(۷)

حدیث رسول اللہ ﷺ پر اس قدر سادہ، پختہ اور ٹھیٹھ ایمان کے باوصف آپ نبی علیہ الصلاۃ والسلام کی ''محمد رسول اللہ'' اور ''محمد بن عبداللہ'' کی حیثیت کا فرق بھی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ:

''رسول اللہ ﷺ جب کوئی چیز وحی کے تحت بیان کریں تو اس کی حیثیت قرآن کے مطابق ہو گی۔ لیکن کوئی بات اپنی طرف سے بیان کریں تو وہ ایک ذہین، ایک فہیم انسان کا بیان تو ہوگا لیکن خدائی وحی نہیں ہوگی انسانی چیز ہوگی اور انسانی چیز میں انسانی خامیاں ہوسکتی ہیں'' (۸)

اس فرق کے ساتھ حدیث و سنت کی الہامی کیفیت تسلیم کرتے ہیں۔ (۹) اور صحیح حدیث کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں مانتے۔ (۱۰)

اس ایمان و عمل بالحدیث کے رویے میں کسی قسم کے احساسِ کہتری کا شکار نہیں ہیں بلکہ ہر مسلمان کو قرآن و حدیث پر متصلبانہ ایمان کی دعوت دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ:

''اپنے دین کے ماخذوں کے متعلق ہم مسلمانوں کو کسی سے شرمانے کی کوئی ضرورت نہیں'' (۱۱)

آپ عمر بھر اسلام کے دانا دشمنوں (مستشرقین) اور نادان دوستوں (منکرین) کی حجیت حدیث سے انکار پر مبنی جانبدارانہ تحقیقات اور جاہلانہ تحریرات سے کبھی متاثر نہیں ہوئے بلکہ کہتے تھے:

''حدیث اسلامی کی خوبیوں پر نہ دشمن کا معاندانہ طعن و طنز پردہ ڈال سکتا ہے اور نہ دوستوں کی ناواقفیت۔'' (۱۲)

اخذ و قبول حدیث میں روایت کے ساتھ ساتھ درایت کی فکر بھی ان کے ہاں پائی جاتی ہے ان کے اپنے الفاظ میں:

''یہ درایتاً حدیث کو کنٹرول کرنے یا جانچنے کا طریقہ ہے۔ درایت کے اصول کے مطابق یہ

دیکھا جاتا ہے کہ حدیث میں جو بات بیان کی گئی ہے وہ عقلاً درست ہے یا نہیں۔فرض کیجئے ایک حدیث میں یہ آتا ہے کہ مثلاً شہر بہاولپور میں فلاں چیز ہوگی۔لیکن درایتاً بہاولپور اس زمانے میں موجود تھا ہی نہیں۔یہ ذکر کیسے آیا لہذا ہم یہ نتیجہ اخذ کریں گے کہ غالباً یہ سہو کتابت ہے۔اس شہر کا نام رسول اللہ ﷺ نے بہاولپور بیان نہ کیا ہوگا بلکہ اور لفظ ہوگا جو بگڑ کر بہاولپور بن گیا۔یہ اور اس طرح کی چیزیں ہم درایت سے معلوم کر سکتے ہیں اور ان اصولوں کے مطابق ہم ان دشواریوں کو حل کر سکتے ہیں جو حدیث کے اندر نظر آتی ہیں۔''(۱۳)

ایک سوال ''ہم حدیث کے صحیح ہونے کا اندازہ کس طرح لگائیں؟'' کے جواب میں فرماتے ہیں کہ:

''علمائے حدیث نے مختلف علوم اختراع کیے ہیں جن سے حدیث کی روایتاً اور درایتاً دونوں طرح سے جانچ ہوسکتی ہے اور ہم معلوم کر سکتے ہیں کہ کس حدیث پر اعتماد کیا جائے اور کس حدیث پر اعتماد نہ کیا جائے۔''(۱۴)

احادیث کی جانچ پڑتال کے لیے محدثین کے قائم کردہ اصول حدیث کی یوں تعریف کرتے ہیں:

''چونکہ قرآن حکیم کی طرح احادیث نبوی کی ترتیب وتدوین پر مؤثر کنٹرول ممکن نہیں تھا۔ لہذا اغلط فہمی، اغلاط بلکہ اس سے بھی بدتر امکانات کو مسترد نہیں کیا جاسکتا۔چنانچہ ان امکانات کے پیش نظر ہی مسلمانوں نے احادیث کی انفرادی روایت کے نقد وجرح کے لیے سائنسی انداز ایجاد کیا جس کی ابتداء اصحاب رسول کے زمانے میں ہی ہو چکی تھی۔احادیث کے راویوں کی سوانح بڑی محنت سے تیار کی گئیں جن میں راوی کی شہرت، دیانت یا ضعیف ہونے پر خصوصی توجہ دی گئی۔اس کے اساتذہ اور شاگردوں کی مکمل تفصیل اور دوسری معلومات فراہم کی گئیں۔''(۱۵)

ڈاکٹر صاحب کی رائے میں پہلے کتب حدیث پھر کتب فقہ اور بعد ازاں خاص فقہی تبویب اور احکام پر مشتمل کتب حدیث کی تشکیل وتدوین کا عمل ظہور پذیر ہوا۔آپ لکھتے ہیں کہ:

احادیث نبویؐ کو فقہی ابواب پر مرتب کرنے کی کوشش امام مالکؒ (ف ۱۷۹ھ) کی ''موطا'' سے بھی قبل امام ابن الماجشون (ف ۱۶۴ھ) نے کی لیکن سوائے زرقانی کی ''شرح موطا'' کے دیباچے میں نام کے حوالے کے، اس کا اب کوئی پتہ نہیں چلا۔ امام مالکؒ کی تالیف اسی کی اصلاح اور اس کے جواب میں تھی۔ یہ خیال کیا جاتا رہا ہے کہ اولاً خالص حدیث کے مجموعے تیار ہوئے پھر فقہی احکام کی حدیثیں الگ مرتب ہونے کے بعد آخر خالص فقہی کتابیں تیار ہوئیں۔ لیکن میں اس نتیجے پر پہنچتا ہوں کہ خالص حدیث کے بعد فقہی کتابیں لکھی گئیں، تو ردعمل کے طور پر قانونی احادیث کے مجموعے تیار ہوئے۔ امام زید بن علیؒ، امام ابو حنیفہؒ اور الماجشونؒ (ف ۱۶۴ھ) جنہوں نے صرف روایات مدینہ جمع کر کے ایک کتاب شائع کی اور دیگر اہل الرائے نے ایک مکتب خیال قائم کیا۔ جس کے پیروؤں نے بعد میں غلو پیدا کیا تو بطور ردعمل اہل حدیث نے سنت کی پیروی پر زور دینے کے لیے فقہی احکام کی حدیثیں الگ مرتب کیں۔ امام مالکؒ (ف ۱۷۹ھ) وغیرہ چند ہم عصروں کی ''موطاؤں'' کو اسی تحریک کا آغاز سمجھنا چاہیے اور صحیح بخاری کو اس کی انتہاء۔'' (۱۶) حجیت حدیث کے قائل اور اصول حدیث میں روایت اور درایت ہر دو کے تسلیم کرنے والے اور خدمات محدثین کے معترف ہونے کے باوجود ڈاکٹر صاحب محدثین کی تحقیقات کے ہی پابند نہیں ہیں۔ بلکہ تاریخی طور پر کوئی چیز ثابت ہو جانے پر حدیث کی سند کی صحت ضروری نہیں سمجھتے بلکہ آپ حدیث کو عہد نبوی کی تاریخ اسلام گردانتے ہیں سیرۃ ابن اسحاق کے مقدمے میں رقمطراز ہیں:

''ولکن ما الحدیث الا تاریخ الاسلام للعصر النبوی'' (۱۷)

''حدیث عصر نبویؐ کی اسلامی تاریخ ہے۔''

خود بھی بنیادی طور پر محقق ہیں اور حدیث کو بھی تاریخ اسلام کے طور پر قبول کرتے ہیں لیکن ڈاکٹر صاحب کا حدیث کو عہد نبوی کی تاریخ تسلیم کرنا مستشرقین جیسا نہیں، کیونکہ مستشرقین کے ہاں تاریخ عہد رفتہ کی ایک داستان ہوتی ہے۔ جب کہ ڈاکٹر صاحب کے ہاں حدیث عہد نبوی کی الہامی اور تشریعی حیثیت رکھنے والی تاریخ ہے تاہم حدیث کو تاریخی طور پر تسلیم کرنے کا رجحان بعض اوقات اس قدر غالب آ جاتا ہے کہ محدثین کے ہاں:

''اطلبوا العلم ولو کان بالصین (۱۸)

جیسی موضوع حدیث کو تاریخی اعتبار سے قابل قبول تسلیم کرتے ہیں(۱۹) لولاك لما خلقت الافلاك (۲۰) اگر چہ محدثین کے ہاں موضوعات میں شمار ہوتی ہیں لیکن ڈاکٹر صاحب ایسی موضوع حدیث کو مسلمانوں کے ہاں مشہور ہونے کی بناء پر اپنے عقیدے کی اساس بیان کرتے ہیں(۲۱) انا مدینة العلم وعلی بابها (۲۲) اگر چہ محدثین کے ہاں ضعیف بلکہ موضوع ہے لیکن ڈاکٹر صاحب کو قابلِ قبول ہے (۲۳) اسی طرح اللہ کے گھر کعبۃ اللہ کی شکل کی دل سے مشابہت کی بنیاد ایک موضوع روایت پر رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ:

''کعبہ کے لیے دل کی تشبیہ کوئی حقیر بات نہیں مشہور حدیثِ قدسی ہے۔'' (۲۴) تو اللہ کا گھر بھی دل کی شکل کی ہی ہونا چاہیے۔'' (۲۵)

انتہائی تحقیقی اور باریک بینی والے مزاج کے باوجود نقل حدیث میں سہو بھی دکھائی دیتا ہے مثلاً صحیح بخاری کی روایت عمرو بن سلمہ سے مروی ہے لیکن آپ نے اسے سلمہ سے بیان کیا ہے(۲۶) متن حدیث کے بیان میں بھی سہو پایا جاتا ہے، مشہور حدیث ہے کہ سات سال کے بچوں کو پیار سے اور دس سال کے بچوں کو مار پیٹ کر نمازی بناؤ ۔(۲۷) لیکن آپ دس سال کی بجائے سات سال پر مار پیٹ کی بابت لکھتے ہیں:

''سات برس کی عمر کے بعد بچے نماز نہ پڑھیں تو انہیں سزا دینے کا حکم تھا۔'' (۲۸)

لیکن یہ سہو ان کی بلند علمی شان میں قطعاً کسی کمی کا سبب نہیں گردانا جائے گا۔ بلکہ ان کے انسان ہونے پر محمول ہوگا اور آپ کا علمی و تحقیقی طور پر انتہائی بلند مقام اور حدیث پر پختہ یقین ہمیشہ لائق بیان رہے گا۔

محدثین کے بارے میں رویہ

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے ہاں بلند علمی مقام کے باوجود اپنی مایہ ناز تحقیقات پر اترانا تو نام کو نہیں لیکن دوسروں کی خدمات کا اعتراف ضرور ہے عام طور پر جملہ محدثین کی کاوشوں کے معترف ہیں۔(۲۹) امیر المومنین فی الحدیث محمد بن اسحاق پر بعض الزامات کے دفاع میں سیرۃ ابن اسحاق کے مقدمے میں جامع و مانع تحریر پیش کی ہے۔(۳۰) ایک دن استاد محترم خطیب اوغلی صاحب کی ذاتی لائبریری سے ''مقدمہ تحفۃ الاحوذی'' کے ساتھ منسلک مولانا عبدالرحمٰن مبارک پوریؒ صاحب ''تحفۃ الاحوذی'' کے بارے میں سخت ریمارکس والی درج ذیل چٹ ملی۔

[نسخه كاملة من هذا الكتاب مكتوبة بخط الحافظ السيوطى موجودة فى الخزانة الجرمنية وللحافظ الذهبى تصنيف في نقد رجال هذا الكتاب ونقله السيوطى على هامش هذه النسخة، مقدمة تحفة الأحوذى شرح جامع ترمذى للمباركفورى ٣٣٤-١/٣٣٣]

استاد محترم نے بتایا کہ:

''ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کے ''مسند ابن راھویہ'' کے بارے میں دریافت کرنے پر میں نے مقدمہ تحفۃ الاحوذی سے نقل کر کے یہ اندرونی عبارت بھیج دی۔ڈاکٹر حمید اللہ نے یہ خط اس عبارت پر پائی جانے والی حاشیہ آرائی کے ساتھ مجھے واپس بھیج دیا۔راقم نے استاد محترم کے حکم پر ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کو خط لکھا۔اس میں اپنے موضوع تحقیق پر راہنمائی کی درخواست کی اور خط کے ساتھ ارسال کردہ چٹ ہذا کی حاشیہ آرائی کے توضیح کی گزارش بھی تھی۔اس کے جواب میں ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کی طرف سے درج ذیل خط موصول ہوا۔''

اس کے بعد میں نے پھر بذریعہ خط گزارش کی اور ان کی طرف منسوب حاشیۂ آرائی کو الگ الگ سرخ دائرے میں نمایاں کر دیا۔ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے اپنی انتہائی عمدہ عادت کے تحت فوری طور پر درج ذیل جواب سے نوازا۔ (مذکورہ بالا عربی خط کا اردو قارئین کے لیے ترجمہ کیا جا رہا ہے)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج صبح مجھے آپ کا خط تحریر کردہ ۱۹۹۲ء/۰۴/۲۸ موصول ہوا شاید یہ مئی کی بجائے (اپریل) غلطی سے لکھا گیا ہے۔میں اس خط کے مضمون سے حیران و پریشان ہوا تاہم حق کو واضح کرنے والے اس موقع کے مہیا کرنے پر آپ کا شکر گزار ہوں۔میں نہیں جانتا کہ استاذنا الکبیر محمد خطیب اوغلی کو یہ سہوا ور دھوکہ کہاں سے لگ گیا ہے۔

میں نے فاضل (ذات) عبد الرحمٰن مبارکپوری کے بارے میں، میری طرف منسوب جوابات کو بار بار پڑھا۔ لیکن یہ اسلوب میرا اسلوب ہی نہیں اور نہ ہی یہ میرا ہینڈ رائیٹنگ ہے اور نہ ہی مجھے یاد ہے کہ میں نے عمر بھر ایسی کوئی شے لکھی ہو۔

ہمارے (محترم) پروفیسر خطیب اوغلی سے میری گزارش ہے کہ وہ تحقیق فرمائیں کہ آیا جوابات والا خط میرا ہے شاید انہیں التباس ہو گیا ہے اور کسی دوسرا آدی کے خط کو انہوں نے میرا خط سمجھ لیا ہے۔

بلاشبہ فاضل (شخصیت) عبد الرحمٰن مبارکپوری اہل علم کے درمیان معروف ہیں اور آپ کی علم حدیث (اور علوم اسلامیہ) کے لیے گرانقدر خدمات بھی ہیں۔ میں اللہ تعالیٰ سے امید رکھتا ہوں کہ محترم مبارکپوری صاحب کے بارے میں میری طرف سے منسوب آراء قطعاً ان تک نہیں پہنچ پائیں گی۔ میں تو ان کا بھرپور احترام کرتا ہوں اور ان کے بارے میری طرف منسوب آراء قطعاً میری نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے اس سے محفوظ رکھے۔

ہمارے (محترم) پروفیسر خطیب اوغلی کو میرا اسلام ہو آپ تمام تر عافیت میں زندگی بسر کریں۔

محمد حمید اللہ

یہ علم کی شان ہے کہ اہل علم کو خوش دلی سے قبول کیا جاتا ہے جناب ڈاکٹر صاحب علم کی دولت سے مالا مال تھے اس لیے دیگر اہل علم اور محدثین عظام کی عظمت کے بھی عمر بھر معترف رہے اور کبھی بھی نازیبا لفظ خدّامِ حدیث کے بارے میں نہیں کہا بلکہ حتی المقدور ان کا دفاع اور اعتراف عظمت کرتے رہے۔

خدماتِ حدیث

معروف سکالر اور ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کے دیرینہ عقیدت مند جناب پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی صاحب کے الفاظ میں:

’’علم حدیث میں ان کے کام کی حیثیت ایک خاص انداز کی ہے وہ معروف معنوں میں

> محدث نہیں کہلائے۔ انہوں نے علم حدیث کی تدریس کا اس انداز سے کام نہیں کیا جیسا کہ علم حدیث کے اساتذہ کرتے ہیں لیکن علم حدیث کی تاریخ میں وہ ایک منفرد مقام کے حامل ہیں اتنے منفرد مقام کے کہ اگر علم حدیث کی تاریخ لکھی جائے تو شاید ''ڈاکٹر حمید اللہ کا کام'' اس تاریخ کا ایک منفرد عنوان ہو۔'' (۳۱)

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے روایتی انداز میں تدریس حدیث کا کام نہیں کیا ہے وہ اکثر و بیشتر احادیث کے نادرو نایاب مخطوطوں کی تحقیق اور روایات کی تخریج کا عرق ریزی والا کام کرتے ہیں لیکن تصحیح و تضعیف کی ذمہ داری اٹھاتے دکھائی نہیں دیتے تحقیق و تخریج کے علاوہ آپ نے ترجمہ، توسیعی خطبات اور حدیث کے میدان میں تحقیق کرنے والوں کی راہنمائی کا بھرپور فریضہ سرانجام دیا ہے آپ کی خدمات حدیث سے ایک طرف بعض نادرو نایاب مخطوطاتِ حدیث مثلاً صحیفہ ھمام بن منبہ، کتاب السرد والفرد......، سیرت ابن اسحاق، ''انساب الاشراف'' آپ کی اپنی تحقیق سے طبع ہوئے۔ اسی طرح آپ کی خصوصی عنایت سے سنن سعید بن منصور، مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی کی تحقیق سے منصۂ شہود پر آئی۔ دوسری طرف آپ نے اپنی تحقیق انیق ''مجموعہ الوثائق السیاسۃ ......'' میں عہد نبویؐ اور خلافت راشدہ کے تحریری سرمائے کو اکٹھا کر دیا ہے۔ آپ کی ہر دو کوششوں سے عصر حاضر میں حدیثِ نبویؐ کے بارے میں پھیلائے گئے اعتراضات کو تاریخی اور ٹھوس بنیادوں پر ''ھباء منثورا'' بنادیا گیا ہے۔ انیسویں اور بیسویں صدی میں مختلف اعتراضات کے ساتھ ساتھ یہ اعتراض خوب دہرایا گیا کہ احادیث کے مجموعے تیسری صدی ہجری کی پیداوار ہیں لہذا ان کا کوئی اعتبار نہیں جب کہ آپ نے مجموعہ الوثائق السیاسیۃ میں عہدِ نبویؐ کی ۳۸۹ تحریریں اکٹھی کر کے ثابت کر دیا ہے کہ احادیث کی کتاب عہدِ نبویؐ میں بھی وسیع پیمانے پر ہوتی رہی ہے بعد ازاں ''صحیفہ ھمام بن منبہ'' کی تحقیق سے ثابت کر دیا ہے کہ احادیث تقریباً پہلی نصف صدی ہجری میں ہی کتابی شکل اختیار کر چکی تھیں۔ اسی طرح سیرۃ ابن اسحاق (۱۵۱ھ)، انساب الاشراف للبلاذری (۲۷۹ھ) سے دوسری تیسری صدی ہجری میں مؤلفین صحاح ستہ سے متقدم یا معاصر محدثین و مؤرخین کی کتابیں سامنے لا کر مستشرقین و منکرین حدیث کی علمی جہالت کا پردہ چاک کیا ہے اور ان کے نام نہاد بلند بانگ علمی و تحقیقی مقام مرتبے کا کھوکھلا پن ظاہر کر دیا ہے۔ آپ کے ہاں مستشرقین کے حوالے سے علمی طور پر قطعاً کوئی مرعوبیت یا متجددین کی طرح احساس کمتری نہیں پایا جاتا بلکہ آپ ان

کو منہ لگانے کے ہی قائل نہ تھے۔ اعلیٰ علمی تحقیقی سطح پر اپنا کام کرتے چلے جانے کی ہی نصیحت فرمایا کرتے تھے۔ اس بارے میں بیان کرتے ہیں کہ:

''کوئی چار پانچ سال کا عرصہ ہوا، میں نے جرمن زبان میں ایک مضمون لکھا تھا جو جرمنی کے ایک رسالے میں شائع ہوا۔ اس میں یہی بات بیان کی گئی تھی کہ حدیث کے متعلق یہ تصور کہ وہ تین سو سال بعد مدون ہونا شروع ہوئی، فلاں فلاں اسباب سے صحیح نہیں۔ مضمون چھپنے کے کوئی چھ، آٹھ مہینے کے بعد ایک جرمن پروفیسر نے اس موضوع پر ایک نیا مضمون لکھا، اور وہی پرانی دلیلیں اس میں دہرائیں کہ حدیث ناقابل اعتماد ہے، وہ تین سو سال بعد جمع ہونا شروع ہوئی۔ میرا اصول رہا ہے کہ کسی پر اعتراض نہ کروں۔ واقعات کو اس طرح پیش کروں کہ لوگ اپنے ممکنہ اعتراض کا جواب خود ہی پالیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جب یہ دوسرا مضمون چھپنے کے لیے آیا، اسے بھی شائع کر دیا گیا۔ ایڈیٹر نے فٹ نوٹ دیا کہ صاحب مضمون کو چاہیے کہ فلاں نمبر میں شائع شدہ ''حمید اللہ'' کے مضمون کو پڑھ لے۔ اس سے آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ کون سا اصول سب سے بہتر ہے۔'' (۳۲)

اپنی اس روش پر کاربند رہتے ہوئے آپ نے امت محمدیہ کے لیے روایات محمدیہ پر ایمان کی راہ میں شکوک و شبہات کو دور کر دیا اور ان پر ایمان و یقین پختہ تر ہونے کی راہیں آسان کر دیں درحقیقت یہی وہ عظیم خدمت حدیث ہے جس کا مقابلہ کرنے میں عصر حاضر کی کوئی بھی دوسری شخصیت آپ کے ہم پلہ نظر نہیں آتی۔ آپ کی خدمات حدیث (جو ہمیں مہیا ہو سکیں) درج ذیل ترتیب سے پیش خدمت ہیں۔

- تصنیف و تالیف
- تحقیق
- تحقیق و ترجمہ
- مقدمہ و آرٹیکلز
- لیکچر

○ مجموعة الوثائق السياسة للعهد النبوی والخلافة الراشدة

Documents sur Ia diplomatic musulmane a ' I ' epoque du Prophete et des khalifes orthodoxes)

یہ مجموعہ درحقیقت ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کا وہ تحقیقی کام ہے جس پر آپ نے ۱۹۳۵ء میں پیرس سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی اور ۱۹۳۵ء میں ہی یہ نادر کام بزبان فرانسیسی وہاں سے شائع ہوا بعدازاں آپ نے نصوص اصلیہ شائع کرنے کا ارادہ فرمایا اور اپنی عادت کے مطابق اپنی تحقیق میں ہونے والے جملہ اضافہ جات کو بھی شامل کرتے چلے گئے۔ مولانا عبدالشہید نعمانی کے مطابق پہلا عربی ایڈیشن بھی ۱۹۳۵ء میں ہی منصۂ شہود پر آ گیا تھا (۳۳) اس کا اردو ترجمہ بنام ''سیاسی وثیقہ جات از عہدِ نبویؐ تا بہ خلافت راشدہ'' از مولانا ابو یحیی امام خاں نوشہروی، مجلس ترقی ادب، کلب روڈ لاہور کی طرف سے پہلی بار ۱۹۶۰ء میں طبع ہوا جو کہ ۳۴۴ صفحات پر مشتمل ہے۔

دارالارشاد، بیروت کی الطبعۃ الثالثۃ (۱۳۸۹ھ/۱۹۶۹ء) میں عہدِ رسالت کی ۳۸۹ تحریریں پائی جاتی ہیں یہ تحریریں نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے مکتوبات، جوابات، فرامین، معاہدے، دعوت اسلامی، عمال کی تقرری، آراضی وغیرہ کے عطیات، امان نامے اور وصیت نامے وغیرہ پر مشتمل ہے۔ (۳۴) خلافت راشدہ کے دور کی تحریریں اس کے علاوہ ہیں ڈاکٹر صاحب نے یہ تحریریں ۲۹۴ نادر و نایاب مطبوع و مخطوط مصادر و مراجع سے اکٹھی کی ہیں۔ (۳۵) یہ ناممکن کام آپ ہی کی سراپا تحقیق و جستجو ذات کر سکتی تھی اس قدر ماخذوں تک رسائی اتنی زبانوں پر واقفیت اور ان سب پر مستزاد کام کی یہ لگن صرف اور صرف آپ ہی کا خاصہ تھا عام آدمی کیا ایک جماعت بھی اس قدر باریک بینی اور تقابل والا کام سرانجام دینے سے قاصر رہے گی۔ ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ:

> ''ومع شوقی الی جمع کل ما نسب من المکتوبات الی النبی صلی اللّٰه علیه وسلم انی لم ادون ههنا الا ما ثبت انه کان مکتوبا وابعدت کل مالم یصرح المصدر بانه کان مکتوبا ، حتی ولو غلب علی ظنی انه کان کذلك'' (۳٦)

اس طرح ڈاکٹر صاحب نے عہدِ رسالات کی ۳۸۹ تحریریں یکجا کر کے ثابت کر دیا ہے کہ عصر نبویؐ میں ہی احادیث تحریری شکل اختیار کر چکی تھیں اور عصر حاضر کے منکرین حدیث کا یہ اعتراض قطعی طور پر بے بنیاد اور تاریخی اعتبار سے جاہلانہ ہے کہ احادیث کی تدوین تیسری صدی ہجری کے عجمی محدثین کا من گھڑت کارنامہ ہے۔

''خوئے بدرا بہانہ بسیار'' کا تو دنیا میں کوئی علاج دریافت نہیں ہوسکا لیکن اگر کوئی جہل مرکب کی بجائے جہل بسیط کا شکار ہو کہ دو تین سو سال بعد لکھی گئی احادیث قطعاً قابل اعتبار نہیں ہیں تو ڈاکٹر صاحب نے سالہا سال کی محنت شاقہ اور عرق ریزی کے بعد اس غلط فہمی کا الجواب الکافی مہیا کر دیا ہے۔

اس تحقیق انیق میں ڈاکٹر صاحب نے منہج وحید اختیار کیا ہے۔ ہر تحریر کا مسلسل نمبر درج کرتے ہیں بعد ازاں مختلف مصادر کی نشاندہی پہلے اور متن تحریر بعد میں پیش کیا ہے۔ حسب ضرورت حاشیہ میں مصادر کے اختلافات لفظیہ کے علاوہ آیات قرآنیہ کی تخریج کا فریضہ بھی سرانجام دیا ہے۔ اپنی جمیع تحقیقات و تالیفات کی طرح یہاں بھی روایات کی من حیث القبول حیثیت کی طرف قطعاً التفات نہیں فرمایا ہے اور نہ کسی روایت کے اصول محدثین پر صحیح یا ضعیف ہونے کا فیصلہ نقل کیا ہے۔

عہدِ رسالت کی تحریروں کے اخذ وجمع میں ڈاکٹر صاحب نے اگرچہ ایسی کتابوں تک رسائی حاصل کی ہے جنہیں دیکھنے کو دوسروں کی نگاہیں ترستی ہیں۔ لیکن اس کے باوجود مولانا عبدالشہید نعمانی یوں ناقد ہیں:

> ''بصد احترام یہ عرض ہے کہ ہمیں اس کتاب میں ایک کمی بڑی شدت سے محسوس ہوئی اور یہ کہ ڈاکٹر صاحب نے کثرت مصادر تک رسائی کے باوجود مکاتیب کی صحت کی طرف توجہ نہیں دی وہ مختلف نسخوں کے اختلاف کو بالالتزام ذکر کرتے ہیں لیکن یہ اختلاف کیوں ہے اور اس میں کس نسخے کا متن صحیح ہے، اس کے بارے میں کوئی تصریح نہیں کرتے پھر مزید یہ کہ انہوں نے اکثر جگہ طبقات ابن سعد کے ذکر کردہ متن کو اپنی کتاب میں اصل متن کی حیثیت سے نقل کیا ہے اور دیگر کتابوں میں روایت کردہ متن کے فرق کو بیان کرنے پر اکتفاء کیا ہے اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ متعدد مقامات پر غلط متن اصل قرار پا گیا ہے اگر ڈاکٹر صاحب

اس پہلو سے اپنی کتاب پر توجہ فرما لیتے تو یقیناً ان کی کتاب آنحضرت ﷺ کے مکاتیب کے سلسلہ میں ایک مستند ماخذ قرار پاتی۔" (۳۷)

نعمانی صاحب نے اپنے کردہ ترجمہ وشرح میں جگہ جگہ ڈاکٹر صاحب کی تحقیق سے اختلاف اور مستشرقین پر ان کے اعتماد پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ (۳۸)

ڈاکٹر صاحب نے اس مجموعہ میں پائے جانے والے غریب الفاظ کا مفہوم ومطلب، حروف تہجی کے اعتبار سے صفحہ ۴۲۹ تا ۴۸۷ بیان کیا ہے اور یہ زیادہ تر "لسان العرب" سے منقول ہے اگر غریب الحدیث سے متعلقہ کتب سے مراجعت کے ساتھ یہ فہرست تیار کی جاتی تو واضح تر اور صحیح تر ہونے کی امید کی جاتی ہے ۲۹۴ مصادر و مراجع کی الفائی فہرست صفحہ ۴۹۱ تا ۵۰۹ پر پائی جاتی ہے بعد ازاں اس مجموعہ کے عربی ایڈیشن اور فرانسیسی ایڈیشن کا تقابلی جدول صفحہ ۵۱۰ تا ۵۱۲ موجود ہے فہرست الاسماء والاعلام صفحہ ۵۱۵ تا ۵۴۲ پھیلی ہوئی ہے فہرست الانساب صفحہ ۵۴۵ تا ۵۵۲ ہے یہ فہرست عدنانیہ اور قحطانیہ کی بنیاد پر تیار کردہ نقشوں کی مناسبت سے ہے ان دونوں نقشوں میں ۱، ۲، ۳ نمبران کے طبقات کا اظہار کرتے ہیں اور ا، ب، ج، نقشوں میں ان کی تلاش پر راہنمائی میں سہولت کی خاطر تحریر کردہ ہیں ڈاکٹر صاحب اگر چہ دنیا سے غیر شادی شدہ اور لا ولد ہی گئے ہیں لیکن ان کی دیگر نادر تحقیقات کی طرح یہ غیر مثل تحقیق بھی انہیں ابنائے اسلام میں تا قیامت زندہ رکھے گی۔

○ اشاریہ وتصحیح "ترجمہ صحیح بخاری"

ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے امام بخاری کی الجامع الصحیح کا اشاریہ بھی مرتب فرمایا ہے (۳۹) اس اشاریہ تک رسائی کی بسیار کوشش کے باوجود ناکامی رہی جناب ڈاکٹر محمود احمد غازی صاحب سے اس بارے میں راہنمائی کی گذارش کی گئی آپ بھی افسوس کا اظہار فرما رہے تھے کہ میں نے ڈاکٹر صاحب کو یہ کام کرتے ہوئے دیکھا تھا لیکن حاصل کرنے میں کوتاہی ہوگئی۔ راقم نے اپنے ترک دوستوں سے اس پر معلومات مہیا کرنے کی خواہش کا اظہار کیا تو جناب پروفیسر ڈاکٹر یلدرم آف سلیمان ڈیمرل یونیورسٹی (ترکی) نے بتایا کہ یہ صحیح بخاری کے فرانسیسی ترجمہ کے ساتھ پایا جاتا ہے لیکن ان کے پاس یہ ترجمہ موجود نہ تھا اس لیے اشاریہ کی فوٹو کاپی حاصل نہ ہوسکی۔

ڈاکٹر صاحب کے انتہائی عالمانہ اور محققانہ مزاج کے حوالے سے امید واثق ہے کہ یہ اشاریہ مروجہ اشاریوں میں مختلف انداز کا انتہائی مفید کام ہوگا۔ ارباب علم وفضل سے اس پر مزید راہنمائی کی گزارش ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ بطور سیرت نگار'' نامی مقالہ میں صحیح بخاری کا عربی سے اردو ترجمہ بتایا گیا ہے۔(۴۰) جبکہ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے بوسکائی کے کردہ ترجمہ صحیح بخاری کی تصحیح کی ہے۔(۴۱) آپ کے تحقیقی کاموں میں اشاریہ بخاری کا ہی ذکر ہے یا پھر تصحیح ''ترجمہ صحیح بخاری'' مذکورہ بالا مقالہ نگار صاحبہ کی اردو ترجمہ بخاری کی تحقیقی بلا تصدیق ہے

○ الصحيفة الصحيحة '' موسوم به '' صحيفه همام بن منبه

ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کو قدیم ترین، انمول اور نایاب صحیفہ ہمام بن منبہ (۱۰۱ھ) کا ۱۳۵۱ھ/۱۹۳۳ء میں برلین (WE ۱۳۸۴، ۱۷۹۷ء) میں ایک ناقص نسخہ ملا۔ بعد ازاں پروفیسر ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی آف کلکتہ یونیورسٹی نے کتب خانہ ظاہریہ دمشق میں مخطوط ثانی دریافت کیا اور پھر وفور ایثار سے اس کی اشاعت کے لیے ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کے حق میں دست بردار ہو گئے آپ نے دونوں مخطوطوں کا حرف بہ حرف تقابل کر کے صحیفہ ہمام بن منبہ کو ایڈٹ کیا۔ حاشیہ میں اختلاف متن کی نشان دہی کرتے چلے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر محمد یوسف الدین صاحب نے اس میں پائی جانے والی ۱۳۸، احادیث کی بخاری مسلم میں تلاش کا فریضہ سرانجام دیا (۴۲) اس تخریج کے بارے میں ڈاکٹر حمید اللہ صاحب یوں رقم طراز ہیں:

> ''صحیفہ ہمام کی کل ۱۳۸ حدیثوں میں سے ۹۱ صحیحین میں (حسب ذیل ترتیب سے) موجود ہیں ۲۳ دونوں میں ہیں مزید برآں ۲۵ صرف بخاری کے ہاں اور ۴۳ صرف مسلم کے ہاں ہیں (۴۳) جبکہ یہ صحفیہ بجنسہ انتہائی معمولی سے تقدم وتاخر کے ساتھ مسند احمد بن حنبل میں موجود ہے۔''

ڈاکٹر صاحب نے صحیفہ کی تحقیق وتخریج کے علاوہ اس کی استنادی حیثیت پر بحث کرتے ہوئے اس نسبت کو یقینی ثابت کیا ہے۔(۴۴)

اشاعت سے پہلے آپ نے اس پر حدیث نبویؐ کی تدوین وحفاظت کے حوالے سے انتہائی عالمانہ، مؤرخانہ

اور محققانہ دیباچہ تحریر فرمایا۔(۶۵) یہ صحیفہ سب سے پہلے دمشق کی عربی اکاڈیمی نے اپنے موقر سہ ماہی رسالے ''مجلة المجمع العلمی العربی'' ۱۳۷۲ھ/۱۹۵۳ء کے چاروں نمبروں میں اسے بہ اقساط طبع کیا۔ اور پھر بعض اصلاحوں کے ساتھ الگ کتابی صورت میں بھی شائع کیا۔(۶۴) بعد کے عربی ایڈیشن مزید ضروری ترمیم کے ساتھ شائع ہوتے رہے۔ عربی ایڈیشن شائع ہونے کے ساتھ ہی ہندی مسلمانوں میں بھی اس کی خوب مقبولیت ہوئی۔ اور ڈاکٹر صاحب کے برادر محترم مولانا محمد حبیب اللہ صاحب نے شدید مصروفیتوں اور علالت کے باوجود اس کا اُردو میں ترجمہ فرمایا اور اسے ڈاکٹر صاحب کے پاس نظر ثانی کے لیے بھیجا۔ اسلامک پبلی کیشنز سوسائٹی حیدرآباد (دکن) نمبر ۲ کے سلسلہ مطبوعات میں مکتبہ نشاۃ ثانیہ معظم جاہی مارکیٹ حیدرآباد (دکن) کے زیر اہتمام صحیفہ ہمام بن منبہ کی نظر ثانی کے بعد طبع چہارم ۱۹۵۶ء میں پیش کی گئی جو کہ ۱۴۳ صفحات پر مشتمل ہے جس میں صفحہ ۱۱ سے صفحہ ۷۷ تک ''حدیثِ نبوی کی تدوین وحفاظت'' کے زیر عنوان طویل دیباچہ پایا جاتا ہے۔ بعد ازاں صفحہ ۷۹ سے صفحہ ۱۲۱ تک صحیفہ کا عربی متن ایک صفحہ پر اور بالمقابل صفحہ پر اردو ترجمہ پایا جاتا ہے۔ صفحہ ۱۲۳ سے صفحہ ۱۲۹ تک اختلاف الروایات کا بیان ہے اور صفحہ ۱۳۱ سے صفحہ ۱۴۳ تک مخطوط دمشق اور مخطوطہ برلین کی سماعتیں پائی جاتی ہیں۔

طبع چہارم کے آغاز میں صفحہ ۱۰ پر ''پیش لفظ طبع ثالث'' تو موجود ہے لیکن طبع ثالث کا سال نہیں پایا جاتا ہے علاوہ ازیں طبع اول ودم کی کوئی نشان دہی نہیں ملتی۔ لیکن طبع ثالث سے ظاہر ہوتا ہے کہ عربی دو ایڈیشنوں کے بعد عربی متن اور اردو ترجمہ کے ساتھ طبع کو طبع میں ثالث شمار کیا گیا ہے اور اردو ترجمہ کے اعتبار سے یہ پہلی طبع ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے الفاظ ملاحظہ ہوں:

> ''ان حالات میں مناسب معلوم ہوا کہ اصل عربی کتاب کا ایک نیا ایڈیشن شائع ہوجائے اور دیباچے کو عصری بتایا جائے چنانچہ ایک تو اصل صحیفہ ہمام بن منبہ شائع کیا جارہا ہے دوسرے نہ صرف اس کا بلکہ سابقہ عربی دیباچے کا (بھی ضروری اصلاح وترمیم کے بعد) اردو ترجمہ جو برادر محترم نے کیا ہے شامل کیا جارہا ہے یہ دیباچہ بتائے گا کہ حدیث نبوی کی تاریخ میں صحیفہ ہمام کو کیا درجہ اور کیا اہمیت حاصل ہے۔''(۶۷)

''پیش لفظ طبع چہارم'' میں ڈاکٹر صاحب نے لکھا ہے کہ:

''گذشتہ اشاعت کے آخر میں ''بازیاذ'' کے طور پر جو اشارے کیے گئے تھے وہ اب دیباچہ کے متن میں سمو دیئے گئے ہیں۔'' (۴۸) گویا ''بازیاذ'' والی طبع ثالث ہے۔

اس طرح ثالث و طبع چہارم حیدر آباد (دکن) سے ۱۹۵۶ء میں واقع ہوئی ہے جبکہ برادر عزیزم ڈاکٹر محمد عبداللہ صاحب نے لکھا ہے:

''اس کا سب سے پہلا ایڈیشن ۱۹۶۱ء میں حیدر آباد سے شائع ہوا۔'' (۵۰)

یہ کمپوزنگ کی غلطی ہو سکتی ہے کیونکہ ۱۹۵۶ء کی طبع چہارم تو میرے ہاتھوں میں ہے☆ اور اگر کمپوزنگ کی غلطی نہیں تو پھر ۱۹۵۶ء میں طبع چہارم کے بعد ۱۹۶۱ء میں طبع اول کی تحقیق سمجھ سے بالاتر ہے۔ ملک سنز فیصل آباد، کی طرف سے ۱۹۸۳ء میں شائع شدہ صحیفہ ھمام بن منبہ کے شروع میں ایک اضافی دیباچہ از پروفیسر غلام احمد حریری پایا جاتا ہے (۵۱) اس دیباچہ میں جناب حریری صاحب نے دین اسلام میں حدیث کا مقام صحابہ کرام اور حدیث نبوی کے بعد فتنہ انکار حدیث پر قلم اٹھایا ہے بعد ازاں حضرت ابو ہریرہؓ کا تعارف پیش کیا ہے اور ڈاکٹر صاحب کی عبارت:

''غرض بطور فقیہ حضرت ابو ہریرہؓ کا وہ درجہ نہیں جو خلفاء راشدین، عبداللہ بن مسعود، بی بی عائشہ، ابن عمر وغیرہ (رضی اللہ عنہم) کا ہے۔'' (۵۲)

اس پر حریری صاحب نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے علمی اور تاریخی و تحقیقی انداز میں یہ ثابت کیا ہے کہ:

''حضرت ابو ہریرہؓ فتوی و اجتہاد کے اعتبار سے اکابر صحابہ کے زمرہ میں شمار ہوتے تھے اور وہ اس ضمن میں کسی طرح بھی حضرت عبداللہ بن عمر، عثمان بن عفان اور دیگر کبار صحابہ سے کم درجہ نہ تھے۔'' (۵۳)

صحیفہ ھمام بن منبہ کے عربی سے اردو ترجمہ کے علاوہ ترکی، فرانسیسی، انگریزی تراجم بھی پائے جاتے ہیں۔ کمال قوشچو کا کردہ ترکی ترجمہ ۱۹۶۷ء میں استنبول سے طبع ہوا۔ اس کا مقدمہ الگ سے بزبان ترکی ''مختصر تاریخ حدیث'' کے نام سے مارکیٹ میں پایا جاتا ہے۔ یہ صحیفہ درحقیقت حضرت ھمام بن منبہ (م ۱۰۱ھ) کی وہ تحریری یادگار رہے جو انہوں نے اپنے استاد محترم صحابی رسول حضرت ابو ہریرہؓ (۵۸ھ) سے نقل کیا تھا گویا اسے نبی علیہ الصلاۃ والسلام کی رحلت

کے بعد ۵۰ سال کے اندر اندر اور حضرت ابو ہریرہؓ کی وفات سے پہلے ضبط تحریر میں لایا گیا۔ اس قدر قدیم ترین مجموعہ احادیث رسول کی دریافت، اور تحقیق و تخریج سے ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے مستشرقین کے اگلے ہوئے اور برصغیر کے منکرین کے ترنوالے کو ''عصف ماکول'' بنا کر رکھ دیا ہے۔ اوران کے معاندانہ و جاہلانہ اعتراض کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا ہے کہ ''احادیث تیسری صدی ہجری میں احاطہ تحریر میں لائی گئی ہیں'' ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کی یہ خدمت حدیث، بڑے بڑے محدثین کی خدمات حدیث سے کہیں بڑھ کر ہے کیونکہ اس تحقیق نے ایک طرف مستشرقین و منکرین حدیث کے منہ پر ایک زبردست تاریخی طمانچہ رسید کیا اور دوسری طرف اس فکر سے متاثر بہت سے گمراہوں کی ہدایت کا سامان مہیا کیا ہے۔

○ سیرۃ ابن اسحاق (۱۵۱ھ)

متونِ حدیث کے قدیم ترین ماخذوں میں سے ایک اہم ترین ماخذ سیرت ابن اسحاق (۱۵۱ھ) ہے۔ یہ ماخذ مدت مدید سے مفقود تھا۔ اہل علم کے ہاں اس کی تہذیب و تلخیص سیرۃ ابن ہشام ہی متداول تھی۔ اصل کتاب دیکھنے کی آس تقریباً ختم ہو چکی تھی کہ جامعہ رباط کے فاضل استاد ابراہیم الکتانی نے مکتبہ قرویین میں پائے جانے والے ناقص مخطوطے کے دو قطعوں کی مائیکروفلم ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کو بھیجی۔ جس کو پڑھنے اور صاف لکھنے کی صبر آزما مشقت سے آپ نبرد آزما ہوئے، بعدازاں ڈاکٹر صاحب نے اصل مخطوط سے تقابل کی غرض سے مبیضہ کو ابراہیم الکتانی کے پاس بھیجا کسی قدر تقابل کی زحمت جناب ابراہیم الکتانی صاحب نے گوارا کی۔

اس ناقص مخطوطے کے پہلے قطعے کے جزء اول کا پہلا ورق ناقص ہے جزء اول کا اختتام یوں ہے:

آخر الجزاء الاول من كتاب المغازی لا بن اسحاق يتلوه فی الثانی ان
شاء الله حديث بحيرا الراهب (۵۴)

دوسرا قطعہ شروع تو ''حدیث بحیرا'' سے ہی ہوتا ہے لیکن یہ پہلے جزء سے مختلف ہے، دوسرے قطعے میں سیرۃ ابن اسحاق کا الجزء الثانی، الثالث، الجزء الرابع، اور الجزء الخامس پایا جاتا ہے۔

ڈاکٹر صاحب کی محققہ یہ نادر ونایاب کتاب ''خدمت الخیر یہ وقف قونیہ'' کی طرف سے ترکی میں ۱۴۰۱ھ/ ۱۹۸۱ء میں طبع ہوئی۔ اس ایڈیشن کے آغاز میں ۴۰ صفحات پر مشتمل طویل انتہائی عالمانہ ومحققانہ مقدمہ پایا جاتا ہے جس میں محقق کتاب جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے اہل ایمان کے ہاں سیرت النبیؐ مختلف ادوار میں سیرت نگاری، ابن اسحاق اور امام مالک، نیز ابن اسحاق کی خدمات کے اعتراف کا حق ادا کیا ہے۔

طبع قونیہ میں یہ دونوں قطعے صفحہ ۱ تا صفحہ ۲۸۰ پائے جاتے ہیں۔ ہر صفحے کے نیچے حاشیہ میں سیرۃ ابن ہشام اور سہیلی کے حوالہ جات پائے جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں آپ نے آیات قرآنیہ کی تخریج بھی کی ہے اور ان مخطوطوں میں پائی جانے والی خالی جگہوں یا نا قابل فہم الفاظ کو سیرۃ ابن ہشام کی مدد سے مکمل کیا ہے۔

دونوں قطعے (بشمول پانچ اجزاء) یونس بن بکیر کی روایت سے پائے جاتے ہیں ان کے علاوہ ڈاکٹر صاحب کو سیرۃ ابن اسحاق کا ایک قطعہ مکتبہ ظاہریہ (دمشق) کے مخطوطات سے دستیاب ہوا جو کہ یونس بن بکیر کی بجائے محمد بن سلمۃ کی روایت ہے طبع قونیہ میں یہ قطعہ صفحہ ۲۸۵ تا صفحہ ۳۱۶ پایا جاتا ہے۔ متن کتاب کے بعد درج ذیل ایک جدول اور تین فہرستیں پائی جاتی ہیں۔

- جدول المقارنة (بین نص هذا الكتاب و كتاب ابن ہشام)
- فہرست آیات القرآن
- فہرست القوافی
- فہرست الاسماء والاعلام

جدول المقارنہ میں ڈاکٹر صاحب نے سیرۃ ابن اسحاق کے ۵۲۰ پیراگراف کے بالمقابل سیرۃ ابن ہشام کے صفحات درج کیے ہیں۔ (۵۵) آیات قرآنیہ کی فہرست میں سورۃ نمبر، آیات نمبر درج کرنے کے بعد مقابل میں کتاب کا فقرہ (پیراگراف) درج کیا گیا ہے۔ (۵۶) فہرست القوافی حروف تہجی کے اعتبار سے تیار کی گئی ہے۔ یہ ترتیب قافیہ کے آخر کے لحاظ سے ہے اور ہر حرف کے اندر قافیہ کے ابتداء کے لحاظ سے ہے۔ (۵۷) فہرست الاسماء والاعلام بھی حروف تہجی کے اعتبار سے وضع کی گئی ہے۔ صفحہ نمبر کی بجائے پیراگراف نمبر ہی یہاں پر قائم ہے۔ اس

فہرست میں ح=(حاشیہ)،ر=(راوی)،ش=(شاعر)،ق=(قوم اور قبیلہ)،م=(موضع اور محل) کے لیے بطور رموز درج ہیں۔(۵۸)سب سے آخر پر فہرست کتاب صفحہ۳۹۱ تا صفحہ۳۹۵ پائی جاتی ہے۔جس میں بطور رموز درج ہیں۔(۵۸)سب سے آخر پر فہرست کتاب صفحہ۳۹۱ تا صفحہ۳۹۵ پائی جاتی ہے۔جس میں پیراگراف کے حوالہ سے اہم موضوعات کی نشان دہی کی گئی ہے۔ڈاکٹر صاحب نے ۵۲۰ پیراگراف میں سے ۱۷۷ موضوعات پر مبنی یہ فہرست تیار کی ہے۔

اس کتاب کے ۵۲۰ پیراگراف درحقیقت ۵۰۰ کے لگ بھگ روایات (احادیث) کے قدیم ترین ماخذ کی دریافت ہے یہ تحقیق جہاں سیرت النبیؐ کی خدمت عظمی ہے وہاں منکرین حدیث کے مبنی بر جہالت اس اعتراض کا بھی شافی رد ہے کہ احادیث کی کتابت تیسری صدی ہجری میں معرض وجود میں لائی گئی جب کہ روایات کا اس قدر عظیم ذخیرہ فاضل سیرت نگار ابن اسحاق کی وفات ۱۵۱ھ سے قبل تحریری شکل اختیار کر چکا تھا۔

○ انساب الاشراف

احمد بن یحیی المعروف بالبلاذری (۲۷۹ھ) کی یہ تصنیف بنیادی طور پر سیرت النبیؐ کی کتاب ہے جس کی تحقیق کا فریضہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے سرانجام دیا۔آپ کی تحقیق کی بنیاد مکتبہ سلیمانیہ استنبول میں رئیس الکتاب سیکشن میں موجود مخطوط نمبر ۵۹۷۔۵۹۸ ہے اس مخطوطہ کی محققہ جلد اول معہد المخطوطات بجامعة الدول العربية نے دارالمعارف مصر کے اشتراک سے ۱۹۵۹ء میں شائع کی۔ڈاکٹر صاحب نے اس کے پیراگراف کی ۱۲۰۵ تک تعداد مقرر کی ہے۔یہ پیراگراف زیادہ تر سیرتِ نبویؐ سے ہی متعلقہ ہیں۔سیرتِ نبویؐ کی کتب، کتب حدیث کی ہی ایک قسم ہے جس میں سینکڑوں روایات مع سند براہِ راست حدیثِ نبویؐ کے زمرے میں آتی ہیں۔اس طرح ڈاکٹر صاحب کا سیرتِ نبویؐ کے اس مخطوطے کو ایڈٹ کرنا حدیثِ نبویؐ کی عموی طور پر ایک بہترین خدمت ہے۔آپ کے ایڈٹ کردہ دیگر مخطوطوں کی طرح یہ مخطوطہ بھی اس بات کا بین ثبوت ہے کہ احادیث کے تحریری مجموعے عجمی محدثین نے خود نہیں گھڑ ڈالے بلکہ اسانید کے محکم سلسلہ کے ساتھ مروی روایات کو ہی انہوں نے تحریری مجموعوں کی شکل دی تھی۔اپنی طرف سے ان میں کوئی ایک روایت بھی داخل نہیں کی اگر کسی جگہ اس قسم کی

ناپاک کوشش کی گئی تو محدثین نے وضع حدیث کے ضابطے لاگو کر کے اس خزف ریزے کو جواہر نبوی سے بالکل چھانٹ کرا الگ کر دیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے تحقیق کردہ مخطوطوں نے احادیث کے بارے میں تاریخی اعتبار سے عدم تسلسل کے اعتراض کا خوب رد کیا ہے اور اس طرح حدیث نبوی پر پھیلائے گئے شبہات و اعتراضات کا خوب پائیدار جواب مہیا کیا ہے۔

○ کتاب السرد و الفرد فی صحائف الاخبار ونسخها المنقولة عن سید المرسلین

ابوالخیر احمد بن اسماعیل القزوینی (۵۹۰ھ) کی اس تالیف کا ایک مخطوط ڈاکٹر صاحب نے مکتبہ سلیمانیہ (استنبول) کے وزیر شہید علی پاشا سیکشن میں نمبر ۵۳۹ پر تلاش کیا اس کی تحقیق اور انگریزی ترجمہ کیا جو کہ پاکستان ہجرہ کونسل اسلام آباد کی طرف سے ۱۴۱۱ھ/۱۹۹۱ء میں شائع ہوا۔ اس طبع میں انگریزی تعارف اور اس مجموعہ کے گیارہ صحائف کی ۴۵۴ احادیث کا انگریزی ترجمہ ۱۰۲ صفحات پر محیط ہے جبکہ صحائف کا عربی متن، عربی حصے میں صفحہ ۷ تا ۷۳ پایا جاتا ہے۔ صفحہ ۱ تا ۲۹ میں ڈاکٹر صاحب نے Introduction پیش کیا ہے۔ اس میں آپ نے:

○ History of Hadith, ○ Compilation before the Hijrah,

○ Private effort, ○ Compilation after the Hijrah,

جیسے عنوانات کے تحت معلومات کے دریا بہائے ہیں بعد ازاں کتاب السرد و الفرد کا تعارف پیش کیا ہے۔
کتاب السرد و الفرد میں مندرجہ ذیل گیارہ صحائف امام قزوینی نے اکٹھے کیے ہیں۔

❶ صحیفہ ھمام بن منبہ

یہ صحیفہ ڈاکٹر صاحب الگ سے بھی شائع کر چکے ہیں اس مجموعے میں صحیفہ ھمام بن منبہ عن ابی ہریرہ مکمل طور پر پایا جاتا ہے لیکن اس کی ترتیب ڈاکٹر صاحب کے برلین، قاہرہ اور دمشق کے مخطوطوں سے شائع کردہ صحیفے کی ترتیب سے مختلف ہے۔ تاہم احادیث کی تعداد یکساں ہے ڈاکٹر صاحب نے صفحہ ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰ پر اس مجموعہ میں ۱۳۵ احادیث کا ایک تخریجی تقابلی جدول پیش کیا ہے جس میں پہلا نمبر اس مجموعہ میں حدیث کا نمبر ہے اور اس کے

ساتھ دوسرا نمبر ڈاکٹر صاحب کے الگ سے تحقیق کردہ صحیفہ ہمام بن منبہ کا حدیث نمبر ہے۔اس کے بعد ہر حدیث کی بخاری مسلم سے تخریج پیش کی ہے جو حدیث صحیحین میں نہیں پائی جاتی اس کی تخریج دیگر کتابوں سے نہیں کی گئی ہے۔ یہ جدول دراصل اردو عربی ایڈیشن کا ہی انگریزی ترجمہ ہے۔انگریزی حصہ میں صفحہ ۵ تا ۳۰ اس کا انگریزی ترجمہ اور عربی متن،عربی حصہ میں صفحہ ۷ تا ۲۳ پایا جاتا ہے۔

❷ صحیفہ کلثوم بن محمد عن ابی ہریرہ

اس صحیفہ کی ۱۸۳ احادیث کی تخریج معجم المفہرس (وینسک/فواد عبدالباقی) کی مدد سے پیش کی ہے یہ فہرست صفحہ ۲۱ تا ۲۳ پائی جاتی ہے۔انگریزی ترجمہ صفحہ ۳۱ تا ۴۲ اور عربی متن،عربی حصہ میں صفحہ ۲۴ تا ۳۱ پایا جاتا ہے۔

❸ صحیفہ عبدالرزاق عن ابی ہریرہ

اس صحیفہ میں ۴۷ احادیث پائی جاتی ہیں جن کی تخریج فہرست صفحہ ۲۳ پر پائی جاتی ہے۔جس میں صرف حدیث نمبر ۲، ۷، ۱۰، ۱۱، ۱۶، ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۱، ۳۲، ۳۴، ۳۵، ۴۰ اور ۴۷ کی تخریج بیان کی گئی ہے۔

باقی احادیث کی تخریج کے بارے میں کچھ درج نہیں ان احادیث کا انگریزی ترجمہ صفحہ ۴۳ تا ۴۱ اور عربی متن، عربی حصہ میں صفحہ ۳۲ تا ۳۷ پایا جاتا ہے ۔

❹ حمید الطّویل عن انس بن مالک

اس صحیفہ میں ۱۰۰/احادیث پائی جاتی ہیں۔جن کی تخریجی فہرست صفحہ ۲۳، ۲۴ پر،انگریزی ترجمہ صفحہ ۱۳ تا ۵۴ اور عربی متن،عربی حصہ میں صفحہ ۳۸، ۳۹ پر پایا جاتا ہے۔

❺ صحیفہ من طریق اہل البیت عن علی بن ابی طالب

اس صحیفہ میں ۱۱۹/احادیث پائی جاتی ہیں جن کی تخریجی فہرست صفحہ ۲۴ پر پائی جاتی ہے جس میں صرف حدیث نمبر ۱۱۴ اور ۱۹ کی تخریج بیان کی گئی ہے احادیث کا انگریزی ترجمہ صفحہ ۵۵ تا ۵۸ اور عربی متن عربی حصہ میں صفحہ ۴۰ تا ۴۲ پایا جاتا ہے۔

❻ صحیفہ الخضر والیاس عن النبی ﷺ

اس صحیفہ میں ۲۱ / احادیث پائی جاتی ہیں جن کی تخریجی فہرست صفحہ ۲۴ پر پائی جاتی ہے جس میں صرف دو احادیث نمبر ۷ اور ۸ کی تخریج بیان ہوئی ہے احادیث کا انگریزی ترجمہ ۵۹ تا ۶۳ اور عربی متن، عربی حصہ میں صفحہ ۴۳ تا ۴۵ پایا جاتا ہے،......وبہ قالا سمعنا رسول اللہ ﷺ یقول: کی سند سے یہ تمام روایتیں جمع کی ہیں۔ محدثین کے ہاں حضرت خضر اور حضرت الیاسؑ کی روایتیں موضوعات کے زمرے میں شمار ہوتی ہیں (۵۹) لیکن ڈاکٹر صاحب نے اس پر کوئی اشارہ نہیں کیا ہے۔

❼ صحیفہ الاشج عن علی بن ابی طالب

اس صحیفہ میں ۲۰ / احادیث پائی جاتی ہیں جن کی تخریجی فہرست صفحہ ۲۴ پر پائی جاتی ہے جس میں صرف گیارہ روایات (نمبر ۲، ۴، ۵، ۶، ۷، ۹، ۱۳، ۱۴، ۱۵، ۱۶، ۲۰) کی تخریج پائی جاتی ہے احادیث کا انگریزی ترجمہ صفحہ ۶۴ تا ۶۸ اور عربی متن، عربی حصہ میں صفحہ ۴۶ تا ۴۹ پایا جاتا ہے محدثین کے ہاں الاشجیات موضوعات میں شمار ہوتی ہیں۔ (۶۰) لیکن ڈاکٹر صاحب نے کوئی اشارہ نہیں کیا ہے۔

❽ صحیفہ جعفر نسطور الرومی

اس صحیفہ میں ۱۲ / احادیث پائی جاتی ہیں جن کی تخریجی فہرست کے بارے میں صفحہ ۲۴ پر درج ہے کہ Reference Found No Where Else. یعنی ان روایات کا حوالہ دوسری کتب میں کہیں بھی نہیں مل سکا ان روایات کا انگریزی ترجمہ صفحہ ۶۹ تا ۷۱ اور عربی متن، عربی حصہ میں صفحہ ۵۰ تا ۵۲ پایا جاتا ہے محدثین کے ہاں جعفر بن نسطور الرومی کی روایات موضوعات میں شمار ہوتی ہیں۔ (۶۱) لیکن ڈاکٹر صاحب اس پر کوئی آگاہی کرتے دکھائی نہیں دیتے۔

❾ صحیفہ خراش عن انس بن مالک

اس صحیفہ میں ۱۵ / احادیث پائی جاتی ہیں جن کی تخریجی فہرست ۲۵ پر پائی جاتی ہے جس میں دس احادیث کی

تخریج بیان ہوئی ہے ان احادیث کا انگریزی ترجمہ صفحہ۷۲ تا ۷۵ اور عربی متن، عربی حصہ میں صفحہ۵۳ تا ۵۵ پایا جاتا ہے۔ محدثین کے ہاں خراش کی روایات موضوعات میں شمار ہوتی ہیں۔ (۶۲) لیکن ڈاکٹر صاحب اس بارے میں بالکل خبردار نہیں کرتے ہیں۔

⑩ صحیفہ عبدالرزاق عن ابن عمر

اس صحیفہ میں ۱۲۷ احادیث پائی جاتی ہیں جن کی تخریج فہرست صفحہ ۲۵، ۲۶ پر پائی جاتی ہے ان احادیث کا انگریزی ترجمہ صفحہ ۷۶ تا ۸۱ اور عربی متن، عربی حصہ میں صفحہ ۵۶ تا ۶۰ پایا جاتا ہے۔

۱۱۔ صحیفہ جویریۃ بن اسماء عن ابن عمر

اس صحیفہ میں ۱۸۳ احادیث پائی جاتی ہیں جن کی تخریجی فہرست صفحہ ۲۶ تا ۲۹ پائی جاتی ہے احادیث کا انگریزی ترجمہ صفحہ ۸۲ تا ۱۰۱ اور عربی متن، عربی حصہ میں صفحہ ۶۱ تا ۷۳ پایا جاتا ہے۔

○ الاخبار الطّوال (جملہ معترضہ)

''شعبہ علوم اسلامیہ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان کی طرف سے ایک تحقیقی مقالہ برائے ایم اے علوم اسلامیہ (سیشن ۱۹۹۸۔ ۲۰۰۰ء) بعنوان ''ڈاکٹر محمد حمید اللہ بطور سیرت نگار'' تیار کیا گیا ہے۔ مقالہ نگار فرخ ناز صاحبہ نے یہ تحقیق پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم رانا کے زیر نگرانی سرانجام دی ہے۔ مقالہ ہذا میں ڈاکٹر صاحب کی تالیفات کی فہرست میں نمبر ۴۰ پر یوں معلومات کے دریا بہائے گئے ہیں۔

''الاخبار الطّوال ابوحنیفہ الدینوری: (ابوحنیفہ دینوری کا مجموعہ حدیث) مجلّہ عثمانیہ صفحہ ۹۸ (۶۳) الاخبار الطّوال کی ابوحنیفہ الدینوری کا مجموعہ حدیث پڑھ کر حیرت ہوئی کہ محترمہ مقالہ نگار صاحبہ اور گائیڈ صاحب بلکہ شاید بیرونی ممتحن صاحب نے بھی الاخبار الطّوال کو دیکھنے کی زحمت گوارا نہ کی۔ ابوحنیفہ دینوری (۲۸۲ھ) کی الاخبار الطّوال کا شمار ہماری ملی تاریخ کے قدیم ماخذوں میں ہوتا ہے، ابوحنیفہ دینوری نے دیگر عرب مؤلفوں کی طرح اپنی تاریخ حضرت آدم سے شروع کی ہے اور محمد المعتصم (۲۲۷ھ) کی حکومت پر ختم کی ہے ساری کی ساری کتاب تاریخی

واقعات سے بھری پڑی ہے حدیث نام کی (سوائے ایک روایت کے) (۶۴) کوئی شے اس میں نہیں پائی جاتی ہے۔ جبکہ مذکورہ مقالہ میں اسے ابوحنیفہ دینوری کا مجموعہ حدیث گردانا ہے تحقیق کے نام پر اس بلاتحقیق سرانجام دیئے جانے والے کارنامے سے مزید کوئی دھوکہ نہ کھائے اس لیے یہ وضاحت ضروری سمجھی گئی ہے۔ مجموعہ حدیث ہونے سے ہٹ کر الاخبار الطّوال کو ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کی فہرست تصنیفات، تالیفات تراجم خطبات میں گڈمڈ کر دیا گیا ہے۔ یہ کتاب نہ ڈاکٹر صاحب کی تصنیف نہ تالیف نہ ہی ترجمہ کردہ ہے۔ اس کا اُردو ترجمہ جناب پروفیسر محمد منور (مرزا) نے کیا ہے (۶۵) ڈاکٹر صاحب نے روسی مستشرق اغناطیوس کراچ کوفسکی کے صرف فرانسیسی مقدمے اور اشاریے کا ملخص اردو ترجمہ کیا ہے (۶۶) نیز ایک ضمیمے کی شکل میں الاخبار الطّوال اور اس کے مصنف کے بارے میں بعض ضروری باتوں کا اضافہ کیا ہے۔'' (۶۷)

○ مقدمہ کتاب السنن لسعید بن منصور

ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے ۱۳۸۰ھ میں اپنی بعض تحقیقات علمیہ کے سلسلے میں مکتبہ محمد پاشا کوپرولی (ترکی) میں مصروف کار تھے کہ وہاں پر آپ کو سنن سعید بن منصور (۲۲۷ھ) کا ناقص نسخہ دریافت ہوا جو کہ مصنف ابن ابی شیبہ کے تحت غلط طور پر مندرج تھا۔ آپ نے یہ نسخہ بغرض تحقیق مولانا حبیب الرحمٰن الاعظمی کو عنایت کر دیا۔ اور بوقت طبع اس پر ایک قیمتی مقدمہ تحریر فرمایا۔ جو القسم الاول عن المجلد الثالث میں صفحہ ۱۳ تا ۳۰ پایا جاتا ہے اس مقدمہ میں آپ نے پہلے حکایۃ الاکتشاف بیان کی ہے پھر سنن کی سعید بن منصور سے نسبت کو یقینی ہونا ثابت کیا ہے بعد ازاں رواۃ کی تحقیق پیش کی ہے سعید بن منصور کے حالات زندگی اہم ترین بنیادی ماخذوں سے جمع کیے ہیں آخر میں اس پر کتاب کی اہمیت اور تاریخ علم حدیث میں اس کا مقام و مرتبہ واضح کیا ہے۔ یہ طویل مقدمہ آپ کے تبحر علمی اور حدیثِ نبوی کی حفاظت کے لیے کردہ کاوشوں کا بین ثبوت ہے۔ (۶۸)

ڈاکٹر علی (Dr. Ali) آف ترکی نے ''مصنف سعید بن منصور کی از سر نو تالیف'' کے موضوع پر Ph.D کی ہے دوران تحقیق رہنمائی کی غرض سے جناب ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کو خط لکھا۔ حسب عادت ڈاکٹر صاحب نے انتہائی مشفقانہ انداز میں بزبان ترکی جواب بھیجا۔ سنن سعید بن منصور کی مناسبت اور آپ کی ترکی زبان سے آگاہی کی غرض سے خط نقل کیا جا رہا ہے (۶۹) اور اس کا ترجمہ انتہائی مفید گردانتے ہوئے پیش خدمت ہے۔

(اردو ترجمہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

میرے عزیز بھائی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا مکتوب گرامی ملا۔ شکریہ۔ اللہ آپ سے راضی ہو۔

سنن سعید بن منصور تین چوتھائی باقی نہیں رہی۔ اس کا تکرار آسان کام نہیں ہے۔ بہرحال کوشش سعید ہے ایک نکتہ اہم ہے کہ سعید بن منصور سے متعلقہ ہر شے اس کی سنن میں نہیں ہے۔ میرے تجربے میں ہے کہ بعض اشیاء کو میں نے امام احمد بن حنبل سے منسوب پایا جو کہ مسند احمد میں نہیں ہیں امام مسلم سے منسوب پایا اور وہ صحیح میں نہیں ہیں۔

آپ کی فہرست میں تاریخ طبرانی نہیں مل پائی۔ اس کی طبع یورپ کے انڈکس میں iii، ۲۴۲۸ پر سعید بن منصور کی ایک روایت کا ذکر ہے اس سے زیادہ اہم شاید ابن کثیر کی تفسیر ہے۔ علاوہ ازیں ابن عبدالبر کی استیعاب بھی شاید مفید ماخذ ثابت ہو اسی طرح سنن سعید بن منصور (بھی)

اگر آپ نئی روایات تلاش کریں اور انہیں صحاح ستہ کے ابواب کی طرز پر ترتیب دیں تو بہت فائدہ ہوگا۔ مطبوع سنن بن منصور کے اہم کلمات کا انڈکس ایک مفید شے ہوگا۔ نئے ماخذوں میں سعید بن منصور سے متعلق کوئی روایت ہو تو کیا یہ سنن (سعید بن منصور) میں ہے یا نہیں؟ اس کے لیے یہ اہم کلمات کا انڈکس مددگار ہوگا۔ بہرحال میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اللہ آپ سے راضی ہو۔

والسلام

محمد حمید اللہ

اس خط سے ڈاکٹر صاحب کی معلومات کی وسعت کا خوب اندازہ ہوتا ہے اور راہنمائی کے طالبین پر آپ کی شفقت بھی عیاں ہے آج ایسی جامع شخصیت کو کہاں سے ڈھونڈ کر لائیں۔ ساری امت مسلمہ، ایک بچھڑے آدی کا متبادل پیش کرنے سے قاصر ہے جو ہر روز دنیا بھر سے آنے والے بیسیوں خطوط کا اسی انداز میں جواب دیتے تھے۔ خط لکھنے والے اکثر اعلیٰ درجے کے محققین ہوتے یا تحقیق کے میدان میں اعلیٰ سطح پر تحقیق کرنے والے ہوتے، ڈاکٹر صاحب ہر ایک کو اس کے حسب حال جواب سے نوازتے۔

○ جامع معمر بن راشد

جناب محمد رحیم الدین صاحب نے صحیفہ ھمام بن منبہ کے حرف آغاز میں لکھا ہے کہ:

''ابھی حال میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے یہ خوش خبری سنائی ہے کہ انقرہ یونیورسٹی ترکی کے کتب خانہ سے ھمام بن منبہ کے شاگرد رشید، معمر بن راشد (۱۵۲ھ) کا صحیفہ بھی انہوں نے ڈھونڈ نکالا ہے اور اس کو ایڈٹ کرنا شروع کر دیا ہے۔''(۷۰)

ڈاکٹر صاحب کا تلاش کردہ جامع معمر بن راشد کا نسخہ انقرہ یونیورسٹی کے شعبہ زبان و تاریخ، جغرافیہ کے اسماعیل صاحب سنجر سیکشن میں نمبر ۲۱۶۴ پر پایا جاتا ہے (۷۱) جامع معمر بن راشد، مطبوعہ مصنف عبدالرزاق کے آخر پر بھی موجود ہے۔ (۷۲)

ڈاکٹر صاحب کے اس کو ایڈٹ کرنے کی مذکورہ بالا خوش خبری کی مزید تفصیلات حاصل کرنے سے قاصر رہا ہوں۔ آپ کے تحقیقی کاموں میں جامع معمر بن راشد کی ایڈیٹنگ کا ذکر مزید کہیں نہیں ملتا ہے۔ تاہم آپ مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی صاحب سے مصنف عبدالرزاق کے آخر پر پائی جانے والی ''کتاب الجامع'' کے بارے میں اختلاف رائے رکھتے تھے اعظمی صاحب کے نزدیک ''کتاب الجامع'' مصنف عبدالرزاق کا ہی حصہ ہے جبکہ ڈاکٹر صاحب کے نزدیک مصنف عبدالرزاق کا حصہ نہیں بلکہ یہ ''جامع معمر بن راشد'' ہے اس قضیہ کو ڈاکٹر محمد سعود عالم قاسمی نے ''ترجمان الاسلام'' بنارس سے یوں نقل کیا ہے۔ اس طرح مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی نے حافظ ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام (۲۱۱ھ) کی مصنف عبدالرزاق کو ایڈٹ کر کے ۱۹۷۲ء میں شائع کرایا تو ڈاکٹر صاحب نے استنبول کے

کتب خانے کے مخطوطات کے حوالہ سے ثابت کیا ہے ''مصنف عبدالرزاق'' کی آخری دو جلدیں معمر بن راشد کی ''کتاب الجامع'' پر مشتمل ہیں اور یہ مسند عبدالرزاق کا حصہ نہیں ہے اس کے جواب میں مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی نے ایک مضمون لکھا جس میں اپنے اس موقف پر دلیلیں پیش کیں کہ یہ جلدیں مصنف عبدالرزاق ہی کا حصہ ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے دوسرا مضمون لکھا اور کچھ مزید دلائل کا اضافہ کیا۔ جواب میں مولانا اعظمی نے اپنے نقطۂ نظر کے اثبات میں مزید حقائق وشواہد پیش کیے۔ مصنف عبدالرزاق اور ''جامع معمر بن راشد'' سے متعلق دونوں بزرگوں کے مذکورہ مکالمات تحقیق وتدوین کے طالب علموں کے لیے مشعل راہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ (۷۳)

یہ مضامین الارشاد اعظم گڑھ، اپریل ۱۹۸۳ء (ص ۵۷)، مئی ۱۹۸۳ء (ص ۴۵)، جون/ جولائی ۱۹۸۳ء (ص ۲۵۔۲۸) مئی جون ۱۹۸۴ء (ص ۵۹۔۶۰) میں پائے جاتے ہیں بھرپور کوشش کے باوجود صرف ایک مضمون ''مصنف عبدالرزاق'' مولانا حبیب الرحمٰن الاعظمی، کی فوٹو کاپی حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی۔ (۷۴)

اس میں مولانا اعظمی صاحب نے ڈاکٹر صاحب کا رد کرتے ہوئے خالصتاً علمی وتحقیقی انداز اختیار کرنے کی بجائے خاصا جارحانہ رویہ اپنایا ہے۔ جس کو ''مدیر الرشاد'' نے بھی محسوس کیا ہے اور لکھا ہے کہ :

> ''ڈاکٹر صاحب کی تحقیق سے مولانا اعظمی کو اختلاف ہے اور انہوں نے اس سلسلہ میں یہ مختصر تحریر روانہ فرمائی ہے جو شائع کی جارہی ہے لیکن اس سلسلہ میں راقم الحروف معذرت کرتے ہوئے عرض کرے گا مولانا نے جواب میں جو تحریر روانہ فرمائی ہے اس میں غصہ کا انداز بیان ان کے شایان شان نہیں ہے یہ علمی بحث ہے اس میں علمی ہی انداز مناسب ہے۔'' (۷۵)

○ اقدام آثار تدوین الحدیث کتابة

ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کا یہ مقالہ سہ ماہی ''الدراسات الاسلامیہ'' اسلام آباد کے شمارے جنوری/ مارچ ۱۹۸۵ء میں صفحہ ۵ تا ۲۰ پایا جاتا ہے اس میں ڈاکٹر صاحب نے نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے عصر مبارک کے تحریری سرمایہ احادیث کی نشان دہی کی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے عہدِ نبویؐ کی تحریروں کو تین حصوں:

- وثائق ماقبل الهجرة
- فی اثناء سفر الهجرة
- وثائق لما بعد الهجرة

میں تقسیم کیا ہے اور بڑے اختصار کے ساتھ ان کی نشان دہی فرمائی ہے۔ یہ مقالہ درحقیقت آپ کی مایہ ناز تحقیق ''الوثائق السیاسیۃ ......'' کا ملخص ہے۔ آپ نے زائد صرف یہ کیا ہے کہ اس مقالہ میں ''کتاب السر دوالفرد......'' کا اجمالی سا تعارف آخر پر شامل کیا ہے۔ (۷۶) آپ کا یہ مقالہ بھی منکرین حدیث کے اس اعتراض کا تاریخی وتحقیقی جواب ہے کہ حدیث نبوی کی کتابت تیسری صدی ہجری کی پیداوار نہیں ہے بلکہ یہ عہدِ نبویؐ کی میراث ہے مسلمانوں نے یہ کوئی من گھڑت ایجاد نہیں کی بلکہ پیغمبر اسلام علیہ الصلاۃ والسلام کے فرامین ذی شان اور مبارک تحریروں کی حفاظت کا فریضہ سرانجام دیا ہے۔

○ خطبہ تاریخ حدیث شریف

ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کا یہ تاریخی لیکچر ''خطباتِ بہاولپور'' طبع اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور ۱۴۰۱ھ میں صفحہ ۳۱ تا ۶۱ پایا جاتا ہے اپنے دیگر خطبات کی طرح یہ خطبہ بھی آپ نے تمام تر اپنے حافظے کی بنیاد پر دیا اور آپ سامنے معمولی سی چٹ بھی نہیں ہوتی تھی لیکن موضوع کے اعتبار سے تسلسل وہم آہنگی اور معلومات کی جامعیت کے سامنے آدمی حیران رہ جاتا ہے ان خطبات کے ایک سامع ہونے کے ناطے ڈاکٹر صاحب کی اثر انگیزی تاحال قلب وذہن میں برقرار ہے۔ دیگر سامعین کی طرح راقم بھی اس خطبہ کے بعد حدیث نبوی کے بارے میں پیدا کردہ تمام تر شکوک وشبہات کے بارے میں صاف ذہن اور حدیث پر ایمان بالیقین کی دولت سے مالا مال ہو کر پلٹا تھا۔ اس خطبہ میں آپ نے حدیث کی ضرورت واہمیت وحجیت میں ثابت کیا ہے کہ:

''حدیث کی اہمیت قرآن کی اہمیت سے کسی طرح کم نہیں۔'' (۷۷)

اسی طرح دیگر قوموں سے حدیث کے تقابلی جائزہ کے بارے کہتے ہیں کہ:

''حدیث ایک ایسا علم ہے اور حدیث کی مندرجات ایسی چیزیں ہیں جن کے مماثل کوئی اور چیز دوسرے مذاہب میں ہمیں نظر نہیں آتی ان حالات میں تقابلی مطالعے کا امکان باقی نہیں رہتا۔''(۷۸)

حدیث اور سنت کی اصطلاحی تعریف اور ان کا مترادف ہونا ثابت کیا ہے حدیث قدسی کی پہچان کروائی ہے احادیث کو ''سرکاری تحریریں'' اور ''نجی کاوشیں'' کے طور پر تقسیم کرتے ہوئے اس پر تفصیلی معلومات مہیا کی ہیں۔ لیکچر کے آخر پر آپ نے کتاب و تدوین حدیث کے بارے میں نبی علیہ الصلاۃ والسلام کی تعلیمات اور صحابہ کرام کی کاوشوں کا ٹھوس ثبوت پیش کیا ہے یوں تدوین حدیث کے بارے میں اس مغالطے کا رد کیا کہ یہ بعد کے ادوار کی پیداوار ہے۔ خطبہ کے بعد سوال و جواب کی نشست میں اہل سنت اور اہل تشیع کی کتب میں اختلاف کی توضیح و تطبیق سامنے لائے ہیں اصول حدیث میں روایت اور درایت کی اہم علمی فکری واصولی بحث کو نکھارا ہے اور بعض اہم مسائل پر احادیث نبوی کی روشنی میں سائلین کی راہنمائی کا فریضہ بھی سرانجام دیا ہے۔

تمام لیکچر کے نتیجے میں ڈاکٹر صاحب کے احادیث نبوی پر ٹھیٹھ ایمان کی ہر ایک کو خبر ہوئی جس میں مستشرقین و منکرین کے بلند بانگ علمی دعوؤں سے قطعی طور پر کوئی مرعوبیت نہیں پائی جاتی ہے، بلکہ عالمی سطح کی اہم ترین مسلم شخصیت کے حدیثِ نبویؐ پر انتہائی ٹھوس پختہ مگر سادہ ایمان نے ہر ایک کو حدیثِ نبویؐ پر ایسے ہی متصلبانہ ایمان کی دعوت فکر دی ہے۔

خدماتِ حدیث کے تفصیلی جائزہ سے آپ کی علمی دنیا میں برتری عیاں ہے۔ آپ بنیادی طور پر ایک ماہر قانون کے علاوہ محقق اور مؤرخ تھے لیکن آپ نے احادیثِ نبویہ ﷺ کے بارے میں مستشرقین اور مرعوبین کا علمی، تحقیقی و تاریخی طور پر جواب دینے کا فریضہ ذمے لیا۔ جدید و قدیم مشرقی و مغربی علوم اور کئی ایک ایشیائی و یورپی زبانوں کے ماہر ہونے کے ناطے احادیثِ نبویہ ﷺ کے بارے میں پھیلائے گئے اعتراض وشبہات دور کرنے کا جو بیڑا آپ نے اٹھایا اس کا یوں حق ادا کیا کہ منکرین حدیث کے اعتراضات خود ان کے لیے باعث عار بن گئے۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب ذاتی طور پر علوم الحدیث کی تجدید کر گئے اور آنے والی نسلوں کے لیے اس میدان میں کام کی بہت سی نئی راہیں کھول گئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی خدمات کو قبول فرمائے۔

حواشی وتعلیقات

۱) انقرہ یونیورسٹی، انقرہ ترکی کے صدر شعبہ علوم حدیث پروفیسر ڈاکٹر محمد سعید خطیب اوغلی کی زیر نگرانی راقم السطور کو Ph.D کی تحقیق کا شرف حاصل ہے آپ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کی طرح وسیع معلومات اور انتہائی بلند پایہ ذوق تحقیق رکھتے ہیں، جس کا بین ثبوت خطیب بغدادی (۴۶۳ھ) کی ''شرف اصحاب الحدیث'' کی تحقیق وتعلیق ہے۔ آپ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کے بڑے قریبی مراسم رکھتے تھے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے امام محمد کی ''السیر الکبیر'' کا فرانسیسی ترجمہ کیا اور یہ ترجمہ ترکی میں موصوف کی کاوشوں سے شائع ہوا اس کا مسودہ اپنے قیام ترکی (ماچس رادالہ) (۱۹۹۴ء۔۱۹۸۹ء) کے دوران استاد محترم کے پاس دیکھا تھا۔ ڈاکٹر خطیب اوغلی تقریباً ہر سال ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کی زیارت کے لیے پیرس تشریف لے جاتے ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کا نوکر، بیوی اور ٹیلی فون کے بارے میں رویہ بھی آپ کا دوران گفتگو بیان کردہ ہے۔

۲۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، خطبات بہاولپور، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور، ۱۴۰۱ھ، ص ز۔ وی (عبد القیوم قریشی: تعارف) ڈاکٹر سید رضوان علی ندوی، تحقیقات وتاثرات، کراچی، ۱۴۲۰ھ/ ۲۰۰۰ء، ص ۵۰۰۔۵۱۴ (ڈاکٹر محمد حمید اللہ۔ نقوش وتاثرات)؛؟ تذکرہ شعبہ قانون، حیدر آباد ۱۳۶۳ھ/۱۹۴۴ء؛ سہ ماہی ''تحقیقات اسلامی'' علی گڑھ جنوری۔ مارچ ۲۰۰۳ء، ص ۹۶۔۱۱۲ (ڈاکٹر محمد سعود عالم قاسمی: ڈاکٹر محمد حمید اللہ اور اسلامی علوم کی تحقیق وتدوین)؛ ماہنامہ ''اردو ڈائجسٹ'' لاہور، فروری ۲۰۰۳ء، ص ۱۹ (ادریس صدیقی: اسلام کا بین الاقوامی سفیر)؛ ماہنامہ ''البلاغ'' کراچی، ربیع الاول ۱۳۹۳ھ، ص ۲۰۔۲۷ ڈاکٹر حمید اللہ: حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی کی کتاب اظہار الحق اور اس ترجمہ ماہنامہ ''دعوۃ'' اسلام آباد مارچ ۲۰۰۳ (ڈاکٹر حمید اللہ نمبر)؛ ماہنامہ ''الرشاد'' اعظم گڑھ، مئی ۱۹۸۳ء ص ۴۸۔۵۳ (مولانا ابوعلی عبد الباری: محترم ڈاکٹر حمید اللہ صاحب دار المصنفین میں)؛ ماہنامہ ''فکر ونظر'' اسلام آباد، مئی ۱۹۷۶ء (یوم تاسیس نمبر) ص ۹۴۴ (بزمی انصاری: ادارۂ تحقیقات اسلامی) ماہنامہ ''محدث'' لاہور، فروری ۲۰۰۳ھ، ص ۶۵۔۶۸ (عظیم ترمذی: ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم)، ص ۶۹۔۷۲ (پروفیسر خورشید احمد: ڈاکٹر محمد حمید اللہ)؛ ماہنامہ ''معارف'' اعظم گڑھ، مارچ ۲۰۰۳ء، (شذرات آہ! فاضل گرامی ڈاکٹر محمد حمید اللہ رحلت فرما گئے) ہفت روزہ ''تکبیر'' کراچی، ۶ر فروری ۱۹۹۲ء، ص ۸۔۱۲ (محمد صلاح الدین، پیرس میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ سے وزیر اعظم نواز شریف کی ملاقات، ڈاکٹر محمد حمید اللہ مختصر سوانح)

Select List of the Printed work of Dr. Muhammad Hamidullh, Centre Culturel Islamique (Paris), First Edition 1.1.1404- 1980; Impect International, London, Jan-Mar.2003, P.17-20 (Dr. Mahmood Ahmad Ghazi: Sirah, Hadith and Law), P.21-23 (Dr. Mahmood Ahmad Ghazi : Teacher per Exellence), P.32-33 (Dr.

Muhammad Abdul Jabbar Beg : A Pupil's memories……), P.42-44 (M.H. Faruqi: The Last Citizen of Hyderabad……), P. 16 (Nadia Batool Ahmad : Humble and Dignified), P.31 (Razali Nawawi: Malaycounsels……), P.14-15 (Sadiz Athullah: Muhammad Hamidullah), P.28-30 (Syed Salman Nadvi : AScholar's Scholar), P.34-36 (Dr. Yuuf Zia Kavakci : The Debt we Own in Turkey……), P.24-27 (Zafar Ishaq Ansari : Great Encounters): www. muslim-canada .org/ biosketchhamid.html (Dr. Muhammad Hamidullah a Biographical Sketch), (Ayub Khan : Greatest Living Islamic Scholar Dr. Hamidullah Passed Away), (Dr. Kamil Yasaroglu: Cok.Yonlu Bir Islam Alimi Portresi: Muhammad Hamidullah)

۳۔ ڈاکٹر محمد حمیداللہ، خطباتِ بہاولپور، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور، ۱۴۱۰ھ، ص ۳۶: نقوش (رسول نمبر) لاہور ۱۹۸۲ء، ج ۲ ص ۶۲۷ (ڈاکٹر محمد حمیداللہ: محمد رسول اللہ، مترجم: نذیر حق)۔

۴۔ خطباتِ بہاولپور، ص ۳۷

۵۔ ایضاً، ص ۳۳، ۶۵

(6) Muhammad Hamidullh, The Prophet's Establishing a State and His Succession, Islamabad ھ1408/ء1988, P.12.

۷۔ خطباتِ بہاولپور، ص ۳۳۔۳۴

۸۔ ایضاً، ص ۳۵

۹۔ ایضاً، ص ۶۵۔۶۶

۱۰۔ ایضاً، ص ۳۱۵

۱۱۔ ایضاً، ص ۶۵

۱۲۔ صحیفہ ہمام بن منبہ، (تحقیق: ڈاکٹر محمد حمیداللہ)، کراچی ۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء، ص ۸۹۔

۱۳۔ خطباتِ بہاولپور، ص ۵۲

۱۴۔ ایضاً، ص ۵۷

۱۵۔ نقوش، ج ۲، ص ۶۲۸

١٦۔ ڈاکٹر حمید اللہ، امام ابوحنیفہ کی تدوین قانون اسلامی، کراچی ۱۹۸۳ء، ص ۳۳۔۳۴

١٧۔ سیرت ابن اسحاق (تحقیق: ڈاکٹر محمد حمید اللہ)، قونیہ (ترکی) ۱۴۰۱ھ/۱۹۸۱ء ص، ط (مقدمہ)

١٨۔ تفصیلی بحث کے لیے دیکھیے: ناصر الدین، سلسلۃ الاحادیث الضعیفۃ والموضوعۃ، الریاض ۱۴۱۲ھ/ ۱۹۹۲ء، ج۱ ص ۶۰۰، (حدیث نمبر ۴۱۶)

١٩۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی، کراچی ۱۹۸۱ء، ص ۲۰۹۔۲۱۰ (۲۹۰)

٢٠۔ البانی، سلسلۃ الاحادیث الضعیفۃ والموضوعۃ، ج۱ ص ۴۵۰ (حدیث نمبر ۲۸۲)

٢١۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، رسول اللہ کی سیاسی زندگی، کراچی ۱۹۸۰ء، ص ۲۲ (۳۵)

٢٢۔ ابن تیمیہ، احادیث القصاص، المکتب الاسلامی ۱۳۹۲ھ/۱۹۷۲ء، ص ۷۸

٢٣۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، امام ابوحنیفہ کی تدوین وقانون اسلامی، کراچی ۱۴۰۳ھ/۱۹۸۳ء ص ۲۶۔۲۷

٢٤۔ ابن تیمیہ، احادیث القصاص، ص ۶۷۔۶۸؛ ملا علی قاری، الموضوعات الکبری، سانگہ ہل؟ ص ۳۱۰۔۳۱۱

٢٥۔ نقوش (رسول نمبر)، ج ۴ ص ۵۲۸ (۳۷)

٢٦۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، عہد نبوی میں نظام حکمرانی ص ۲۹۰ (۴۲۷)

٢٧۔ الکتب الستۃ، السنن ابی داؤد، الریاض ۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء، ص ۱۲۵۹ (حدیث نمبر ۴۹۴)، جامع الترمذی، ص ۱۶۸۲ (حدیث نمبر ۴۰۷)

٢٨۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، عہدِ نبوی ﷺ میں نظام حکمرانی ص ۲۰۵ (۲۸۵)

٢٩۔ صحیفہ ھمام بن منبہ، ص ۸۹، خطباتِ بہاولپور، ص ۵۳

٣٠۔ سیرت ابن اسحاق، ص کد۔ کط۔

٣١۔ ماہنامہ ''دعوۃ'' اسلام آباد، جلد ۹، شمارہ ۱۰، مارچ ۲۰۰۳ء ص ۳۱، (ڈاکٹر محمود احمد غازی، ڈاکٹر محمد حمید اللہ بیسویں صدی کے ممتاز ترین محقق)

٣٢۔ خطباتِ بہاولپور، ص ۵۸

٣٣۔ مولانا عبد الشہید نعمانی، فرامین نبویؐ (ترجمہ وشرح مکاتیب النبی صلی اللہ علیہ وسلم للامام ابوجعفر الدیبلی ۳۲۲ھ)، کراچی ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء، ص ۲۳

٣٤۔ تفصیلات کے لیے دیکھیے: ڈاکٹر محمد حمید اللہ، مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ ...... بیروت ۱۳۸۹ھ/۱۹۶۹ء، ص ۲۵ تا ۳۰۹

٣٥۔ ایضاً ص ۴۹۱ تا ۵۰۹

٣٦۔ ایضاً ص ۲ ی

۳۷۔ نعمانی، فرامین نبویؐ، ص ۲۳۔۲۴

۳۸۔ ایضاً، ص ۳۳، ۳۷، ۴۱، ۴۷۔۴۸، ۶۰، ۶۶، ۷۸، ۱۸۷ اور ۱۱۳

۳۹۔ خطباتِ بہاولپور، ص۔ ب ی

۴۰۔ فرح ناز، ڈاکٹر محمد حمید اللہ بطور سیرت نگار (غیر مطبوعہ مقالہ برائے ایم اے)، بہاو الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان سیشن ۱۹۹۸ء۔۲۰۰۰ء، ص ۴۱

۴۱۔ سہ ماہی تحقیقاتِ اسلامی'' علی گڑھ، جنوری۔ مارچ ۲۰۰۳ء، ص ۱۰۹ (ڈاکٹر محمد سعود عالم قاسمی: حمید اللہ اور اسلامی علوم کی تحقیق)

۴۲۔ صحیفہ ہمام بن منبہ، حیدر آباد (دکن) ۱۳۷۵ھ/۱۹۵۶ء، ص ۸ (محمد رحیم الدین: حرف آغاز) جبکہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے لکھا ہے کہ ''مذکورہ بالا حوالوں میں سے بعض کے لیے میں ڈاکٹر یوسف الدین صاحب کی نوازشوں کا ممنون ہوں۔ ص ۶۳

۴۳۔ صحیفہ ہمام بن منبہ، ص ۶۴، بخاری مسلم میں احادیث کی نشان دہی کی تفصیلی فہرست ص ۵۹ تا ۶۳ پائی جاتی ہے

۴۴۔ ایضاً، ص ۵۵ تا ۶۹

۴۵۔ ایضاً، ص ۱۱ تا ۷۷

۴۶۔ ایضاً، ص ۱۰

۴۷۔ ایضاً، ص ۱۰

۴۸۔ ایضاً، ص ۹

۴۹۔ صحیفہ ہمام بن منبہ (ناشر: رشید اللہ یعقوب)، کراچی ۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸، ص ۲

۵۰۔ ماہنامہ ''دعوۃ'' اسلام آباد، ص ۶۴ (ڈاکٹر محمد عبداللہ: ڈاکٹر محمد حمید اللہ علمی روایات کے امین)

☆ اس قدیم طبع کے علاوہ دیگر نادر و نایاب کتب کی فراہمی کے سلسلہ میں اپنے مہربان دوست، بیت الکتب فیصل آباد کے مؤسس جناب علی ارشد صاحب کا انتہائی ممنون ہوں)

۵۱۔ صحیفہ ہمام بن منبہ، ملک سنز کارخانہ بازار، فیصل آباد ۱۴۰۲ھ/۱۹۸۳، ص ۱ تا ۲۰

۵۲۔ صحیفہ ہمام بن منبہ، فیصل آباد، ص ۴۵؛ حیدر آباد، ص ۴۹

۵۳۔ صحیفہ ہمام بن منبہ، فیصل آباد، ص ۱۹

۵۴۔ سیرت ابن اسحاق، ص ۴۸

۵۵۔ ایضاً، ص ۳۱۹ تا ۳۲۲

۵۶۔ ایضاً، ص ۳۲۳ تا ۳۲۴

۵۷۔ ایضاً، ص ۳۲۵ تا ۳۴۳

۵۸۔ ایضاً،ص۳۴۴ تا ۳۸۹

۵۹۔ ملاعلی قاری،الموضوعات الکبری(تحقیق وتعلیق:محمد الصباغ)،سانگلہ ہل ؟،ص ۳۶

۶۰۔ امام صغانی،الدر الملتقط فی تبیین اللغلط ویلیہ کتاب الموضوعات، بیروت ۱۴۰۵ھ/۱۹۸۵ء،ص۶(کتاب الموضوعات)

۶۱۔ امام صغانی، کتاب الموضوعات ،ص ۶؛ ملاعلی قاری، الموضوعات الکبری،ص ۴۶۰؛ امام شوکانی، الفوائدالمجموعہ فی الاحادیث الموضوعۃ القاھرۃ؟،ص ۴۲۳

۶۲۔ امام صغانی، کتاب الموضوعات،ص ۶؛ ملاعلی قاری، الموضوعات الکبری،ص ۴۰۷

۶۳۔ فرح ناز،ڈاکٹر محمد حمید اللہ بطور سیرت نگار،ص ۴۱

۶۴۔ ابوحنیفہ الدینوری،الاخبار الطّوال(ترجمہ: پروفیسر محمد منور)، لاہور ۱۹۸۶ء،ص ۲۸۲

۶۵۔ ابوحنیفہ الدینوری،الاخبار الطّوال(ترجمہ پروفیسر محمد منور)،اردو سائنس بورڈ، لاہور، باراول ۱۹۶۶ء، باردوم اپریل ۱۹۸۶ء، صفحات ر+۷۰۷

۶۶۔ ابوحنیفہ الدینوری،الاخبار الطّوال،ص ـو(مقدمہ محمد حمید اللہ)

۶۷۔ تفصیلات کے لیے دیکھیے: الاخبار الطّوال،ص ۶۵ تا ۸۰

۶۸۔ تفصیلات کے لیے: سعید بن منصور، کتاب السنن، (تحقیق وتعلیق: حبیب الرحمٰن اعظمی)،ص ۱۳ تا ۳۰ (المقدمہ من الاستاذ الدکتور حمید اللہ)

۶۹۔ ڈاکٹر علی آ ک یوز، مصنف سعید بن منصوری از سرنو تالیف، استنبول ۱۹۹۷ء(بزبان ترکی مطبوع مقالہ برائے پی ایچ ڈی)ص ۹

۷۰۔ صحیفہ ھمام بن منبہ،ص ۷

۷۱۔ تفصیلات کے لیے: ڈاکٹر علی یاردم، حدیث ii، ازمیر (ترکی) ۱۹۹۲ء،ص ۴۹۔۵۰

۷۲۔ مصنف عبدالرزاق(تحقیق: حبیب الرحمٰن الاعظمی) جوہانسبرگ ۱۳۹۲ھ/۱۹۷۲ء، الجزاء العاشر (ص ۳۷۹ تا آخر یعنی ۴۶۸ تک) اور الجزاء الحادی العاشر (مکمل) کتاب الجامع لمعمر بن راشد پر مشتمل ہے۔

۷۳۔ سہ ماہی ''تحقیقاتِ اسلامی''علی گڑھ،ص ۱۰۴۔

۷۴۔ ماہنامہ ''الرشاد'' اعظم گڑھ، مئی ۱۹۸۳ء،ص ۴۵۔۴۴ (مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی مدظلہ۔ مصنف عبدالرزاق)

۷۵۔ ایضاً،ص ۴۷۔

۷۶۔ تفصیلات کے لیے دیکھیے: ''الدراسات الاسلامیہ، اسلام آباد، ینابر۔مارس ۱۹۸۵ء،ص ۵۔۲۰ (د۔حمید اللہ: اقدم آثار تدوین الحدیث کتابہ)

۷۷۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، خطباتِ بہاولپور،ص ۳۶۔

۷۸۔ ایضاً،ص ۳۶۔

کتاب السردو الفرد فی صحائف الاخبار

لابی الخیر احمد بن اسمعیل القزوینی

ترتیب و تعلیق مع انگریزی ترجمہ: ڈاکٹر محمد حمید اللہ

* پروفیسر عبدالرحمٰن مؤمن

حضور اکرم ﷺ کے ارشادات، سیرت و سوانح اور حالات و معاملات سے متعلق جو مواد مسلمانوں کے یہاں پایا جاتا ہے وہ نہ صرف کیفیت و کمیت کے لحاظ سے حیرت انگیز ہے بلکہ اس کی مثال دُنیا کے کسی مذہب میں نہیں ملتی۔ اس مواد میں کتب حدیث کی ضخیم مجلدات، اسماء الرجال کا عظیم الشان ذخیرہ اور سیرتِ نبویؐ پر لاتعداد کتابیں شامل ہیں۔ علامہ محمد یوسف شامی کی کتاب ''سبل الھدیٰ والرشاد فی سیرۃ خیر العباد'' جس کی پانچ جلدیں چھپ چکی ہیں، اور شاید ۱۵ سے زائد جلدیں ہنوز تشنہ طباعت ہیں (۱) دُنیا میں اپنی نوعیت کی منفرد اور ضخیم ترین کتاب ہے۔

بعض حلقوں کی طرف سے یہ لغو بات کہی جاتی ہے کہ بخاری و مسلم جیسی حدیث کی کتابیں آنحضور ﷺ کے وصال کے دوسو برس بعد لکھی گئیں لہٰذا ان پر کلیتاً اعتبار نہیں کیا جا سکتا۔ یہ گمان علم حدیث کی تاریخ سے ناواقفیت پر مبنی ہے۔ آنحضرت ﷺ کے وصال سے قبل ہی اسلام جزیرۂ عرب میں پھیل چکا تھا اور تقریباً پانچ لاکھ افراد مشرف بہ اسلام ہو چکے تھے۔ حجۃ الوداع کے موقع پر ایک لاکھ چالیس ہزار صحابہ کرام موجود تھے۔ صحابہ کرام کو آنحضور ﷺ سے جو عقیدت و ارادت تھی اور آپ ﷺ کے ارشادات و تعلیمات کے تحفظ اور ترسیل و ابلاغ کے ساتھ جو اعتناء انہوں نے اور ان کے بعد آنے والی نسلوں نے کیا اس کی نظیر انسانی تاریخ میں ناپید ہے۔ تواتر اور اسناد کے التزام کے ساتھ حدیث کا جو مہتم بالشان ذخیرہ ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہوا اس میں نہ صرف یادداشت بلکہ تحریر کو بھی دخل تھا۔ چنانچہ عہدِ نبوی ﷺ ہی میں سینکڑوں وثائق و فرامین ضبط تحریر میں لائے گئے تھے۔ ان وثائق و فرامین کو جن میں ۳۰۰ سے زائد خطوط بھی شامل ہیں، فاضل محترم ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے اپنی کتاب:

---

* پروفیسر صدر شعبہ عمرانیات، بمبئی یونیورسٹی بمبئی، انڈیا۔

''الوثائق السياسية فی العهد النبوی والخلافة الراشدہ ''میں بڑے سلیقہ سے جمع کر دیا ہے۔(۲)

آنحضور ﷺ نے اپنے زمانہ کے حکمرانوں کو جو تبلیغی خطوط لکھے تھے ان میں سے پانچ اپنی اصل شکل میں آج بھی محفوظ ہیں۔(۳)

یہ خطوط ہرقل روم، مقوقس، منذر بن ساوی، نجاشی اور کسریٰ کے نام لکھے گئے تھے۔ ان خطوط کے متون میں جو حدیث وسیرت اور تاریخ کی کتابوں میں محفوظ ہیں اور اصل خطوط میں کوئی تفاوت نہیں پایا جاتا۔ یہ کتب حدیث کے معتبر ہونے کا ایک بڑا ثبوت ہے۔

متعدد صحابہ کرام نے حدیث کو ضبط تحریر میں لانے کا اہتمام کیا تھا۔ ان میں کبارِ صحابہ مثلاً حضرت ابو ہریرہؓ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حضرت سمرہ بن جندبؓ اور حضرت سعد بن عبادہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نام شامل ہیں۔ بالفاظ دیگر علم حدیث کی تدوین صحابہ کرامؓ کے زمانہ ہی میں شروع ہو چکی تھی۔ حدیث کا ایک قدیم ترین مجموعہ وصحیفہ ہمام بن منبہ ہے۔ ہمام بن منبہ (متوفی ۱۰۱ھ) حضرت ابو ہریرہؓ کے شاگرد تھے۔ صحیفہ ہمام بن منبہ کی تمام مرویات صحاح ستہ میں موجود ہیں نیز اس کا پورا متن مسند احمد بن حنبل میں موجود ہے۔ صحیفہ ہمام بن منبہ کے قلمی نسخے دمشق، قاہرہ اور برلن میں پائے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے ان تمام مخطوطوں کا مقابلہ کر کے تعلیق وتقدیم کے ساتھ اسے دمشق سے شائع کرایا۔(۴)

حدیث کی دیگر قدیم کتابوں میں جواب زیور طبع سے آراستہ ہو چکی ہیں، مسند حمیدی، سنن سعید بن منصور، مصنف عبدالرزاق اور امام عبداللہ بن مبارک کی کتاب ''الزہد والرقائق'' شامل ہیں۔

۱۹۸۴ء میں پاکستان ہجرہ کونسل نے اسلامی نظریہ حیات، تہذیب اور معاشرت پر سو(۱۰۰) اہم ترین کتابیں از سرنو شائع کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ یہ کتابیں بارہ خانوں میں تقسیم کی گئیں۔

- مذہب واخلاقیات
- تعلیم
- فلسفہ
- سیاسیات

- قانون
- تاریخ
- تہذیب ومعاشرت
- فلکیات
- علوم طبعیہ
- ریاضیات
- طب ومعالجہ
- اطلاقی علوم اور ٹیکنالوجی

ابوالخیر احمد بن اسمٰعیل القزوینی کی کتاب ''السرد و الفرد فی صحائف الاخبار و نسخها المنقولة عن سید المرسلین'' اسی منصوبہ کے تحت اسلام آباد سے ۱۴۱۱ھ میں شائع کی گئی۔ اس کتاب کا خطی نسخہ وزیر شہید علی پاشا کے ذخیرہ کتب واقع سلیمانیہ لائبریری استانبول میں موجود ہے۔ مخطوطہ کی تاریخ ۷رصفر ۵۹۹ ہجری ہے۔ اس کتاب میں ۴۳۶ روایات پر مشتمل گیارہ صحائف ہیں جو دراصل عہدِ صحابہؓ کے قدیم ترین مجموعہ ہائے حدیث کی حیثیت رکھتے ہیں۔ کتاب کی تمام مرویات میں اسناد کا التزام کیا گیا ہے۔ ان میں حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی تین صحائف ہیں۔ ایک ان کے شاگرد ہمام بن منبہ کا مرتب کردہ ہے، دوسرا کلثوم بن محمد کا اور تیسرا عبدالرزاق کا ترتیب دیا ہوا ہے۔ حضرت انس بن مالکؓ کی روایت کردہ حدیثوں کے دو صحیفے ہیں۔ ایک ان کے شاگرد حمید الطّویل کا ترتیب کردہ ہے اور دوسرا خراش کا۔ حضرت علیؓ کی مرویات کے دو صحیفے ہیں۔ ایک ان کے اہل خانہ کی زبانی اور دوسرا اشج کا روایت کردہ ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی مرویات کے دو صحیفے ہیں۔ ان میں ایک عبدالرزاق کا روایت کردہ ہے اور دوسرا جویریہ بن اسماء کا، ایک صحیفہ جعفر بن نسطور روی کا ہے جو صحابہؓ میں سے ہیں؟ ایک صحیفہ حضرت خضر اور حضرت الیاس علیہما السلام کی مرویات پر مشتمل ہے۔

بدقسمتی سے کتاب السرد والفرد کے جامع ومرتب ابوالخیر احمد بن اسمٰعیل القزوینی کے بارے میں معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ ان کے بیٹے ابوبکر محمد بن احمد قزوینی نے ان کی کتابوں کو روایت کیا ہے۔ کتاب ''السرد والفرد'' کے گیارہ صحائف کی مرویات اس طرح ہیں:

صحیفہ ہمام بن منبہ	۱۱۸
صحیفہ کلثوم	۶۶

○ صحیفہ عبدالرزاق	۴۷	○ صحیفہ حمید الطّویل	۱۰
○ صحیفہ اہل البیت	۱۹	○ صحیفہ خضر والیاس	۲۱
○ صحیفہ اشج	۲۰	○ صحیفہ جعفر بن نسطور رومی	۱۱
○ صحیفہ خراش	۱۴	○ صحیفہ عبدالرزاق	۲۷
○ صحیفہ جویریہ	۸۳	○ کل مرویات	۴۳۶

ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے، جن کے سر اس مخطوطہ کی دریافت کا سہرا ہے، تمام مرویات کی تخریج کی ہے اور صحاح ستہ نیز مسند احمد بن حنبل میں پائی جانے والی مرویات کی نشاندہی کی ہے۔ ہر صحیفہ کے آخر میں اہم رواۃ کے بارے میں ڈاکٹر صاحب نے معلومات فراہم کی ہیں ان میں ایک راوی ابومحمد عبداللہ بن محمد بن زیاد السندی ہیں جو چوتھی صدی ہجری کے مُحدّث ہیں۔ ان گیارہ صحائف میں سب سے اہم صحیفہ ہمام بن منبہ ہے جس کو حدیث کی قدیم ترین کتابوں میں ہونے کا شرف حاصل ہے۔ صحیفہ علیؓ کی بیس مرویات میں سے جو ان کے اہل بیت سے نقل کی گئی ہیں، صرف دو روایتیں صحاح ستہ میں ملتی ہیں، ان میں سے ایک صحیح بخاری میں ہے:

سمعت رسول الله ﷺ يقول: ''من احسن الى احد من اهل بيتى بعدى شفعت له يوم القيامة ويكون فى الجنة معى ''

''میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جو میرے بعد میرے کسی اہل بیت سے اچھا برتاؤ کرے گا میں اس کے لیے قیامت کے دن شفاعت کروں گا اور وہ میرے ساتھ جنت میں ہوگا۔''

دوسری روایت ابن ماجہ میں ہے:

سمعت رسول الله ﷺ يقول: أن الدين قبل الوصية وانتم تقرؤون من بعد وصية يوصىٰ بها اودين ۔ (النساء۴:۱۲)

''میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا قرض کی ادائیگی، وصیت سے پہلے ہے، تم لوگ (یہ آیت) تلاوت کرتے ہو ، من بعد وصية يوصىٰ بها او دين

اسلامی روایات میں حضرت خضرؑ اور حضرت الیاسؑ کی شخصیت کچھ پراسراری ہے۔ ان کے بارے میں عام طور سے یہ خیال پایا جاتا ہے کہ وہ زندہ ہیں۔ ''کتاب السرد والفرد'' کے صحیفہ خضر والیاس میں ہے کہ راوی ایک غار میں داخل ہوئے اور راستہ بھول گئے۔ اتنے میں اچانک ان کو حضرت خضر علیہ السلام نظر آئے۔ ان کے ساتھ حضرت الیاسؑ بھی تھے۔ راوی نے ان سے پوچھا: هل رأيتما محمداً ﷺ ''کیا تم نے آنحضور ﷺ کو دیکھا ہے؟'' انہوں نے جواب دیا ''ہاں''۔ راوی نے ان سے درخواست کی کہ آپ مجھ سے آنحضور ﷺ کی چند حدیثیں راویت کریں تاکہ میں آپ کی سند سے ان کو روایت کروں اس صحیفہ میں حضرت خضرؑ اور حضرت الیاسؑ سے روایت کردہ ۲۱ مرویات ہیں۔ ان میں سے صرف ایک روایت صحاح ستہ میں اور ایک مسند احمد بن حنبل میں ہے۔

صحیفہ خضرؑ والیاسؑ میں مروی روایت نمبر ۷:

سمعنا رسول الله ﷺ يقول: لو ان العباد لم يذ نبوا لخلق الله تعالىٰ خلقاً يذنبون ثم يغفر لهم انه هو الغفور الرحيم (مسلم اور ترمذی میں ہے)

روایت نمبر ۸:

سمعنا رسول الله ﷺ يقول: ''ما على الارض رجل يقول لا اله الا الله والله اكبر وسبحان الله والحمد لله ولا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم الا غفرت ذنوبه ولو كانت مثل زبد البحر (مسند احمد بن حنبل میں ہے)

صحیفہ جعفر بن نسطور روی میں ۱۲ مرویات ہیں، ان میں سے کوئی روایت صحاح ستہ میں نہیں پائی جاتی۔ اس صحیفہ میں جعفر بن نسطور روی کو صحابی بتایا گیا ہے لیکن اس بارے میں تاریخ اور اسماء الرجال کی کتابوں میں کوئی معلومات نہیں ملتی۔ شیخ ابوالفضل محمد بن علی الخراسانی المہتدی کی ملکیت میں صحیفہ جعفر بن نسطور روی کا جو نسخہ تھا اس کے اخیر میں یہ لکھا ہوا تھا:

''ابوالحسن علی بن الحسین سے اس نسخہ کی صداقت کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ ان کے استاد ابوداؤد نے اپنے استاد ابوالقاسم منصور کی زبانی یہ سنا کہ جعفر بن نسطور غزوہ تبوک میں آنحضورﷺ کے ہمراہ تھے اتفاق سے آنحضورﷺ کا کوڑا نیچے گر پڑا جعفر بن نسطور نے کوڑا اٹھا کر آپﷺ کو دیا آنحضورﷺ نے ان کے لیے درازیٔ عمر کی دُعا فرمائی چنانچہ جعفر بن نسطور کی عمر ۲۸۰ برس کی ہوئی اور انہوں نے بصرہ میں وفات پائی۔''

یہ روایت رتن ہندی والی راویت سے ملتی جلتی ہے جس کے بارے میں محدّثین اور اصحابِ جرح وتعدیل لکھتے ہیں کہ یہ باطل ہے۔(۵)

صحیفہ جعفر بن نسطور میں یہ روایت ہے:

قال رسول الله ﷺ من ياكل ما يسقط من القصعة او الخوان رفع عنه الجنون والمرض والحمق وعن اولاده تغير اللون والحمى والجنون۔ (روایت نمبر۴)

''جس نے رکابی یا خوان سے گرا ہوا دانہ اٹھا کر کھالیا وہ جنون اور بیماری اور حماقت سے محفوظ رہے گا اور اس کی اولاد برص، بخار اور جنون سے محفوظ رہے گی۔''

یہ روایت موضوع معلوم ہوتی ہے۔محدّثین عظام نے موضوع روایتوں کی جو صفتیں بتلائی ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس میں معنوی رکاکت پائی جاتی ہو نیز یہ کہ وہ عقل انسانی یا مشاہدہ کے خلاف ہو۔علامہ ابن جوزی فرماتے ہیں:

'' ما احسن قول القائل اذا رأيت الحديث يباين المعقول او يخالف المنقول اوينا قض الاصول فاعلم انه موضوع'' (٦)

''کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ جب کسی حدیث کو عقل ونقل کے خلاف دیکھو یا اصول کے خلاف پاؤ تو جان لو کہ وہ موضوع ہے۔''

''کتاب السرد و والفرد'' کی اشاعت بلاشبہ ایک اہم علمی و دینی خدمت ہے جس کے لیے فاضل مرتب و مترجم اور پاکستان ہجرہ کونسل دونوں مبارکباد اور اہل علم کے شکریہ کے مستحق ہیں۔ فجزاهم الله خير الجزاء

(بشکریہ ''معارف'' اعظم گڑھ، جولائی ۱۹۹۴ء)

حواشی و حوالہ جات

۱۔ یہ کتاب اب مکمل اشاعت پذیر ہے، اور اس کے کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ پندرہ جلدوں میں ہیں آخری جلد میں پوری کتاب کا اشاریہ دیا گیا ہے۔

۲۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ: الوثائق السیاسیہ، طبع بیروت (چھٹا ایڈیشن) نیز ڈاکٹر صاحب کی اردو کتاب ''رسول اکرم کی سیاسی زندگی''، کراچی ۱۹۸۴ء۔

۳۔ ڈاکٹر صاحب نے اسی موضوع پر فرانسیسی زبان میں:

"Six Originaux Des Letters DiplomaTiques Du Prophete De L'Islam"

کے نام سے ایک کتاب لکھی ہے، طبع پیرس ۱۹۸۶ء۔

۴۔ صحیفہ ہمام بن منبہ (مع اردو ترجمہ، طبع حیدر آباد، مع انگریزی ترجمہ، دسواں ایڈیشن، طبع حیدر آباد)۔

۵۔ ذہبی، میزان الاعتدال، جلد ا، ص ۱۰۹، ابن حجر: لسان المیزان، ج ۲، ص ۴۵۰۔

۶۔ سیوطی، جلال الدین، تدریب الراوی، ص ۱۰۰۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ، مصنّف سیرت نبویہ ﷺ

* ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ

[ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ (۱۹/اکتوبر ۱۹۰۱ء-۴/نومبر ۱۹۷۷ء) ۔(ا) عربی زبان وادب اور علوم اسلامیہ کے فاضل، محقق اور استاذ تھے، وہ کئی زبانوں مثلاً انگریزی، فرانسیسی، جرمن، اطالوی، عربی، فارسی، اردو وغیرہ میں کامل دسترس رکھتے تھے، گورنمنٹ کالج جھنگ سے تدریس کا آغاز کیا، بعدازاں گورنمنٹ کالج لاہور اور اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی لاہور کے شعبہ عربی میں بھی تدریسی خدمات سرانجام دیں ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ کے ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے ساتھ مراسم تھے، وہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی علمی فتوحات سے واقف تھے۔ دونوں حضرات کی علمی تحقیقات ماہنامہ ''معارف'' کی زینت بن رہی تھیں، موتمر مستشرقین عالم کے اجلاسوں میں بھی ملاقات ہوتی رہی۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ ۱۹۵۰ء میں ایک علمی مجلس میں شرکت کے لیے لاہور تشریف لائے تھے، میزبانی کا شرف ڈاکٹر عنایت اللہ شیخ کو حاصل ہوا ڈاکٹر عنایت اللہ شیخ نے ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی فرانسیسی کتب کا اردو میں ترجمہ شروع کیا تھا۔ معلوم نہیں کہ وہ کس حد تک کسی کتاب کا ترجمہ مکمل کر سکے، ذیل میں مضمون جہاں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے حالاتِ زندگی، ان کی علمی خدمات کا بیان ہے وہیں ان کی فرانسیسی زبان میں لکھی گئی دو جلدوں میں سیرت نبویہؐ پر جامع تبصرہ بھی، ماہنامہ معارف اعظم گڑھ کے شکریہ کے ساتھ اس کو شائع کیا جارہا ہے۔ (مدیر)]

* سابق چیئرمین شعبہ عربی پنجاب یونیورسٹی، لاہور۔

''معارف'' کے صفحات میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کی سیرت نبویہ کا مختصر تذکرہ چند بار آ چکا ہے، جو فاضل موصوف نے حال ہی میں فرانسیسی زبان میں تالیف فرمائی ہے، میری طرح ان کے بہت سے دوسرے نیاز مند بھی اس اہم تصنیف کے بارے میں مزید تفصیلات حاصل کرنے کے خواہشمند تھے، مصنف علام نے جو چند جملے اس کے متعلق اپنے مکتوب گرامی مندرجہ معارف بابت دسمبر ۱۹۶۰ء میں لکھے ہیں، وہ بھی کافی وشافی ثابت نہ ہوئے بلکہ ناظرین کے سمندِ شوق پر ان سے اور تازیانہ لگا، آخر کار میں نے وفور شوق سے مجبور ہو کر ایک طرف تو کیمبرج کے مشہور تاجر کتب ڈبلیو ہیفر اینڈ سنز کو کتاب کی بہم رسانی اور ترسیل کے لیے فرمائش بھیج دی اور دوسری طرف ڈاکٹر صاحب کے کوان کے پیرس کے پتہ پر لکھ بھیجا کہ آپ کی ''سیرتِ نبویہ ﷺ'' کا معارف میں مختصر ذکر آیا ہے، براہ کرم اطلاع دیجئے کہ کتاب کا پورا عنوان کیا ہے، اور اس کا ناشر کون ہے، تاکہ اس کے حصول میں آسانی رہے، اس استفسار کے جواب میں ڈاکٹر صاحب موصوف نے کتاب ہی بھیج دی جو راقم الحروف کو چند دن ہوئے بذریعہ ڈاک موصول ہوگئی ہے۔

اب میں اپنا خوشگوار فرض سمجھتا ہوں کہ کتاب کی وصولی سے جو خوشی مجھے حاصل ہوئی ہے اس میں ناظرین معارف کو بھی شریک کروں اور چند سطریں کتاب کے بارے میں بطور تعارف لکھوں جن سے دلدادگان سیرت کی تسکین کا قدرے سامان ہو جائے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف تقریباً تیس سال سے سیرتِ نبویؐ کے متعلق نئے نئے عنوان قائم کر کے جدید معلومات فراہم کر رہے ہیں اور اس موضوع کے نئے نئے گوشے روشن کر رہے ہیں، بالفاظ دیگر ایک مدت دراز سے ریاضِ رسالت میں نئے نئے پھول کھلا رہے ہیں اور مشتاقانِ رسولؐ کے دیدۂ دل کو منور و معطر کر رہے ہیں، اپنے مرغوب موضوع کی طرف وہ جس دلآویز انداز میں بار بار رجوع کرتے آئے ہیں، اسے دیکھ کر عرب شاعر کی یہ بیت بے اختیار زبان پر جاری ہوتے ہیں۔

أَعِدْ ذِكْرَ نُعْمَانَ لَنَا إِنَّ ذِكْرَهُ
هُوَ الْمِسْكُ مَا كَرَّرْتَهُ يَتَضَوَّعُ

ان ہی منتشر پھولوں کو جمع کر کے اب فاضل مذکور نے نہایت سلیقہ کے ساتھ ایک خوبصورت گلدستہ تیار کیا ہے

اور اسے اہل فرانس کی خدمت میں پیش کیا ہے جن کے ہاں وہ ایک مدت سے مقیم ہیں، انہوں نے اپنے میزبانوں کے پاس خاطر سے اسے فرانسیسی کا جامہ پہنایا ہے۔

اگرچہ ڈاکٹر صاحب نے اس تالیف کے لیے فرانسیسی زبان اختیار کی ہے مگر بفضل خدا مشرق میں بھی ان کے بعض ایسے قدردان بلکہ رمز شناس موجود ہیں جو ان کی ہر نوائے شیریں کو فردوسِ گوش بنانے کے لیے بے تاب ہیں:

سخن کز بہر دیں گوئی چہ عبرانی چہ سریانی

مکان کز بہر حق جوئی چہ جا بلقا چہ جا بلسا

ڈاکٹر صاحب کی تالیف کردہ ''سیرتِ نبویہ'' دو جلدوں میں منقسم ہے، جن کی مجموعی ضخامت ۷۴۳ صفحات ہیں، صفحات کا شمار مسلسل ہے، اس تسلسل کا ایک فائدہ یہ ہے کہ انڈکس میں صفحات کا اشارہ کافی ثابت ہوا، جلد کا ذکر غیر ضروری ٹھہرا، کتاب سفید کاغذ پر خوبصورت ٹائپ میں چھپی ہے، سنہ اشاعت ۱۳۷۸ھ مطابق ۱۹۵۹ء اور مقام طباعت و اشاعت پیرس ہے، ناشر کا پتہ اور پورا نام حاشیہ میں دیکھیے۔(۲)

پہلی جلد میں جو ۴۴۰ صفحات میں ختم ہوئی ہے، رسول اکرمؐ کی زندگی کے واقعات کا بیان ہے، مضامین کی فہرست حسب ذیل ہے:

> پیش لفظ، تدوین سیرت کی ضرورت مذہبی اور علمی نقطہ نظر سے، سیرتِ نبویہ ﷺ کے مصادر و مآخذ، بعثت نبویؐ کے وقت مختلف اقطاع عالم کی حالت، قریش مکہ، ظہور قدسی، طفولیت اور ایام جوانی، حرب فجار، ازدواج، مذہبی شعور کی بیداری، بعثت، آغاز تبلیغ، ہجرت حبشہ، قریش کا بنو ہاشم سے مقاطعہ، معراج النبی ﷺ، مدینہ میں اشاعت اسلام، اشاعتِ اسلام میں عورتوں کا حصہ، میثاقِ مدینہ اور اس کا ترجمہ، قریش مکہ کے ساتھ تعلقات، سلسلہ غزوات (بدر، احد، احزاب وغیرہ) صلح حدیبیہ، فتح مکہ، حجۃ الوداع، خطبہ حج، تبلیغی مراسلات بنام شاہانِ زمانہ، قبائل عرب کے ساتھ تعلقات، یہود اور نصاریٰ کے ساتھ تعلقات، دیگر اہل مذاہب کے ساتھ تعلقات، صوبہ جات اور ان کی سرحدیں۔''

دوسری جلد صفحہ ۴۴۱ سے شروع ہو کر صفحہ ۷۴۳ پر ختم ہو جاتی ہے۔ فہرست مضامین حسب ذیل ہیں:

> ''رسول اکرمؐ کی خانگی زندگی، ازواجِ مطہرات، اصول الدین (القرآن، حدیثِ نبوی) عقائدِ اسلامی، اخلاقی تعلیم، اصولِ معاشرت، نظامِ تعلیم، مکہ کی شہری مملکت، سلطنت کا اسلامی تصور، عدالت گستری، اقتصادی نظام (اسواق العرب)، محاصل سلطنت، اخراجات کی مدات، حاکم کا صرفۂ خاص، زکوٰۃ وصدقہ، تجارتی منڈیاں اور اجناس کے نرخنامے، فوجی نظام، سفارت، سیاستِ نبویؐ کے چند بنیادی اصول، عہدِ نبویؐ کی طرز معاشرت، اسلام اور جمالیات، فنونِ لطیفہ، رسول اکرم کی وفات اور تدفین، مسئلہ خلافت۔''

ان میں اکثر مضامین ایسے ہیں جن کو فاضل مصنف اس سے پیشتر سپردِ قلم کر چکے ہیں مگر ان میں بعد نظر ثانی ترمیم ہوئی ہے، چنانچہ بعض طویل مقالات کو کتاب کی موجودہ ضخامت اور گنجائش کی مناسبت سے قدرے مختصر کر دیا گیا ہے اور بعض کو پھیلا دیا ہے، بعض عنوانات نئے ہیں، مثلاً فوجی نظام، سلطنت کی مالیات، تقسیم مملکت، صوبہ جات اور اضلاع اور ان کی سرحدیں وغیرہ۔

سیرت کے آخر میں ان تمام کتابوں کی فہرست ہے جن سے مصنف علام نے اپنی تالیف میں کام لیا ہے، اس فہرست میں جو سات صفحوں میں پھیلی ہوئی ہے، مروجہ سیرت وتاریخ کے علاوہ کتب حدیث کا وسیع ذخیرہ ہے، اور دیگر متفرق قسم کی کتابیں ہیں جن میں سیرت نبویؐ کے متعلق کارآمد معلومات ملتی ہیں، یہ طویل فہرست فاضل مصنف کی وسعتِ نظر پر شاہدِ عدل ہے۔

مصنف نے اپنی کتاب کی غرض وغایت کو اور اسے فرانسیسی زبان میں تحریر کرنے کے سبب کو خود ہی اپنے مختصر مگر جامع پیش لفظ میں واضح کر دیا ہے، لہٰذا ان امور کو اپنے الفاظ میں بیان کرنے کی بجائے یہی بہتر سمجھتا ہوں کہ اس پیش لفظ کا ترجمہ ہدیہ ناظرین کر دیا جائے۔

> ''اگرچہ فرانسیسی زبان کا دامن ادبی خزانوں سے مالا مال ہے، مگر میری رائے میں اس میں ابھی تک سیرت نبویؐ پر کوئی ایسی کتاب نہیں لکھی گئی جس میں رسول اکرمؐ کی زندگی اور ان کی

تعلیم کا جامع بیان ہو، اسلام کا شمار دنیا کے عظیم الشان مذاہب میں ہوتا ہے، اسی مذہب کے بانیؐ کی سیرت کتاب ہٰذا کا وہ موضوع ہے جو اہل تحقیق کے لیے کئی پہلوؤں سے جاذبِ توجہ ہے۔ دنیا کی مختلف زبانوں میں سیرت نبویہؐ پر ہزار ہا مقالے اور کتابیں لکھی جا چکی ہیں مگر تعجب ہے کہ وہ تنظیمی ادارے جو امت کی فلاح و بہبود کے لیے قائم ہوئے تھے، محققین کی نگاہ سے اوجھل رہے ہیں، اس بارے میں جو تشنگی پائی جاتی ہے اس کو دور کرنے کی تالیفِ ہٰذا میں پہلی بار کوشش کی گئی ہے۔ سیرت نگاروں نے آج تک واقعات کے بیان میں بالعموم ترتیب زمانی کا لحاظ رکھا ہے مگر رسولِ خداؐ چونکہ بہت سے اعداء دین کے ساتھ بیک وقت برسر پیکار رہے تھے، اس لیے ان جماعتوں کے ساتھ آپ کے تعلقات کی جو نوعیت تھی محض تسلسل زمانہ کی پابندی سے اس کی بخوبی وضاحت نہیں ہوسکتی، لہٰذا اس تالیف میں واقعات کو خاص موضوعات کے تحت الگ الگ ابواب میں جمع کیا گیا ہے، اس طریق کار سے کلام میں بعض اوقات قدرے تکرار ہوگئی ہے مگر اس سے بیان زیادہ مربوط اور زیادہ مؤثر بن گیا ہے۔ اس کتاب کی تحریر کا ایک سبب اور بھی ہے، مؤلف سوربون (یعنی پیرس یونیورسٹی) کا پرانا طالب علم ہے اور بارہ سال سے اہل فرانس کی مہمان نوازی سے محظوظ و مستفید ہو رہا ہے، اپنے میزبانوں کی مہربانی کے اعتراف کی مجھے اس سے بہتر اور احسن صورت نظر نہ آئی کہ میں اپنے قلم کے ذریعہ سے جو اس دنیا میں میرا واحد مال و متاع ہے، اپنی تیس سالہ مسلسل تحقیقات کے نتائج کو ان کی خدمت میں پیش کروں، وہ تحقیقات جو سیرت کے اصلی مصادر و مآخذ کے علاوہ دوسرے پیشرو محققین کی علمی کاوشوں پر مبنی ہیں۔''

مندرجہ بالا پیش لفظ میں چند ایک ایسے امور کی طرف اشارہ ہے جن کا ایک خاص پس منظر ہے۔ یہ پس منظر ''معارف'' کے بعض ناظرین سے پوشیدہ نہ ہوگا مگر اس موقع پر اگر میں چند گزارشات اس کے متعلق پیش کروں تو انہیں شاید بے محل تصور نہیں کیا جائے گا۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنے ''قلم'' کی طرف جو لطیف اور درد انگیز اشارہ کیا ہے وہ ان کے نیازمندوں کے لیے بیحد رقت انگیز ہے:

ے اپنے "قلم" کا نام لیا تو نے ہم نشیں
اک تیر میرے سینے میں مارا کہ ہائے ہائے

۱۹۴۷ء کے انقلاب کے وقت ڈاکٹر صاحب حیدر آباد (دکن) سے باہر تھے، حالات نے اجازت نہ دی کہ وطن واپس جا سکیں، ان کا جو کچھ اثاثہ اور جو کچھ مادی اور معنوی مال و متاع تھا وہیں رہ گیا اور وہ زبان حال سے یہ کہہ رہے تھے:

ے نہ لٹتا دن کو تو کب رات کو یوں بے خبر سوتا
رہا کھٹکا نہ چوری کا دعا دیتا ہوں رہزن کو

مگر ہاں ایک چیز تھی جس کو زمانے کا ظالم اور غاصب ہاتھ ان سے کسی صورت میں نہ چھین سکا اور وہ ان کا قلم معجز رقم تھا، جس کو انہوں نے اپنے پیش لفظ میں اپنا واحد مال و متاع کہا ہے، یہی وہ رشک انگیز قلم ہے جس کی انتھک روانی نے علم و فضل کے وہ دریا بہائے ہیں جن پر کوثر و تسنیم کا دھوکا ہوتا ہے انقلاب سیاسی و ملکی کے بعد انہوں نے پیرس میں پناہ لی، پھر حکومتِ پاکستان کی دعوت پر دستور سازی کے سلسلے میں ایک مشیر خصوصی کی حیثیت سے ڈیڑھ سال کراچی میں بسر کیا، اور ایک مرتبہ ۱۹۵۰ء میں ایک علمی محفل کی شرکت کے لیے چند دن لاہور بھی تشریف لائے اور مجھے اپنی میزبانی کا شرف بخشا یہی وہ زمانہ ہے جب مجھے اس مردِ درویش کو قریب سے دیکھنے کا اتفاق ہوا جس کا علمی انہماک فناء فی العلم کے درجے تک پہنچا ہوا ہے اور جس کے علمی کارناموں نے علمائے سلف کی یاد تازہ کر دی ہے۔

ع مباش منکرِ غالب کہ در زمانہ تست

ڈاکٹر صاحب کی مسلمہ فضیلت اور ان کی بین الاقوامی شہرت کی بناء پر پاکستان کے سرکاری اور علمی اداروں میں ہزار ڈیڑھ ہزار مشاہرہ کے کئی عہدے ان کے لیے چشم براہ تھے، لیکن انہوں نے بغیر کسی پس و پیش کے بیش قرار مشاہروں سے منہ موڑا اور محض علم دوستی اور علم پروری کے جذبہ سے متاثر ہو کر درویشی اور قناعت سے اپنا ناطہ جوڑا۔

پاکستان کو خیر باد کہہ کر اگر انھوں نے پھر پیرس کا رخ کیا تو یہ کوئی تعجب کی بات نہ تھی، وہ اپنے طالب علمی کے زمانے میں بھی وہاں کی یونیورسٹی میں اکتسابِ علم کر چکے تھے اور اپنے تجربہ کی بنا پر جانتے تھے کہ تصنیف وتالیف کے سلسلہ میں جو علمی ذخیرے اور دوسرے وسائل ان کو پیرس میں میسر آسکتے ہیں وہ کسی اور جگہ آسانی سے مہیا نہیں ہو سکتے، اندریں حالات اگر انہوں نے پیرس کو اپنے لیے بطور دارالہجرت اختیار کیا تو یہ حسن انتخاب نہ صرف ان کے حسن مذاق کی دلیل ہے بلکہ ان کی علمی خدمات کے پیش نظر قابل صد داد بھی ہے۔

ڈاکٹر صاحب موصوف نے گذشتہ چند سالوں میں جو علمی خدمات انجام دی ہیں وہ اسلامی نقطۂ نظر سے نہ صرف قابل ذکر ہیں بلکہ لائق صد تحسین ہیں، اولاً انہوں نے ایک فرانسیسی ادیب کے ساتھ مل کر قرآن مجید کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کیا ہے۔ڈاکٹر صاحب نے عربی متن کو سامنے رکھ کر اسے فرانسیسی میں منتقل کیا اور ان کے شریک کار نے محاورۂ زبان اور سلاستِ بیان کے لحاظ سے ترجمہ پر نظر ثانی کی اور ادبی نقطۂ نظر سے ان کی نوک پلک درست کی اور اس اہتمام کے ساتھ آخر کار یہ ترجمہ فرنچ بک کلب (Club Francais Dulivre) کی طرف سے شائع ہوا، اس سے قبل فرانسیسی زبان میں قرآن مجید کے چند ترجمے موجود تھے، مثلاً Kasimirsky کا ترجمہ جو پہلی بار ۱۸۴۰ء میں شائع ہوا اور پھر کئی مرتبہ چھپا، ابھی حال ہی میں پروفیسر بلاشیر (Blachere) اپنا جدید فرانسیسی ترجمہ دو جلدوں میں شائع کر چکے ہیں، (مطبوعہ پیرس ۱۹۴۹ء۔۱۹۵۱ء) مگر ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب غالباً پہلے مسلمان فاضل ہیں جن کو کلام پاک کو فرانسیسی زبان میں ترجمہ کرنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے، اس ترجمہ کی خاص خوبی اور اہمیت یہ ہے کہ فاضل مترجم نے ترجمہ کی صحت کے ساتھ ساتھ خالص اسلامی نقطۂ نظر کو ملحوظِ خاطر رکھا ہے اور یہ ایک ایسی بات ہے جس کی اغیار سے توقع رکھنا عبث ہے۔

ڈاکٹر صاحب کا دوسرا تازہ کارنامہ علامہ بلاذری (متوفی ۲۷۹ھ) کی ''انساب الاشراف'' کی پہلی جلد کا ایڈٹ کرنا ہے، بلاذری تیسری صدی ہجری کا ایک نامور مورخ ہے جس کی ''فتوح البلدان'' ایک عرصے سے علمی حلقوں میں مشہور ومتداول چلی آ رہی ہے، مگر اس کے مقابلہ میں ''انساب الاشراف'' ایک مطول کتاب ہے جس میں عربوں کی تاریخ، ان کے نامور خانوادوں کے اعتبار سے لکھی گئی ہے اور مختلف خاندانوں اور افراد کے تذکرہ کے ضمن میں ان کے عہد کی تاریخ بھی آ گئی ہے، ایک مدت ہوئی پروفیسر آلورت (Ahlwardt) نے اس کا ایک حصہ

جرمنی سے شائع کیا تھا(۳) جس میں عبدالملک اموی کے عہد خلافت کا بیان ہے، پھر بیت المقدس کی عبرانی یونیورسٹی (Hebrew University) کی طرف سے ان کے دو حصے اور شائع ہوئے(۴) جو بنوامیہ خصوصاً حضرت عثمانؓ کے عہد خلافت کے متعلق ہیں، چونکہ وہاں اس کی آئندہ اشاعت کا کام رک گیا ہے اس لیے اب مصری فضلاء کی ایک کمیٹی نے ڈاکٹر طٰہٰ حسین کی قیادت میں اس اہم تاریخی کتاب کی مکمل اشاعت کا بیڑا اٹھایا ہے، اس نئے بندوبست کے مطابق پہلی جلد کی تصحیح و ترتیب ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کے سپرد ہوئی جو قاہرہ کے مشہور ناشرین دارالمعارف کی طرف سے ۱۹۵۹ء میں شائع ہو چکی ہے (۵) اور اشاریوں اور فہرستوں کو شامل کر کے ۶۲۲ صفحات میں ختم ہوئی ہے، چونکہ انساب الاشراف کی ابتداء بنو ہاشم سے ہوتی ہے اور رسول اکرمؐ کے حالات کے ضمن میں عہد رسالت کی پوری تاریخ آ گئی ہے اس لیے کتاب کی پہلی جلد سیرتِ نبویؐ کے ساتھ مخصوص ہو گئی ہے۔ بلاذری دیگر مؤرخین مثلاً محمد بن اسحٰق، الواقدی اور محمد بن سعد سے متاخر بلکہ ایک حد تک ان کا خوشہ چیں ہے، مگر اس نے دیگر ثقہ لوگوں سے بھی روایت کی ہے، لہٰذا اس کی تالیف کا ابتدائی حصہ سیرتِ نبویؐ کے اہم ماخذ میں شمار ہونے کے لائق ہے، ڈاکٹر صاحب نے اپنی وسیع اور وافر معلومات کی بدولت اس حصہ کو بڑی خوبی سے ترتیب دیا ہے، اس لیے اس حصہ کی اشاعت کو بھی ان کی خدمات میں شمار کرنا چاہیے، جن کا تعلق سیرتِ نبویؐ کے ساتھ ہے۔

ڈاکٹر صاحب کا تیسرا تازہ کارنامہ فرانسیسی زبان میں سیرتِ نبویہؐ کی تالیف ہے، جس کے تعارف کی غرض سے یہ سطور سپرد قلم ہوئی ہیں، متفرق مضامین جو آپ نے اس دوران علمی رسالوں میں لکھے، ان پر مستزاد ہیں اور پھر توفیق الٰہی اور تائید ایزدی کی شان کریمی دیکھیے کہ فاضل موصوف نے یہ تمام اسلامی اور ملی خدمات اس زندلم یزل کے پہلو میں بیٹھ کرادا کی ہیں جس کا نام فرانس ہے، اہل پیرس کی رنگینی ان کے بے نظیر شہرکورات کے وقت بقعہ نور بنا دیتی ہے اور لوگ اسے مدینۃ النور کہتے ہیں، جہاں کا ہر ذرہ زائرین کے دامن دل کو اپنی طرف کھینچتا ہے مگر اس کے ساتھ ہی ہمیں اس امر کو فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ اس شہر سے آفتاب عالم کی کرنیں پھوٹ پھوٹ کر نکلتی ہیں جو دور دور تک اقطاع عالم کو روشن کرتی ہیں۔ وہاں کی عشرت گاہوں اور نگار خانوں کے افسانے تو زبان زد خاص و عام ہیں، مگر عدل و انصاف کا تقاضا ہے کہ کبھی کبھی وہاں کے علمی اداروں اور ثقافتی مرکزوں کا بھی تذکرہ ہو جائے جو دنیا میں فقید المثال ہیں، سب سے پہلے وہاں کا قومی کتب خانہ (Bibliolheque National) قابل ذکر ہے جس پر

اہل فرانس کو بجا طور پر ناز ہے اور جس میں علاوہ دیگر علمی ذخیروں کے مشرقی زبانوں کی لاکھوں مطبوعہ کتابیں اور ہزاروں نادر قلمی نسخے محفوظ ہیں۔ وہاں سوربون (Sorbonne) کی یونیورسٹی ہے جہاں ہر علم وفن کے مستند اور قابل ترین اساتذہ سینکڑوں کی تعداد میں لیکچر دیتے ہیں اور علم کے دریا بہاتے ہیں۔ پھر اسی یونیورسٹی کا ایک مخصوص معہد یا ادارہ ہے جسے Institue desetudes Islamiques کہتے ہیں اور جہاں خاص اسلامیات یعنی اسلامی علوم کے متعلق تحقیقی کام ہوتا ہے، پروفیسر بلاشیر آج کل اس کے مدیر اعلیٰ ہیں اس کے علاوہ وہاں مشرقی زبانوں کا ایک علیحدہ مستقل مدرسہ ہے۔ جو (Ecoledes Langues Orientales venantes) کے نام سے ۱۷۹۵ء سے قائم ہے اور درس وتدریس کے علاوہ مشرقی زبانوں اور ادبیات کے متعلق اعلیٰ پایہ کی سینکڑوں کتابیں شائع کر چکا ہے، ان اداروں کے علاوہ کئی ایسی سوسائٹیاں ہیں جہاں مستشرقین جمع ہو کر تبادلہ خیالات کرتے ہیں اور باہمی تعاون سے علم کی حدود کو آئے دن وسیع کرتے رہتے ہیں، مثلاً فرانس کی (Societe Asiatique) ۱۸۲۲ء سے مصروف عمل ہے جس کا مشہور مجلّہ (Journal Asiatique) تقریباً ۱۴۰ سال سے باقاعدگی کے ساتھ شائع ہو رہا ہے اور بیش بہاء معلومات کا خزینہ ہے۔ ایک خاص رسالہ اسلامی مسائل اور مباحث کے متعلق ہے۔ جو ۱۹۲۷ء سے پروفیسر ماسینیون (Massignon) کی ادارت میں (Rewe desetudes Islamiques) کے نام سے شائع ہو رہا ہے اور اس سے پہلے (Revue du monde Musliman) کے نام سے معروف تھا، ایک رسالہ (Arabic) کے نام سے علوم عربیہ کے ساتھ مخصوص ہے جسے پروفیسر لوی پرووانسال (Levi-OProvencal) نے ۱۹۵۴ء میں جاری کیا اور جس میں عربی زبان کے اساتذہ اور محققین اپنے مقالات شائع کرتے رہتے ہیں، ان کے علاوہ پیرس میں کئی عجائب خانے ہیں جن میں مشرقی صنعت وحرفت اور فنون لطیفہ کے اعلیٰ اور نادر نمونے موجود ہیں جن سے ان علوم کی تحقیق سے کام لیا جاتا ہے، غرض پیرس نہ صرف اپنے ظاہری جمال کے لحاظ سے عروس البلاد ہے بلکہ علمی کمال کے اعتبار سے بھی قبۃ العالم کہلانے کا مستحق ہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ کے احوال وآثار کے سلسلے میں پروفیسر محمد اسلم لکھتے ہیں:

ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ ۹ر اکتوبر ۱۹۰۱ء کو امرتسر (انڈیا) پیدا ہوئے، انہوں نے ۱۹۲۳ء میں ایم۔اے کیا اور ۱۹۲۶ء میں گورنمنٹ کالج جھنگ سے تدریس کا آغاز کیا۔ ۱۹۲۹ء میں موصوف حکومت کے وظیفے پر انگلستان چلے گئے، جہاں انہوں نے لندن یونیورسٹی سے ۱۹۳۱ء میں پی ایچ۔ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۴۸ء میں ڈاکٹر صاحب گورنمنٹ کالج لاہور میں شعبہ عربی اور اسلامیات کے صدر مقرر ہوئے، ۱۹۵۴ء میں انہوں نے اورینٹل کالج میں اعزازی طور پر پڑھنا شروع کیا، ۱۹۵۶ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے ریٹائرمنٹ کے بعد موصوف اورینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی، لاہور کالج میں شعبہ عربی کے سربراہ مقرر ہوئے، جہاں سے وہ ۱۹۵۹ء میں ریٹائر ہوئے۔ڈاکٹر عنایت اللہ شیخ انگریزی کے علاوہ فرنچ، جرمن اور اطالوی زبانوں سے بھی کما حقہ واقف تھے۔لائڈن یونیورسٹی نے، انسائیکلو پیڈیا آف اسلام کی مشاورتی کونسل کا رکن منتخب کر کے ان کی علمیت کا اعتراف کیا، ان کی تصانیف میں سے دعوتِ اسلام (آرنلڈ) ترجمہ، تاریخ ابن خلدون (ترجمہ) مسلمانوں کے فنون ترجمہ، تاریخ اسلام (نصابی کتاب) اور تحقیق اللغات کے علاوہ

- Goegraphical Factors in Arabian: Life and History.
- Why we learn the Arabic Language.
- Social and Political Organization of the Arabs in Relation to the Physical Condition of their land.

خاص طور پر قابل ذکر ہیں: ڈاکٹر شیخ عنایت کا انتقال ۴ر نومبر ۱۹۷۷ء کو لاہور میں ہوا (خفتگان خاک لاہور تحقیقات پاکستان، دانش گاہ، پنجاب، بارِ اول ۱۹۹۳ء، ص ۱۸۳۔۱۸۴)

2- Muhammad Hamudullah.Dr. Le Prophite del Islam :Sa vieet Son Oeuvre, Labrairie Philosophique J.Virn, 6, Placede la Sorborne, Paris V ۱۳۷۸. A.H= 1959 A.V.

ڈاکٹر صاحب کی اس فرانسیسی کتاب کے کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں اور ہر بار آپ نے اس میں ترمیم واضافہ کیا ہے اس کا ترکی اور انگریزی میں ترجمہ ہوا ہے۔انگریزی ترجمہ ڈاکٹر محمود احمد غازی نے کیا ہے۔جس کی پہلی جلد ڈاکٹر مصلح الدین ٹرسٹ، اسلام آباد نے شائع کی ہے۔

3- Al-Baladhuri, Ahmaed b. Yahya b Jabir, Ansab al-Ashraf, 11th Volume e. Ed, ahlwardt, Greifswald. 1883.

4- Ansab al-Ashraf, 5th Volume, Ed, Dr. S.D.F. Goitein, Jerusalem, 1936.

Ansab al-Ashraf 4th B. Volume, Ed. Max Scholessinger, Jorusalem, 1938.

5- Ansab al-Ashraf, 1st Volume, Ed.Dr. Muhammad Hamidullah, Egypt 1959.

بشکریہ ماہنامہ ''معارف اعظم گڑھ'' ج ۸۸، عدد ا، جولائی ۱۹۶۱ء، ص ۲۲ تا ۳۱ میں شائع ہوا۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی چند مشہور کتب سیرت کا تعارف اور ان کے مندرجات

* لطف الرحمٰن فاروقی

ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم (۱۹رفروری ۱۹۰۸ء۔ ۱۷ردسمبر ۲۰۰۲ء) دور جدید کے مشرق و مغرب میں مقبول ایک جدید اسلامی محقق ہیں۔ جو علم و تحقیق کے جدید منہاج اور معیار سے پوری طرح آگاہ تھے اور یورپ میں بیٹھ کر تمام زندگی جدید و قدیم منہاج بحث و تحقیق سے استفادہ کرتے رہے۔ ان کے اصل مآخذ قرآن و سنت اور مسلمانوں کے معتبر اہل علم کی تصانیف تھیں۔ انہوں نے اسلام کو بے کم و کاست علمی انداز میں دنیا کے سامنے پیش کیا۔ وہ تحقیق و تصنیف، تلاش و جستجو، نقد و احتساب کے ان تمام ذرائع کو نا قابل تردید حقائق کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔ اسلام کے بنیادی مآخذ قرآن و حدیث، فقہ، سیرت اور صدر اسلام کی تاریخ کو موضوع بحث بناتے ہیں۔ وہ ثانوی مآخذ و مصادر پر بھروسہ کرنے کے بجائے اوّلین مآخذ و مصادر کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اس سلسلے میں مطبوعات کے ساتھ ساتھ مخطوطات سے بھی استفادہ کرتے ہیں۔ مضمون کی تفہیم کے ساتھ الفاظ کی تحقیق ان کے مآخذ، استعمال، مماثلات، رجال اور مقامات کی تحقیق کے ساتھ ایسی جزئیات کا بھی احاطہ کرتے ہیں جو نادر و نایاب اور دلچسپ معلومات پر مشتمل ہوتی ہیں۔

ان کی تحقیق و جستجو کا ایک پہلو یہ ہے کہ وہ تاریخی مقامات کا بچشم خود مشاہدہ کر کے اطمینان قلب حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور ان مواقع کی شہادت کو قلم بند کر کے اپنے موضوع کو مستند اور محکم بناتے ہیں مثلاً ''عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی'' کی طبع ثانی کے پیش لفظ میں ''عہد نبویؐ کے میدان جنگ'' میں اضافے کے متعلق لکھتے ہیں:

> ''عہدِ نبوی کے میدان جنگ'' کئی بار چھپی ہے، لیکن خیبر، تبوک، موتہ وغیرہ کے عینی مشاہدہ کا موقع ملے تو کتاب میں اضافہ ہوسکتا ہے۔'' (۱)

مگر اس میں لفظ خیبر پر حاشیہ نمبر ۲ کے تحت لکھتے ہیں:

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

''اس کے لکھنے کے بعد خیبر جا سکا اور کتاب مذکورہ کے انگریزی ایڈیشن میں اس کے متعلق معلومات بڑھا سکا۔''(۲)

اس بات سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ کسی بھی موضوع کو مستند بنانے کے لیے آپ کس طرح بے چین و بے تاب رہتے تھے اور مستند شواہد تک پہنچے بغیر موضوع پر قلم نہیں اٹھاتے تھے۔

اس سلسلہ میں میدانِ اُحد کے محل وقوع اور حضور اکرم ﷺ کے جنگ کے لیے اس مقام کے انتخاب کے سلسلہ میں لکھتے ہیں:

''اُحد ایک پہاڑ ہے جو مدینے کے شمال میں تین ساڑھے تین میل کے فاصلے پر شرقاً غرباً پھیلا ہوا ہے کہ مکے کے متعلق سب جانتے ہیں کہ وہ مدینے کے جنوب میں واقع ہے۔ عرصے سے میں یہ سوچتا اور بہتوں سے پوچھتا رہا کہ مکے والے مدینے کے جنوب پر کیوں حملہ آور نہیں ہوئے اور کس مصلحت سے مدینے کے شمال میں جا کر اپنی واپسی اور اپنی کمک وغیرہ کا راستہ بند کر لیا۔ جب میری کسی طرح تشفی نہ ہوئی تو مجبوراً میں اس نتیجے پر پہنچا کہ موجودہ اُحد میں وہ مقام نہیں ہے جہاں غزوہ اُحد پیش آیا اور یہ قدیم اُحد اصل میں مدینے کے جنوب میں قُبا کے قرب و جوار میں کس جگہ واقع ہوگا۔ قدیم مؤرخین اور جغرافیہ نگاروں کے متفقہ بیان کہ اُحد مدینے کے شمال میں ہے اور حتیٰ کہ حضرت حمزہؓ کا مزار بھی میری تشفی نہ کر سکے۔ لیکن جب میں نے برسرموقع مقامیاتی (ٹوپوگرافیکل) مطالعہ کیا تو وہ چیز سمجھ میں آ گئی جو بیسیوں کتابوں کی سالہا سال ورق گردانی سے بھی نہ آئی تھی۔'' (۳)

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے سیرتِ رسولؐ کو نہ صرف اپنی بحث و تحقیق کا موضوع بنایا، بلکہ اپنی زندگی کا اسوہ اور رہنما بھی قرار دیا۔ وہ اپنی تالیف ''رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی'' کے ''عرض مؤلف'' کے زیر عنوان لکھتے ہیں:

''غرض مؤلف، ناشرین ابتدائی، ناشر حالی، ناظرین سب کے لیے سیرت بابرکت نبویؐ کا مطالعہ و خدمت باعث سعادت ہے۔'' (۴)

مزید لکھتے ہیں:

''ایک اور چیز واضح کرنی ہے، قرآنِ مجید میں رسول اکرمؐ کو سارے مسلمانوں کے لیے اسوۂ حسنہ اور ہر طرح قابل تقلید نمونہ قرار دیا گیا ہے۔ یہ نمونہ معجزات اور خارق عادات طریق کار کے متعلق نہیں ہوسکتا۔ اس لیے اس ناچیز نے سیرت پاکؐ کے انہی پہلوؤں پر زور دیا ہے جو عالم اسباب کے مناسب اور ہر انسان کے لیے قابل عمل ہوں۔'' (۵)

اگر چہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اسلامی علوم کے مختلف شعبوں میں انتہائی مہارت اور کامیابی کے ساتھ اپنی خدمات انجام دیں۔ مگر ان کی تمام تر تحقیق و کاوش و جستجو کا محور سیرتِ نبی ﷺ ہے۔ اس سلسلہ میں آپ کو دورِ جدید کا مجدد علوم سیرت کہنا مناسب ہوگا کیوں کہ سیرت پر آپ کی تحقیق کا کام ایک منفرد کام ہے۔ آپ نے سیرت کے اصلاحی پہلو کو اپنی تحقیق کا موضوع بنایا۔ جو تاریخ ادبیات سیرت میں ایک نئے اسلوب اور ایک نئے دور کا آغاز ہے جو آپ ہی کے ہاتھوں ارتقائی منازل طے کرتے گئے۔ سیرت کے موضوعات پر آپ کی متنوع خدمات جدت اور امتیازی حیثیت کی حامل ہے۔ چنانچہ آپ کو جدید سیرت نگاروں کا پیش رو اور عاشق رسول ﷺ کہنا بھی مناسب ہے۔ البتہ اس عشق میں وہ دنیائے عقل کو مطمئن کرتے ہوئے اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کی زندگی کے ہر پہلو کی پیروی کرنا ہر مسلمان خاص و عام پر لازم قرار دیا گیا ہے۔ ارشادِ الٰہی ہے:

﴿ لَقَد كَانَ لَكُم فِى رَسُولِ اللّٰهِ اَسوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَن كَانَ يَرجُوا اللّٰه وَاليَومِ الآخِرِ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيراً ﴾ (٦)

''درحقیقت تم لوگوں کے لیے اللہ کے رسولؐ میں ایک بہترین نمونہ ہے۔ ہر اس شخص کے لیے جو اللہ اور یوم آخرت کا امیدوار ہو اور کثرت سے اللہ کو یاد کرے۔''

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ہر مومن کو زندگی کے ہر شعبہ میں رسول اللہ ﷺ کی پیروی کا حکم دیا ہے۔ ایک اور آیت کریمہ سے اس بات کی تائید ملتی ہے اس میں ہر شخص کو جو اللہ تعالیٰ سے محبت کا دعویٰ کرتا ہے، آپ ﷺ کی پیروی کا حکم دیا ہے۔ ارشاد ہے:

﴿ قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَحِيْم۔ قُلْ اَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِيْن ﴾

''اے نبیؐ) ان سے کہہ دیجیے کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہاری خطاؤں کو معاف کر دے گا بے شک اللہ بڑا معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔ بتا دیں کہ اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کرو پھر اگر وہ روگردانی کریں تو یقیناً اللہ ایسے لوگوں سے محبت نہیں رکھتا جو انکار کرنے والے ہوں۔''

یہاں بھی اللہ تعالیٰ سے محبت کی کسوٹی رسول اللہ ﷺ کی اتباع ہی کو قرار دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کی ذات کو کسی خاص شعبہ زندگی کا نمونہ نہیں بنایا۔ بلکہ یہ نمونہ زندگی کے تمام شعبوں کے لیے ہے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ کی زندگی کا ہر پہلو قیامت تک محفوظ رہنا لازم ہے۔ اس لیے صحابہ کرامؓ سے لے کر آج تک عاشقان رسولؐ آپؐ کی زندگی کے ہر پہلو کو محفوظ رکھنے اور اگلی نسل تک منتقل کرنے کا اہتمام کرتے رہے جو آج ہمارے سامنے سیرت کے نام سے موجود ہے۔ ہمارے سلف صالحین نے بڑی دیانت داری سے سیرت خیر البشرؐ کے ہر پہلو کو کما حقہ محفوظ کر دیا۔ مگر ہر دور کے تقاضے کے پیش نظر کبھی کوئی پہلو زیادہ نمایاں ہوتا تھا تو کبھی کوئی پہلو۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ چونکہ اُس دور میں تحقیق وتصنیف کے میدان میں آئے جب مسلمانان عالم اور خاص کر برصغیر پاک و ہند کے مسلمان ایک طویل عرصہ سے رائج اغیار کی غلامی سے آزاد ہو کر دوبارہ اس رسول اللہ ﷺ کے قائم کردہ اسلامی معاشرہ اور اسلامی ریاست کے قیام کے لیے جدوجہد میں ہمہ تن مصروف تھے جنہوں نے پہلی بار دنیا کے سامنے ایک خوشحال پرامن فلاحی اسلامی معاشرہ قائم کر کے، کامیابی کے ساتھ چلا کر دکھایا چنانچہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم نے سلف صالحین کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اسلام کی عظمت رفتہ کو سامنے لانے میں دور حاضر کے پیشرو کا کردار ادا کیا۔ سیرت رسول اللہ ﷺ کے اس منفرد پہلو کو تحقیق و تالیف کا موضوع بنانے کے سلسلہ میں مؤلف اپنی اولین تالیف میں رقمطراز ہیں:

''قرآن مجید میں رسول اکرمؐ کو سارے مسلمانوں کے لیے اسوۂ حسنہ اور ہر طرح کا قابل

تقلید نمونہ قرار دیا ہے۔ یہ نمونہ معجزات اور خارق عادات طریق کار کے متعلق نہیں ہوسکتا۔ اس لیے اس ناچیز نے سیرت پاکؐ کے انہیں پہلوؤں پر زور دیا ہے جو عالم اسباب اور ہر انسان کے قابل عمل ہوں۔" (۸)

سیرت کے موضوع پر آپ کے بیشمار مضامین و مقالات کے علاوہ عربی، اردو، انگریزی اور فرانسیسی میں حسب ذیل تالیفات اور تصنیفات ہیں:

- مجموعة الوثائق السياسيه للعهد النبويؐ والخلافة الراشده
- رسول اللہ ﷺ کی سیاسی زندگی
- عہد نبویؐ کے میدان جنگ
- عہد نبوی ﷺ میں نظام حکمرانی
- خطباتِ بہاولپور
- سیرت ابن اسحاق مسماة بكتاب المبتدا و المبعث و المغازى
- محمد رسول اللہ ﷺ
- The First Written Constitution in the World.
- The Prophet's Establishing a state and his succession
- پیغمبر اسلام حیات و کارنامے
- عہدِ نبوی ﷺ اور خلافت راشدہ میں سفارت کاری
- مکاتیب نبوی ﷺ کی چھ اصلیں
- عہدِ نبویؐ کا مدینہ

سیرتِ النبی ﷺ پر ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی سب سے ضخیم اور باقاعدہ تصنیف فرانسیسی زبان میں ہے جس کا عنوان ہے:

Le Prophete de I' Islam: Sa Vie et Son Oeurev

(The Life and Work of the Prophet of Islam)

اس کے علاوہ بھی آپ کا زیادہ تر کام فرانسیسی زبان میں ہے۔ جب کہ ان کی مادری زبان اردو ہے۔ اس سلسلے میں آپ لکھتے ہیں:

''مادری زبان سے کس کو محبت نہیں ہوتی، لیکن گزشتہ تیس سال سے فرانس میں قیام کے باعث زیادہ فرانسیسی ہی لکھتا رہا ہوں۔''(۹)

ذیل میں ڈاکٹر صاحب کی معروف کتب سیرت کا تعارف اور ان کے مندرجات کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

❶ خطباتِ بہاولپور

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اسلامی علوم کے مختلف شعبوں میں خدمات انجام دیں۔ مگر ان کی تمام علمی سرگرمیوں اور خدمات کا مرکز و مدار سیرت رسول اللہ ﷺ ہے۔ یہ خطبات پندرہویں صدی ہجری کے آغاز پر بہاولپور کی اسلامیہ یونیورسٹی میں ۱۸ تا ۲۰ مارچ ۱۹۸۰ء کو اہل علم و دانش کے سامنے دیئے گئے اور ہر خطبے کے اختتام پر سامعین کے سوالات کے تسلی بخش جوابات دیئے جو بعد میں ''خطباتِ بہاولپور'' کے نام سے موسوم ہوئے۔ خطبہ پیش کرتے ہوئے ان کے سامنے کوئی تحریری مسودہ نہیں تھا۔ جب کہ ہر خطبہ اپنی جگہ ایک مکمل کتاب ہے۔ اس سے ان کی قوت حافظہ، موضوع پر عبور، مواد و مآخذ پر دسترس اور ترتیب بیان، حیران کن حد تک سامنے آتی ہے۔ یہ علمی خطبات ۱۹۸۱ء میں بہاولپور سے شائع ہونے کے بعد ضروری تصحیح و ترامیم کے ساتھ ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد سے بھی شائع ہوئے۔

اس کتاب کا انگریزی ترجمہ بھی "The Emergence of Islam" کے نام سے ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی ہی نے شائع کیا ہے۔ یہ ترجمہ افضل اقبال صاحب نے کیا ہے۔

کتاب کل ۳۸۵ پیراگرافوں پر مشتمل ہے جس کے ۱۲ مقالات میں سے حسب ذیل ۶ مقالات خالصتاً سیرت سے متعلق ہیں۔

① عہدِ نبویؐ میں مملکت اور نظم و نسق

② عہدِ نبویؐ میں نظام دفاع اور غزوات

③ عہدِ نبویؐ میں نظام تعلیم

④ عہدِ نبویؐ میں نظام تشریع و عدلیہ

⑤ عہدِ نبویؐ میں نظام مالیہ و تقویم

⑥ دین (عقائد، عبادات، تصوف)

ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی کے ایڈیشن میں توضیحی نقشوں اور اشاریہ کا اضافہ بھی کر دیا گیا۔ مثلاً صفحہ ۱۱۳ اور ۲۷ پر حضرت عثمانؓ سے منسوب قرآن مجید کے دو قلمی اوراق کے عکس اور صفحہ نمبر ۲۲۵ پر نقشہ میدان غزوہ بدر ۲۳۳ پر نقشہ میدان غزوہ خندق، ۲۴۰ پر نقشہ میدان اُحد و خندق اور ۲۴۹ پر نقشہ خیبر ہیں جس سے کتاب کی قدر و قیمت میں اضافہ ہوا۔ ڈاکٹر صاحب نے پوری کتاب کو پیراگرافوں میں تقسیم کیا اور خود اشاریہ بھی ترتیب دیا۔ (۱۰)

کتاب کی تیسری اشاعت کے وقت ڈاکٹر صاحب نے اس پر نظر ثانی فرمائی۔ اس سلسلہ میں پیش لفظ میں لکھتے ہیں:

> ''اب تیسری اشاعت کے وقت مجھے پہلی بار موقع ملا کہ زبانی تقریروں کو جس طرح تحریری صورت دی گئی تھی اس پر نظر ڈال سکوں، اور جہاں میری مراد کو سمجھنے میں مدوّن صاحب سے غلطی ہوئی تھی اسے درست کر سکوں۔ اپنی غلطیاں اور کوتاہیاں تو میں دور نہیں کر سکوں گا، لیکن میرے الفاظ اور میرے مفہوم کے تعین میں سہو ہوا تو اب اس کی اصلاح کر دی گئی ہے۔ ولِلّٰہِ الحمد۔ یہ اب گویا پہلا مستند ایڈیشن ہے۔ حوالے تو یہاں نہیں دیئے جا سکے، لیکن بیانات کا اب میں ذمہ دار ہوں۔ (۱۱)

اس دور میں شائع ہونے والی اس موضوع کی یہ بھی ایک اہم کتاب ہے۔کتاب کے نام سے ہی ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بھی رسول اللہ ﷺ کی نبوی زندگی کے اطلاقی پہلو سے متعلق ہے کہ ان کے ہاتھوں ایک اسلامی ریاست کی بنیاد کس طرح پڑی اور اس کے خدوخال کیا تھے؟ اس پر یہ کتاب ماخذ کی حیثیت رکھتی ہے۔

اگر چہ یہ ۷۳ صفحات پر مشتمل ایک مختصر کتاب ہے مگر کن اصولوں پر اسلامی ریاست قائم ہوئی اور اس کو چلانے کے لیے کیا ہدایات ہیں اس کتاب سے اس بارے میں مکمل رہنمائی ملتی ہے۔

دراصل پندرہویں صدی ہجری کے آغاز میں دنیائے اسلام میں اسلامی علوم کی احیاء کی سرگرمی شروع ہوگئی تھی چنانچہ ایک عاشق رسول ﷺ کی حیثیت سے آپ نے محسوس کیا کہ ملت کے سامنے نئے دور کے تقاضے کو سامنے رکھتے ہوئے ان اصولوں کو جدید اصطلاحات کے ساتھ پیش کیا جائے جن کی بنیاد پر رسول اللہ ﷺ نے کامیابی کے ساتھ ایک اسلامی ریاست قائم کی، جسے بعد میں بھی ان کے خلفاء نے جاری رکھا۔

ڈاکٹر صاحب کے مطابق انہوں نے اس مطالعہ کے ذریعہ، چند قدیم اور معروف حقائق کی جدید تشریح کی طرف اہل قلم کی توجہ مبذول کروائی ہے۔ جس میں علوم کی خدمات اور حقائق کی تلاش کے علاوہ ان کا اور کوئی مقصد نہیں۔(۱۴)

اس کتاب کی اشاعت کے بارے میں ڈاکٹر این اے بلوچ لکھتے ہیں: ۱۹۸۷ء میں پاکستان ہجرہ کونسل کی دعوت پر کونسل کی جانب سے ایک صد عظیم کتابوں کے انتخاب کے سلسلہ میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب اسلام آباد تشریف لائے تھے، اس موقع پر انہوں نے کونسل کے چیئرمین جناب اے۔کے بروہی کو پیرس کے اسلامک کلچرل سنٹر کی سلسلہ اشاعت نمبر ۶ کی کتاب حیدر آباد (دکن) سے ۱۴۰۶ھ/۱۹۸۶ء میں شائع ہونے والی کتاب کا ایک نسخہ ہدیہ دیا۔کتاب دیکھ کر جناب اے۔کے بروہی صاحب نے اس بیش قیمت تصنیف کا ایک پاکستانی ایڈیشن شائع کرنے کی خواہش ظاہر کی، جس میں مدینہ کی اسلامی ریاست کا دستور شامل ہو، جس میں فاضل مصنف دسترس رکھتے ہیں۔ چنانچہ مصنف کی جو کتاب ''دنیا کا پہلی تحریری دستور'' کے عنوان سے ۱۹۷۹ء اور ۱۹۹۵ء میں شائع ہوئی تھی۔

اس کو ایک نیا فصل نمبر ااا کے تحت شامل کر دیا۔ جس سے کتاب کی جامعیت اور قدر میں مزید اضافہ ہوا۔ (۱۳)
یہ کتاب حسب ذیل کل XI عنوانات میں منقسم ہے:

(i) The Quranic Conception of the State
قرآن کا تصورِ ریاست

(ii) Conception of State in Islam.
اسلام میں ریاست کا تصور

(iii) The First Written Constitution in the Word.
دُنیا کا پہلا تحریری دستور

(iv) Translation of the Text of the Constitution.
دستور کے متن کا ترجمہ

(v) The Propeht as a Statesman and his Treatment of Non. Muslim Subjects, and its fruits.
رسول اللہ ﷺ بحیثیت ماہر حکمران اور غیر مسلم رعایا کے ساتھ ان کا سلوک اور اس کے نتائج

(vi) Budgeting and texation in the time of the Prophet.
رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں تخمینہ زر اور محاصل کا نظام

(vii) Financial Administration in the Muslim Prophet.
مسلم ریاست کا مالی نظام

(viii) Constitutional Problems in Early Islam.
اسلام کے قرون اولیٰ میں دستوری مسائل

(ix) 1400 The Anniversary of the War of Banu an Nadir.

غزوہ بنونضیر کی ۱۴۰۰ سال

(x) The teliguided Batteles of Jamal and Siffin.

جنگ جمل وصفین کے دوررس نتائج

(xi) The Episode of the Project of a written testament by the Prophet on his Death-Bed.

❸ مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ للعہد النبویؐ والخلافۃ الراشدۃ

☆ کسی بھی حکمران کی شخصیت وکردار کو سمجھنے میں اس کے فرامین ومعاہدات اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ ہجرت کرنے کے ساتھ ہی جس شہری مملکت کی بنیاد رکھی وہ ''روزانہ دوسو چوہتر مربع میل کی اوسط سے وسعت اختیار کرتی ہے۔ اور دس سال بعد جب آنحضرت ﷺ کی وفات ہوئی تو دس لاکھ سے زیادہ مربع میل کا رقبہ آپ کے زیر اقتدار آچکا تھا جو تقریباً ہندوستان کے برابر وسیع علاقے کی فتح ہے۔ (۱۴) اس دوران آپ ﷺ کو بے شمار لوگوں سے واسطہ پڑا ان کو مختلف دستاویزات لکھ کر دیئے ان میں سے کچھ تو تاریخ میں محفوظ ہیں اور کچھ ناپید ہو گئے۔ کچھ شاید اب بھی دریافت ہونے سے رہ گئے۔

☆ یہ کتاب سیرت کے موضوع پر اپنی نوعیت کی انتہائی اہم تاریخی دستاویز ہے۔ اس میں رسول اللہ ﷺ سے متعلق ۲۷۵ (پونے تین سو) سے زائد مکتوبات، فرامین، معاہدے، دعوتی مکاتیب، عمال کا تقرر نامہ، آراضی وغیرہ کے عطیہ نامہ، امان نامے، وصیت نامے اور مختلف افراد سربراہان کی طرف سے موصول شدہ مکتوبات کے جوابات وغیرہ کی دستاویزیں جمع کی گئی ہیں۔ جس کو وثیقۃ النبی ﷺ کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ یہ سیرت النبی ﷺ اور تاریخ اسلامی کے معتبر ماخذ ہیں۔ اس کتاب کے دو ایڈیشن مطبعہ لجنۃ التالیف والترجمہ والنشر قاہرہ مصر سے ۱۹۵۶ء اور تیسرا ایڈیشن ۱۹۶۹ء میں بیروت سے شائع ہوا۔ بعد ازاں ۱۹۸۵ء میں نظر ثانی شدہ ایڈیشن بھی بیروت سے شائع ہوا۔ اس کا ایک فرانسیسی ایڈیشن ۱۹۳۵ء میں شائع ہوا تھا۔

ان وثیقہ جات کے سلسلہ میں مؤلف رقمطراز ہے۔

''اپنے مطالعات سیرت کے سلسلے میں اس کی بھی کچھ خدمت کی سعادت حاصل ہوئی۔ ۱۳۶۰ھ میں ''مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ فی العھد النبوی ﷺ والخلافۃ الراشدہؓ'' کے نام سے ایک کتاب مصر میں شائع ہوئی۔ اس میں عہدِ نبوی ﷺ کے کوئی پونے تین سومکتوبات یکجا ہوئے۔ پھر خلافت راشدہؓ کا کچھ ذخیرہ ہے۔ اس کتاب کے چھپنے کے بعد سے کوئی ڈیڑھ دو درجن مزید مکتوبات کا پتہ چلا۔ مطبع جدید کا موقع ملے تو ان کا بھی اضافہ ہوکر پبلک کے استفادے کی صورت ہوسکتی ہے۔ مؤلف طبع جدید کے حاشیہ میں لکھتے ہیں طبع ثانی ۱۳۷۶ھ میں مصر میں ہوگئی۔ اب ۱۳۸۷ء میں طبع ثالث کی تیاری ہے۔ کئی درجن اور خطوط کا پتہ چلایا ہے۔''(۱۵)

نیز کتاب مذکورہ کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:

''راقم مؤلف نے فرامین نبویؐ اور زمانہ ہائے خلفائے راشدین کا ترجمہ فرانسیسی زبان میں شائع کیا۔ جس کے ساتھ ان فرامین کی تاریخی حیثیت پر سیر حاصل بحث کی۔ ناممکن ہے کہ اس بحث کے مطالعہ کے بعد آپ اس دور کی سیاسی حیثیت کا اندازہ نہ لگاسکیں اور اس عنوان پر راقم نے ۱۹۵۳ء میں پیرس سے پی۔ ایچ۔ ڈی کی سند حاصل کی۔ بعد میں جو اصلی وثائق دستیاب ہوئے انہیں بطور تکملہ کے پیش کردہ مقالہ میں شامل کردیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ پیش کردہ مقالہ برائے سند اور بعد مرتبہ تکملہ کے درمیان عدم مطابقت کا شبہ نہیں رہا۔''(۱۶)

اس سلسلہ میں طریق وتدوین سے متعلق لکھتے ہیں:

''ہم نے اس مجموعہ کو دو حصوں میں منقسم کردیا ہے (الف) عہد نبویؐ کے متعلق معاہدات (ب) زمانہ ہائے خلفائے راشدینؓ کے معاہدات اور دونوں کے متعلق سیاسی اور جغرافیائی حیثیت وضمیمے اور نقشے ضم کردیے گئے ہیں۔''(۱۷)

اس بیان سے ان وثیقہ جات کے بارے میں ذہن میں پیدا ہونے والے تمام سوالات کے جوابات مل جاتے ہیں۔ کتاب کے شروع میں ایک انتہائی مفید مقدمہ ہے جس میں آغاز میں ہی یہ وضاحت کر دی گئی ہے:

''بلاشبہ دُنیا کی تاریخ میں عہدِ نبوی ﷺ سیاسی، دینی اور اقتصادی اعتبار سے ممتاز ہے، لیکن اس عہد کی تاریخ قلمبند کرنے کے لیے رسول اللہ ﷺ کے فرامین کے بغیر چارہ نہیں۔ اس بارے میں اہم ترین مآخذ وہی ہیں، ہم نے اسی ضرورت کے لیے عہد نبویؐ کے فرامین و معاہدات اور وثیقہ جات کو جمع کرنا ضروری سمجھا۔'' (۱۸)

مؤلف نے اس مقدمے میں جن نکات پر بحث کی وہ حسب ذیل ہیں:

قسم اوّل: ''ظہورِ اسلام''

معاہداتِ نبوی ﷺ، مکاتیبِ نبوی ﷺ پر اردو میں دو کتابیں، طریق تدوین، عہدِ نبوی ﷺ کے سیاسی اثرات، ہجرت کے بعد قریش مکہ پر ہجرت کا اثر، عجمی ملکوں سے شاہان فارس اور روم کا رویہ، قبائل کا معاملہ، تکملہ وثائق بنو بیل۔

قسم دوم: خلفائے راشدین کے معاہدات

جو دو فصلوں میں منقسم ہیں:

- فصل متعلقہ روم
- فصل متعلقہ ''فارس وایران''

اس ضمن میں یہ بات واضح کر دی گئی ہے کہ ان معاہدات میں وہ بے شمار وثیقے قارئین کی نظر سے گزریں گے جن کا تذکرہ واقدی اور بلاذری نے فتوحات (روم وایران) کے ضمن میں کیا ہے۔ اس لیے کہ ان معاہدات سے ہمارے موضوع کو تعلق نہیں اگر یہ فرمایئے تو بے جا نہ ہوگا کہ خلفائے راشدین کے معاہدات فی المعنی تکملہ بیان و مقصد کی غرض سے ملحق کیے گئے ہیں۔ اسی طرح ہم نے وہ معاہدات قلم انداز کر دیئے ہیں جو معتبر مآخذ سے نہیں ملے۔

اقسام مندرجات

اس ضمن میں حسب ذیل کل ۷ اقسام کے وثائق کا ذکر کیا گیا۔

① معاہدات جدید یا ماسبق کی تجدید

② مکاتیب مشتمل بہ دعوت اسلام

③ احکام سرکاری وعمال کے فرائض اور طریق کار

④ وثیقہ جات عطائے ارضی واجناس

⑤ امان نامے اور وصایا

⑥ متعین کردہ افراد کے لیے ہدایات

⑦ مکاتیب نبویؐ کے جواب میں آمدہ مراسلہ

اس کے علاوہ ایک اور قسم کے فرامین ومعاہدات کا ذکر کیا جو نصاری اور مجوس و یہود کے لیے ہیں اور یہ کثرت سے پائے جاتے ہیں، مگر یہ حد صحت تک نہیں پہنچتے۔ (۱۹)

اس کتاب کے کئی زبانوں میں تراجم شائع ہوئے، اردو زبان میں مولانا ابو یحی امام خان نوشہروی نے ۱۹۳۵ء کی فرانسیسی ایڈیشن سے ترجمہ کیا ہے مگر مؤلف نے اس کو ناقص قرار دیا ہے۔ لکھتے ہیں:

> ''اس کا اردو ترجمہ لاہور میں ''سیاسی وثیقہ جات'' کے نام سے کسی صاحب نے مجھے مسودہ بتائے بغیر طباعت اول کی اساس پر چھاپا ہے۔ بدقسمتی سے اصل کی ساری خصوصیات (مآخذ اشاریہ) وغیرہ حذف کردی گئی ہیں ترجمے کی صحت کا بھی ذمہ دار نہیں ہوں۔'' (۲۰)

❹ عہدِ نبویؐ کے میدانِ جنگ

یہ غزوات نبویؐ پر ایک نہایت ہی قابل قدر اور منفرد کتاب ہے۔ یہ مقالہ پہلی مرتبہ ۱۳۵۹ھ/۱۹۴۰ء میں شعبہ دینیات وفنون، جامعہ عثمانیہ کے مجموعہ تحقیقات علمیہ کے سالنامہ ہفتم میں شائع ہوا تھا جسے اہل علم و دانش کی غیر معمولی پذیرائی ملی۔ کیونکہ مصنف نے حربی اور عسکری نقطۂ نگاہ سے ایک منفرد انداز میں اس پر کام کیا اور ان مقامات کا چشم دیدہ مشاہدہ بھی کیا۔ اس مقصد کے لیے آپ دو مرتبہ حجاز مقدسہ بھی تشریف لے گئے تھے اور میدان جنگ کے توضیحی نقشہ جات تیار کئے تھے۔ مؤلف کی ان کاوشوں اور علمی جستجو کے بارے میں ان سے قربت وعقیدت رکھنے والے ڈاکٹر محمود احمد غازی رقمطراز ہیں:

> ''کتاب عہدِ نبویؐ کے میدان جنگ نہ صرف ڈاکٹر صاحب کی قدیم تصنیفات میں سے ہے بلکہ اس کا موضوع بھی بڑا منفرد قسم کا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے جغرافیہ سیرت اور عسکریات سیرت کا نہ صرف قدیم ترین ماخذ سے مطالعہ کیا بلکہ خود مقامات کا مشاہدہ کیا، مقامات کو خود ناپ کر ان کے فاصلے متعین کیے اور ان کے نقشے بنائے۔ اپنے اس مطالعہ کو ڈاکٹر صاحب نے ایک مختصر لیکن نہایت مفید اور فاضلانہ کتاب میں پیش کیا جس کے اب تک اردو، انگریزی اور فرانسیسی زبانوں میں متعدد ایڈیشن نکل چکے ہیں۔''(۲۱)

اس منفرد موضوع پر محققانہ کام ادا کرنا کوئی آسان کام نہیں تھا۔ بلکہ اس کام میں ان کو ہراول دستہ کا کام کرنا پڑا خود رقمطراز ہیں:

> ''سیرتِ نبوی ﷺ کے جنگی حصے پر بھی مواد کی کوئی کمی نہیں، لیکن غزوات نبویؐ پر تاریخی نہیں بلکہ حربیاتی (فن حرب کے) نقطۂ نظر سے میرے پڑھنے یا سننے میں اب تک کوئی چیز نہیں آئی۔ ساڑھے تیرہ سو سال پہلے کی جگہوں پر کچھ لکھنے کے لیے حربیاتی اور تاریخی، ہر دو بالکل مختلف قسم کی مہارتیں درکار ہیں۔ میں ان دونوں سے بھی محروم رہا ہوں۔ لیکن ''مردے از غیب بروں آید و کارے بکند'' کا یا خود میں ان صلاحیتوں کے پیدا ہونے اور ''نو من تیل''

کے فراہم ہونے کا انتظار کرنا، اُن تھوڑی بہت معلومات کو بھی ضائع کر دیا تھا جو مطالعے اور سفر سے اتفاقاً مجھے حاصل ہوئے ہیں۔ اس لیے جو بھی مجھ سے ہو سکا مرتب کیا گیا ہے۔'' (۲۲)

چنانچہ یہ کتاب ایک طرح سے نامکمل شائع ہوتی رہی۔ اس سلسلہ میں دیباچہ طبع ثالث میں مؤلف رقمطراز ہیں:

''اس پورے دوران میں جنگ کے باعث مکرر سفرِ حجاز کا موقع نہ ملا، اور غزوہ خیبر کے اہم تشنہ جز کی تکمیل نہ ہوسکی۔'' (۲۳)

اس تمنا کا اظہار وہ ایک اور کتاب کے پیش لفظ کے تحت کرتے ہیں:

''عہدِ نبویؐ کے میدان جنگ کئی بار چھپی ہے لیکن خیبر، تبوک، موتہ وغیرہ کے عینی مشاہدہ کا موقع ملے تو کتاب میں اضافہ ہوسکتا ہے۔'' (۲۴)

خیبر کا مشاہدہ کرنے کے بعد مذکورہ پیش لفظ خیبر پر حاشیہ نمبر ۲ کے تحت لکھتے ہیں:

''اس کے لکھنے کے بعد خیبر جا سکا اور کتاب مذکورہ کے انگریزی ایڈیشن میں اس کے متعلق معلومات بڑھا سکا۔'' (۲۵)

معلوم ہوا کہ انگریزی ایڈیشن میں تو اضافہ ہوسکا مگر اردو ایڈیشن کا دامن ان اضافوں سے خالی رہا۔ چنانچہ الہدیٰ پبلی کیشنز کے روح رواں مولانا ڈاکٹر محمد میاں صدیقی صاحب نے بے انتہاء کاوش سے اس کتاب کا ایک شایان شان ایڈیشن تیار کیا اور اپنی نگرانی میں اس کتاب کو اعلیٰ معیار پر طبع کرایا۔ چونکہ موصوف خود بھی سیرت کے محقق اور مصنف ہیں چنانچہ حیدرآباد دکن سے شائع ہونے والا نسخہ حاصل کیا گیا جو مؤلف نے اپنی تصحیح و نگرانی کے ساتھ شائع کروایا تھا۔ ۱۹۴۵ء کا مطبوعہ نسخہ حاصل کر کے ڈاکٹر حمید اللہ کی ڈرائنگ کے مطابق ماہرین سے میدان ہائے جنگ کے نقشے بنوائے اور کتاب کی ایڈیٹنگ بھی کی اور مؤلف نے جتنی تصاویر اس کتاب میں شامل کی تھیں ان تمام تصاویر کو اہتمام کے ساتھ اس کتاب میں شامل کر لیا گیا۔

❺ رسول اکرم ﷺ کی سیاسی زندگی

یہ سیرت رسولؐ پر کوئی جامع اور مکمل کتاب نہیں ہے بلکہ مؤلف مختلف اوقات میں اس موضوع پر جو علمی مقالات پیش کرتے رہے اور رسائل میں شائع ہوتے رہے ان کو یکجا کر کے شائع کر دیا گیا۔ اس کتاب کو مؤلف نے عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی کی رفیق جلد قرار دیا ہے۔ جو سنہ وار کی جگہ علاقہ وار سیاست کا آئینہ ہے۔ (۲۸) یہ کتاب پہلی دفعہ ۱۹۵۰ء میں شائع ہوئی تھی اس کے بعد مصنف نے ۱۳۸۷ھ میں از سر نو نظر ثانی کی اور متعدد مفید اضافے اور تصحیح بھی کی۔ اس کے علاوہ ایک نئے اصل مکتوب نبویؐ کی دریافت (نامہ مبارک بنام کسریٰ) کا اضافہ کر دیا اور اس نامہ مبارک کا فوٹو بھی اشاعت میں شامل کیا گیا۔ یہ کتاب کل ۸۱۱ پیراگرافوں پر مشتمل ہے۔ (۲۷) کتاب کے عنوان سے ہی ظاہر ہوتا ہے کہ یہ سیرت کے موضوع پر ایک منفرد کتاب ہے۔ جو رسول اللہ ﷺ کے سیاسی کارناموں کے ارتقائی منازل اور اسلام کے بین الاقوامی تعلقات سے متعلق ہے۔ چونکہ یہ کتاب کوئی مربوط تصنیف نہیں اور ہر مضمون مختلف اوقات میں شائع ہوا۔ اس لیے مضامین کا آپس میں ربط معلوم نہیں ہوتا اس لیے ناظرین کی الجھن کو دور کرنے کی غرض سے مؤلف نے مضامین کے سن اشاعت درج کر دیئے البتہ اس بات کی وضاحت کر دی کہ ہر مضمون کو مکرر شائع کرتے ہوئے ضروری اضافے اور ترامیم کی گئی ہیں۔ یہ حسب ذیل کل ۳۳ مضامین ہیں۔

۱۔	عرض مؤلف (خصوصی)	۱۳۶۹ھ	۱۹۳۸ء
۲۔	سیرت کا مطالعہ کس لیے کیا جائے	۱۳۵۷ھ	۱۹۳۸ء
۳ تا ۱۵	''مواد و ماخذ'' سے ''نبوت کے مکی دور'' تک	۱۳۶۳ھ تا ۱۳۶۵ھ	۱۹۴۴ء تا ۱۹۴۷ء
۱۶	تبلیغ رسالت	۱۳۶۹ھ	۱۹۵۰ء
۱۸	صلح حدیبیہ	۱۳۶۱ھ	۱۹۵۰ء
۱۹	فتح مکہ (ساڑھے تیرہ سو سالہ سالگرہ فتح مکہ کے موقع پر)	۲۲ رمضان ۱۳۵۸ھ	۱۹۳۹ء

۲۰	عربی حبشی تعلقات	۱۳۵۴ھ	۱۹۳۵ء
۲۱	مکتوب نبویؐ بنام نجاشی	۱۳۶۱ھ	۱۹۳۵ء
۲۲	مکتوب نبویؐ کے دو اصول	۱۳۵۵ھ	۱۹۳۶ء
۲۳	خط قیصر روم	۱۳۵۴ھ	۱۹۳۵ء
۲۴	عربوں بیزنطینیوں کے تعلقات	۱۳۵۴ھ	۱۹۳۵ء
۲۵	الف۔عربی ایرانی تعلقات	۱۳۵۵ھ	۱۹۳۶ء
۲۵	ب۔ ایک نئے اصل مکتوب نبوی کی دریافت ، نامہ مبارک نبویؐ بنام کسریٰ (خصوصی)	۱۳۸۷ھ	۱۹۶۷ء
۲۶تا۲۹	عہدِ نبویؐ میں یہود، تا عہدِ نبویؐ کی سیاسی دستاویزیں	۱۳۶۹ھ	۱۹۵۰ء
۳۰	امہات المومنین	۱۳۶۳ھ	۱۹۴۴ء
۳۱	عالمگیر گھتیاں	۱۳۶۶ھ	۱۹۴۷ء
۳۲	انسانیت کا منشور	۱۳۶۹ھ	۱۹۵۰ء
۳۳	دوشاہاں دراقلیمے	۱۳۶۵ھ	۱۹۴۶ء

اس کے بعد حسب ذیل مضامین پر بحث کی گئی جب کہ ضرورت کے مطابق ہر مضمون کو مختلف ذیلی عنوانات میں تقسیم کر دیا گیا۔ رسول اکرم ﷺ کی سیرت کا مطالعہ کس لیے کیا جائے۔ ''مواد و ماخذ'' بعثتِ نبوی کے وقت دنیا کی حالت چین، ہند، ترکستان، روی و ایرانی، حبش، عرب اور مکہ کا انتخاب دعوت اسلامی کے مرکز کے طور پر، مکے کی حالت

ولادت باسعادت سے قبل، ختم المرسلین کے لیے آپؐ کے انتخاب کی وجہ، ولادت باسعادت، نوعمری، نوجوانی تجارت کا مشغلہ، شادی خانہ آبادی، سماجی اور شہری زندگی، آفتاب رسالت کا طلوع، نبوت کا مکی دور، تبلیغ دین میں عورتوں نے کیا ہاتھ بٹایا۔ قریش سے تعلقات صلح حدیبیہ کی فتح مبین، فتح مکہ سے انسانیت کی فتح بہیمیت اور شیطانیت پر، حبشہ اور عرب، اصل مکتوب نبویؐ بنام نجاشی کی نئی دستیابی، مکتوبات نبویؐ کے دو اصول (مقوقس اور منذر کے نام) آنحضرت ﷺ کا خط قیصر روم کے نام، عربوں کے تعلقات بیزنطینی حکومت سے، عہد نبویؐ کے عربی، ایرانی تعلقات ایک نئے اصل مکتوب نبویؐ کی دریافت (نامہ مبارک بنام کسریٰ) عہد نبویؐ میں یہود، عام قبائل عرب سے تعلقات، اور ارتداد و بغاوت، عہدِ نبویؐ کی سیاسی دستاویزیں، امہات المومنین اور ازواج مطہرات نبویؐ اور بین الاقوامی عصبیتوں کا دور کیا جانا، بعثت نبویؐ کے وقت چند عالمگیر گتھیاں اور ان کا اسلامی حل، انسانیت کا منشورِ اعظم (خطبہ حجۃ الوداع) خلافت نبویؐ کے بعض اصول (دوشاہاں دراقلیمے)۔ اس کتاب کے صفحہ ۶۹ پر عمارت خانہ کعبہ کا نقشہ، صفحہ ۱۰۱ پر حدود مملکت نبویہ بوقت صلح حدیبیہ ۶ھ و نقشہ عرب اور تخمینی نقشہ سلطنت ایران بوقت آغاز اسلام اور نقشہ مملکت اسلام بوقت وصال رسولؐ، پانچ اصل مکتوبات نبوی کے عکس جو صفحہ ۱۴۰، ۱۴۹، ۱۵۴، ۱۵۶ اور ۲۳۲ پر منقش نے کتاب کی قدر میں بے انتہا اضافہ کیا۔ کتاب کے آخر میں تفصیلی اشاریہ شامل ہے۔

⑥ عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی

یہ کتاب ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے سیرت نبوی پر مختلف چھوٹے بڑے مقالات کا مجموعہ ہے جو پہلی بار ۱۹۴۴ء ۱۳۶۳ھ کے اواخر میں مکتبہ جامعہ، دہلی نے شائع کی، اس کے بعد حیدر آباد (دکن) کے مکتبہ ابراہیمیہ نے دوبارہ شائع کی۔ اس کے بعد سے ایک طویل عرصہ یہ کتاب نایاب تھی اور نظر ثانی و اضافہ شدہ ایڈیشن ۱۹۸۱ء میں اردو اکیڈمی سندھ، کراچی نے شائع کیا جو کل ۱۵۱ پیراگرافوں پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب رسول کریم ﷺ کے عہد مبارکہ کی علمی، ثقافتی اور سیاسی سرگرمیوں سے بحث کرتی ہے، اس کتاب کو آپ نے اس سلسلہ کی ایک اور تالیف ''رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی'' کی رفیق جلد قرار دیتے ہوئے طبع ثانی کے پیش لفظ میں لکھا ہے:

''اس کی ایک رفیق جلد رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی ہے جو سنہ وار کی جگہ علاقہ وار سیاست کا

آئینہ دار ہے۔مثلاً رومیوں، ایرانیوں، یہودیوں، عرب کے قبیلوں پر الگ الگ ابواب میں
بحث ہے۔'' (۲۸)

مذکورہ پیش لفظ میں مؤلف نے جغرافیہ سیرت پر لکھنے کی خواہش ظاہر کی تھی کہ اس میں ''مشاہد سفر وحضر، قبائلی دیار، بلاد عرب، پہاڑ، وادیاں، سب کے متعلق محل وقوع اور عام معلومات فراہم کرتا ہے۔ (۲۹)

مگر اس دوران الگ سے کوئی کتاب تصنیف کرنے کا موقع ہی نہیں ملا چنانچہ تمام تازہ ترین معلومات کو اس کتاب میں شامل نہیں کر سکے البتہ اس نظر ثانی واضافہ شدہ طبع ثالث کی پیش لفظ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کمی کو پورا تو کر دیا ہے مگر فرانسیسی زبان میں لکھتے ہیں :

> ''ناظرین سے یہ عرض کروں کہ اس اثناء ۱۳۷۹ھ ۱۹۵۹ء میں میں نے فرانسیسی میں سیرت نبویہ پر دو ضخیم جلدوں میں ایک کتاب شائع کی ہے جس کی جلد دوم ایک معنی میں زیر نظر اردو تالیف ہی کا نیا ایڈیشن تھا۔ اس میں بعض وہ ابواب بھی آ چکے ہیں جن کا موجودہ اردو کتاب کے پیش لفظ طبع ثانی میں تجویز اور تمنا کے طور پر ذکر کیا گیا ہے مثلاً نظام مالیہ، نظام عسکری وغیرہ۔'' (۳۰)

زیر نظر کتاب کل ۱۲ مضامین و مقالات پر مشتمل ہے اور ہر مضمون ضرورت کے مطابق متعدد ذیلی عنوانات کے تحت منقسم ہے۔

پہلے مضمون کا عنوان ہے ''رسول اکرمؐ کی سیرت کا مطالعہ کس لیے کیا جائے؟ تمہیدی بحث کے بعد حسب ذیل، ذیلی عنوانات کے تحت بحث کی گئی۔ مسلمانوں کے لیے، غیر مسلموں کے لیے اور ہر کسی کے لیے۔

دوسرے مضمون کا عنوان ہے ''شہری مملکت مکہ'' اس میں بھی ابتدائی بحث کے بعد ذیلی عنوانات ہیں تاریخ شہر، جغرافیہ شہر، سیاسی نظام، مذہبی نظام، نظام عدلیہ، نظام عدل گستری، نظام سفارت، نظام فوج اور سماجی نظام، اس ضمن میں تین نقشے بھی دیئے گئے پہلا نقشہ عرب جس میں قریش کا رحلتہ الشتاء والصیف یا کارروانی راستے دکھائے گئے۔ دوسرا نقشہ شہر مکہ کا ہے اور تیسرا نقشہ مسجد حرم کعبہ کا ہے۔

تیسرے مقالہ کا عنوان ہے ''دنیا کا سب سے پہلا تحریری دستور'' اس میں بھی حسب ذیل ذیلی عنوانات ہیں۔ اوّل عہد نبویؐ کی ایک اہم دستاویز، اصول متن دستور کے ماخذ، متن کے اقتباسات کے ماخذ، اس موضوع پر یورپی زبانوں کے مضامین اور آخر میں ترجمہ دستور مملکت مدینہ بعہدِ نبویؐ۔

چوتھے مقالہ کا عنوان ہے ''قرآنی تصور مملکت'' اس میں بھی حسب ذیل عنوانات ہیں۔ اسلامی مملکت، دین و دنیا کا ملاپ، بیعت، عدل گستری، شورائیت، جہاں بانی کے قواعد، قوی دولت، اخلاق عامہ، سیاسی اصلاحات، جانشینی اور خاتمہ کلام۔

پانچویں مقالہ کا عنوان ہے ''اسلامی عدل گستری اپنے آغاز میں'' یہ چالیس صفحات پر مشتمل ایک مقالہ ہے۔

چھٹے مقالہ کا عنوان ہے ''عہد نبویؐ کا نظام تعلیم'' یہ حسب ذیل تین ذیلی عنوانات پر مشتمل ہے۔ عرب میں زمانہ جاہلیت میں تعلیم، قبل ہجرت اسلام اور بعد ہجرت۔

ساتویں مقالہ کا عنوان ہے ''جاہلیت عرب کے معاشی نظام کا اثر پہلی مملکت اسلامیہ کے قیام پر'' یہ مقالہ بھی حسب ذیل ذیلی عنوانات پر منقسم ہے۔ تمہید عرب کے مختلف علاقے، اس نظام کا اثر، اسلام کی آمد، اس مضمون کے ضمن میں صفحہ ۲۲۳ پر عرب کے میلوں کی ترتیب زمانی و مکانی کا ایک نقشہ مضمون کی قدر میں اضافہ کرتا ہے۔

آٹھویں مقالہ کا عنوان ہے ''عہد نبویؐ کی سیاست کاری کے اصول'' یہ حسب ذیل عنوانات پر مشتمل ہے مکہ کی اہمیت تبلیغ رسالت، اندرونی استحکام، انسانی خون کی عزت، فنون حرب کی ترقی و استفادہ، خبر رسانی اور ناکہ بندی، معاشی دباؤ، غنیم کے دوستوں کو توڑ لینا، دشمنوں سے گھیرنا، دعایہ کاری، دشمن کے ایک طبقے کو موہ لینا، دشمن میں پھوٹ ڈلوانا، معزز دشمنوں کا اسلام میں بھی اعزاز۔

اس ضمن میں صفحہ نمبر ۲۳۶ میں ایک نقشے کے ذریعہ جبل الطارق سے ملایا و جاوا تک مشارق و مغارب میں پھیلی ہوئی مسلم دنیا دکھائی گئی ہے اور صفحہ ۲۳۷ پر ایک نقشے کے ذریعہ رسول اللہؐ کی سیاست خارجہ کے سلسلہ میں مختلف ممالک وریاستیں دکھائے گئے ہیں۔

نویں مضمون کا عنوان ہے ''تالیف قلبی (عہد نبویؐ کی سیاست خارجہ کا ایک اہم اصول''۔

دسویں مضمون کا عنوان ہے ہجرت (نو آباد کاری) اس مضمون میں حسب ذیل ذیلی عنوانات پر بحث کی گئی۔

ترک وطن، عہد نبویؐ میں ہجرت کا تاریخی مفہوم، نو مسلموں کو اسلامی علاقے میں آنے کا حکم دینا، نو آباد کاری یا مفتوحہ علاقے میں مسلمانوں کو بسانا، نظر بندی، تبادلہ آبادی، منتقلی وجلاوطنی۔

گیارہویں مضمون کا عنوان ہے۔ آنحضرتؐ اور جوانی۔

بارہویں مضمون کا عنوان ہے'' آنحضرتؐ کا سلوک نوجوانوں کے ساتھ'' اس کے آخر میں ایک ذیلی عنوان ہے اسپورٹس اور مردانہ کھیل۔

آخر میں ۵۴ صفحات پر مشتمل حروف تہجی کی ترتیب سے ایک اشاریہ ہے جس سے کسی بھی موضوع پر کوئی بات تلاش کرنا آسان ہوگیا ہے۔

7 محمد رسول ﷺ

سیرت کے موضوع پر یہ ایک باقاعدہ تصنیف ہے جو بنیادی طور پر انگریزی میں ترکی حکومت کی فرمائش پر لکھی گئی۔ اس کتاب کا انگریزی عنوان ہے: Muhammad Rasulullah۔ دوسو صفحات پر مشتمل یہ کتاب ۱۹۷۴ء مطابق ۱۳۹۴ھ میں حیدرآباد (دکن) سے چھپی ہے اور کراچی سے بھی ۱۹۷۹ء میں شائع ہوئی ہے اس کتاب میں مصنف کی مختلف زبانوں میں شائع ہونے والی بیس پچیس کتابوں اور مضامین کی فہرست بھی شامل ہے۔ (۳۱) بعد میں یہ کتاب'' رسول اللہ محمد کے نام سے ترکی میں بھی شائع ہوئی ہے۔ اس کا اردو ترجمہ نذیر حق نے کیا ہے جو ماہنامہ نقوش رسول اللہ ﷺ نمبر، جلد نمبر ۲ میں شامل ہے البتہ اس ترجمہ کے بارے میں مولف نے اپنی ذمہ داری سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ (۳۲) اگرچہ یہ کتاب ۱۶/ابواب میں تقسیم ہے مگر پوری کتاب کے مضامین کو کل ۴۲۱ دفعات یا پیراگرافوں کی شکل میں بیان کیا گیا ہے ابواب کو بھی مزید ذیلی عنوان میں تقسیم کیا گیا ہے مگر دفعات کا سلسلہ آخر تک جاری رکھا۔ مثلاً باب اوّل کا عنوان ہے'' تعارف'' تمہیدی بیان کے بعد ذیلی عنوان ہے'' نسب وولادت'' اس کے بعد ذیلی عنوان ہے شادی اور عائلی زندگی۔ پھر روحانی تحقیق کا محرک اور آخر میں اللہ کا جدید ترین منشور۔

باب دوم کا عنوان ہے ''دنیا دین کیوں؟'' اس میں بھی تمہیدی بیانات کے بعد حسب ذیل عنوانات ہیں ''زرتشتی مذہب، برہمنیت (ہندومت) بدھ مت، صابیت، یہودیت اور عیسائیت ان ذیلی عنوانات کے تحت ان مذاہب وعقائد کی بے ثباتی دلیل سے ثابت کی گئی ہے۔

باب سوم کا عنوان ہے ''پیغام اور اس کے متعلقات'' اس میں بھی تمہیدی بیان کے بعد حسب ذیل، ذیلی عنوانات ہیں: پیغمبر پر ایمان، آخرت پر ایمان اور صلوۃ یعنی نماز۔

باب چہارم کا عنوان ہے: ''تبلیغ اسلام اور اس کے نتائج'' اس عنوان میں بھی مسلسل مدلل تمہیدی بحث کے بعد صرف ایک ذیلی عنوان ہے ''معراج'' اور اس پر یہ باب اختتام کو پہنچتا ہے۔

باب پنجم کا عنوان ہے: ''یثرب۔ مدینۃ النبیؐ'' یہ عنوان بھی تمہیدی بحث کے بعد مندرجہ ذیل عنوانات پر مشتمل ہے: جمعہ کا پہلا اجتماع، مدینہ کو ہجرت کا فیصلہ، مہاجرین کی آبادکاری، مکیوں کا ردعمل، مدنی ریاست، اس ضمن میں میثاق النبی کے تحت دفعہ وار میثاق مدینہ بیان کیا گیا ہے اس کے بعد آخر میں دفاعی معاہدے ہیں۔

باب ششم کا عنوان ہے: ''مکہ سے تعلقات'' اور یہ حسب ذیل عنوانات پر مشتمل ہے: مالیاتی اصلاحات، تکمیل دین، خطبہ حجۃ الوداع اور حج کے معانی۔

باب ہفتم کا عنوان ہے: ''عرب قبائل سے تعلقات'' اس میں بھی مدلل تمہیدی بحث کے بعد حسب ذیل عنوانات قائم کیے ہیں۔ بنوسلیم، بنوہوازن اور بنوغطفان۔

باب ہشتم کا عنوان ہے: ''یہود سے تعلقات'' اس باب میں صرف مذکورہ قوم سے تعلقات پر بحث کی گئی۔

باب نہم کا عنوان ہے: ''خارجہ تعلقات'' اس عنوان کے تحت حسب ذیل عنوانات ہیں: بازنطین، مصر، حبشہ، ایران، یمن، عمان، بحران، سمارہ، ہندوستان، ترکستان اور چین۔

باب دہم کا عنوان ہے: ''اسلامی معاشرہ کی تنظیم'' اس عنوان کے تحت تمہیدی بحث کرتے ہوئے ارکان حکومت کا شجرہ نسب دکھایا گیا اور بتایا گیا ہے کہ مختلف قبائل کی ایک دوسرے سے رشتہ داری کو سمجھنے کے لیے یہ مددگار

ثابت ہوگا اس کے بعد اس ضمن میں ذیلی عنوان ''رسول اللہ کی تعلیمات کا تحفظ'' اسی پر تمہیدی بحث کے بعد دکھایا گیا کہ رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات گردش زمانہ سے کیسے محفوظ رہیں۔ اس کے بعد ذیلی عنوان کے طور پر قرآن حکیم، حدیث اور سنت اس کے بعد سیرت رسول اللہ ﷺ اور وثیقہ جات نبوی ﷺ کے تحت کتبے، خطوط رسول ﷺ کی ذاتی استعمال کی اشیاء پر بحث کی گئی۔ پھر عقل اور فوق الفطرت کے ذیلی عنوانات کے تحت مدلل بحث کی گئی۔

باب یازدہم کا عنوان ہے: ''رسول اسلام کی تعلیمات'' اس باب میں رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات پر مدلل بحث کر کے ان کی بالادستی ثابت کرنے کے بعد اسلامی قوانین پر مجموعی بحث کی گئی اور نکتہ چینی کے عنوان سے ایک امریکی مشنری مصنف کی طرف سے طلاق اور تعدد ازواج، پر اٹھائے گئے اعتراض کا عالمانہ جواب دیا۔ اس ضمن میں اسلام میں جہاد کے تصور اور اسلام کے تعزیری قوانین کے اثبات پر مدلل بحث کی۔

باب دوازدہم کا عنوان ہے: ''رسول اللہ ﷺ کی عائلی زندگی'' اس باب میں رسول اللہ ﷺ کی عائلی زندگی کے بارے میں تمہیدی بحث کرنے کے بعد ''اللہ سے معاملہ'' پر بحث اور اسی کے بعد ذیلی عنوان قائم کیا ہے، ملازم اور غلام جس میں اس نادار طبقے کی دستگیری میں اسلام کا منفرد کردار ثابت کیا اس کے بعد ذیلی عنوان قائم کیا گیا ہے ''ازواجِ مطہرات'' اس میں رسول اللہ ﷺ کی زندگی کے اطلاقی پہلوؤں پر مدلل بحث کی گئی اور رسول اللہ ﷺ کی شادیوں کے مقاصد کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

باب سیزدہم کا عنوان ہے: ''دورِ نبوی ﷺ کا معاشرہ'' اس عنوان کے تحت قبائل عرب کی خصوصیات اور افادیت بیان کرنے کے بعد ''معاشرتی آداب، عقیقہ، اور عرب میں رائج مختلف رسوم ورواج پر بحث کی گئی ہے۔ معاشرے کی خصوصیات کے بعد اس کے تحت رسول اللہ ﷺ کی قائم کردہ معاشرہ کی خصوصیات کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ سلسلہ کا آخری عنوان ہے۔ جو اس بحث کا خلاصہ ہے۔

باب چہاردہم کا عنوان ''رسول اللہ ﷺ کے کام پر ایک نظر'' جس میں تمام مباحث کا خلاصہ بیان کیا گیا۔

باب نمبر پانزدہم کا عنوان ''رسول خدا کا وصال'' اس باب میں رسول اللہ ﷺ کی زندگی کے لمحات پر بحث کی گئی۔

باب ہشدہم کا عنوان ہے: ''تدفین اور جانشینی'' پر مفصل اور مدلل بحث کے بعد کتاب ختم کر دی گئی۔ (۳۴)

❽ Le Prophet de l; Islam Savie et Son Oeurve

(The Life & Work of the Prophet of Islam)

یہ کتاب بنیادی طور پر فرانسیسی زبان میں لکھی گئی اور مصنف نے اس کتاب میں رسول اللہ ﷺ کی پوری زندگی کومختلف نظام ہائے حیات کے تحت مستند مصادر و مراجع کی بنیاد پر تصنیف کی۔ سیرت کے موضوع پر سب سے مربوط و مکمل کتاب ہے جس میں سابقہ تمام کتابوں سے وہ مضامین بھی شامل ہیں جن کو ان کتابوں میں شامل نہیں کر سکے اور جس کا اظہار آپ نے اپنی کتاب ''عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی'' کی طبع ثالث کے پیش لفظ میں کیا ہے۔(۳۴) اب دیکھتے ہیں، وہ کون سے مضامین و ابواب ہیں جو مذکورہ تصنیف میں شامل نہیں ہو سکے، اور اس فرانسیسی کتاب میں شامل کیا گئے۔ لکھتے ہیں:

> ''البتہ جغرافیہ سیرت ابھی ذہن میں ہے۔ مشاہد سفر و حضر قبائلی دیار نیز بلاد عرب، پہاڑ، وادیاں، سب کے متعلق محل وقوع اور عام معلومات فراہم کرنا ہے۔ شاید خدمت نبویہ کی آئندہ کوئی اور چیز بھی ذہن میں آئے۔''(۳۵)

ڈاکٹر صاحب نے اپنی تمنا پوری کر دی مگر فرانسیسی یا انگریزی میں مثلاً عہد نبویؐ کے میدان جنگ کے تذکرہ میں خیبر کے حاشیہ میں لکھتے ہیں:

> ''اس کے لکھنے کے بعد خیبر جا سکا اور کتاب مذکورہ کے انگریزی ایڈیشن میں اس کے متعلق معلومات بڑھا سکا۔''(۳۶)

دراصل اس کتاب کی جلد دوم میں زیادہ تر رسول اللہ ﷺ کے نظام حکمرانی ہی کو موضوع بحث بنایا گیا۔ چونکہ کتاب فرانسیسی میں ہے۔ اس لیے بیشتر مسلم اہل علم و دانش کے لیے استفادہ کرنا آسان نہ تھا۔ اس مشکل کو ڈاکٹر محمود احمد غازی نے حل کر دیا۔ انہوں نے اس ضخیم کتاب کی جلد اوّل کا انگریزی میں ترجمہ کیا اور ڈاکٹر محمد مصلح الدین اسلامک ٹرسٹ کی طرف سے شائع کر دیا۔ جلد دوم ابھی باقی ہے۔ مذکورہ جلد اول بڑے سائز میں 9+522 صفحات پر مشتمل ہے جو پانچ ابواب ۱۵ فصلوں میں ۱۷۰۵ پیراگرافوں یا دفعات پر مشتمل ہے اور ہر فصل تفصیل کے لیے متعدد ذیلی عنوان پر منقسم ہے۔

باب اول کا عنوان ہے *The Introduction* (تعارف)۔ اس میں مندرجہ ذیل سات فصلیں ہیں:

1- " The Prophet of Islam : Why to Study his life.

پیغمبر اور اسلام، مطالعہ سیرت کی ضرورت و اہمیت

2- " Material and Primary Sources"

مواد اور ابتدائی ماخذ

3- " Environment and Circumstances? "

حالات اور ماحول

4- " Choice of the Venue."

جگہ کا انتخاب

5- " Choice of Macca as Centre. "

مرکز کے طور پر مکہ کا انتخاب

6- The Choice of Muhammad for the supreme Divine Mission.

اعلیٰ الٰہی مشن کے لیے محمد ﷺ کا انتخاب

7- " The Prophet's Ancestors."

رسول اللہ ﷺ کے اجداد

باب دوم کا عنوان ہے *The Appearance* (بعثت نبویؐ) اس باب میں مندرجہ ذیل فصلیں ہیں:

1- " Birth of Muhammad. "

رسول اللہ ﷺ کی پیدائش

2- " The Orphan at the Uncle House. "

یتیم اپنے چچا کے گھر میں

3- " War of Profanation and the order of Chivalry. "

ایک غیر مقدس جنگ اور ناداروں کی دادرسی کی تنظیم

4- Life of Independence.

خودمختار زندگی

5- Marriage and Family Life

شادی اور عائلی زندگی

6- Awaking of Religions Conseience.

مذہبی احساس ذمہ داری کی بیداری

باب سوم کا عنوان ہے *Mission* (دعوت واعلان تبلیغ) اس میں حسب ذیل فصلیں ہیں:

1- Beginning of the Mission

دعوت وتبلیغ کا آغاز

2- Communication of the Divine Message

پیغام الٰہی کا رابطہ

3- Emigration to Abyssinia

حبشہ کی طرف ہجرت

4- Social Boycott

سماجی بائیکاٹ

5- In Search of Asylum

ایک پناہ گاہ کی تلاش

6- Mirej and Miracles

معراج اور معجزات

7- Islamization of Madina

مدینہ میں نفاذِ اسلام

8- The Women's Role in Islam Before the Hijrah

ہجرت سے پہلے خواتین کا کردار

چوتھے باب کا عنوان ہے *The Hijrah or Immigration to Madinah* (ہجرت یا مدینہ میں آباد)

اس باب میں مندرجہ ذیل فصلیں ہیں:

1- First Measures taken in Madina

مدینہ میں پہلا کام

2- Organising a Community

ایک قوم کو منظّم کرنا

3- Constitution of the State

ریاست کا دستور

پانچویں باب کا عنوان ہے *The Political Religious Life* (مذہبی سیاسی زندگی)

اس باب میں مندرجہ ذیل فصلیں ہیں:

1- Relations with the Quraish of Mecca.

قریش مکہ کے ساتھ تعلقات

2- The Ahabish Tribe

قبائل احابیش

3- Relations with the Abyssians

حبشہ والوں سے تعلقات

4- The Origional of the letter of the Prophet to Nagus.

نجاشی کے نام رسول اللہ ﷺ کے اصل مکتوب نبویؐ

5- Relations with Egypt.

مصر سے تعلقات

6- The Original of the Letter to the Moqauquis

مقوقس کے نام اصل مکتوب نبویؐ

7- Relations with the Byzantine Empire

بیزنطینی بادشاہت سے تعلقات

8- Original of the Letter to Heraclius

ہرقل کے نام اصل مکتوب نبویؐ

9- Relations with Iran

ایران سے تعلقات

10- Original of the Prophet's Letter to Kisra

کسری کے نام رسول اللہ ﷺ کا اصل مکتوب

11- Relations with the Iranian Colonies

ایرانی نوآبادیات کے ساتھ تعلقات

12- Tje Original of the Letter to Al-Mundhir

المنذر کے نام اصل مکتوب نبویؐ

13- The Original of the Letter of the Prophat to the Sovereigns, Jafar and Abd of Uman.

خودمختار جعفر اور عبد عمان کے نام اصل مکتوب نبویؐ

14- Arab Tribes of the Peninsula

جزیرہ نمائے عرب کے قبائل

15- The Ambassador Par Excellence Amr Ibn Umaiyah

عمرو بن امیہ کی کامیاب سفارت کاری

16- Other Arab Tribes

دیگر عرب قبائل

17- Hawazin Tribe and Town of Taif

قبیلہ ہوازن اور شہر طائف

18- Other Tribes

دیگر قبائل

19- Denunciation of the Pacts of the Alance with Pagans.

کفار سے اتحادی معاہدہ کی تنسیخ

20- Appostasy and Rebellion of Certain Tribes

بعض قبائل کا دعویٰ نبوت اور بغاوت

21- Relations with the Jews

یہودیوں سے تعلقات

22- Jews Outside Madina

مدینہ سے باہر کے یہود

23- Relations with the Christions

عیسائیوں سے تعلقات

24- Jesus Christ and Christianity According to the Quran.

عیسیٰ علیہ السلام اور مسیحیت، قرآن حکیم کی نظر میں

25- Other Religions

دیگر مذاہب

26- The Frontiers and Administrative Division of the State.

ریاست کی سرحدیں اور انتظامی معاملات

مصنف نے اس کتاب کو صرف اپنی زندگی بھر کے مطالعہ کا ثمر ہی قرار نہیں دیا بلکہ مسلسل تحقیق و جستجو کا نتیجہ قرار دیا اور انگریزی ترجمہ کے بارے میں یہ بھی کہا کہ یہ انگریزی متن فرانسیسی ایڈیشن کا صرف ترجمہ نہیں بلکہ متعدد اضافوں اور تصحیح پر مشتمل ہے۔(۳۷)

⑨ سیرت ابن اسحاق کی بازیابی

حدیث کے موضوع پر ''صحیفہ ہمام بن منبہ'' کی طرح ''سیرت ابن اسحاق'' کی بازیابی اور تحقیق وتعلیق کے ساتھ منظر عام پر لاکر شائقین سیرت اور محققین علوم سیرت کے لیے دستیاب کرو ینا ڈاکٹر محمد حمید اللہ ایک اہم کارنامہ ہے۔ رائج ترین قول کے مطابق سیرت رسول اللہ ﷺ کے موضوع پر یہ ایک قدیم ترین تالیف ہے اور ہر دور میں اسے علمی دنیا میں شہرہ آفاق حیثیت حاصل رہی ہے اور وہ تمام مصنفین جنہوں نے سیرت کے موضوع پر قلم اٹھایا ہے انہوں نے اس کتاب کو صحیح ترین اور مستند ترین ماخذ اور مرجع قرار دیا ہے اور علمائے سیرت کا اس بات پر تقریباً اجماع ہے کہ مغازی اور ظہور اسلام سے لے کر رسول اللہ ﷺ کی وفات تک قرون اولیٰ کے متعلق ان کی خبروں کا قابل اعتماد ماخذ یہی تاریخ ہے۔ لیکن مرورِ زمانہ کے ساتھ ساتھ یہ کتاب ناپید ہوگئی تھی یہاں تک کہ اس کا ایک بھی مکمل نسخہ دنیا میں موجود نہ رہا۔ اور گمان ہو چکا تھا کہ یہ کتاب تمام وکمال صفحہ ہستی سے ناپید ہو چکی ہے اور اس کا کوئی بھی حصہ دستیاب ہونے کا امکان نہیں ہے۔

بالاخر ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی تحقیقی جستجو نے اس نادر علمی نسخہ کو منظر عام پر لانے میں اہم کردار ادا کیا انہوں نے اس کی تصحیح اور مراجعت میں انتہائی صبر سے کام لیا اور اس اسلامی علمی ورثہ کی اشاعت کا اہتمام کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کے ہاں علمی تاریخ پر تحقیق بحث کرتے ہوئے اس کتاب کا مقدمہ لکھا ہے اور جملہ مصادر کو کھنگال کر ابن اسحاق کی زندگی اور ان کے علمی کارنامے پر خلاصہ کی شکل میں سیر حاصل تبصرہ کیا اور اس کے مقدمے کے آخر میں جملہ مصادر کی فہرست شامل کر دی۔ اس کتاب کی تصحیح اور مقابلہ میں استاذ سید محمد طاہر فاس شریک رہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ نور الٰہی ایڈووکیٹ نے کیا اور پہلی دفعہ نقوش رسول نمبر جلد یازدہم شمارہ نمبر ۱۳۰ مورخہ جنوری ۱۹۸۵ء میں شائع ہوا۔ اختتام پر ''محاکمہ سیرت ابن اسحاق'' کے عنوان سے محقق ومدون ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا ایک فاصلانہ مقالہ شامل کیا جو صفحہ ۲۵۵ سے ۳۹۵ پر محیط ہے۔ جس میں مصنف کتاب کے احوال وآثار پر گفتگو کی گئی ہے۔ (۳۸)

حواشی وحوالہ جات

۱۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، عہدِ نبویؐ میں نظامِ حکمرانی (نظر ثانی واضافہ شدہ) کراچی، اردو اکیڈمی، سندھ، ۱۹۸۱ء ص ۷۔

۲۔ ایضاً: ص ۷۔

۳۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، عہدِ نبویؐ کے میدان جنگ (تدوین واضافہ) محمد میاں صدیقی، راولپنڈی، علمی مرکز طبع اول، اگست ۱۹۹۸ء، ص ۱۰۱۔۱۰۲۔

۴۔ محمد حمید اللہ، رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی، کراچی، دارالاشاعت، اشاعت ہفتم، ۱۹۸۷ء ص ۵۔

۵۔ ایضاً، ص ۶۔

۶۔ الاحزاب ۳۳: ۲۱۔

۷۔ آل عمران، ۳۱۔۳۲۔

۸۔ محمد حمید اللہ، رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی، ص ۶۔

۹۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، عہدِ نبوی میں نظامِ حکمرانی، ص ۹۔

۱۰۔ ایس ایم زمان، ڈاکٹر، حرفِ تقدیم، محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، خطباتِ بہاولپور، اسلام آباد، ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی، اشاعت چہارم، ۱۹۹۲ء۔

۱۱۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، پیش لفظ مؤلف برائے اشاعت سوم، ایضاً ص ۸۔

12- Muhammad hamidullah, Dr. The Prophet's Establishing, a state and his succession, Islamabad, Pakistan Hijra Council, 1408 A.H, 1988. A.C. Preface

۱۳۔ نفس مصدر، این، اے بلوچ، ایضاً، ص ۱۱۷۔۱۱۱۔

۱۴۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، عہدِ نبویؐ کے میدان جنگ، ص ۱۹۔

۱۵۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی، ص ۳۱۱۔

۱۶۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، مرتبہ، سیاسی وثیقہ جات از عہدِ نبویؐ تا بہ خلافت راشدہؓ (مترجم مولانا ابو یحیٰی امام خان نوشہروی) لاہور مجلس ترقی ادب، طبع اول، ۱۹۶۰ء، ص ۶۔۵۔

۱۷۔ نفس مصدر، محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، ایضاً، ص ۶۔

۱۸۔ ایضاً، ص ۱۔

۱۹۔ ایضاً، ص ۱۔۱۸۔

۲۰۔ ایضاً،ص ۳۱۱۔

(ii) رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی، ایضاً ص ۲۱۱۔

۲۱۔ غازی، محمود احمد، ڈاکٹر، مقدمہ عہدِ نبویؐ کے میدان جنگ، ص ۱۴۔

۲۲۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، عہدِ نبویؐ کے میدان جنگ، ص ۲۰۔

۲۳۔ ایضاً، ص ۱۶۔

۲۴۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی، ص ۷۔

۲۵۔ ایضاً، ص ۷۔

۲۶۔ ایضاً، ص ۷۔

۲۷۔ محمد رضی عثمانی، عرض، ناشر، رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی، ص ۳۔

۲۸۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی، ایضاً، ص ۷۔

۲۹۔ ایضاً، ص ۷۔

۳۰۔ ایضاً، ص ۸۔

۳۱۔ ایضاً، ص ۷۔

۳۲۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، خطباتِ بہاولپور، ص ۳۸۲۔

۳۳۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، محمد رسول اللہ، ترجمہ نذیر حق، نقوش رسول نمبر جلد دوم شمارہ نمبر ۳۰، لاہور، ادارۂ فروغ اردو، دسمبر ۱۹۸۲ء، ص ۶۸۲۔۱۱۲۔

۳۴۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی، ص ۸۔

۳۵۔ ایضاً، ص ۷۔

۳۶۔ ایضاً، ص ۷۔

37- Muhammad Hamudullah, Dr, The Life and Work of Prophet of Islam, Vol.1, Translated, by Ghazi, Mahmood Ahmed, Islamabad, Dr. Muslihuddin Islamic Trust Islamabad, 1998. Preface to the First English Edition, P (III)

۳۸۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، سیرت ابن اسحاق، مسماۃ بکتاب المبتدا والمبعث والمغازی، جسے اہل علم تیرہ سو سال سے ڈھونڈ رہے تھے، تالیف محمد اسحاق بن یسار، ترجمہ نور الٰہی ایڈووکیٹ، لاہور، ادارۂ فروغ اردو، نقوش رسول نمبر جلد یازدہم، شمارہ نمبر ۱۳۰، جنوری ۱۹۸۵ء، ص ۳۹۵۔۱۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کی سیرت نگاری میں اہم خصوصیات

* پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر

قرآن مجید کے بعد سیرتِ رسول ﷺ ہی بنی نوع انسان کے لیے دائمی نمونہ عمل اور انسانیت کے لیے ابدی سرچشمہ ہدایت ہے۔ صحابہ کرامؓ اور تابعین عظام نے نہ صرف نہایت اہتمام سے قرآن پاک کے متن، پیغام اور معانی و مطالب کو محفوظ کر کے بعد میں آنے والی نسلوں تک پہنچایا، بلکہ سیرتِ رسول ﷺ بھی انہی کے ہاتھوں محفوظ و مدوّن ہوئی۔

پہلی صدی ہجری میں کتب حدیث مغازی و سیرت ضبط تحریر میں آئیں۔ برصغیر پاک و ہند میں پہلی صدی ہجری کی آخری دہائی میں سیرتِ رسولؐ پر عربی اور فارسی زبان میں تابعین کے کام سے لے کر گیارہویں صدی ہجری کے اوائل تک اگرچہ محدود پیمانے پر کام ہوا لیکن گیارہویں صدی سے تیرہویں صدی ہجری تک بے شمار کتب سیرت مختلف عناوین کے لحاظ سے تالیف ہوئیں۔

انیسویں صدی عیسوی میں نئے اسلوب کے ساتھ سیرت رسولؐ پر سرسید احمد خانؒ، علامہ شبلی نعمانیؒ اور سید سلیمانؒ ندوی کی تصانیف منظر عام پر آئیں۔ شبلی اور سید صاحب کے بعد ان کے معاصرین قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری، مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹیؒ، ابوالکلام آزادؒ، مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ اور مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ نے سیرتِ رسولؐ پر محتاط تحقیق اور مدافعت رسولؐ پر شاہکار تخلیق کیے۔ اس محققانہ کام کو دیکھ کر بعض لوگوں نے محسوس کیا کہ شاید اب اس موضوع میں کسی نئے اسلوب کی گنجائش نہ ہو لیکن جب ان حضرات کے بعد آنے والے ایک محقق کا کام سامنے آیا تو خیال ہونے لگا کہ سیرت پر تو ابھی کام کیا آغاز ہی ہوا ہے اور تحقیق کے اصل میدان تو اب کھلے ہیں۔ اس محقق کا نام محمد حمید اللہ ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کو دورِ جدید کا امام سیرت بلکہ مجدد علوم سیرت کہیں تو بے جا نہ ہوگا۔ سیرتِ رسول ﷺ پر آپ کا تحقیقی کام اپنے انداز کا ایک منفرد اور اچھوتے اسلوب کا آئینہ دار ہے۔ آپ نے گذشتہ ایک صدی کے دوران سیرت سے متعلق موضوعات پر جو تحقیق کی ہے وہ اپنی وسعت اور تعمق، گہرائی اور تحقیق کے اعتبار سے تاریخ ادبیات سیرت میں ایک نئے اسلوب بلکہ ایک نئے عہد کے آغاز و ارتقاء کی غماز ہے۔

* ڈائریکٹر سیرت چیئر، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور۔

علم حدیث کے ذریعے سے ڈاکٹر صاحب کا تعلق علم سیرت سے پیدا ہوا پھر انہوں نے تمام تر زندگی سیرت پر کام کرتے ہوئے گزار دی۔ کہا جا سکتا ہے کہ سیرت پر جو کام ہونا تھا وہ ہو چکا جنہیں لکھنا تھا لکھ چکے، اب سیرت پر کوئی نئی معلومات اور ذخیرہ کا کوئی امکان نظر نہیں آتا۔ ظاہر ہے ڈاکٹر صاحب نے کوئی نیا ذخیرہ سیرت تو دریافت نہیں کیا جو واقعات و روایات سیرت دستیاب ہیں ڈاکٹر صاحب نے انہی روایات اور واقعات سے کام لیا لیکن انہوں نے بعض ایسے سوالات اٹھائے اور ان کے جوابات دیئے جن سے قدیم مصنفین نے اعتناء نہیں کیا تھا۔ صرف ایک مثال پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ جس سے اندازہ ہوگا کہ ڈاکٹر صاحب نے کس انداز سے سیرت کے واقعات کو بیان کیا اور اس کی تشریح و توضیح کی۔ ڈاکٹر صاحب اپنی کتاب ''اسلامی ریاست: عہد رسالت کے طرز عمل سے استشہاد'' کے باب اوّل: ''مملکت اور نظم و نسق'' میں لکھتے ہیں:

> ''آج میرے پیش نظر صرف یہ بتانا ہے کہ کن حالات میں پیغمبر اسلام ﷺ کو اس بات پر مجبور ہونا پڑا کہ ایک حکومت قائم فرمائیں۔ حکومت کی اقامت پر مجبور ہونے کا لفظ میں اس لیے استعمال کر رہا ہوں کہ نبی دنیا اور دنیوی اقتدار کا طالب نہیں ہوتا۔ اس کے باوجود پیغمبر اسلامؐ ایک مملکت قائم کرتے ہیں اور اس مملکت کے حاکم اعلیٰ کی حیثیت سے حکمرانی بھی فرماتے ہیں۔ یہ کن حالات میں ہوا؟ اور کس طرح یہ مشکل کام سرانجام پایا؟ اور پھر اس مملکت میں جس کا وجود ہی نہ تھا۔ ہر چیز کا نظم و نسق حضور ﷺ کے قائم کردہ اور ایسا نظم و نسق چھوڑا کہ وہ آپ کے بعد صدیوں تک چلتا رہا اور نبی اکرم ﷺ کے نظام جہاں بانی سے فائدہ اٹھاتے آرہے ہیں۔''(۱)

ڈاکٹر صاحب نے علم حدیث اور حدیث کے ذخائر سے کام لینے کے ساتھ ساتھ جب سیرت پر اپنی کتابیں تصنیف کیں اور خاص طور پر فرانسیسی زبان میں ان کی دو جلدوں میں جو سیرت پر کتاب ہے وہ اپنے موضوع پر عجیب اور منفرد انداز کی تحریر ہے اس میں انہوں نے صرف حدیث اور سیرت کی کتابوں سے مدد نہیں لی بلکہ قدیم جاہلی ادب، علم انساب، تذکرہ، سوانح عمری، سفرناموں اور ایسی ہی دوسری کتابوں سے بھرپور کام لیا ہے۔ اور ان سب میں سیرت سے متعلق جو مواد تھا ڈاکٹر صاحب نے نہ صرف اسے اپنے تصنیف میں شامل کیا ہے بلکہ اس سے سیرت نبویؐ کی تشریح و توضیح بھی کی ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا اسلوب سیرت نگاری

سیرت پر ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی آٹھ زبانوں میں فاضلانہ تحقیقی تصانیف، تراجم، مقالات اور خطبات کی مکمل فہرست ترتیب دینا تو ممکن نہیں ہے۔ جن کتب تک میری رسائی ہوئی ہے ان سے ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی سیرت نگاری پر روشنی ڈالی گئی ہے ان کی کتب، سیرتِ رسولؐ کے ایسے پہلوؤں کو سامنے لاتی ہیں جو اپنی انفرادیت میں ایک عجیب امتیاز رکھتے ہیں۔ بطور سیرت نگار آپ کی سیرت نگاری کے چند پہلو درج ذیل ہیں:

❶ حقائق پسندی

ڈاکٹر صاحب حقائق کو مصلحتاً پوشیدہ رکھنے کے قائل نہیں بلکہ ان کی تحریریں حقیقت پسندی اور معقولیت کی بہترین مثالیں ہیں: ''رسول اکرم ﷺ کی سیاسی زندگی'' کے تتمہ عرض میں ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ:

> ''حبیب خدا، روحنا فداہ، کی ذات دوستوں کی تعریف وتوصیف سے بھی اس طرح بالا ہے جس طرح دشمنوں کی طنز وتشنیع سے۔ خدا سلف صالح کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے بڑی دیانت داری سے سیرت خیر البشرؐ کے ہر پہلو کو بے کم وکاست بعد والوں کے لیے محفوظ کیا اور لومۃ لائم کی پرواہ کیے بغیر ان چیزوں کو بھی بیان کیا جو پہلی نظر میں بعض دوستوں کو پسند نہیں آتیں۔ اگرچہ ذرا غائر نظر ڈالنے والا اس ظاہری دھبے کے حسن و کمال پر پھڑک اٹھتا ہے ------------ یہ نمونہ معجزات اور خارق عادات و طریق کار کے متعلق نہیں ہو سکتا۔ اس لیے اس ناچیز نے سیرت پاک کے انہی پہلوؤں پر زور دیا ہے جو عالم اسباب کے مناسب اور ہر انسان کے لیے قابل عمل ہوں۔ پیچیدہ معاملات میں تاویل وہ کی ہے جو اس انسانی حیثیت کے زیادہ قریب ہو۔ یہ شانِ رسالتؐ میں بے ادبی و بدگمانی سے نہیں، قرآنی اور ربانی احکام کی تعمیل میں ہے۔'' (۲)

ڈاکٹر صاحب اپنی تصنیف ''رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی'' میں ایک اور مقام پر لکھتے ہیں کہ:

> ''پیغمبر اسلام اگرچہ بنو ہاشم سے تعلق رکھتے تھے لیکن ایک تو آپ عبد المطلب کے بڑے بیٹے کے بڑے بیٹے نہ تھے اور نہ کسی طور پر جانشین تھے، بلکہ یتیم پیدا ہوئے تھے

اور چچانے پرورش کی تھی۔ یہ کہنا گستاخی نہیں بلکہ امر واقعہ کا اظہار کرنا ہے کہ آنحضرت ﷺ ایک جونیئر گھرانے کے جونیئر فرد تھے۔آپ کو نبی تسلیم کرنا بنی امیہ ہی کو نہیں خود بنی ہاشم کے سینئر افراد کو گراں گزرتا تھا۔ظالم چچا ابولہب ہی نہیں بلکہ ہمدرد سرپرست چچا ابوطالب کو زندگی بھر اپنے سے چھوٹے کی یہ حیثیت وقار کرنا اوقات کے خلاف ہی نظر آتا رہا۔'' (۳)

''عہدِ نبویؑ کے میدان جنگ'' میں ڈاکٹر صاحب جنگ بدر کے سبب کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

''ایک طرف تو قریش کا مسلمانوں پر مظالم توڑ کر انہیں جلاوطنی پر مجبور کرنا، جلاوطنی پر ان کی جائیدادوں کو ضبط کر لینا اوران کے نئے مسکن (حبشہ اور پھر مدینے) میں وہاں کے حکمرانوں اور بااثر لوگوں کو ان تارکین وطن کو پناہ نہ دینے کی ترغیب دینا، دوسری طرف ان ناانصافیوں کا بدلہ لینے کے لیے مدینہ سے مسلمانوں کا قریش پر معاشی دباؤ ڈالنا اور بزور قریشی قافلوں کی آمد ورفت کو اپنے زیر اثر علاقے میں روک دینا، یہی بدر کی لڑائی کا باعث ہو سکتے ہیں۔قریشی قافلوں کو لوٹ لینا، ڈاکہ اس وقت سمجھا جائے جب یہ بےقصور ہوں اور لوٹنے والے حکومتی نہیں بلکہ خانگی افراد ہوں ورنہ دو سلطنتوں میں کشیدگی پر نہ صرف جان بلکہ مال و آبرو کے خلاف بھی ہر فریق دوسرے کو نقصان پہنچانے کا پورا حق رکھتا ہے یہی وجہ ہے کہ میں ان لوگوں سے متفق نہیں ہوں، جو قریشی قافلوں کو لوٹنے کے لیے بھیجی ہوئی مہموں کے وجود ہی سے انکار کرتے ہیں۔'' (۴)

❷ ذخائر مخطوطات میں سے قدیم کتب کی دریافت

سیرت پر آپ کے تحقیقی کام کا سب سے اہم پہلو مستند واقعات رکتب کی دریافت، تدوین اور اشاعت ہے۔حیات طیبہؐ کے بارے میں محمد بن اسحاق بن یسار (۸۵ھ۔۱۵۱ھ) کی مولفہ سیرت ''سیرۃ ابن اسحاق'' مسماۃ ''کتاب المبتدا و المبعث و المغازی'' صحیح ترین اور مستندترین مراجع میں سے ہے۔محمد الفاسی ''سیرۃ ابن اسحاق'' کے مقدمہ میں لکھتے ہیں کہ:

''اس میں کوئی شک نہیں کہ سیرت ابن اسحاق میں سے کتاب ہذا کی اشاعت کو عربی

علمی ورثہ کے احیاء کی تاریخ میں ہمیشہ ایک عظیم واقعہ شمار کیا جائے گا۔علماء و محققین کے قلوب مدت دراز سے اس کتاب کی طرف راغب ومشتاق تھے اس سے قبل یہ گمان ہو چکا تھا کہ یہ کتاب بہ تمام وکمال صفحہ ہستی سے ناپید ہو چکی ہے اور اس کے کسی حصہ کی دستیابی سے مایوسی لاحق ہو چکی تھی۔علامہ محقق استاذ محمد حمید اللہ نے اس کتاب کو منصۂ شہود پر لانے اور اس کی طباعت میں جو کوشش صرف کی ہے میں اس کی تعریف و تحسین کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔انہوں نے اس کی تصحیح و مراجعت میں بزرگوں کے سے صبر کا مظاہرہ کیا ہے کیونکہ اس ضمن میں مغرب کے علاوہ دیگر علاقوں سے خط و کتابت مطلوب تھی اور اس کے لیے طویل عرصہ درکار تھا۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انہوں نے اس جلیل القدر کتاب کو پردہ اخفاء سے نکال کر اس تحقیقی اور قیمتی اشاعت کا کام مکمل کر دیا ہے۔'' (۵)

سیرۃ ابن اسحاق کا اردو ترجمہ نور الٰہی ایڈووکیٹ نے کیا۔محمد طفیل نے ''نقوش'' کے رسول نمبر میں شائع کیا۔محمد طفیل، مدیر نقوش لکھتے ہیں کہ:

''جب میں نے ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کو یہ لکھا کہ رسول نمبر کے لیے کوئی خاص چیز بھیجیں تو انہوں نے بتایا کہ ''سیرت ابن اسحاق'' دریافت ہوئی ہے۔مسودہ بھی تیار کر کے پبلشر کے حوالے کر دیا ہے۔مگر وہ ابھی تک نہیں چھپی۔ پبلشر کو خط لکھیے کہ جلد چھاپ دے۔چھپ جائے تو آپ اس کا اردو ترجمہ چھاپ دیں چنانچہ ایسا کیا گیا کیونکہ ہم سب تیرہ سو سال سے یہ سنتے آ رہے تھے کہ سیرۃ ابن اسحاق کا وجود ہے۔مگر معاملہ سب کی دسترس سے باہر رہا۔الحمد للہ کہ اتنے عرصے کے بعد آج ہم اس قابل ہوئے کہ سیرت ابن اسحاق کو اردو میں پہلی بار چھاپنے کا اعزاز حاصل کر رہے ہیں۔ اب سیرت کی کتابوں کو اس سیرت کی روشنی میں بھی سوچا، سمجھا اور لکھا جائے گا۔ پہلے ہم یہ جملہ پڑھتے تھے کہ ابن اسحاق نے یہ کہا، اب یوں پڑھیں گے کہ ابن اسحاق نے یہ لکھا ہے۔'' (۶)

سیرتِ نبوی پر اس کتاب کا مراکش کے قدیم شہر فاس کی جامع قرویین کے کتب خانے سے تلاش کر کے

شائع کرنا، ڈاکٹر صاحب کی بہت بڑی خدمت ہے۔ نادر ونایاب ذخیرہ حدیث کے مخطوطے کی دریافت بھی ان کا وہ کارنامہ ہے جسے تاریخی کہا جا سکتا ہے اور وہ صحیفہ ہمام بن منبہ کی ترتیب، انگریزی میں ترجمہ اور اس کی اشاعت ہے۔ تیسری صدی ہجری کے مشہور مورخ البلاذری کی کتاب ''انساب الاشراف'' کی پہلی جلد جو کہ سیرت نبویؐ پر ہے، کو مدون کر کے ڈاکٹر صاحب نے تاریخ اسلام کی بڑی خدمت سرانجام دی ہے۔ اسی طرح ابن حبیب بغدادی کی کتاب ''المحبر'' کو ایڈٹ کیا، اور اس کی فہارس بنائیں، یہ کتب انساب پر ہیں مگر ان میں سیرت نبویؐ پر بہت ہی عمدہ مواد دستیاب ہے ان سے بھرپور استفادہ فرمایا۔

❸ منفرد انداز تحقیق اور مشاہدہ

ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے سیرت نبویؐ کے متعلق تحقیق میں جو اسلوب اختیار کیا ہے وہ بہت معیاری ہے، محض سنی سنائی اور روایتی بات نقل کر دینا کافی نہیں سمجھتے تھے بلکہ جب تک واقعہ کی تہہ تک نہ پہنچ جائیں اور اس کے ذرائع کی خوب چھان بین نہ کر لیں کوئی بات نقل نہیں کرتے مثلاً: ''عہدِ نبویؐ کے میدان جنگ'' نہ صرف ڈاکٹر صاحب کی قدیم تصنیفات میں سے ہے بلکہ اس کا موضوع بھی بڑا منفرد قسم کا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے جغرافیہِ سیرت اور عسکریاتِ سیرت کا نہ صرف قدیم ترین ماخذ سے مطالعہ کیا بلکہ خود کئی ماہ مدینہ منورہ میں مقیم رہ کر غزوات نبویؐ کے مقامات کا مشاہدہ کیا۔ مقامات کو خود ناپ ناپ کر ان کے فاصلے متعین کیے اور ان کے نقشے بنائے۔

سیرتِ نبویؐ پر ڈاکٹر صاحب کی یہ کتاب اپنی ترتیب، تہذیب و تحقیق میں بالکل اچھوتی ہے۔ اس کو پڑھنے سے اس کی کئی ایک جہتیں سامنے آتی ہیں۔ پہلی اور اہم بات تو یہ ہے کہ ان غزوات کے میدانوں کا ڈاکٹر صاحب نے خود معائنہ کیا اور مشاہدہ کیا اپنے ہاتھ سے اس کے خاکے تیار کیے۔ اس لحاظ سے اس کتاب کو سیرت طیبہؐ پر لکھی جانے والی کتابوں میں ایک منفرد حیثیت حاصل ہوتی ہے یہ کتاب لکھتے ہوئے جب غزوہ اُحد پر پہنچے تو خیال آیا کہ یہ جنگ مدینہ منورہ کے سامنے کی بجائے شہر کے پیچھے کیوں لڑی گئی؟ اس لیے لکھنا ملتوی کر دیا۔ حالانکہ بقول انہی کے وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ جنگ اسی میدان میں ہوئی اور اسی نام سے موسوم ہے۔ میدان اُحد اور جبل احد آج بھی اسی جگہ موجود ہیں۔ چنانچہ اس کے بیس سال بعد موصوف کو بغرض ادائیگی حج ارض حجاز آنے کا موقع ملا تو یہاں بھی مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ وغیرہ کے تمام کتب خانے چھان لیے۔

لوگوں سے گفتگو کی۔ یہاں تک بستیوں میں جا کر مقامی بدوؤں سے بھی ملے کہ شاید یہ بات انہیں سینہ بہ سینہ ملی ہو مایوسی ہوئی، لیکن بالآخر ان کی یہ حسن طلب مدینہ منورہ ہی میں ایک چھوٹی سی کتاب سے پوری ہوئی کہ جب کفار مکہ جنگ کے لیے نکلے تو ان کے پاس تیز رفتار سواریاں (گھوڑے اور اونٹ) بھی تھے تو انہوں نے طے کیا کہ سیدھے مدینہ کا رخ کرنے کی بجائے دور دور سے ہوتے ہوئے مدینہ کے پیچھے سے غفلت میں حملہ کیا جائے۔ ڈاکٹر صاحب کو اس انکشاف سے تشفی ہوئی تو وطن عزیز حیدر آباد لوٹ کر اس اہم دستاویزی کتاب کو مکمل کیا۔

ڈاکٹر صاحب کی تحقیق کا اپنا ہی انداز ہے۔ اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ نے اپنی کتاب (Muhammad Rasulullah) میں نبی کریمؐ کی تاریخ پیدائش ۱۷/ جون ۵۶۹ء تحریر کی ہے حالانکہ دیگر مؤرخین نے ۱۲/ ربیع الاول ۵۷۱ء لکھی ہے۔ لیکن ہمارے محترم ڈاکٹر صاحب کو اس تاریخ سے بر بنائے تاریخی شواہد اتفاق نہیں، آپ جون ۵۶۹ء کو ترجیحاً انتخاب کرتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ:

> " It was on Monday 17th June 569 of Christian era for determination of which see my article in the Journal of Pakistan Historical Society Karachi 1968 (xvi) 216-9 that a boy was born in an obscure part of the worked at Mecca, in the Desert continent of Arabia." (7)

اپنی اس تصنیف میں ڈاکٹر صاحب حضرت خدیجہؓ کے پہلے شوہر سے ایک بیٹے ہند ابن ابی ہالہ کی اپنے سوتیلے باپ (رسول خداؐ) سے غیر معمولی محبت اور احترام کو سامنے لاتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ ہند ابن ابی ہالہ نبی کریمؐ کے حلیہ شریف کے بارے میں سب سے بڑا راوی قرار پایا اور وہ نہایت خوب صورت انداز میں آپؐ کے سراپے کو بیان کرتا ہے۔

> ''ان کا منہ یاقوتوں سے بھرا ہوا صندوقچہ تھا۔ ان کا چہرہ چودہویں کے چاند سے زیادہ حسین تھا۔'' (۸)

غارِ حرا کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

''خوش قسمتی سے مجھے اس غار کو دیکھنے کی سعادت حاصل ہے۔ جبل النور مکہ کے شرقی نواح میں شہر کے وسط سے تین چار کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ حجاج جب منیٰ جاتے ہیں تو یہ پہاڑی ان کے بائیں جانب ہوتی ہے۔ یہ مخروطی شکل کی بلند پہاڑی ہے جو آس پاس کے سلسلہ کوہ سے بالکل الگ تھلگ ہے۔ غار حرا پہاڑی کی چوٹی پر ہے اور ایسی چٹانوں سے عبارت ہے جو ایک دوسری کے اوپر کھڑی ہے۔ اس کے اندر سے مٹی بہہ چکی ہے اور بڑے بڑے پتھر اس کی دیواروں اور چھت کا کام دیتے ہیں۔ اندر سے غار اتنی بلند ہے کہ اس میں سیدھا کھڑا ہونا ممکن ہے۔ غار کا طول وعرض بھی اتنا ہے کہ ایک انسان اس میں سہولت سے لیٹ سکتا ہے۔ غار کی لمبائی چوڑائی سے زیادہ ہے۔ قدرتی طور پر اس کا رخ کعبۃ اللہ کی طرف ہے۔'' (۹)

ڈاکٹر صاحب کے اس بیان سے پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے خود مشاہدہ کر کے یہ تحریر لکھی ہے۔ ڈاکٹر صاحب اپنی محققانہ مہارت کے نمونہ ''عہد نبوی کے میدان جنگ'' میں جنگ خندق کا ذکر کرتے ہوئے اس موقع پر کھودی جانے والی خندق کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

''کچھ تفصیلیں مجھے ملیں ہیں کہ یہ خندق اتنی چوڑی تھی کہ تیزی سے دوڑنے والا گھوڑا بھی اس کو پھلانگ کر عبور نہ کر سکے اور گہرائی اس قدر تھی کہ اندر کوئی آدمی ہو تو اپنے آپ باہر نہ آسکے یعنی تین چار گز گہرائی ہوگی۔'' (۱۰)

آپ کی کتاب ''عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی'' میں دنیا کا سب سے پہلا تحریری دستور، کے عنوان کے تحت آپؐ کے عہد میں مملکتِ مدینہ کے دستور کے حصہ دوم پر تحریر آپ کی گہری تحقیق کو ظاہر کرتی ہے۔ لکھتے ہیں کہ:

''دستور کا حصہ دوم، یعنی یہودیوں کا دستور العمل میرے خیال میں جنگ بدر کے بعد کا واقعہ کا ہوسکتا ہے اس سے پہلے کا ہونا قرین قیاس نہیں۔ اگرچہ پوری دستاویز ایک ہی کل کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کی عبارت اور اندازِ اسلوب سے بھی ایک ہی مرتب کنندہ کا ہونا پایا جاتا ہے اور مسلمان مؤرخ عام طور پر یہ بیان کرتے ہیں کہ یہ دستاویز ۱ھ کی ابتداء میں مرتب ہوئی۔ لیکن یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ۱ھ میں دستاویز کا حصہ اوّل

مرتب ہوا ہو اور بقیہ حصہ ۲ر ہجری میں جنگ بدر کے بعد مرتب کر کے حصہ اوّل کے ساتھ شامل کر دیا گیا ہو۔ اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ ''لسان العرب'' میں اس دستاویز کا جہاں کہیں ذکر آیا ہے وہاں اس کے دو نام دیئے گئے ہیں۔ ایک جملے میں اسے ''فی کتابه للمهاجرین والانصار '' کہہ کر اسے دستور العمل مہاجرین و انصار سے یاد کیا گیا ہے اور اسی سے ذرا نیچے حصہ دوم کے سلسلے میں '' ووقع فی کتاب رسول الله ﷺ لیهود ''دستور العمل یہودیان، کی اصطلاح برتی گئی ہے۔'' (۱۱)

''عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی'' کے باب ''ہجرت' میں ڈاکٹر صاحب لفظ ہجرت کے بارے میں اپنی تحقیق کو سامنے لاتے ہوئے لکھتے ہیں:

''یہ لفظ ''ہجر'' سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی حبشی اور بعض دیگر سامی زبانوں بلکہ خود قدیم عربی میں ''شہر'' کے ہیں۔ پھر مزید لکھتے ہیں جب ''ہجر'' کے معنی شہر کے ہیں تو ہجرت کے معنی ابتداء صرف یہی ہو سکتے تھے کہ کسی بستی، کسی شہر میں جا کر آباد ہو جانا اور خانہ بدوشی کی جگہ حضری زندگی اختیار کر لینا۔ پھر تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ غرض ہجرت کے لغوی معنی شہر میں جا بسنے کے تھے اور آسان ہے کہ کوئی صحرا کی تکلیف دہ زندگی کو چھوڑ کر نخلستان کی سرسبز بستی میں جا بسے تو لفظ ہجرت کو بعد میں یہ معنی دیئے جائیں کہ کسی نعم البدل کو حاصل کرنا۔ کسی خراب جگہ کو چھوڑ کر اچھی جگہ رہنا۔ میں سمجھتا ہوں کہ رسول کریمؐ کے ترکِ وطن کر کے مدینہ جا رہنے کو اسی آخر الذکر مفہوم میں بلحاظ ادب ''ہجرت'' کے نام سے موسوم کیا گیا۔ ڈاکٹر صاحب مزید لکھتے ہیں کہ سیرتِ نبویؐ اور خلافتِ راشدہ کے سلسلہ میں ہجرت کے معنی صرف ہجرت مدینہ ہی نہ تھے بلکہ نومسلموں کا اسلامی علاقے میں آ کر اکٹھا ہونا اور مسلم نو آبادکاروں کا لے جا کر بسانا اسی نام سے یاد کیا گیا ہے۔'' (۱۲)

ڈاکٹر صاحب کی کتاب ''خطباتِ بہاولپور'' کے خطبہ ۵ میں اس سوال کہ ''اسلام میں دوسری ریاست پر جارحیت کرنا جائز نہیں لیکن مدینہ کی ریاست جب مضبوط ہوگئی تو مکہ پر حملہ کرنے میں پہل کی گئی اس کی کیا وجہ تھی؟

کا جواب اگر دیکھا جائے تو آپ کی تحقیق جستجو کھل کر سامنے آ جاتی ہے آپ کہتے ہیں کہ:

حدیبیہ کے مقام پر ۶ ؁ھ میں مسلمانوں اور اہل مکہ کے درمیان جو صلح ہوئی تھی، اس میں شرط یہ تھی کہ فریقین ایک دوسرے پر پوشیدہ یا علانیہ، ظلم وتعدی کرنے سے باز رہیں گے۔ اس کے باوجود جب مکہ کے حلیف قبیلے بنو کنانہ اور مسلمانوں کے حلیف قبیلہ بنوخزاعہ میں جھگڑا ہوا تو اہل مکہ نے معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بنوکنانہ کو ہتھیار فراہم کیے اور پھر چھپ کر قبیلہ بنوخزاعہ پر حملہ کیا اور مسلمانوں کو بھی قتل کیا۔ اسی صورت حال میں مسلمان سزا اور انتقام کے طور پر اہل مکہ پر حملہ کرتے ہیں۔ اسے جارحانہ حملہ قرار نہیں دیا جاسکتا۔ ابتداء ان کی طرف سے ہوئی تھی اور جواب مسلمانوں نے دیا تھا۔ البتہ اس موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں کہوں گا کہ فتح مکہ کے موقعہ پر رسول اللہؐ نے ایک سپہ سالار کی حیثیت سے ایسا کارنامہ سرانجام دیا جس پر آدمی ششدر رہ جاتا ہے۔ اس زمانے میں دس ہزار کی فوج چھپ کر کہیں جانہیں سکتی تھی اور رفتار اتنی سست تھی کہ مدینہ سے مکہ جاتے ہوئے اگر آج دو گھنٹے لگتے ہیں تو اس وقت دو ہفتے لگتے تھے اس کے بعد مسلمانوں کی فوج مدینہ سے مکہ شہر کے مضافات میں پہنچ کر کیمپ ڈالتی ہے۔ اس وقت تک مکہ والوں کو کوئی اطلاع نہیں ہوئی تھی۔
پھر شہر مکہ پر مسلمانوں کا قبضہ ہو جاتا ہے ایک قطرہ خون بہائے بغیر آنحضرت ﷺ کے ایک جملے سے کہ:

''آج تم پر کوئی ذمہ داری باقی نہیں، جاؤ سب آزاد ہو، نتیجہ یہ نکلا کہ ان کی کایا پلٹ گئی اور وہ سب کے سب راتوں رات پورے خلوص سے مسلمان ہو گئے۔ بہرحال تاریخی واقعات کی روشنی میں فتح مکہ کو جارحانہ جنگ قرار نہیں دیا جاسکتا۔'' (۱۳)

ڈاکٹر صاحب ''دین'' کے موضوع کے تحت لکھتے ہیں کہ:

''مغربی مؤرخوں کی تالیفات میں ایک اور چیز بھی نظر آتی ہے وہ کہتے ہیں کہ جب وحی نازل ہوتی تو رسول اللہؐ لیٹ جاتے اور آپؐ کے چہرے کو ڈھانپ دیا جاتا، جیسا کہ پرانے کاہنوں کی عادت تھی۔ میں نے اس بارے میں تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ آپؐ کے چہرے کو ڈھانپ دینا اور آپؐ کا لیٹ جانا، صرف ایک مرتبہ پیش آیا ورنہ عام طور پر ایسی کوئی صورت کبھی واقع نہیں ہوئی۔ مثلاً اونٹنی پر ہیں، یا منبر پر کھڑے ہوئے خطبہ دے رہے ہیں تو وہاں پر چہرے یا جسم کو کسی کپڑے سے ڈھانپ دینے اور آپ کے

لیٹ جانے کی کوئی صورت کبھی پیدا نہیں ہوئی۔ وہ ایک واقعہ یہ ہے کہ جب حضرت عائشہؓ کی عفت کے بارے میں جھوٹے بہتان لگائے گئے تھے تو ایک دن آپ ﷺ حضرت عائشہؓ سے ملنے کے لیے، ان کے والد حضرت ابوبکر صدیقؓ کے مکان میں گئے کیونکہ وہ اس زمانے میں اپنے والدین کے گھر تھیں۔ وہاں آنحضرت ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے گفتگو کی، کچھ سوالات کیے۔ پھر یکا یک آنحضرتؐ پر وحی کا نزول شروع ہوا۔ راوی لکھتا ہے کہ رسول اللہؐ لیٹ گئے اور آپؐ کے چہرے پر حضرت ابوبکر صدیقؓ اور ان کی بیوی نے احتراماً ایک چھوٹا سا کپڑا ڈال دیا۔ اس خیال سے کہ کہیں رسول اللہؐ کی متغیر حالت کو دیکھ کر ہم ہنس پڑیں یا ان پر بے ادبی سے نظر نہ پڑ جائے۔ اس ایک روایت کے علاوہ اور اس خاص واقعہ کے علاوہ کہیں یہ نظر نہیں آتا کہ وحی کے نزول کے وقت رسول اللہؐ لیٹ جاتے ہوں اور رسول اللہؐ کے چہرے کو لوگ ڈھانپ دیتے ہوں۔" (۱۴)

ان تمام حقائق سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ہر بات کو پورے چھان پھٹک کر لکھتے ہیں۔ اور حدیث اور تاریخ کے تمام ذخیرے پر گہری نظر رکھتے ہیں۔

❹ جدید اور سائنٹفک انداز

ڈاکٹر صاحب کی تحریروں میں عام مبلغوں کی طرح جذبات کی بجائے معقولیت اور فکری اپیل ہوتی ہے وہ قدیم و جدید دونوں مآخذ کے حقیقی و تقابلی مطالعے کے بعد اپنے نتائج فکر، نہایت متانت کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔ ان کی تحریریں سائنٹیفک انداز و اسلوب کا دلکش نمونہ ہوتی ہیں۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ قرآن و حدیث کے وسیع مطالعے، مختلف زبانوں پر عبور رکھنے اور موجودہ دور کے تقاضوں کو سمجھنے کے سبب، تمام تحریروں میں سائنسی انداز اختیار کرتے ہیں۔ اپنی کتاب "رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی" جو ڈاکٹر صاحب کے کمالات کا آئینہ ہے، کے باب نمبر ۲۲ میں "اصل مکتوب نبویؐ بنام نجاشی کی نئی دستیابی" کے عنوان سے اس خط کی نقول حاصل کرنے کے لیے اپنی تگ و دو کے بارے میں رقم طراز ہیں:

"۱۱ر مئی ۱۹۳۹ء کو جب میں نے آکسفورڈ میں "ابتدائے سن ہجری کے چند عربی

کتبات مدینہ'' پر ایک لیکچر دیا اور ان کتبات کے خط کا مقابلہ سابق میں دستیاب شدہ مکتوباتِ نبویؐ (بنام مقوقس و منذر) سے کیا تو پروفیسر مارگولیتھ (Margoliath) نے جلسے میں بیان کیا تھا کہ ایک مکتوبِ نبویؐ جو نجاشی حبشہ کے نام بھیجا گیا تھا دستیاب ہو گیا ہے اور اسکاٹ لینڈ کے ایک شخص مسٹر ڈنلاپ کے پاس ہے۔ جلسے کے بعد میں نے پروفیسر مارگولیتھ کے توسط سے اس شخص کو ایک خط بھیجا۔ کئی ماہ بعد مجھے اس کا جواب حیدرآباد میں ملا۔ خط نویسندہ مسٹر ڈنلاپ کا قیام ان دنوں شام میں تھا۔ جواب میں مکتوب مبارک کی ایک نقل جو ہاتھ سے کی گئی تھی منسلک تھی اور وعدہ تھا کہ سکاٹ لینڈ واپسی پر مجھے فوٹو بھی بھیجا جائے گا۔ نیز یہ کہ اس پر ایک مضمون جو لندن کے رسالہ جے۔ آر۔ اے ایس میں چھپے گا۔ اتنے میں جنگ شروع ہو گئی لیکن اتنے حالات میں نے اسلامک کلچر (حیدرآباد، اکتوبر ۱۹۳۹ء ص ۴۲۹ کی تعلیق نمبر ۱) اور مصر میں شائع شدہ کتاب الوثائق السیاسیۃ (مکتوب نمبر ۲۱ کی تعلیق) میں شائع کرا دیئے۔ مسٹر ڈنلاپ کا موجودہ مضمون صفحہ نمبر ۵۴ تا ۶۰ میں چھپا اور مکتوب مبارک کے فوٹو کا بلاک بھی وہیں شائع ہوا۔ اس کے بعد اس مکتوب کی مختصر تعریف ہے اور پھر مکتوب کی عربی عبارت درج ہے بعدازاں ڈاکٹر صاحب نے اس پر تبصرہ کیا ہے۔'' مسٹر ڈنلاپ نے اس مکتوب کے جعلی ہونے کی رائے ظاہر کی۔ ڈاکٹر صاحب نے مسٹر ڈنلاپ کی سات دلیلیں نقل کر کے ان کے تسلی بخش جوابات دیئے ہیں (۱۵) پھر دلائل سے خط کو رسول اللہ ﷺ کا اصل مکتوب ثابت کیا ہے۔ (۱۶)

❺ جدید عنوانات

ڈاکٹر صاحب نے سیرت النبیؐ کے مختلف گوشوں کے تعلق سے دلچسپ اور انوکھے عنوان قائم کر کے موجود نسل کے ذہنوں کو روشن کیا ہے۔ مثلاً عہدِ نبوی کے میدان جنگ، رسول اللہؐ کی سیاسی زندگی، عہد نبویؐ میں نظام حکمرانی، عہد نبویؐ کا نظام تعلیم، دنیا کا پہلا تحریری دستور، قرآنی تصورِ مملکت، ہجرت یا نو آبادکاری، اسی نوعیت کے خیال انگیز اور آج کے حالات سے مطابقت رکھنے والے ان کے بے شمار مضامین عصری تحقیقات کے طریقوں سے آراستہ، آئے دن مختلف زبانوں میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ آپ نے سیرت سے متعلق

بہت سے ایسے سوالات اٹھائے ہیں جن کا جواب سیرت کی عام کتابوں میں تو درکنار امہات الکتب میں بھی نہیں ملتا۔لیکن ڈاکٹر صاحب نے اپنی مخلصانہ تحقیق اور مجددانہ بصیرت سے ایسے بہت سے لاینحل عقدے حل کیے اور تلامذہ سیرت کو نئی نئی روشنیاں عطا کیں: Muhammad Rusullah میں ڈاکٹر صاحب نے نبی کریمؐ پر نزول وحی کے واقعہ کو بیان کرتے ہوئے اسے ایک انوکھے عنوان کے تحت بیان کیا ہے اور عنوان کا نام ہے: ''اللہ کا جدید ترین منشور''۔(۱۷)

ڈاکٹر صاحب اپنی کتاب ''رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی'' میں ''رسول اکرمﷺ کی سیرت کا مطالعہ کس لیے کیا جائے'' ہر سنجیدہ طالب علم اور ذاتی غور وفکر کے مستقل رائے قائم کرنے کے خواہش مند کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ رسول اسلام کا مطالعہ اب بھی کیوں کیا جائے؟ جب کہ آپؐ کی وفات پر ساڑھے تیرہ صدیاں گزر چکی ہیں۔علوم وفنون میں بے انتہاء ترقی ہو چکی ہے۔متمدن قوموں کے ماحول اور تصور حیات میں زمین وآسمان کا فرق آ چکا ہے۔ڈاکٹر صاحب نے اس بارے میں جو کچھ لکھا ہے اسے پڑھ کر قاری کو اطمینان حاصل ہوتا ہے اور تشنگی باقی نہیں رہتی۔آپ لکھتے ہیں کہ:

> ''یوں تو کسی مسلمان کی زندگی اسی وقت اسلامی کہلاتی ہے جب وہ قرآن مجید کے احکام کے مطابق ہو لیکن خود قرآن کریم نے متعدد موقعوں پر سنت نبویؐ کی قانونی حیثیت کو تسلیم کیا ہے اور اسے واجب التعمیل قرار دیا ہے۔ اس سے سنت نبویؐ یا صحیح و مسلمہ سیرت کی حیثیت بھی جُزءِ قرآن نہیں تو کم از کم ضمیمہ قرآن اور تتمہِ قرآن کی ہو جاتی ہے۔''

اس کے بعد چند آیات تحریر کرتے ہیں جو سنتِ رسول کی اہمیت کو ظاہر کرتی ہیں اور فرماتے ہیں کہ:

> ''ان اور دیگر آیتوں سے صاف ظاہر ہے کہ پیشوائے اعظم، سردار دو عالمؐ کا قول، آپؐ کا فعل اور جن چیزوں کو آپؐ نے اپنے صحابہ میں روا د برقرار رکھا ان سب پر عمل کرنا اتنا ہی ضروری ہے جتنا خود احکام قرآنی۔'' (۱۸)

ڈاکٹر صاحب نے اپنی اس کتاب میں صلح حدیبیہ کے حوالے سے بھی یہ تذکرہ کیا ہے اور انوکھا عنوان تجویز کیا ہے: ''صلح حدیبیہ کی فتح یا عہد نبوی کی سیاستِ خارجہ کا شاہکار'' ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں:

''حدیبیہ کی اس صلح (یا بقول قریش ''شکست'') کو قرآن مجید میں مسلمانوں کے لیے
''فتح مبین ''اور''نصر عزیز'' کے ناموں سے یاد کیا گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔
اسلامی حکومت تو قریش کی منہ مانگی شرطیں منظور کرنے کو تیار تھی صرف خیبر سے ان کی
غیر جانبداری مطلوب تھی۔ اسے قریش نے منظور کر لیا تھا بلکہ اس سے بھی زیادہ
رعایتیں منظور کر لی تھیں۔ باسمك اللهم (یعنی اے اللہ تیرے نام سے) کے
فارمولے میں کوئی شرک یا بت پرستی نہیں ہے اور ''محمد بن عبداللہ'' کو منظور کرنے میں
مسلمانوں کا کوئی نقصان نہ تھا اسی طرح عمرے میں رکاوٹ معمولی امر ہے۔ اور
''من استطاع اليه سبيلا ''کے باعث اس وقت وہ مسلمانوں پر فرض نہ تھا۔
ایک طرف تحویل ملزمین کی توجیہ خود جناب رسالتؐ نے فرمائی کہ ہمارے پاس سے
بھاگ کر آنے والا مسلمان ہی ہوگا اور اگر وہ اپنے ہم وطنوں کے مظالم پر صبر کرے گا تو
خدا اس کو اجر دے گا۔ یوں بھی چند دنوں بعد اسلامی عملداری سے باہر نومسلموں نے
قریشی کاروانوں کا کچھ اتنا ناطقہ تنگ کیا کہ خود قریش نے جناب رسالتؐ مآب سے
التجا کی کہ اس شرط کو منسوخ کر کے ان نومسلموں کو مدینہ بلا لیں اور مسلمانوں کے لیے
سخت نازک ترین زمانے میں حدیبیہ میں قریش کا اس صلح پر آمادہ ہو جانا اسلامی
سیاست خارجہ کی ایک واقعی ''فتح مبین اور''نصر عزیز'' تھی جس کے باعث ان کے ہاتھ
کھل گئے اور ایک مضبوط مستحکم حکومت قائم کر لی۔''

ڈاکٹر صاحب کے اس تمام بیان سے ہمارے لیے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ آپؐ کے پیش نظر کیا حکمت تھی کہ جس کی بناء پر آپؐ نے قریش کا مطالبہ یا شرائط کو تسلیم کیا۔ اس وضاحت سے یہ بات ہمارے سامنے کھل کر آ جاتی ہے کہ ڈاکٹر صاحب واقعی سیرت سے متعلق نئی روشنی عطا کرتے ہیں کہ جس کی بناء پر اس وقت کے حالات کو واضح انداز میں دیکھا جا سکتا ہے۔ پھر ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ:

''یہی وہ صلح حدیبیہ ہے جسے عہد نبوی کی سیاست خارجہ کا شاہکار کہنا چاہیے۔'' (۱۹)

⑥ سیرت نبوی ﷺ کے نئے پہلوؤں کا انکشاف

ڈاکٹر صاحب گہرے مطالعے اور جستجو کی بنیاد پر سیرتِ نبویؐ کے بہت سے پہلو سامنے لاتے ہیں۔ ان کے اخذ کردہ نتائج ہمارے لیے نئے انکشافات کی حیثیت رکھتے ہیں۔ آپ نے ''خطباتِ بہاولپور'' میں محکم دلائل سے بہت سی نئی باتیں پیش کیں اور جا بجا ایسے نکات نکالے جن سے غور وفکر کی نئی راہیں کھلتی ہیں۔

آنحضرت ﷺ کا سلوک نوجوانوں کے ساتھ میں، ڈاکٹر صاحب بتاتے ہیں کہ نبی کریمؐ ذمہ داری کا اکثر کام نوجوان ہی کے سپرد کرتے تھے۔ جب کوئی قبیلہ اسلام قبول کرتا تو آپ کسی ذہین فطین نوجوان کو اس کا سردار مقرر فرماتے۔ اسی طرح صفہ میں ابتدائی تعلیم اور لکھنا پڑھنا سکھانا، یہ کام نوجوان رضا کاروں کے سپرد تھا۔ آپؐ نے حضرت علیؓ کو ایک معرکے کا افسر بنایا اس وقت حضرت علیؓ کی عمر مشکل سے پچیس سال ہوگی۔ بعد میں انہیں گورنر اور قاضی کے عہدے بھی دیئے۔ اس کے علاوہ نبی کریمؐ نے مختلف نوجوانوں کی ذاتی صلاحیتوں کو دیکھ کر ایک فنی تخصیص کا موقع دیا۔ آپؐ کے مشیرانِ خاص بھی اکثر نوجوان تھے۔ غرض کہ ڈاکٹر صاحب اس مضمون کے ذریعے نبی کریمؐ کی سیرت کا اچھوتا پہلو ہمارے سامنے لائے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب عہدِ نبوی کی سیاستکاری کے چند اصولوں کو ہمارے سامنے لائے ہیں۔ اس طرح رسول اللہ ﷺ کی ''سیاسی زندگی'' میں ایک عنوان ''ختم المرسلین کے لیے آپؐ کے انتخاب کی وجہ قائم کیا ہے۔'' (۲۰)

⑦ جدتِ اسلوب

ڈاکٹر محمد حمید اللہ سیرت نبوی کے وہ گوشے سامنے لاتے ہیں جن پر اس انداز میں آج تک نہ لکھا جا سکا۔ اس کی ایک مثال ڈاکٹر صاحب کی کتاب ''عہد نبوی کے میدان جنگ'' ہے۔ اس کتاب کے دیباچے میں ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ:

> ''سیرتِ نبویؐ پر دنیا کی ہر مہذب زبان میں کم یا زیادہ تفصیل کے ساتھ مواد فراہم ہو چکا ہے۔ اس مواد کے فراہم کرنے والے دوست بھی ہیں، مخالف و معاند بھی، سیرت نبوی کے جنگی حصے پر بھی مواد کی کوئی کمی نہیں لیکن غزوات نبوی پر تاریخی نہیں بلکہ حربیاتی (فن حرب) کے نقطہ نظر سے میرے پڑھنے یا سننے میں اب تک کوئی چیز نہیں آئی۔ ساڑھے تیرہ سو سال پہلے کی جنگوں پر کچھ لکھنے کے لیے حربیاتی اور تاریخی دو مختلف قسم کی

مہارتیں درکار ہیں۔ میں ان دونوں سے بھی محروم رہا ہوں۔ لیکن مردے از غیب بروں آید و کارے بکند کا یا خود میں ان صلاحیتوں کے پیدا ہونے اور ''نومن تیل'' کے فراہم ہونے کا انتظار کرنا ان تھوڑے بہت معلومات کو بھی ضائع کر دینا۔ جو مطالعے اور سفر سے اتفاقاً مجھے حاصل ہوئے تھے۔ اس لیے جو مجھ سے ہو سکا مرتب کیا گیا ہے۔ اور اس کی کوتاہیوں کے پورے احساس و اعتراف کے ساتھ افادے و اعلام کے لیے نہیں بلکہ اصلاح کی غرض سے اہل علم کی خدمت میں پیش ہے۔'' (۲۱)

ڈاکٹر صاحب نے ''عہدِ نبویؐ کے میدان جنگ'' میں نبی کریمؐ کے نظام دفاع اور آپؐ کے غزوات کو نہایت انوکھے انداز میں پیش کیا ہے اور ایسا انداز اختیار کیا ہے جس کی مثال اس سے پہلے نظر نہیں آئی تھی۔ کتاب عام فہم ہے اور اس میں کوئی پیچیدگی اور مشکل نظر نہیں آتی۔ آپ نے نبی کریمؐ کی فوجی مہم و فراست کو جس انداز میں بیان کیا ہے وہ قابل بیان ہے۔ سب سے پہلے لکھتے ہیں کہ:

''آپؐ نے کس طرح سے مسلمانوں کی سب سے پہلی، بہت ہی ننھی منی سلطنت جو مدینہ منورہ میں قائم ہوئی، اس کو ابتداء میں مختلف قسم کی مشکلات سے بچانے کے لیے کس طرح اپنی تدبیروں کا آغاز کیا تھا؟ مکہ معظمہ سے مسلمان ہجرت کر کے مدینہ آنے پر مجبور ہوئے اور خود رسول اللہؐ وہاں سے تشریف لائے تو شاید عام حالات میں کسی سلطنت کے قیام کی ضرورت پیش نہ آتی۔ لیکن مشرکین نے وہاں بھی چین نہ لینے دیا اور مدینہ والوں کو لکھ بھیجا کہ ہمارے دشمن (حضرت محمد) کو یا تو جان سے مار ڈالو یا انہیں اپنے ملک سے نکال دو، ورنہ ہم کوئی مناسب تدابیر اختیار کریں گے۔''

ڈاکٹر صاحب مزید لکھتے ہیں کہ:

یہ فوجی حملے کی دھمکی ایسی تھی کہ کوئی شخص آسانی سے اس کو نظر انداز نہیں کر سکتا تھا۔ خاص کر وہ نبی جو دنیا کے سارے لوگوں کے لیے اسوہ حسنہ تھا۔ آپ بتاتے ہیں کہ نبی کریمؐ نے اولین مسئلہ جو کہ مہاجرین کے روزگار اور ان کی فوری ضرورتوں کو پورا کرنے کا تھا، اس کے حل کے لیے مواخات کا طریقہ اختیار فرمایا۔ دوسری تدبیر آپؐ نے یہ فرمائی کہ مدینہ کے مختلف قبائل کے سامنے یہ تجویز پیش کی کہ اپنے مذہبی اختلافات اور قبائلی

انفرادیت کے باوجود یہ مناسب ہوگا کہ تم سب مل کر ایک چھوٹی سی مملکت قائم کرلو۔آپس میں مرکزیت پیدا کر لو اور اپنے دشمن کے مقابلے کے لیے ایک موجودہ قوت کو اس طرح مجتمع کرو کہ اس کا کوئی جزو ضائع نہ ہونے پائے۔لہذا ایک مملکت قائم ہوئی جس میں مسلمانوں کے علاوہ یہودی اور مشترکہ قبیلے داخل ہوئے اور ان سب نے آپ کو اپنا سردار تسلیم کرلیا۔(۲۲)فتح مکہ کا ذکر کرتے ہوئے آپ لکھتے ہیں کہ:

''رسول اللہؐ حضرت بلالؓ کو حکم دیتے ہیں کہ اذان دو۔اس دن وہ خانہ کعبہ کی چھت پر چڑھ کر اذان شروع کرتے اور کڑک کر''اشھد ان محمّداً رسول اللّٰہ'' کا نعرہ لگاتے ہیں۔نماز کے بعد رسول اکرمؐ مکہ والوں سے مخاطب ہو کر پوچھتے ہیں کہ تم مجھ سے کیا توقع کرتے ہو؟انہیں بیس سالہ ظلم،فتنہ انگیزی اور فساد یاد آتے ہیں اور وہ شرم سے سر جھکا لیتے ہیں اور سوائے اس کے کچھ نہیں کہہ سکتے کہ آپ شریف ہیں،شریف زادہ ہیں اس پر آنحضورؐ کے جواب کو تاریخ عالم میں لافانی ولاثانی کہنا چاہیے۔''(۲۳)

اب ان کی طرف مخاطب ہو کر فرماتے ہیں:

''تم پر اب کوئی مواخذہ،کوئی ذمہ داری نہیں،جاؤ تم سب کو چھوڑ دیا جاتا ہے۔''

ڈاکٹر صاحب کا یہ اسلوب بیان قاری کے لیے دلچسپی کا باعث بنتا ہے اور آپ کا اس قسم کا انداز اختیار کرنا قابل داد ہے۔نبی کریمؐ کا مکے میں فاتح کی حیثیت سے داخل ہونے کو ڈاکٹر صاحب نہایت دلکش انداز میں بیان کرتے ہیں:

''دس سال کی شبانہ روز جسمانی اور روحانی کاوشوں کے بعد مکے کا جلاوطن اب وہیں فاتحانہ داخل ہو رہا تھا مگر کس انداز سے؟کسی جبار فاتح کی طرح اکڑتے،سینہ تانے، اور مسبب حقیقی کو بھلا کر نشہ خود پرستی میں سرشار؟نہیں،بلکہ ابن ہشام کے مطابق بارگاہ خداوندی میں سر نیاز جھکائے اور بار بار اونٹنی کے کجاوے ہی پر سجدہ شکر ادا کرتے ہیں اور پچھلی مالی روحانی اذیتوں پر انتقام کے خیال کی جگہ''لا تثریب علیکم الیوم اذھبوا فانتم الطلقا''(آج تم سے کوئی مواخذہ نہیں ہوا۔جاؤ تم سب آزاد ہو)

عفو اور عام درگزر کا اعلان کرتے ہوئے جو بالفاظ مولانا مناظر احسن گیلانی:

﴿ اُدْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّداً وَقُوْلُوا حِطَّةٌ ﴾

''اس شہر میں داخل ہوؤ اور جیسا چاہو کھاؤ'' لیکن دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے معافی کہتے ہوئے داخل ہوگی خالص اسلامی شان کا مکمل مظاہرہ تھا۔'' (۲۴)

❽ سیرت کے واقعات سے اہم نتائج اخذ کرنا

مصنف کو واقعات اور معلومات سے نتائج اخذ کرنے کا بہترین سلیقہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ جب بھی قلم اٹھاتے ہیں۔ سیرت نبویؐ کے کسی نہ کسی نئے گوشے کو نمایاں کرتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب Muhammad Rasullah میں نبی کریمؐ کی شادی کے حالات کے تحت لکھتے ہیں کہ حضرت خدیجہؓ نے آپؐ کے پاس خود نکاح کا پیغام بھیجا تھا۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کرتے ہوئے عربوں میں عورتوں کی عزت تھی لکھتے ہیں کہ:

''ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عرب معاشرے میں خواتین کو نہایت بلند مقام حاصل تھا۔ یہ بھی درست ہے کہ عرب میں بیٹیوں کو پیدائش کے بعد دفن کرنے کے واقعات ہوئے ہیں لیکن ایسے واقعات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ پھر یہ واقعات انفرادی نوعیت کے ہیں اور ان کا منبع بھی عورت کی حد سے زیادہ بڑھی ہوئی تکریم کا رجحان ہے۔ (۲۵)

ایک دفعہ قحط کے دوران آپ کی رضاعی ماں حلیمہ آئیں۔ دوسرے یتیم، بیوائیں اور بے نوا مسافر، وہ انہیں امداد کے لیے اپنی اہلیہ کے پاس بھیجتے اور وہ ہمیشہ ایسے افراد کی کھلے دل سے امداد کرتیں۔ ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں کہ:

''اس حقیقت سے صاف ظاہر ہے کہ خواتین (عرب میں) اپنے مال و دولت پر مکمل اختیار رکھتی تھیں اور ان کے شوہر بھی ان کی مرضی کے بغیر ان کی دولت صرف کرنے کا اختیار نہیں رکھتے۔'' (۲۶)

مکہ کے مملکت اسلامیہ میں شامل ہونے کے بعد اور نبی کریمؐ کے اس اعلان سے پہلے کہ آئندہ کوئی کافر

بت پرستی کی غرض سے کعبۃ اللہ میں داخل نہیں ہو سکے گا، مسلمان تو کعبۃ اللہ کو دین اسلام کا مرکز کے طور پر استعمال کر رہے تھے اور عرب کے کونے کونے سے آنے والے کفار خانہ خدا میں بت پرستی کی رسوم بھی ادا کر رہے تھے۔ ڈاکٹر صاحب اس سے یہ بات ثابت کرتے ہیں کہ مکہ کو جبراً اسلامی مملکت میں ضم نہیں کیا گیا بلکہ رسول خداؐ نے شہر کی حکومت تبدیل کرنے پر اکتفا کیا۔ (۲۷)

❾ مسلمہ حقائق نئی تعبیریں یا انفرادیت

ڈاکٹر محمد حمید اللہ اپنی تحقیق سے نہ صرف نئے حقائق منظر عام پر لاتے ہیں بلکہ مسلمہ حقائق کی نئی نئی تعبیریں پیش کرتے ہیں بلکہ بعض چیزوں میں ان کی انفرادیت ہے۔ لیکن اپنی تاویلات پر بضد نظر نہیں آتے بلکہ فیصلہ قاری پر چھوڑتے ہیں اور مناسب و بہترین کی بقاء پر یقین رکھتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب اپنی کتاب: "The Prophet's Establishing a State and His Succession" کے پیش لفظ میں لکھتے ہیں کہ:

> "In Collecting here my humble studies on certain aspects of the problem my only ambition is to focus attention of scholars to some new interpretations of old and well known facts. They have come to my mind, Yet I do not insist on them. I believe in the survival of the fittest." (28)

اس کی ایک مثال ہمیں ڈاکٹر صاحب کی کتاب "رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی" میں بھی ملتی ہے کہ جس میں آپ نے واقعات کی تاریخوں پر اختلاف کرتے ہوئے اپنی رائے کا اظہار کیا مثلاً کسریٰ پرویز کا اپنے بیٹے کے ہاتھ قتل ہونا، اس قتل کی اطلاع آپ تک پہنچنا وغیرہ کی تاریخوں اور واقعات کے بارے میں اپنی رائے ظاہر کردی اور یہ بھی لکھ دیا ہے کہ:

> "مجھے ان اخذ کردہ نتائج پر اصرار نہیں ہے اور اگر اہل علم ان کی اصلاح کر سکیں اور گتھیوں کو سلجھا سکیں تو سیرۃ نبویہ کی ایک الجھن رفع ہو سکے گی۔" (۲۹)

اسی طرح اپنی کتاب ''خطباتِ بہاولپور'' کے موضوع ''عہدِ نبوی میں نظام مالیہ اور تقویم'' میں ایک نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ زکوٰۃ مکہ مکرمہ میں ہی شروع ہوئی اور اس پر اصرار نہیں کرتے، فرماتے ہیں کہ:

> ''اگر مکہ ہی میں زکوٰۃ فرض ہو چکی تھی، جس معنی میں ہم فرض سمجھتے ہیں تو اس کا ہمیں کوئی ثبوت نہیں ملتا یعنی مکہ میں رسول اکرمؐ کی طرف سے اس کی وصولی اور خرچ کا انتظام کیا گیا ہو یا اس کی مقدار معین ہوگی۔ اس کی میعاد مقرر ہوگی۔ اس کا کوئی پتہ نہیں چلتا۔ ان حالات میں مجبوراً اس نتیجے پر پہنچنا پڑتا ہے (اور میری ذاتی رائے ہوگی، آپ پابند نہیں کہ اسے قبول بھی کریں) کہ زکوٰۃ کی ابتداء اور اس کا آغاز اخلاقی اور رضا کارانہ اساس پر ہوا۔ رسول اللہؐ مسلمانوں سے کہتے تھے کہ اپنی تجارت، زراعت اور دیگر کمائیوں سے خدا کی راہ میں خرچ کرو اور کوئی تعجب نہیں کہ وقتاً فوقتاً مسلمان خود رسولؐ کی خدمت میں مال پیش کرتے ہوں تاکہ اپنی صوابدید سے اس مال کو خرچ کریں اور کبھی خود ہی اپنی صوابدید سے خرچ کرتے ہیں۔'' (۳۰)

اس لحاظ سے ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب اپنی رائے میں اکیلے معلوم ہوتے ہیں لیکن انداز تحکمانہ نہیں بلکہ علمی اور محققانہ ہے اور قاری کو مزید تحقیق کرنے اور سوچنے پر ابھارتے ہیں۔

⑩ مستشرقین کے اعتراضات کے جوابات

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اپنی کتب سیرت میں مستشرقین کے اعتراضات کے مسکت جوابات دیئے ہیں۔ رسول اللہؐ کے خط کو جعلی ثابت کرنے کے لیے ڈنلاپ نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا لیکن ڈاکٹر صاحب نے بدلائل اس خط کو اصل ثابت کیا۔ اسی طرح حدیث رسول کو بعد کی پیداوار قرار دینے کے تمام دلائل کو صحیفہ ہمام بن منبہ کی دریافت نے غلط ثابت کر دیا اسی طرح الوثائق السیاسیہ بھی تدوین حدیث کی ابتدا دور رسالت سے ثابت کرتی ہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، اسلامی ریاست، عہد رسالت کے طرز عمل سے استشہاد (الفیصل ناشران وتاجران کتب، لاہور ۱۹۹۲ء) ص ۹۔

۲۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی (دارالاشاعت کراچی، ۱۹۸۷ء طبع ہفتم) ص ۶۔

۳۔ ایضاً، ص ۳۷۔

۴۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، عہدِ نبویؐ کے میدان جنگ (اسلامی اکادمی لاہور) ص ۸۷۔

۵۔ محمد طفیل، نقوش، رسول نمبر (جلد ۱۱، شمارہ ۱۳۰، ادارۂ فروغ اردو، لاہور،) تقدیم۔

۶۔ ایضاً۔

7- Dr. Muhammad Hamidullah, Muhammad Rasulullah, (Idara-e-Islamiat Lahore) P19

۸۔ ایضاً، ص ۳۳۔

۹۔ ایضاً، ص ۴۱۔

۱۰۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، عہدِ نبویؐ کے میدان جنگ، ص ۶۰۔

۱۱۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی (اردو اکیڈمی، کراچی ۱۹۸۷ء) ۸۵۔۸۶۔

۱۲۔ ایضاً، ص ۲۶۳۔۲۶۵۔

۱۳۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، خطباتِ بہاولپور، (اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور، ۱۴۰۱ھ) ص ۱۳۳۔

۱۴۔ ایضاً، ۱۴۷۔۱۴۸۔

۱۵۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی، ص ۱۴۰۔

۱۶۔ ایضاً، ص ۱۴۷۔۱۴۸۔

۱۷۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، محمد رسول اللہؐ، ص ۴۳۔

۱۸۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی، ص ۹۔۱۱۔

۱۹۔ ایضاً، ص ۱۰۷۔

۲۰۔ ایضاً، ص ۴۴۔

۲۱۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ، عہدِ نبویؐ کے میدان جنگ، ص ۲۰۔

۲۲۔ ایضاً،ص۲۳۔۲۴۔

۲۳۔ ایضاً،ص۶۴۔

۲۴۔ ایضاً،ص۶۴۔۶۵۔

۲۵۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ،محمد رسول اللہؐ،ص۲۸۔

۲۶۔ ایضاً،ص۳۰۔

۲۷۔ ایضاً،ص۱۲۱۔

۲۸۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ،محمد رسول اللہؐ(دیباچہ)۔

۲۹۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ،رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی،ص۲۲۴۔

۳۰۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ،خطباتِ بہاولپور،ص۲۶۸۔

خطوط نبویؐ کی اصلیت پر مستشرقین کے اعتراضات۔ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے جوابات

* ڈاکٹر محمد اکرم رانا

برصغیر پاک و ہند میں بالخصوص اور عالم اسلام میں بالعموم جن فرزندانِ اسلام کو اللہ تعالیٰ نے اپنے دین متین کی خدمت کے لیے منتخب فرمایا اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ان کا نام ایک سند کا درجہ بھی رکھتا ہے۔ان میں ایک نہایت ہی محترم نام ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ مرحوم کا بھی ہے، ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ عالم اسلام کے اُن گنے چنے محققین میں سے تھے، جنہیں مغرب کی کم و بیش دس بارہ زبانوں میں عبور حاصل تھا۔آپ نے اعلیٰ تعلیم، جرمنی اور فرانس کی جامعات سے حاصل کی تھی، ان کے پی ایچ ڈی سطح کے مقالات، فرانسیسی اور جرمن زبان میں لکھے گئے تھے۔حیدرآباد کے بعد آپ کا مستقل قیام چالیس برس تک پیرس میں ہی رہا اور فرانسیسی زبان میں قرآن، حدیث، فقہ، تاریخ و سیرت اور دیگر بے شمار موضوعات پر آپ کے تحقیقی مقالات و نگارشات شائع ہوئیں۔ڈاکٹر صاحب مؤتمر مستشرقین عالم کی کانفرنسوں میں اکثر و بیشتر شریک ہوتے رہے، اور اُن کی روداد یں بھی قلم بند کیں جو ماہنامہ ''معارفِ اعظم گڑھ''(۱) میں شائع ہوئیں، آپ نے مستشرقین سے براہِ راست استفادہ بھی کیا اور ان کے منہج و اسلوب سے گہری واقفیت بھی حاصل کی، مستشرقین کے علمی و تحقیقی کام کے معترف بھی رہے، اور اُن کی تحقیقی فروگذاشتوں، تسامحات اور اعتراضات پر اُن کا نام لے کر اور کبھی اشارے کنایئے سے اصلاح کی، اور اُن کی غلط فہمیوں کو آشکارا کیا۔

مستشرقین کے بارے میں آپ کا عموی رویہ یہ رہا کہ اُن پر لعن طعن نہ کی جائے، اور اُن کو برا بھلا نہ کہا جائے بلکہ انہی کے اسلوب میں اُن کی غلط فہمیوں کی اصلاح کی جائے، اور انہیں کے منہج تحقیق میں اس طرح ان کے اعتراضات کا جواب دیا جائے کہ پتہ بھی نہ چلے اور اصلاح بھی ہو جائے۔''دارالمصنفین'' اعظم گڑھ میں ایک سیمینار بعنوان ''اسلام اور مستشرقین'' میں شرکت اور مقالہ پڑھنے کے لیے اُن کو دعوت دی گئی، جس کے جواب میں انہوں نے ایک خط تحریر فرمایا۔اس خط سے اُن کی مستشرقین کے بارے میں رائے کا اظہار ہوتا ہے۔خط کے مندرجات یہ ہیں:

---

* ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، بہاءالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان۔

''ابھی ابھی شام کی ڈاک میں نوازش نامہ ملا، اور سرفراز کیا، چالیس، پینتالیس سال ہو گئے، آپ سے دارالمصنفین میں ملاقات کا شرف حاصل ہوا تھا، اور آپ کی نوازش اور مہمان نوازی بھولی نہیں، تب کی ملنساری ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی ہر وقت کی ہے۔ و فقکم اللّٰہ وعا فاکم۔

آپ کی فرمائش سر آنکھوں پر، لیکن مستشرقین کی شکایت کے ارادے سے اس ناچیز کو بالکل اتفاق نہیں، اگر محترم علی میاں نے مجھ سے اس پر پیشگی گفتگو کی ہوتی تو میں ادب سے عرض کرتا کہ ایسا نہ کریں! ان میں سے ہر فرو پیشہ ور عناد اور دشمنی نہیں رکھتا اور جو اکا دکا رکھتا ہے، وہ اس طرح کی کانفرنسوں اور شکایت ناموں سے شدید دشمنی دکھانے لگتا ہے (جیسا کہ کچھ دنوں سے یہاں نظر آ رہا ہے) ہم اپنے بچوں کو انہی کے ہاں بھیجتے ہیں اور ان کے پرزہ کاغذ (ڈاکٹری کی سند) پر اتراتے ہیں، پھر انہی کی شکایت کریں؟ اخلاق تو اس کی اجازت نہیں دیتے؟ وہ مسلمان نہیں ہیں ان سے توقع کرنا کہ وہ سو فیصد ہماری باتوں کی داد دیں یہ عبث ہے ان کے دین اور ان کی دنیا کے متعلق کیا ہم بھی مبالغہ آمیز شکایتیں، اور تنقیدیں نہیں کرتے؟

میرا اپنا تاثر یہ ہے کہ وہ عام طور پر عمداً اسلامی چیزوں پر اعتراض نہیں کرتے، وہ مخلص ہوتے ہیں یعنی اپنے علم اور اپنی فہم کے مطابق تاثر لیتے اور بتاتے ہیں اور گالی گلوچ کے ساتھ نہیں، خالص علمی انداز میں ان کو ان کی غلطیاں بتائیں تو عام طور پر فوراً مان لیتے ہیں، ایک تجربہ عرض کرتا ہوں، شاخت آنجہانی سے آپ ناواقف نہیں، ایک مرتبہ انقرہ میں امام سرخسی کا جشن منایا گیا، پہلے شاخت صاحب کی تقریر تھی، پھر میری باری آئی، انہوں نے اپنی رائے بیان کی، اس سے پیشگی واقف ہوئے بغیر میں نے ان چیزوں کی تردید کی، جشن کے صدر نے بعد میں مجھ سے بیان کیا کہ شاخت نے اپنی پڑھی ہوئی تقریر واپس مانگ لی، اور بہت سی ترمیموں کے بعد دی، کہ آپ اسے چھاپ سکتے ہیں، یہی تجربہ مجھے اٹلی کے سب سے بڑے مستشرق ''لیوی دملا ویدا'' سے رہا۔ جزیہ اور ذمیوں سے دگنی چنگی کی وجہ سے میری بحث پڑھ کر مجھے خط لکھا، کہ تمہاری ان دلیلوں پر تو کوئی یہودی ربی بھی زبان نہیں کھول سکے گا۔

غرض اس ناچیز کی رائے میں ان کی چیزوں کو کھلے دل سے پڑھ کر ان کی غلط فہمیوں کو خالص علمی انداز

میں دور کریں ہو سکے تو ان کا نام بھی نہ لے کر، زیر بحث مسئلہ کو اس طرح پیش کریں کہ اعتراض خود ہی دور ہو جائے اور ظاہر ہے کہ یہ چیز محنت چاہتی ہے، تو زیادہ صحیح اور مفید ہوگا۔'' (۱)

تاہم مستشرقین کے حوالے سے ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا موقف بڑا صاف اور واضح ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ:

''ایک طرف تو ہمارے یورپی مؤلف ہیں۔ ان کے نزدیک دُنیا کی کوئی اچھی چیز کسی مشرقی سے ممکن ہی نہیں۔ ان کا بیان ہے بلکہ ادعا ہے کہ اسلامی فقہ صرف قانون روما کی معرب شکل ہے اور وجہ سوائے اس کے کچھ نہیں کہ ان کا جی چاہتا ہے کہ ایسا ہی ہو۔'' (۲)

ڈاکٹر صاحب نے اپنی کتاب ''امام ابوحنیفہ کی تدوین قانون اسلامی'' کے ایک حاشیے میں گولڈ زیہر کی علمی غلطی کی نشاندہی کرتے ہوئے لکھا ہے:

''گولڈ زیہر کو دھوکہ ہوا ہے اور العامری محمد بن عبدالرحمٰن مشہور ابن ابی ذئب کو سب سے قدیم مؤطا نویس قرار دیا۔ حتیٰ کہ ان کی وفات سے بھی سہو سے ۱۳۰ھ لکھ دی ان کی وفات اصل میں ۱۵۹ھ میں ہوئی یہ غلطی تحقیق مزید نہ کرنے سے گولڈ زیہر کے حوالے سے بروکلمان نے بھی تاریخ ادبیات عربی میں دہرا دی۔ ان دونوں نے زرقانی کا حوالہ دیا ہے لیکن زرقانی نے ابن ابی ذئب کی جگہ ابن الماجشون کو تقدم عطا کیا ہے۔'' (۳)

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا مستشرقین کے حوالے سے مطالعہ بہت گہرا تھا۔ انہوں نے ''مؤتمر مستشرقین'' ہند کے اجلاس حیدرآباد ۱۹۴۱ء میں بزبان انگریزی ''رومی قانون کا اثر اسلامی قانون پر'' ایک مقالہ پڑھا جس کے لیے انہوں نے فرانسیسی مصنف بوسکے، اطالوی مؤلف نالینو (Nalino) انگریزی مصنفین، ولسن (Wilson) اور شیلڈن آموس، لاطینی مؤلف گایوس کا خصوصی مطالعہ کیا (۴) اس طرح ''شہری مملکتِ مکہ'' پر آپ کا مقالہ ایک پرمغز مقالہ ہے اس میں آپ نے لامنز (Lammens) پروفیسر ہیالڈے، جاوٹ (Jowett) ولہاوزن (Welhausen) اور اسپرنگر (Springer) وغیرہ کے حوالے دیئے اور جہاں جہاں ضرورت ہوئی ان کی اصلاح کی۔ (۵)

آپ نے فرنگی محققین کی بعض باتوں پر تعجب کا اظہار کیا ہے کیونکہ ان کی باتیں ہی کچھ نرالی ہوتی تھیں مثلاً ایک

فرانسیسی مستشرق کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ ان کا یہ مؤقف کہ بحیرہ نے سارے کا سارا قرآن مجید، محمد عربی ﷺ کو لکھوا دیا تھا کتنا تصوراتی اور خیالی ہے۔ ان کے اپنے الفاظ ہیں۔

" It is amusing to see the flight of imagination of the French orientalist Carra de veaux, who has written a whole book " On Bahira the author of the Quran". Can a boy of nine years learn by heart in a few mintues the 114 chapters of the Quran, and a generation later communicate them to his people as "Divine message?." (6)

پروفیسر خورشید احمد، ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے منہج واسلوب تحقیق پر اظہار خیال کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''میری نگاہ میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ مسلمانوں میں پہلے اور آخری مستشرق (Orientalist) تھے۔ مستشرق میں ان کو اس لیے کہہ رہا ہوں کہ انہوں نے مستشرقین کے طریق تحقیق (Methodology) پر ایسی قدرت حاصل کر لی تھی جیسی غزالی نے یونانی فلسفہ پر، ان کے اصل ماخذ قرآن وسنت اور مسلمانوں کے معتبر اہل علم کی تصانیف تھیں۔ انہوں نے اسلام کو جیسا کہ وہ ہے دُنیا کے سامنے پیش کیا۔ البتہ تحقیق وتصنیف، تلاش وجستجو، نقد واحتساب کے ان تمام ذرائع کو کامیابی وقدرت کے ساتھ استعمال کیا جو مستشرقین کا طرۂ امتیاز سمجھے جاتے ہیں اور اس طرح علمی میدان میں اہل مغرب کا جو قرض مسلمانوں پر تھا اسے فرض کفایہ کے انداز میں ڈاکٹر صاحب نے چکا دیا اور ساتھ ساتھ وہ کیا جسے انگریزی محاورے میں Paying in the same coin کہا جاتا ہے۔'' (۷)

سیرت اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے حضور پاک ﷺ کی سیاسی زندگی، آپ کے غزوات، سفر ہجرت، خطوط اور وثائق کی

تلاش وترتیب میں جوگرانقدر خدمات انجام دی ہیں وہ سنہری حروف میں لکھنے کے قابل ہیں۔انہوں نے مستشرقین کے اعتراضات کے ایک ایک کر کے جوابات دیئے۔ جواب میں انہوں نے جس تحمل و بردباری کا مظاہرہ کیا ان کی ذیل میں ہم نے اس طرح وضاحت کر دی ہے کہ کوئی پہلو تشنہ نہ رہ جائے۔

دریافت شدہ خطوط نبویؐ کی اصلیت پر مستشرقین کے اعتراضات اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے جوابات

حیات محمدؐ کا یہ بھی ایک امتیازی پہلو ہے کہ آپ کی سیرت کا نہ صرف ایک ایک گوشہ محفوظ ہے بلکہ آج سے کئی صدیاں پہلے آپ نے مختلف سربراہان کے نام جو دعوتی خطوط ارسال فرمائے تھے ان میں سے بھی کئی خط اپنی اصل حالت میں دریافت ہو چکے ہیں۔جن میں مکتوب گرامی بنام نجاشی، بنام ہرقل، بنام مقوقس، بنام منذر بن ساوی، بنام کسریٰ وغیرہ۔ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اپنی تحقیقات سیرت میں خطوط نبوی پر جامع تحقیقات پیش کی ہیں، اس موضوع پر ایک مستقل تصنیف ''خطوط نبویؐ کی چھ اصلیں'' تالیف فرمائیں۔ ڈاکٹر صاحب نے خطوط نبویؐ کی اصلیت پر مستشرقین خصوصاً ڈنلاپ، موسیورے نو، ڈاکٹر بیکر، کتانی، موسیو وائٹ، نولڈیکے، فشر وغیرہ کے اعتراضات کے مسکت جواب دیئے ہیں اور ان دریافت شدہ مکاتیب نبوی کو اصل قرار دیا ہے۔

ذیل میں مستشرقین کے اعتراضات اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے جوابات پیش خدمت ہیں۔

ڈنلاپ کے اعتراضات

ڈنلاپ ایک مستشرق ہے۔وہ سکاٹ لینڈ کا رہنے والا تھا۔انہوں نے ایک مکتوب بنام نجاشی کو دمشق کے ایک خانگی فرد سے حاصل کیا۔ جسے اس فرد نے دمشق میں ۱۹۳۸ء میں حبشہ کے ایک پادری سے خریدا تھا۔اس نامہ مبارک کی روشنائی کھجور کے رنگ کی طرح سرخ تھی۔ڈنلاپ نے اس خط کو انگلستان میں برٹش میوزیم کے مسٹر بل (Bell) اور مسٹر فلٹن (Filtton) کو دکھایا، اس کے علاوہ مشہور مستشرق پروفیسر مارگولیتھ (Margoliouth) اور گلاسگو کے مسٹر رابسن (Robson) نے بھی دیکھا اور جانچا۔اس خط کو واپس دمشق میں اصل شخص کو پہنچا دیا گیا تھا۔ڈاکٹر محمد حمید اللہ کو اس خط کی کاپی بھجوائی گئی تھی کیونکہ انہوں نے ڈنلاپ کو بذریعہ مارگولیتھ ایک خط لکھا تھا جس کے جواب میں یہ عکس انہیں حیدرآباد بھیجا گیا تھا۔مسٹر ڈنلاپ نے اس خط کے جعلی ہونے کی رائے دی۔ سات دلیلیں لندن کے

رسالہ۔ جے۔ آر۔ ای۔ ایس میں شائع کرائیں۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے ان دلیلوں کے جوابات بھی اسی رسالے میں شائع کرائے اور انہیں اپنی مشہور زمانہ کتاب ''رسول اکرم ﷺ کی سیاسی زندگی'' میں بھی شائع کرایا۔

ڈنلاپ کے دلائل

① پیغمبر اسلام نے خطوط بھیجے ہی نہیں کیونکہ آپ اپنے کو عالمگیر نبی نہیں سمجھتے تھے بلکہ صرف عرب کی اصلاح چاہتے تھے۔ اصل میں بعد کے زمانے میں جب عیسائی مسلمان ہوئے اور انہوں نے بتایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے تمام دُنیا میں اپنے حواری تبلیغ کے لیے بھیجے تھے تو مسلمانوں نے بھی اپنے نبی کی عزت کسی سے گھٹی ہوئی نظر نہ آنے کے لیے یہ قصہ گھڑ لیا۔

② مقوقس (شاہ مصر) اور منذر ابن ساوی (حاکم بحرین) کے نام جو اصل مکتوبات نبوی ﷺ دستیاب ہوئے تھے، ان کے متعلق نولڈیکے (Noldeke) اور شوالی (Schwalli) نے جعلی ہونے کی رائے دی تھی۔

③ برٹش میوزیم کے ماہرین نے موجودہ جھلی کو جعلی قرار دیا۔

④ سیرۃ ابن ہشام میں جہاں مکتوبات نبویہ کے بھیجے جانے کا ذکر ہے وہاں شروع میں ابن اسحٰق کا نام نہیں ہے۔ (گویا یہ روایت ابن ہشام کی یا ان کے زمانے کی پیداوار ہے)

⑤ قرآن مجید کے جو پرانے نسخے ملتے ہیں ان کے خط سے اس مکتوب کا خط کافی مختلف ہے۔

⑥ آج کل بہت سی چیزیں پرانی کہہ کر بیچی جا رہی ہیں مگر وہ جعلی چیزیں ہیں۔

⑦ اس خط کا متن جو عربی تاریخوں میں ہے اس میں اور جھلی کی عبارت میں خاصا فرق ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے جوابات

① یہ ایک بے تکا اعتراض ہے۔

﴿وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ﴾ ۔﴿ مَا اَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَآفَّةً لِلنَّاسِ﴾

﴿هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بَالْهُدیٰ وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ﴾ وغیرہ قرآن مجید کی متعدد آیات بتاتی ہیں کہ رسول عربی ﷺ عالمگیر نبی تھے۔ یہ اور بات ہے کہ انسان ہونے کی وجہ سے اس عالم اسباب میں آپ نے اپنی تبلیغی زندگی صرف حجاز میں گزاری۔

② ایسے اعتراضات ناواقف اور جاہل لوگوں کے ہیں اگر کچھ خطوط جعلی ہوں تو کیا یہ ضروری ہے کہ موجودہ خط بھی جعلی ہی ہو۔ (۸)

③ برٹش میوزیم کے دو ماہرین نے صرف اتنا کہا کہ جھلی اتنی پرانی نہیں معلوم ہوتی کہ عہد نبوی ﷺ کی ہو۔ اس قسم کے تخمینی معاملات میں ''ماہرین'' میں جتنا کثیر اور مضحکہ خیز اختلاف ہوتا ہے وہ علم آثار قدیم سے ادنی مس (تعلق) رکھنے والے بھی جانتے ہیں۔ ہم نے اصلی جھلی کو دیکھنے کا موقع نہیں پایا۔ ممکن ہے بعض دوسرے ماہر دیکھیں تو اس جھلی اور اس کی تحریر کو اتنا ہی قدیم قرار دیں۔ جتنا اس کی عبارت سے ظاہر ہوتا ہے راقم کے نزدیک مستشرقین تو مسلمانوں کی ہر چیز کو تعصب کی عینک سے دیکھتے ہیں۔

④ عبارت کے شروع میں ''قال ابن اسحٰق'' نہ کہنے سے کچھ ثابت نہیں ہوتا کیونکہ ایک تو دوران عبارت میں کئی جگہ ابن اسحٰق کا ذکر ہے اور دوسرے ابن ہشام نے آخر میں بیان کیا ہے کہ فلاں فلاں مکتوبات کا ذکر خاص میرا ہے جس کے معنی صاف یہ ہیں کہ باقی خطوط کا ذکر ابن اسحٰق ہی کے حوالے سے ہے۔

⑤ اول تو قرآن مجید کا خط خاص آرائش سے لکھا جانا چاہیے اور معمولی سرکاری مراسلے الگ دفتری خط میں دوسرے مقابلہ تو ایسی تحریروں سے ہو جو مسلم طور سے عہد نبوی یا اس کے قریبی زمانے کی ہوں نہ کہ کئی صدی بعد کی تحریروں سے۔

⑥ یہ بچگانہ اعتراف ہے۔ بازار میں تاجر بھاؤ بڑھانے کی کوئی چیز پرانی بتائے تو ہمیشہ اور سو فیصد صورتوں میں اس کا جھوٹ کہنا کیا ضروری ہے ہم کو اپنی ذاتی رائے قائم کرنی چاہیے نہ کہ دودھ سے جل چکے ہوں تو چاچھ بھی پھونک پھونک کر ہی پیئیں۔

⑦ یہ دلیل توجہ کی مستحق ہے میری رائے یہ ہے کہ تمام اسلامی مؤرخ متفق ہیں کہ یہ خط ۶/ھ میں بھیجا گیا۔

مگراس کے بعض جملے مثلاً میں تیرے پاس اپنے چچازاد بھائی جعفر کو بھیج رہا ہوں جس کے ہمراہ چند مسلمان بھی ہیں جب وہ تیرے پاس آئے تو ان کی مہمان داری کر.......... ایسے ہیں جن سے اس گمان کی تائید ہوتی ہے کہ یہ خط آنحضرت ﷺ نے اپنے چچازاد بھائی کو ان کے ہجرت کر کے حبش جاتے وقت بغرض تعارف (تقریباً ۵ر نبوی) میں دیا ہوگا۔ بنابراں جو متن ہمارے سامنے ہے وہ اصل میں دو الگ الگ خطوں کی عبارتوں کا مرکب ہوگا۔ مکتوب ثانی بے شک ۶ رھ میں بھیجا جاسکتا ہے تاکہ نجاشی کو اسلام لانے کی دعوت کی تبلیغ کرے، رہا وہ خط جس میں مہاجرین کے پہنچنے پر ان کی مہمان داری کرنے کی خواہش کی گئی ہے۔ ۶ رھ کے اواخر میں کسی طرح نہیں لکھا جاسکتا کیونکہ مہاجرین کو حبشہ پہنچ کر تب کوئی چودہ سال گذر چکے تھے اور اس وقت تو وہ وہاں سے مدینہ واپسی کی تیاری کر رہے تھے۔ (۹)

رہا تاریخوں میں درج متن سے اختلاف اس کی وجہ سب جانتے ہیں اور مانتے ہیں کہ روایت باللفظ کی طرح روایت بالمعنی کا عربوں میں رواج رہا اور جتنا بھی اختلاف تاریخوں کے متن اور جھلی کے متن میں ملتا ہے۔ وہ صرف ایک ہی مفہوم کو دوسرے مترادف الفاظ میں ظاہر کرنے پر مشتمل ہے اور بس خود مسٹر ڈنلاپ نے تسلیم کیا ہے اگر ابن الاثیر نے اپنی تاریخ میں ایک جگہ جو نامکمل اقتباس دیا ہے اس کی جگہ پورا متن دیا ہوتا تو جھلی کی عبارت سے سو فیصد متفق ہوتا۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی مزید وضاحتیں

موجودہ خط کی مہر سابق میں دستیاب شدہ مکتوبات پر کی مہر کے بالکل مطابق ہے۔ اس کی اہمیت پر جتنا بھی زور دیا جائے کم ہے۔ چونکہ سابقہ مکتوب اور موجودہ مکتوب کی تحریر مختلف ہے اس لیے اس کا بھی اب امکان نہ رہا کہ دونوں کو ایک ہی شخص کا جعل قرار دیا جائے ان دونوں کی دستیابی کے مقامات بھی ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

جھلی کی عبارت کا رسم الخط خاص اہمیت رکھتا ہے چنانچہ ''فاقبلو'' کی جگہ بغیر الف کے ''فاقبلو'' لکھا گیا ہے نیز ''اتبع'' کی جگہ (ت) کے دو شوشے ''تتبع'' ہیں اگر مسٹر ڈنلاپ کی رائے کے مطابق اسے صرف ۷۰ یا ۸۰ سال کی جعلی تحریر سمجھیں تو ان خصوصیات کی توجیہ ناممکن ہے اس طرح کے لکھنے کا رواج عہد نبوی ﷺ میں رہا ہونا قرآن مجید سے ثابت ہے اور حالیہ زمانے میں کوئی اسے لکھے تو یہ غلطی سمجھا جاتا ہے۔

خط میں نقطے اوراعراب بالکل نہیں ہیں حالانکہ نقطوں وغیرہ کا رواج پہلی صدی ہجری ہی سے شروع ہو گیا تھا۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ جعلی نقطوں اوراعراب کی ایجاد سے قبل کی ہے۔ الفاظ کے ٹکڑے کر کے آدھا لفظ ایک سطر میں اور باقی دوسری سطر میں لکھنا مثلاً رسول، الیہ/ک وغیرہ میں صرف قدیم زمانے میں رائج تھا اور آج کل اس کا رواج نہیں ہے۔ مقوقس اور منذر بن ساوی کے اصل مکتوبات نبوی ﷺ میں بھی یہی چیز ملتی ہے۔ خط جس جگہ سے اور جن حالات میں دستیاب ہوا ہے وہ بھی ہر طرح شبے سے پاک ہے اس کو وہیں ہونا بھی چاہیے تھا حبشی اطالوی جنگ میں مفلس مفروروں کا اسے لا کر کسی کے ہاتھوں میں بیچ دینا ہر طرح معقول سمجھا جا سکتا ہے۔(۱۰)

موسیو رےنو، کے اعتراضات

مشہور فرانسیسی مستشرق موسیو رےنو نے پیرس کے سہ ماہی رسالے ژورنال آزیاتیک '' ۱۹۵۴ء ج ۴ میں ایک خط شائع کرایا جو اس کے نام قاہرہ سے موسیو بےلین (Belin) نے ۱۰/ مارچ ۱۸۵۲ء میں لکھا تھا۔ یہ خط تقریباً بیس صفحوں پر مشتمل ہے۔ اس کے ضروری اقتباسات ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے اپنی کتاب ''رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی'' کے صفحات ۱۳۵ تا ۱۳۸ درج کیے ہیں۔ اس خط کا تذکرہ جرجی زیدان کے رسالہ الہلال (مصر) نے نومبر ۱۹۰۴ء کے پرچے کے صفحہ ۱۰۴ پر کیا مگر یہ لکھا کہ:

> ''اس دریافت کا علمی کتابوں میں مطلق کوئی ذکر نہیں۔ حالانکہ مستشرقین اس کو بڑی اہمیت دیتے ہیں۔''

لیکن آکسفورڈ کے پروفیسر مارگولیتھ (Mergoliouth) نے جب ان کی توجہ دلائی کہ اس خط کو شائع کیا جا چکا ہے تو مجبوراً انہوں نے الہلال کے دسمبر والے شمارے میں اس بات کو تسلیم کر لیا۔

اس خط میں جو بڑا اعتراض ہے وہ یہی ہے کہ اس خط کی تحریر اتنی قدیم نہیں معلوم ہوتی بلکہ کافی عرصہ بعد کی ہے۔ اس بات کا تذکرہ انسائیکلو پیڈیا آف اسلام (لفظ مقوقس) سے بھی معلوم ہوتا ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا جواب

اگر چہ راقم ڈاکٹر صاحب کا جواب اوپر نقل کر چکا ہے تاہم بقول ڈاکٹر محمد حمید اللہ موسیو بے لین (Belin) نے اس خط کی تحریر پر کوئی رائے زنی نہیں کی۔ لہذا اعتراض کی وقعت ختم ہو جاتی ہے۔

ڈاکٹر بیکرز (Beckers) کا تبصرہ

ڈاکٹر بیکرز جرمنی کے رہنے والے ہیں وہ وزیر تعلیم بھی رہ چکے تھے انہوں نے اپنی کتاب میں اس مکتوب نبوی ﷺ کو جعلی قرار دیا ہے ان کے الفاظ یہ ہیں۔

''غالباً وہ حدیث کی کسی یادداشت (یا کتاب) کا ورق ہوگا۔''

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا جواب

موصوف نے اس خط کے شائع شدہ فوٹو کو دیکھنے کی بھی زحمت گوارہ نہیں کی۔ میں نہیں سمجھتا کہ حدیث کی کتابوں یا بیاضوں میں جہاں یہ خط نقل ہو سکتا ہے، نقل نویس خط کے آخر مہر کی بھی ہو بہو نقل اتارنے کی کوشش کرے گا۔ مہر کی جگہ یا تو توضیح ہوگی کہ مہر میں فلاں الفاظ تھے یا زیادہ سے زیادہ ایک سادہ دائرہ بنا کر مہر کے الفاظ کی نقل اس میں لکھی جائے گی۔ اس کے برخلاف شائع شدہ خط کے متعلق بیانات سے اور خود ہر دو فوٹوؤں سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں مہر کی کچھ اس طرح کی ہے کہ اسے صرف نقل نویس یا کاتب کے قلم سے بنی ہوئی قرار نہیں دیا جا سکتا۔ (۱۱)

کتانی (Cattani) کے اعتراضات

کتانی نے اپنی کتاب Annali dell Islam میں یہ اعتراضات کیے ہیں:

① اسلامی تاریخی بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ مقوقس نے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں دو عیسائی لونڈیاں بھیجیں۔ مقوقس اسکندریہ کا بطریک (پادری) تھا اور یہ بات قرین قیاس نہیں کہ ساتویں صدی عیسوی کا کوئی پادری عرب کے کسی ''بے دین'' کو دو عیسائی لونڈیاں تحفہ دے۔

② مقوقس کا نام بعد کے اسلامی مورخ کچھ اور بیان کرتے ہیں اور عہدِ نبوی ﷺ کے مقوقس کا نام حقیقت میں کچھ اور تھا۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے جوابات

① اس وقت اسکندریہ کے بطریک کو اسلام اور پیغمبر اسلام کے متعلق اس سے زیادہ کچھ بھی معلوم نہ تھا جتنا اسے مکتوب نبوی ﷺ میں لکھا ہوا ملا یا جو اسے مسلمان سفیر نے بیان کیا۔

مقوقس مانوفزائٹ (Monophysite) فرقے کا عیسائی تھا اور باور کرتا تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں دو نہیں صرف ایک طبیعت تھی۔ ان حالات میں وحدانیت کی تعلیم دینے والے عربی نبی کو اگر مقوقس ایک نئے فرقے کا ہی بانی خیال کرتا تو کوئی تعجب کی بات نہیں!

رہا ماریہ اور شیریں کا معاملہ تو اس کا منشاء سوائے اس کے کچھ نہ ہوگا کہ نبی عربی کو فرقہ طبیعت واحدہ کا راسخ العقیدہ عیسائی بنا لینے میں ان لونڈیوں سے کام لے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ مزید لکھتے ہیں کہ:

> ''عیسائی عورتوں کا غیر عیسائیوں میں سیاسی اغراض اور تبلیغ عیسائیت کے لیے بھیجا جانا نہ صرف ایک عام روزمرہ کا واقعہ ہے بلکہ نہایت قدیم بھی۔ صلیبی لڑائیوں کے دوران یہ ایک مقدس اور ثواب کا کام سمجھا جاتا تھا پوپوں نے یہ حکم دے رکھا تھا کہ یورپ کی خوبصورت عورتیں مسلمان مجاہدوں کو اپنے پر فریفتہ کرنے کی کوشش کریں۔''یوں عیسائیت کی خدمت کریں۔'' (۱۲)

دوسرا اعتراض کوئی وقعت نہیں رکھتا۔ یہ صحیح ہے کہ عہد نبوی ﷺ کے مقوقس کا نام بنیامن تھا۔ بنیامن کو خسرو پرویز نے فتح مصر کے بعد اسکندریہ کا پادری بنایا تھا اور یہ قبطی شخص تھا دس سال بعد جب قیصر روم نے ایرانیوں کو مصر سے نکالا تو قبطی صدر بھی ڈر کے مارے بھاگ گیا اس وقت قیروس نامی سپہ سالار گورنر تھا اگر مسلمان مؤرخ ان ناموں میں غلطی کریں یا خلط ملط کریں یا ایک زمانے کے پادری کو دوسرے پادری کے زمانے میں بیان کریں اس سے ان بیانات کو تو غلط قرار دیا جا سکتا ہے مگر مکتوب نبوی ﷺ کو اس بنا پر جعلی قرار دینا کسی اور دلیل کا محتاج ہے۔ (۱۳)

موسیو وائٹ(Wiet) کے اعتراضات

موسیو وائٹ یہودی النسل مستشرق ہیں۔ پیرس کے مدرسہ السنہ مشرقیہ میں عربی کے مدرس تھے۔ ان کے دو اعتراضات ہیں۔

① مکتوب نبوی بنام مقوقس کی عبارت مکتوب الیہ کے نام کو چھوڑ کر لفظ بہ لفظ وہی ہے جو مکتوبات نبوی بنام نجاشی و قیصر روم کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تینوں خط فرضی ہیں۔

② مقوقس کا یہ خط سلمان عبدالمجید خاں اول کے ہاتھ فروخت کر دیا گیا اور وہ استنبول میں آ ثار نبویہ کے ساتھ رکھا گیا لیکن مصر میں آج بھی ایک صاحب کے ہاں کہتے ہیں کہ یہ خط موجود ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے جوابات

① پہلے اعتراض کے متعلق کسی حیرت کی ضرورت نہیں یہ تینوں خط عرب مورخوں کے بیان کے مطابق ایک ہی دن لکھے گئے تھے۔ تینوں کا مقصد بھی ایک ہی تھا۔ اور تینوں عیسائی حکمرانوں کے نام تھے۔ کوئی تعجب نہیں جو کاتب بھی ایک ہی رہا ہو ان حالات میں یہ بالکل معمولی بات ہے کہ تینوں کی عبارت ایک ہی ہو

② دوسرا اعتراض محض سنی سنائی بات پر مبنی ہے انہیں وہ خط دیکھنے کا موقع نہیں ملا۔ میں نے بھی بہت کوشش کی۔ موقع نہ ملا ورنہ میری تلاش شاید اس اعتراض کے متعلق کوئی تفصیلی معلومات فراہم کرتی۔

نولڈیکے(Noldeke) کے اعتراضات

① اس زمانے میں دستاویز لکھنے کا خط غالباً اتنا زیادہ کوئی نہ ہوگا۔

② اس زمانے میں لوگ دستخط کے لیے سیاہی سے مہر نہیں کرتے تھے۔ بلکہ ''طین خاتم''یعنی ایک طرح کی چکنی مٹی چمٹنے والی پر مہر دباتے تھے۔

③ اس قسم کی تحریروں میں کاتب کا نام ہونا چاہیے بلکہ خط لے جانے والے سفیر کا نام بھی ہونا چاہیے۔(۱۴)

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے جوابات

① اس مکتوب نبوی کا صحیح فوٹو تو نہیں ملا اور نہ ہی عہد نبوی کی کوئی اور مسلمہ تحریر ہمارے پاس ہے کہ اس سے طرز تحریر کا مقابلہ کیا جا سکے یہ ایسا جواب ہے جس پر وقت ضائع کرنے کی ضرورت نہیں۔

② نولڈیکے نے ایک تو اپنے دعوی کے ثبوت میں کوئی حوالہ نہیں دیا ''طین خاتم'' کا ذکر عربی ادبیات میں ملتا ہے لیکن یہ مٹی خط کے اوپر لپٹے ہوئے کاغذ یعنی لفافے پر لگائی جاتی تھی جس طرح آج کل لاک لگائی جاتی ہے۔

جامعہ عثمانیہ کے پروفیسر مولانا سید ابراہیم کے ریمارک بھی قابل ذکر ہیں ''مٹی پر مہر لفافے کے اوپر لگائی جانی چاہیے کہ لفافہ کوئی کھول نہ لے اصل خط پر تحریر کے آخر میں جو مہر کی جاتی ہے اس کا سیاہی سے ہونا ہی زیادہ قرین قیاس ہے۔

③ ابن عبدالبر (استیعاب) کا بیان قابل غور ہے وہ لکھتے ہیں کہ عہد نبوی میں ابتداً خط کے آخر میں کاتب کا نام نہیں ہوتا تھا۔

خط بنام المنذر بن ساوی اور فشر (Fiesicher) کے اعتراضات

فشر کے نزدیک یہ خط جعلی ہے کیونکہ:

① المنذر بن ساوی کے نام آنحضرت ﷺ کے خط بھیجنے کا ذکر تو ملتا ہے لیکن خط کی عبارت کہیں نہیں ملتی۔

② پیش نظر فوٹو میں مرسل اور مرسل الیہ کا نام تو صاف ملتا ہے لیکن اس سے آگے جعلساز نے عربی نما شکلیں بنا دیں ہیں۔

③ ان بے معنی شکلوں میں کہیں کہیں عربی الفاظ پڑھے جاتے ہیں لیکن ان میں املاء کی ایسی غلطیاں ہیں کہ کسی عرب کاتب کی جانب منسوب نہیں کی جاسکتیں۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کے جوابات

① پہلا اعتراض محض لاعلمی کا نتیجہ ہے منذر کے نام ایک نہیں بلکہ نصف درجن سے بھی زائد خط لکھے گئے کیونکہ منذر مسلمان ہو چکے تھے اور ایک اہم صوبے کے گورنری کے اختیارات ان کو سپرد کیے گئے تھے۔ اس گورنر کو لکھے گئے خط میں صرف ایک جگہ خفیف سا فرق ہے جب کہ معنوں میں کوئی فرق نہیں یہ کاتب کے ذہن کا سہو ہو سکتا ہے۔

② فشر خود یہ خط نہ پڑھ سکا اس لیے اسے ناقابل فہم قرار دے دیا۔

③ تیسرا اعتراض بے معنی ہے چودہ سو سال پہلے لکھے ہوئے خط میں اگر کہیں سے سیاہی اڑ گئی ہے یا اس کے دھبے پھیل گئے ہیں یا ٹریس لینے والے سے شکلیں بگڑ گئی ہیں تو عہد نبوی ﷺ کے کاتب کا کیا قصور؟

مزید یہ کہ فشر کے مطابق اس مکتوب کو ۱۸۶۲ء میں دمشق سے ایک اطالوی نے اڑایا تھا مگر ۱۹۱۷ء میں خواجہ کمال الدین نے دمشق میں یہ خط اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا نیز اس طرح کا خط سلطان صلاح الدین کے رشتہ داروں کے ہاں موجود تھا۔

مکتوب مقوقس اور مکتوب منذر دونوں کی مہر باوجود نقل کرنے والوں کے فرق کے یکساں ہے جو کافی اہم شہادت ہے۔ (۱۵)

مستشرقین کا وحی کے بارے میں اعتراض

مستشرقین نے وحی کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی ہے بعض اسے مرگی کی بیماری کے مشابہ قرار دیتے ہیں مثلاً مشہور جرمن مستشرق اسپرنگر کہتا ہے کہ ''یہ ایک بیماری ہے۔'' نزول وحی کے متعلق عربی کتابوں میں جو روایات اور بیانات ہیں کہ جب وحی آتی تو رسول اللہ کا چہرہ سرخ ہو جاتا، آپ پسینے پسینے ہو جاتے اور سکتے کا عالم طاری ہو جاتا تو اسپرنگر کہتا ہے کہ یہ علامات مرگی کی بیماری کی ہیں۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اس پر اپنا اظہار خیال کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ:

''اسپرنگر نے وحی کے بارے میں اور وحی کی کیفیت سے متعلق ساری معلومات جمع نہیں کیں،
بلکہ صرف چند چیزیں لیں اور ان کی اساس پر کہا کہ یہ فلاں بیماری کی علامات ہیں۔''

میرے خیال میں یہ صحیح علمی اور دیانت دارانہ طریقہ نہیں ہوسکتا چنانچہ میں نے وہ حدیثیں جمع کی ہیں جن میں وحی کے نزول کے وقت کا مشاہدہ مختلف صحابیوں سے مروی ہے۔ ایسی حدیثیں جو میں نے جمع کیں ان میں ایک بات غیر معمولی ہے جس کی طرف اسپرنگر نے اشارہ تک نہیں کیا چہ جائیکہ اس کی توجیہ یا اس سے استدلال کی کوشش کرتا وہ یہ ہے کہ جب وحی نازل ہوتی تو وہ تمام صحابہ جن کو اس کا مشاہدہ ہوا تھا کہتے ہیں کہ اس وقت رسول اللہ ﷺ اتنے بوجھل ہو جاتے کہ اس بوجھ کا تحمل تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اگر آپ کسی اونٹنی پر سوار ہوتے اور اس وقت وحی نازل ہونے لگتی تو اونٹنی آپ کے بوجھ کو برداشت نہ کرسکتی اور مجبور ہو جاتی کہ بیٹھ جائے۔ اگر وہ بیٹھنا نہ چاہتی یا بیٹھ نہ سکتی تو اس کے پاؤں سیدھے ہو جاتے اور اکڑنے لگتے۔ علی ہذا القیاس اسپرنگر نے کسی بات کی توضیح نہیں کی۔ دوسری طرف مرگی کا مرض (بیمار) تشنج کی حالت میں ہوتا ہے ہاتھ پاؤں مارتا ہے بے قرار ہوتا ہے اس کی زبان سے کچھ آوازیں نکلتی ہیں۔ لیکن وہ بالکل ناقابل فہم ہوتی ہیں۔ وہ کچھ کہتا ضرور ہے لیکن سمجھ کچھ نہیں آتا۔

ان حالات میں غور کریں تو کوئی ایسا واقعہ آپ ﷺ کی زندگی سے متعلق موجود نہیں ہے لہذا مرگی کا انتساب حضور ﷺ کی جانب درست نہیں بلکہ حضور ﷺ کی زبان مبارک سے جو آوازیں نکلتی وہ قابل فہم ہوتیں اور اکثر تو وہ آپ کے ذہن پر نقش ہوتیں اور آپ کو یاد ہوتیں۔ آپ صحابہؓ کو فوراً سنا دیتے۔ مغربی مؤرخوں نے ایک اور اعتراض اس سلسلے میں یہ کیا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ جب وحی نازل ہوتی تو رسول اللہ ﷺ لیٹ جاتے اور آپ ﷺ کے چہرے کو ڈھانپ دیا جاتا جیسا کہ پرانے کاہنوں کی عادت تھی (١٦) ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اس بارے میں مکمل تحقیق کی۔ تاریخ وسیرت کی کتابوں سے واقعہ درج کیا ہے کہ جب حضرت عائشہؓ پر بہتان طرازی کی جارہی تھی تو ان دنوں آپ ﷺ جب کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے گھر میں موجود تھے آپ ﷺ پر وحی نازل ہوئی تو ابوبکر صدیقؓ نے آپ ﷺ کے چہرہ اقدس پر کپڑا ڈال دیا۔

''مبادا کہ رسول اللہ ؐ کی حالت دیکھ کر ہم کہیں ہنس پڑیں اور ان پر بے ادبی سے نظر نہ پڑ جائے۔''

ایک اور واقعہ جو اس سے ملتا جلتا ہے کہ ایک صحابی آپ کو وحی کی کیفیت میں دیکھنے کی بڑی آرزو کرتے تھے حضرت عمرؓ نے خطبہ حجۃ الوداع کے موقعہ پر یہ موقع فراہم کر دیا۔اس وقت آپ پردے کی اوٹ میں تھے۔حضرت عمرؓ نے پردے کو ذرا کھینچ کر کہا کہ ''اندر دیکھ لو'' صحابی کہتے ہیں کہ جب میں نے دیکھا تو آپ ﷺ کا چہرہ مبارک سرخ تھا اور سانس قدرے زور سے آ رہی تھی، پھر پردہ کھینچ لیا گیا۔ہم بیٹھے رہے۔جب وحی کی کیفیت ختم ہو گئی تو آپ ہم میں موجود تھے ان دو واقعات کے علاوہ کسی روایت میں ایسی تفصیل نہیں ملتی جو کاہنوں کی حالت اور اس طرح کی چیزوں سے مشابہت رکھتی ہو۔(۱۷)

علم حدیث اور مستشرقین

مستشرقین کے جواب میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے علم حدیث میں ایک خاص انداز سے کام کیا ہے۔عام طور پر مستشرقین کا یہ نظریہ ہے کہ علم حدیث تاریخی اعتبار سے مستند نہیں ہے اس لیے کہ علم حدیث کے بیشتر متداول مجموعے تیسری صدی میں مرتب ہوئے اس وجہ سے مستشرقین نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ چونکہ تین چار سو سال بعد یہ چیزیں لکھی گئی ہیں لہذا سہو اور نسیان کا امکان ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ ان اولین شخصیتوں میں سے ہیں جنہوں نے اس موضوع کا علمی جواب دینے کا فیصلہ کیا اور پوری تحقیق سے یہ ثابت کیا کہ صحابہ کرام اور خود رسول اللہ ﷺ کے زمانہ مبارک میں حدیث کی تحریر و تسوید اور تدوین کا کام شروع ہو چکا تھا دور تابعین میں اس کام میں بڑی وسعت پیدا ہوئی۔حدیث کے جتنے بھی مجموعے ہیں وہ سند متصل رکھتے ہیں۔ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے ۱۹۴۳ء۔۱۹۴۲ء میں صحیح بخاری کے مآخذ پر کام شروع کیا اور ابتدائی طور پر انہوں نے پتہ چلایا کہ صحیح بخاری کے مآخذ میں ایک اہم مآخذ مصنف عبدالرزاق کا ہے اس کا جائزہ لیا گیا پھر انہوں نے بتایا کہ عبدالرزاق کا ذخیرہ پہلے جمع ہو چکا تھا تاہم شائع نہ ہو سکا جواب شائع ہو چکا ہے اور مصنف عبدالرزاق کے نام سے ہر جگہ ملتا ہے۔امام عبدالرزاق کے مآخذ میں معمر بن راشد کا نام آتا ہے۔ان کا ذخیرہ بھی اس وقت نہیں چھپا تھا لیکن اب چھپ چکا ہے اور ''جامع معمر'' کے نام سے ملتا ہے اس طرح ذخیرے کے توسط سے تابعین تک علم حدیث کی سند مل گئی۔

معمر بن راشد کے دوماً خذ تھے ایک عبداللہ بن عمرو بن العاص۔کون نہیں جانتا کہ ان کا صحیفہ صادقہ جس میں پانچ سواحادیث تھیں حضورﷺ کے زمانہ میں مرتب کرلیا گیا تھا۔دوسرا مجموعہ حضرت ابو ہریرہؓ کے تلامذۃ بالخصوص ہمام بن منبہ کا مرتب کردہ تھا اس طرح انہوں نے ثابت کر دیا کہ حضورﷺ کے زمانہ میں جو صحیفہ صادقہ تیار ہوا، اس سے فائدہ اٹھایا معمر بن راشد نے، ان سے یہ ذخیرہ منتقل ہوا عبدالرزاق کو اور جہاں سے یہ ذخیرہ امام بخاری کو منتقل ہوگیا۔اب کون مستشرق ہے جو کہ کہے کہ علم الحدیث کو دوسو سالوں بعد مرتب کیا گیا لہذا مقبول نہیں ہے داد دینی چاہیے۔ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کی تحقیق کی کہ ان کی محنتِ شاقہ رنگ لائی۔علم الحدیث کے موضوع کو اعتراضات سے محفوظ کرلیا گیا ہے۔یہ بنیادی کام ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کی کوششوں کا رہینِ منت ہے۔ (۱۸)

تاریخ مکہ اور مستشرقین

مکہ کی تاریخ، مذہبی حیثیت، سفارتی طریقہ کار اور فوج کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ گا ہے بگا ہے لامنس (Lammens) کا ذکر کرتے ہیں کیونکہ لامنس نے بھی مکہ پر آرٹیکل سپردِ قلم کیا ہے اس میں فوج کے حوالے سے لامنس (Lammens) نے دلچسپ دعوے پیش کیے جن میں مکہ والوں نے حبشی غلاموں اور تنخواہ یاب نوکروں کی ایک مستقل فوج قائم کرنے کا ذکر ہے۔

ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں:

> ''اس قابل مگر بدقسمتی سے بیحد متعصب اور غیر ہمدرد یسوعی (Jesuite) پادری کا منشاء اس پوری کاوش سے صرف یہ ثابت کرنا تھا کہ قریش ایک نہایت بزدل قوم تھی جو لڑائی سے جی چراتی تھی۔لیکن چونکہ اس کے تجارتی مفاوات بہت پھیلے ہوئے تھے اس لیے اپنے معاملات کی حفاظت کے لیے انہیں قوت کی ضرورت تھی۔مزید براں انہوں نے غلاموں اور تنخواہ یاب لوگوں کی ایک فوج قائمہ مکے میں تیار کرلی تھی۔'' (۱۹)

خلاصہ کلام

ڈاکٹر محمد حمید اللہ بیسویں صدی کے عظیم مسلم اسکالر تھے جنہوں نے علم و تحقیق کی آخری حدود کو چھوا۔ انہوں نے قانون بین الممالک، قرآن مجید، حدیث نبوی اور سیرت کے حوالے سے عمدہ کام کیا۔ انہوں نے مستشرقین میں رہ کر ان کی تحریروں کو پڑھا اور ان کی علمی غلطیوں کی اصلاح کی۔ آپ نے کوئی جارحانہ طرز تحریر اختیار نہیں کیا بلکہ Mild طریقے سے مغربی مصنفین کو ہدف تنقید بنایا۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے سیرت کے حوالے سے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زندگی کو نکھار کر پیش کیا۔ اس مضمون میں یہ دعویٰ تو نہیں کیا جا سکتا کہ ڈاکٹر صاحب نے جہاں جہاں یورپین کی غلطیوں کی اصلاح کی ان کا احاطہ کر دیا گیا ہے لیکن نمونہ کے طور پر ڈاکٹر صاحب کے خیالات کی ترجمانی کی ضرور کوشش کی ہے۔ علم حدیث پر ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا کام بنیادی اہمیت کا حامل تھا۔ کسی مستشرق یا مستغرب نے حدیث پر مزید تنقید کا حوصلہ نہیں کیا۔

آخر میں ایک بات وثوق کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے اگرچہ علیحدہ مستشرقین پر کوئی مقالہ یا کتاب سپرد قلم نہیں کی لیکن آپ نے مستشرقین کے غبارے سے ہوا نکال دی۔ آپ نے ثابت کر دیا کہ رومی قانون کا اسلامی قانون پر کوئی اثر نہیں۔ قرآن مجید رسولِ عربی ﷺ پر نازل ہوا تھا نہ کہ بحیرہ نے اس کو املاء کرایا تھا۔ حضور ﷺ کے لکھے ہوئے خطوط اصل حالت میں موجود ہیں نقالی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ علم حدیث حضور ﷺ کے دور سے ہی تحریر ہونا شروع ہو گیا تھا نہ کہ دو سو سال بعد کی پیداوار ہے۔ اس طرح ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کی پوری زندگی دفاع اسلام کے لیے تحقیق و تحریر اور ترجمہ میں گزر گئی اور آپ نے تحریک استشراق کے بارے میں اپنا مؤقف واضح کر دیا۔ لیکن یہ سمجھنا بھی خام خیالی ہے کہ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کے جوابات کے بعد مستشرقین نے اپنا کام ترک کر دیا ہے۔ مستشرقین اپنی روایت اور ثقافت کے امین ہیں اس سلسلے میں وہ ایڑی چوٹی کا زور لگا کر اسلامی روایات کی بیخ کنی کی کوشش کرتے ہیں۔ مسلم سکالرز کو ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے منہج تحقیق میں اچھے انداز میں ان کے جوابات دیتے رہنا چاہیے۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ ماہنامہ ''معارف'' اعظم گڑھ، مئی ۱۹۸۳ء، ج ۱۳۱، شمارہ ۵، ص ۳۸۹۔۳۹۰۔

۲۔ امام ابوحنیفہ کی تدوین قانون اسلامی، اردو اکیڈمی سندھ، کراچی، ۱۹۸۷ء ص ۵۴۔

۳۔ ایضاً: ص ۳۹۔

۴۔ یہ مقالہ مستشرقین ہند کے اجلاس حیدر آباد ۱۹۴۱ء میں پڑھا گیا اس کا عنوان تھا ''رومی قانون کا اثر اسلامی قانون پر''

۵۔ رسول اکرم ﷺ کی سیاسی زندگی، دارالاشاعت مولوی مسافر خانہ، کراچی، ص ۱۳۔

6۔ Muhammad Rasulullah, Idara Islamiat, Lahore P.26

۷۔ ماہنامہ ''دعوۃ''، دعوۃ اکیڈمی، اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، مارچ ۲۰۰۳ء، ص ۷۸۔

۸۔ تفصیلی جواب مجلّہ عثمانیہ، ج ۹، شمارہ ۳۔۴ اور اسلامک کلچر ۱۹۳۹ء میں موجود ہے۔

۹۔ اس جواب کی تفصیل ایک فرانسیسی مقالہ میں درج ہے جو ۱۹۳۴ء میں شائع ہوا، اس کے علاوہ انجمن ترقی اردو کی شائع کردہ کتاب ''حبش اور اطالیہ'' کے باب عرب اور حبشہ میں موجود ہے۔

۱۰۔ رسول اکرم ﷺ کی سیاسی زندگی، ص ۱۲۳۔

۱۱۔ ایضاً: ص ۱۲۳۔

۱۲۔ ایضاً، ص ۱۴۱۔

۱۳۔ ایضاً، ص ۱۴۲۔

۱۴۔ یہ اعتراضات ان کی کتاب میں دیکھیں؟ Geschicte des Qorans, 2nd ed. P.109

۱۵۔ رسول اکرم ﷺ کی سیاسی زندگی، ۱۵۰۔

۱۶۔ خطباتِ بہاولپور، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور، ص ۱۴۵۔۱۴۶۔

۱۷۔ ایضاً، ص ۱۴۸۔

۱۸۔ ماہنامہ ''دعوۃ'' مارچ ۲۰۰۳، ص ۲۷،

۱۹۔ عہدِ نبویؐ میں نظام حکمرانی، ص ۶۸۔

کتاب المعتمد کی تحقیق وتدوین میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے منہج واسلوب کا جائزہ

* ڈاکٹر علی اصغر چشتی

امام ابوالحسین بصری (م ۴۳۶ھ) کی کتاب "المعتمد" اصولِ فقہ کے بنیادی مراجع اور مصادر میں شمار ہوتی ہے۔ فقہ اور اصولِ فقہ کے مجال میں جو بھی طالب علم بحث و تحقیق کرنا چاہتا ہے وہ اس کتاب سے مستغنی نہیں ہوسکتا۔ اس کتاب میں جتنی شرح وبسط کے ساتھ اصول ومباحث پر گفتگو کی گئی ہے وہ اس فن کی دیگر کتب میں نہیں ملتی۔

امام ابوالحسین کے بعد آنے والے اصولیین کی تالیفات کا مطالعہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اکثر مؤلفین نے کتاب المعتمد سے استفادہ کیا ہے۔ بلکہ یوں لگتا ہے کہ آپ کے منہج واسلوب کو بعد میں آنے والوں نے پوری طرح Follow کیا ہے۔

امام ابوالحسین بصری کا اپنا تعلق معتزلہ سے تھا۔ اس لحاظ سے ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ آپ محض معتزلہ کے ہاں مقبول ہوتے اور دوسرے مکاتبِ فکر کے علماء آپ کی مؤلفات کو درخورِ اعتناء نہ سمجھتے۔ لیکن ایسا نہیں ہے بلکہ آپ کو زیادہ پذیرائی دیگر مکاتبِ فکر کے ہاں حاصل رہی۔

اس ضمن میں احناف، شوافع، مالکیہ اور حنابلہ کے اساطین واعلام ایک ہی صف میں نظر آتے ہیں۔ امام سیف الدین الآمدی نے "الإحكام فی أصول الاحكام" میں نہ صرف یہ کہ آپ کے اسلوب کو اختیار کیا ہے بلکہ کئی مباحث میں اپنے مکتبِ فکر کے متقدمین سے اختلاف کرتے ہوئے امام ابوالحسین کے دلائل کو وزنی قرار دیا ہے۔ مثال کے طور پر حدیث مرسل کی حجیت کے بارے میں ائمہ شوافع کا مؤقف یہ ہے کہ مراسیل شروط کے ساتھ حجت ہیں۔ امام آمدی نے اس مؤقف سے اختلاف کیا ہے اور وہ سارے دلائل جو امام ابوالحسین بصری نے "المعتمد" میں پیش کیے ہیں۔ امام آمدی نے الاحکام میں ترتیب وار ذکر کیے ہیں۔

---

* ڈین، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

متقدمین کا طریقہ یہ رہا ہے کہ وہ اپنے اسلاف اور شیوخ کے مخطوطات اور مجموعات سے اپنے بیاضوں میں معلومات نقل کرتے تھے اور نام لیے بغیر ان معلومات کو اپنے تلامذہ تک منتقل کرتے تھے۔ اس طرح اسلاف کا علم اخلاف تک منتقل ہوتا تھا۔ امام ابوالحسین بصری کی معلومات بھی اسی طرح بعد میں آنے والے علماء تک منتقل ہوتی رہی ہیں۔

امام الحرمین اور امام غزالی کے ہاں بھی امام ابوالحسین کا رنگ پایا جاتا ہے۔ ان حضرات کا اسلوب یہ ہے کہ جب کسی موضوع پر بحث کرتے ہیں تو اس کے بارے میں پہلے نقلی اور پھر عقلی دلائل پیش کرتے ہیں۔ اور ہر ایک دلیل کی ہر پہلو سے وضاحت کرتے چلے جاتے ہیں۔ اس میں اپنی طرف سے فرضی سوال کرتے ہیں اور پھر اس کا جواب دیتے ہیں۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ مؤلف سائل بھی ہے اور مجیب بھی ہے۔ پڑھنے والا جب سوال پڑھتا ہے تو سوچتا ہے کہ اس کا جواب کیا ہوگا بعد میں جب جواب پڑھ لیتا ہے تو خوش ہو جاتا ہے کہ جواب بہت مسکت ہے۔ لیکن اس کے بعد جب ایک اور سوال اس کے سامنے آتا ہے تو وہ پھر پریشان ہو جاتا ہے۔ اس اسلوب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ قاری کو کسی قسم کی اکتاہٹ اور تھکاوٹ محسوس نہیں ہوتی۔ بلکہ اس کی دلچسپی اور رغبت میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔ وہ جب تک پوری کتاب کو پڑھ نہیں لیتا اس وقت تک اُسے ہاتھ سے نہیں رکھتا۔

امام ابوالحسین بصری اپنی اس کتاب کے بارے میں لکھتے ہیں:

'' ثم الذی دعانی الی تألیف هذا الکتاب فی أصول الفقه ، بعد شرحی '' کتاب العهد'' واستقصاء القول فیه ، أنی سلکت فی ''الشرح '' مسلك الکتاب فی ترتیب أبوابه ، وتکرار کثیر من مسائله، وشرح أبواب لا تلیق بأصول الفقه من دقیق الکلام ، نحو القول فی اقسام العلوم و حد الضروری منها و المکتسب ، وتولید النظر العلم و نفی تولیده النظر ، إلی غیر ذلك ، فطال الکتاب بذلك و بذکر الفاظ '' العهد '' علی وجهها ، وتأویل کثیر منها ، فاحببت أن أؤلف کتاباً مرتبة أبوابه غیر مکررة ، وأعدل فیه عن ذکر ما لا یلیق بأصول الفقه

من دقيق الكلام، إذ كان ذلك من علم آخر، لا يجوز خلطه بهذا العلم،
وإن يعلق به من وجه بعيد"۔ (۱)

اصولِ فقہ کے مجال میں اس کتاب کی تالیف وتدوین کے لیے میں اس وجہ سے آمادہ ہوا کہ اس سے پہلے میں نے "کتاب العہد" کی جو شرح مرتب کی اس میں ہر موضوع پر بڑی تفصیل کے ساتھ کلام کیا اس شرح میں ابواب کی ترتیب کا لحاظ میں نے اصل کتاب کے مطابق رکھا۔ اصل کتاب میں چونکہ بہت سے مسائل بار بار آتے ہیں۔ اس لیے شرح میں بھی وہ تکرار بحال رکھا گیا۔ کئی ابواب اس میں ایسے بھی آتے ہیں جن کا تعلق اصولِ فقہ کے بنیادی مباحث سے نہیں ہے مثلاً علوم کی اقسام اور اس سے متعلق ضمنی مسائل وغیرہ وغیرہ۔

ان غیر متعلقہ ابواب کی تشریح وتفصیل کرنے کی وجہ سے کتاب بہت ضخیم ہوگئی۔ کتاب کی ضخامت اور مباحث کی طوالت کو دیکھ کر مجھے ایک ایسی کتاب لکھنے کی ضرورت محسوس ہوئی جس کے ابواب میں تکرار نہ ہو۔ اور جس میں صرف ان مباحث پر گفتگو ہو جن کا تعلق براہِ راست "اصولِ فقہ" سے ہے۔ کتاب میں کسی ایسے مسئلہ کو زیر بحث نہ لایا جائے جس کا تعلق اصولِ فقہ کے علاوہ کسی اور فن سے ہو۔

امام ابوالحسین بصری نے کتاب المعتمد کی تدوین کے ضمن میں اپنا جو منہج مندرجہ بالا عبارت میں بتایا ہے اس منہج کو انہوں نے پوری کتاب میں نبھایا ہے۔ اس پوری کتاب میں آپ نے صرف ان مباحث پر معلومات پیش کی ہیں جو براہِ راست اصولِ فقہ سے متعلق ہیں اور ہر مبحث پر اتنا ٹھوس اور مستند مواد جمع کیا ہے کہ قاری اس کتاب کو پڑھ لینے کے بعد دیگر کتب سے مستغنی ہو جاتا ہے۔ اس کتاب میں جن اہم اور اساسی مباحث کو زیر بحث لایا گیا ہے وہ درج ذیل ہیں:

پہلے باب میں اصولِ فقہ کے ابواب کی ترتیب کے بعد کلام کی حقیقت اور تقسیم پر بحث کی گئی ہے۔ ص ۴۸ تک اس موضوع کے ہر ہر جانب کو بہت خوبصورتی کے ساتھ واضح کر دیا گیا ہے۔

دوسرے باب کا تعلق "اوامر" سے ہے۔ اس باب میں "امر" کی جزئیات اور تفصیلات بڑی عمدگی کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔ ص ۴۳ سے ص ۱۷۷ تک "امر" سے متعلق احکام پر بہت طویل گفتگو کی گئی ہے۔

تیسرے باب میں ''نواھی'' سے متعلق مباحث ذکر کیے گئے ہیں یہ باب ص ۱۸۱ سے شروع ہوتا ہے اور ص ۲۰۱ پر ختم ہوتا ہے۔

چوتھے باب میں ''عموم اور خصوص'' کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں اس باب میں تقسیم و تخصیص کے حوالہ سے جتنے بھی اہم جوانب ہو سکتے ہیں ان پر بہت عمدہ کلام کیا گیا ہے۔ اصولِ فقہ کے طلبہ اور اساتذہ کے لیے یہ ایک بہت قیمتی اور وقیع سرمایہ ہے۔ یہ باب ص ۲۰۱ سے شروع ہوتا ہے اور ص ۳۱۲ پر جا کر ختم ہوتا ہے۔

پانچواں باب ''مجمل اور مبین'' سے متعلق ہے اجمال و تفصیل اور تبیین کے ہر پہلو کو بہت واضح اسلوب میں پیش کیا گیا ہے۔ ص ۳۱۶ سے لے کر ص ۳۶۰ تک یہ بحث چلی ہے۔

چھٹے باب کا عنوان ''الکلام فی الأفعال'' ہے۔ اس باب کے تحت افعال سے متعلق بالکل اچھوتے اور انوکھے انداز میں نکات پیش کیے گئے ہیں۔ ص ۳۶۳ سے لے کر ص ۳۸۹ تک یہ بحث پھیلی ہوئی ہے۔

ساتویں باب کا عنوان ہے: ''الکلام فی الناسخ والمنسوخ'' اس باب میں نسخ کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم بیان کرنے کے بعد ناسخ و منسوخ اور نسخ کی حقیقت بتائی گئی ہے۔ نسخ کی شرائط اور نسخ شرائع پر گفتگو کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں نسخ تلاوۃ، نسخ الأخبار، نسخ الکتاب بالکتاب والسنۃ بالسنۃ، نسخ القرآن بالسنۃ اور نسخ کے دیگر احکام پر بہت مفید اور وقیع گفتگو کی گئی ہے۔

اس موضوع پر جتنا خوبصورت کلام اس باب کے تحت ملتا ہے اتنا کسی اور کتاب میں دستیاب نہیں۔ یہ باب ص ۳۹۳ سے شروع ہوتا ہے اور ص ۴۵۲ تک چلتا ہے۔

آٹھویں باب میں ''اجماع'' کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ اس مبحث کے تحت اجماع کے تقریباً ہر پہلو پر بہت گہرائی کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔ یہ باب ص ۴۵۷ سے شروع ہوتا ہے اور ص ۵۳۹ تک چلتا ہے۔

نویں باب کا عنوان ''الکلام فی الأخبار'' ہے۔ اس باب کے تحت امام ابوالحسین بصری نے اخبار و روایات سے متعلق احکام پر بحث کی ہے۔ عام طور سے معتزلہ کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ حضرات حدیث و سنت کی حجیت کے قائل نہیں اور اخبار و روایات کو یہ لوگ وزن نہیں دیتے۔ لیکن اس باب کا مطالعہ کرنے کے بعد

قاری بہت سہولت کے ساتھ اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ معتزلہ کا جو موقف عام طور سے بتایا جاتا ہے وہ صحیح نہیں۔ یہاں امام ابوالحسین بصری نے اخبار و روایات پر اسی انداز سے گفتگو کی ہے جس طرح اہل سنت والجماعت کے دیگر فقہاء نے کی ہے۔ یہ باب اس پہلو سے بہت مفید اور وقعت کا حامل ہے۔ اس باب کا آغاز ص ۵۴۱ سے ہوتا ہے اور ص ۶۷۴ پر اس کا اختتام ہوتا ہے۔

دسواں باب ''قیاس ادر اجتہاد'' سے متعلق ہے۔ قیاس اور اجتہاد کے بارے میں جتنے بھی سوال و جواب ہو سکتے ہیں۔ وہ سارے سوال و جواب مؤلف نے اس باب کے تحت ذکر کیے ہیں۔ یہ بہت تفصیلی مبحث ہے۔ ص ۶۹۰ سے شروع ہوتا ہے اور ص ۸۶۵ پر اس کی انتہاء ہوتی ہے۔

گیارہویں باب کا عنوان ''الکلام فی الحظر والاباحۃ'' ہے۔ یہ بڑی منفرد قسم کی بحث ہے۔ جو مؤلف نے بہت عمدہ اور شستہ انداز میں پیش کی ہے۔ خط اور اباحۃ سے متعلق جتنے بھی جوانب ہو سکتے ہیں۔ امام ابو الحسین بصری نے بہت کھول کر ان کی وضاحت کی ہے۔ یہ باب ص ۸۶۸ سے شروع ہوتا ہے اور ص ۹۲۶ تک پھیلا ہوا ہے۔

بارہویں باب کا عنوان ہے: ''الکلام فی المفتی و المستفتی'' اس باب کے تحت مؤلف نے اجتہاد اور تقلید کے حوالہ سے بڑی عمدہ بحث کی ہے۔ شروع میں فتویٰ، استفتاء اور شرائط استفتاء کے بارے میں بھی بتایا گیا ہے۔ یہ اس کتاب کا آخری باب ہے۔ اس کے بعد ''کتاب زیادات المعتمد'' کے ذیل میں ۲۳ مباحث ذکر کیے گئے ہیں اور کتاب القیاس الشرعی کے تحت پانچ فصول بیان کی گئی ہیں۔ یہ زیادات صرف اس نسخہ میں پائے جاتے ہیں جو مکتبہ لالہ لی، استانبول میں رکھا ہوا ہے۔ زیادات کے عناوین سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ مباحث کتاب المعتمد کے اصل متن سے براہِ راست متعلق ہیں۔ ممکن ہے مؤلف نے ان معلومات کو بعد میں جمع کیا ہو یا کتاب المعتمد کے متن کی تلخیص کی ہو۔ کیونکہ زیادہ تر فصول و ابحاث میں ''المعتمد'' کے ابواب کا تکرار ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے کتاب المعتمد کو تحقیق و تعلیق کے لیے کیوں منتخب کیا۔ بنیادی طور پر اس کے چار اسباب ہو سکتے ہیں:

① ڈاکٹر صاحب کا اپنا فطری میلان ابتدائی دور میں قانون کی طرف تھا۔ آپ نے جہاں قانون کے جدید نظریات اور جہات کا مطالعہ کیا وہاں شریعت اسلامیہ کے مصادر سے بھی بہت رسوخ اور وثوق کے ساتھ استفادہ کیا۔ اپنی قدرتی مناسبت اور میلان کی وجہ سے آپ نے کتاب المعتمد کو تحقیق و تعلیق کے لیے منتخب کیا۔

② کتاب المعتمد اصولِ فقہ کے مجال میں بنیادی اور اساسی مصدر کی حیثیت رکھتی ہے۔ فقہ اور اصولِ فقہ کے طلبہ اور اساتذہ اس کتاب سے مستغنی نہیں رہ سکتے۔ اس کتاب کے حوالے دیگر مصادر و مراجع میں کثرت سے ملتے ہیں لیکن خود کتاب تک رسائی اس وجہ سے دشوار تھی کہ کتاب غیر مطبوعہ تھی۔ ڈاکٹر صاحب نے فقہ اور اصولِ فقہ کے طلبہ اور اساتذہ کی اس دشواری کو محسوس کیا اور کتاب کو ایڈٹ کر کے چھپوا دیا۔

③ امام ابوالحسین بصری کا تعلق معتزلہ سے ہے معتزلہ کے بارے میں مشہور ہے کہ یہ حضرات حدیث و سنت کی حجیت کے قائل نہیں۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب نے ''المعتمد'' کو منظرِ عام پر لا کر معتزلہ کے بارے میں اس الزام کا ازالہ کیا ہے۔ امام ابوالحسین بصری نے بڑی تفصیل کے ساتھ ''الکلام فی الأخبار'' کے تحت اخبار و روایات سے متعلق احکام پر بحث کی ہے۔

اس موضوع پر آپ کے کلام سے اندازہ ہوتا ہے کہ معتزلہ کا مؤقف اخبار و روایات کے ضمن میں وہی ہے جو اہل سنت والجماعت کے دیگر فقہاء کا ہے یوں معلوم ہوتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے کتاب المعتمد پر تحقیق و تعلیق کا کام کرتے ہوئے اس پہلو کو بطورِ خاص مدِ نظر رکھا ہے۔

④ کتاب المعتمد کو منظرِ عام پر لا کر ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب یہ بتانا چاہتے ہیں کہ متقدمین فقہاء مسلک و مشرب کو بالائے طاق رکھ کر ایک دوسرے سے استفادہ کرتے تھے۔ یہ حضرات جہاں ایک دوسرے سے براہِ راست استفادہ کرتے تھے وہاں ایک دوسرے کی کتب اور مخطوطات سے بھی مستفید ہوتے تھے۔ امام ابوالحسین بصری نے جہاں اپنی کتاب میں اپنے اسلاف کی روایات اور دلائل کو نقل کیا ہے۔

وہاں ان کے اخلاف نے ان کے دلائل وشواہد کی پیروی کی ہے۔علوم کے ارتقاء اور تداول وتوارث میں یہ سلسلہ شروع سے چل رہا ہے اور اس بارے میں کسی قسم کے تعصب اور تحزب سے کام نہیں لینا چاہیے۔

مخطوطات

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے کتاب المعتمد کو جن مخطوطات کو پیش نظر رکھ کر مرتب کیا ہے ان کی تعداد پانچ ہے۔

① ذاتی مخطوطہ: یہ مخطوطہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کے پاس ذاتی حیثیت میں تھا جو یمن کے قاضی شیخ الأهدل کا ہدیہ ہے۔

② مخطوطة سيف الإسلام: یہ مخطوطہ سیف الاسلام عبداللہ یمنی کا ہے۔جس کا عکس مصر کے معہد المخطوطات سے حاصل کیا گیا ہے۔

③ مخطوطه جامع صنعاء: یہ مخطوطہ جامع مسجد صنعاء یمن میں محفوظ ہے۔اس کا عکس معہد المخطوطات مصر سے لیا گیا۔

④ مخطوطه استانبول: یہ مخطوطہ استانبول کی لائبریری قابی سرائی میں محفوظ ہے۔اس کا عکس معہد المخطوطات، مصر سے حاصل کیا گیا۔

⑤ مخطوطة لاله لى: یہ مخطوطہ استانبول کی لائبریری لالہ لی میں محفوظ ہے۔ڈاکٹر صاحب نے اس مخطوطہ کا مائیکروفلم براہِ راست لائبریری سے حاصل کیا۔

ڈاکٹر صاحب نے ان پانچوں مخطوطات کو سامنے رکھ کر کتاب المعتمد کو ایڈٹ کیا ہے۔ان مخطوطات کے لیے آپ نے جو رموز استعمال کیے ہیں وہ حسب ذیل ہیں:

اپنے ذاتی مخطوطہ کے لیے آپ ''ح'' استعمال کرتے ہیں جو حمید اللہ کا مخفف ہے۔مخطوطہ سیف الاسلام کے لیے ''س'' کا رمز لاتے ہیں جو سیف الاسلام کی طرف اشارہ ہے۔مخطوطہ جامع صنعاء کے لیے ''ص'' کا رمز استعمال کرتے ہیں جو صنعاء کی طرف اشارہ ہے۔

مکتبہ قابی سرائے کی طرف اشارہ کرنے کے لیے ''ق'' کا حرف لاتے ہیں اور مکتبہ لالہ لی کے مخطوطہ کے لیے ''ل'' کا حرف لاتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب نے ان پانچ مخطوطات کا تقابل کر کے بڑی محنت اور عرق ریزی کے ساتھ کتاب المعتمد کو مدوّن کیا ہے۔ اس ضمن میں محقق نے جن پہلوؤں پر خاص توجہ دی ہے ان کے بارے میں اجمال کے ساتھ تذکرہ کیا جاتا ہے۔

❶ آیات کی تخریج

فاضل محقق نے کتاب المعتمد میں جتنی آیات نقل کی ہیں ان سب کی تخریج کی ہے۔ ہر آیت کا نمبر بتایا ہے اور سورۃ کا نمبر بھی بتایا ہے۔ اس تخریج کی وجہ سے کتاب کے قاری کو یہ سہولت حاصل ہوگئی ہے کہ اگر وہ کسی آیت کی تفسیر اور تفصیل دیکھنا چاہے تو سورۃ اور آیت کے نمبر کی مدد سے تفسیری مراجع ومصادر تک بآسانی پہنچ سکتا ہے۔

❷ آیات کی وضاحت

فاضل محقق نے کتاب کے متن میں واردشدہ آیات کی بعض مواقع پر وضاحت بھی کی ہے۔ مثلاً:

① انّ عمر رضی اللّٰہ عنہ، سأل النبی ﷺ عن ''الکلالة'' فقال : ''یکفیك آیة الصیف''.........................

ڈاکٹر صاحب اس کی وضاحت حاشیہ میں یوں کرتے ہیں:

ھی آخر سورة النساء (۴/۱۷۶)، وسمّیت کذلك لأنھا نزلت فی زمن الصیف وتذکر أحکام الکلالة............(۲)

② قولنا: '' أمر''لا یقع علی الفعل الا مجازا۔ ولو وقع علیه حقیقة ، لما تناوله ھا ھنا ، لتقدم ذکر الدعاء...........

اس عبارت کے ضمن میں فاضل محقق لکھتے ہیں:

الإشارة إلی أن الاية المذكورة آنفاً تقول اولا :''لا تجعلوا دعاء الرسول كدعاء بعضكم بعضا'' وذلك تقول''فليحذر الذين يخالفون''(۳)

محقق نے پوری کتاب میں جہاں جہاں مؤلف نے کسی آیت کی طرف اشارہ کیا ہے اس کی وضاحت کی ہے یہ وضاحت محقق کی محنت اور دلچسپی کی واضح دلیل ہے۔

❸ فہرست احادیث

کتاب المعتمد میں امام ابوالحسین بصری نے اپنے منہج کے مطابق آیات اور روایات کا وسیع ذخیرہ نقل کیا ہے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے ان تمام روایات کی فہرست مرتب کی ہے۔ جس کی وجہ سے کتاب کی افادیت اور اہمیت میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ فہرست کتاب کے آخر میں پوری تفصیل کے ساتھ دی گئی ہے۔ ذیل میں بطور نمونہ چند روایات پیش کی جاتی ہیں:

① الإثنا ن فما فوقها جماعة.......................... ۲٤۸.

② أُحلّت لِي ساعة من نهار (قاله فی القتال يوم فتح مكة : ٤١٣)

③ إذا اختلف المتبايعان والسلعة قائمة بعينها تحالفا وترادّا .... ۱٦۲ حاشية، (راجع ۷۹۱)

④ أرأيت لو تمضمضت بماء ثم مججته ؟(قاله' ، فی قبلة الصائم) ۷۳٥ ، ۷۷۸-۷۳۷

⑤ أينقص الرطب إذايبس ؟۔ (قاله ، لما سئل عن بيع الرطب بالتمر)۳۰۲،۳۰٤

احادیث کی اس فہرست میں محقق نے اس موقع کی نشان دہی بھی کی ہے جس موقع پر رسول اللہ ﷺ نے وہ

حدیث بیان فرمائی ہے۔ اس فہرست کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ امام ابوالحسین بصری کے پاس حدیث کی روایات کا کتنا ذخیرہ تھا اور وہ ان احادیث سے کس طرح استدلال کرتے تھے۔ جو لوگ معتزلہ کا مؤقف یہ بتاتے ہیں کہ وہ احادیث و آثار کے منکر تھے یا احادیث و آثار کو اہمیت نہیں دیتے تھے ان کا کلام کتاب المعتمد میں منقولہ احادیث کو دیکھ کر غیر موثر ہو جاتا ہے۔

❹ احادیث کی وضاحت

فاضل محقق نے بعض مواقع پر احادیث کی وضاحت اگر چہ اجمال اور اختصار کے ساتھ کی ہے۔ لیکن اس وضاحت کی وجہ سے کتاب کی افادیت بہت بڑھ گئی ہے۔ مثلاً:

① قال عمر رضی الله عنه : لا ندع كتاب ربنا وسنّة نبينا بقول امرآة ، لا ندری أصدقت أم كذبت ؟...........

ڈاکٹر صاحب اس کے ذیل میں لکھتے ہیں:

هی فاطمة بنت قيس فی مسئلة نفقه المبتوته......(۴)

② وقد ذكر عيسى بن ابان وجوها من التراجيح : منها أن يكون أحدهما متفقا على استعماله كخبر الأوساق ....

فاضل محقق ''وساق'' کی وضاحت کرتے ہوئے حاشیہ میں لکھتے ہیں:

'' وهو : لا زكاة فيما دون خمسة آوسق، ...... ويعارضه الحديث العموی : فيما سقت السماء العشر ''۔ (۵)

③ وقال (ابن عباس) : '' قضاء الله أولى من قضاء ابن الزبير '' ....

ڈاکٹر صاحب اس کی وضاحت یوں کرتے ہیں:

وهــو الـذى روى عـن الـنبى عـليـه السـلام : لا تـحـرم الإمـلاجة ولا الإملاجتان " .... (٦)

④ "إن النبى ﷺ لم يكره تحريم الأشياء المقيسة على الستة " ....

فاضل محقق اس کے تحت حاشیہ میں لکھتے ہیں:

" اى الـربـا فـى الـذهـب والفضة و سـائر الاشياء السـتة المذكورة فى الحديث "۔(۷)

⑤ قال ابو الحسن وأبو عبيد الله :

ان كانت الزيادة مغيرة حكم المزيد عليه فى المستقبل، كانت نسـخـا، وإن لـم تـغيـرحـكـمـه فـى المستقبل ، بل كانت مقارنة له ، لم (تكن) نسخـا، فزيادة التغريب فى المستقبل على الحد.................

ڈاکٹر محمد حمید اللہ "تغریب" کے بارے میں لکھتے ہیں:

الإشـارـة إلـى الـحـديـث : البـكر بالبكر جلد مائة وتغريب عام " اور "الـحـد" کے ضـمـن میں لکھتے ہیں : أى جلد مائة فحسب' المذكور فى القرآن (٢/٢٤) ۔(٨)

❺ مخطوطات کی تصحیح

فاضل محقق نے کتاب المعتمد کے پانچوں مخطوطات کو مدِنظر رکھ کر کتاب مدوّن کی ہے۔ان مخطوطات میں سے جس مخطوطہ میں آپ کو کہیں کوئی کمی بیشی نظر آئی ہے آپ نے اُس کی تصحیح کی ہے۔مثال کے طور پر:

① فان قالو ا : لو لم يكن الإستعمال طريقا إلى كون الاسم حقيقة ،

اس عبارت میں ’’ فان قالوا ‘‘ کے ضمن میں ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں:

ق : كلمة ’’قيل ‘‘ وفوقه ’’ قالوا ‘‘ كأنّما الناسخ كتب ’’ قيل ‘‘ سهواً وأراد التصحيح ، ولكن نسى أن يخط على كلمة ’’ قيل ‘‘ (٩)

② ومنها ، أنّ الصحابة رضى الله عنهم نقلت أخباراً ، عند نزول الحاجة إليها

فاضل محقق اس عبارت کے تحت حاشیہ میں لکھتے ہیں:

كذا ’’عليهم نقلت ‘‘ وكان يجب إمّا ’’ عليها نقلت ‘‘ أو ’’عليهم نقلوا۔ راجع الحاشية فيما مضر۔ والظاهر أن كلمة ’’ عليهم ‘‘ من تصحيح كاتب المخطوطة ’’ ق ‘‘ الذى لم يتعود على ’’ الصحابة رضى الله عنهم ‘‘............ (١٠)

③ ثم نذكر الطريق إلى كون الناسخ ناسخاً ، ولما كان النسخ موقوفا على التنا فى ، وعلى ذكر التاريخ ،..................

ڈاکٹر صاحب اس بارے میں لکھتے ہیں:

اختلطت العبارة فى ق ، حيث ’’ ولما كان النسخ موقوفا على الشخص الواحد ‘‘ .... (١١)

④ وروى الواقدى أن أبابصير ، لمّا ردّه النبى ﷺ إلى قريش ، انحاز مع جماعة مِمّن أسلم من قريش.................

فاضل مُدوّن اس کے ذیل میں لکھتے ہیں:

كذاح وسائر كتب التاريخ : حتى الواقدى ، كما رواه البلاذرى عنه ، فى أنساب الأشراف ، ق : أباجندل......................(١٢)

⑤ ”والشيخ والشيخة إذا زنيا فارجموها البتة نكالاً من الله“ ويحتمل أن يكون ذلك مِمّا أنزل وحياً...........

اس عبارت کے تحت ڈاکٹر صاحب رقم طراز ہیں:

إذا كان المراد به التورلة ، فالحكم موجود فيها ، راجع كتاب الاويين۔ ۲۰/۱۰/ وکتاب التثنیۃ ۲۲/۲۲۔....................(۱۳)

⑥ وأمّا القول بأن الحكم المعلق بالصفّة يَدُلّ على أنّ ما عداها بخلافه ، إذا دخل ما عداها تحتها ، نحو الشاهد الواحد ، لأنه داخل فى جملة الشاهدين فقد تَقدمّ القول فيه فى تعليق الحكم بالعدد......................

اس عبارت کے ضمن میں فاضل محقق لکھتے ہیں:

زاد بعده ' س ولعلّه ، حاشية : واعلم أن معنى الذى تقدّم فى تعليق الحكم بالعدد من قوله رحمه الله توضيح أن الحكم المعلق على العدد يدل على حكم مادخل تحته مثل أن يبيح الله تعالىٰ لنا جلد الزانى مائة مثلًا ، فانا نعلم منه ، إباحة جلده خمسين ، ونعلم مته ، نفى قصر الإباحة على الخمسين لأن الخمسين داخلة تحت المائة، وليس كذلك إذا أباح لنا مقدار قلتين من الماء إذا وقعت فيه نجاسة ، فانه ، لا يَدُلّ على إباحة قلّة واحدة وقعت فيها نجاسة وليست من جملة القلتين ولا على إباحتها ، لأنها لم تدخل تحتها ، وكذلك إذا آباح لنا الحكم بشهادة شاهدين فانه لا يدل على إباحة الحكم بشهادة شاهد واحد ولا على نفى شهادته۔ (۱۴)

اعلم أن الكلام العام هو كلام مستغرق لجميع ما يصلح له'......

فاضل مُدوّن اس عبارت کے ضمن میں لکھتے ہیں:..........

ق فی الحاشية : نقل عنه ' ابن الحاجب وزاد بأنه نحو عشرة ، ونحو ضرب زيد عمراً ، يدخل فيه مع أنه ليس بعام ، وكلام آبى الحسين إنما مر (؟ الماضى) يدفع هذا الرد ۔ (۱۵)

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے کتاب المعتمد کو جس محنت، کدو کاوش اور غیر معمولی دلچسپی کے ساتھ مدوّن کیا ہے اس کا اندازہ مشتے نمونہ از خروارے کے طور پر مذکورہ بالا امثلہ سے بآسانی لگایا جا سکتا ہے۔

یہاں محض آپ کی عرق ریزی کی ایک جھلک دکھائی گئی ہے۔ پوری کتاب کی تدوین میں آپ نے جو اضافات کیے ہیں ان کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے ایک کتابچہ کی ضرورت ہے۔ اس اجمالی مقالہ کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ جو طلبہ اور اساتذہ کتاب المعتمد کا مطالعہ کرنا چاہیں ان کے سامنے اس کتاب اور اس کے ضمن میں ڈاکٹر صاحب کی تحقیق کا ایک خاکہ پیش کیا جائے تا کہ مطالعہ کرتے وقت وہ ان گوشوں کو مدِ نظر رکھ سکیں۔

مقدمہ

ڈاکٹر صاحب نے کتاب کے آخر میں ایک بہت وقیع اور خوبصورت مقدمہ فرانسیسی زبان میں قلم بند کیا ہے اس مقدمہ میں امام ابوالحسین بصری کے حالات وکوائف اور ان کی علمی خدمات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں جن مخطوطات کی بنیاد پر آپ نے کتاب المعتمد کو مدوّن کیا ہے۔ ان تمام مخطوطات کے بارے میں بہت قیمتی اور اساسی معلومات فراہم کی ہیں۔

یہ مقدمہ تقریباً پینتالیس صفحات پر مشتمل ہے۔ مقدمہ کے ساتھ ہی ان مخطوطات کے ابتدائی صفحات کا عکس بھی دیا گیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے پیرس میں بیٹھ کر مقدمہ تحریر کیا ہے اور ان طلبہ اور اساتذہ کو پیش نظر رکھا ہے جو فرنچ جانتے ہیں۔ اگر یہ مقدمہ انگریزی میں ہوتا تو وہ قارئین بھی اس سے مستفید ہو سکتے جو فرنچ نہیں جانتے۔

بہر حال حقیقت یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب کی علمی اور تالیفی وتدوینی خدمات میں کتاب المعتمد کی تدوین وتحقیق ایک بہت بڑی خدمت ہے۔

ڈاکٹر صاحب کے حسن انتخاب کو داد دینی پڑتی ہے کہ آپ نے ایک ایسی کتاب کو اپنی توجہ کا مرکز بنا کر طلبہ اور اساتذہ کے سامنے پیش کیا۔ جو ''اصولِ فقہ'' کے میدان میں منفرد حیثیت کی حامل ہے اور جس کے مطالعہ کرنے سے طلبہ بہت ساری کتابوں کے مطالعہ سے مستغنی ہو جاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ فاضل محقق کی یہ خدمت ان کے حسنات میں تا ابد شمار ہو اور اس کے ثمرات و برکات میں روز افزوں اضافہ ہوتا رہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ کتاب المعتمد ۔ج۱،ص۷۔

۲۔ کتاب المعتمد ۔ج۱،ص۲۔۳۔

۳۔ ایضاً، ج۱،ص۳۷۹۔

۴۔ ایضاً، ج۱،ص۴۳۰۔

۵۔ ایضاً، ج۱،ص۲۸۲۔

۶۔ ایضاً، ج۱،ص۲۸۹۔

۷۔ ایضاً، ج۱،ص۳۲۵۔

۸۔ ایضاً، ج۱،ص۴۳۷۔

۹۔ ایضاً، ج۱، ص۲۲۶۔

۱۰۔ ایضاً، ج۱، ص۳۵۸۔

۱۱۔ ایضاً، ج۱،ص۳۹۴۔

۱۲۔ ایضاً، ج۱،ص۴۱۲۔

۱۳۔ ایضاً، ج۱،ص۴۱۸۔

۱۴۔ ایضاً، ج۱،ص۱۶۹۔

۱۵۔ ایضاً، ج۱،ص۲۰۳۔

الوثائق السیاسیۃ میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا تحقیقی منہج

* ڈاکٹر محمد ضیاء الحق

دورِ نبوی ﷺ اور عہدِ خلافت راشدہ کے وثائق و دستاویزات کی تدوین

دورِ نبویؐ اور عہد خلافتِ راشدہ کے وثائق کی اہمیت

مدینہ منورہ میں اسلامی ریاست کا قیام اور اس کی حدود کی بتدریج توسیع رسول اللہ ﷺ کی حربی، سیاسی اور تشریعی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ اور یہ اس سیاسی مہارت کا ثمر ہے جو رسول ﷺ نے مختلف علاقوں اور قبائل کے ساتھ مسلمانوں کے تعلقات استوار کرنے کے لیے استعمال کی تھی۔ رسول ﷺ کی ریاست کے قیام واستحکام اور دفاع کے لیے کی جانے والی سیاسی، انتظامی اور حربی کوششوں کی گواہی وہ وثائق اور دستاویزات دیتی ہیں جو اس دوران تیار ہوئیں ان دستاویزات میں آپؐ کے خطوط، سرکاری حکم نامے اور معاہدات شامل ہیں۔ ان دستاویزات کو قبائل عرب کے مدینہ کی مرکزی حکومت کے ساتھ تعلقات کی نوعیت کی تحدید کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ ان دستاویزات کی زبان اسلوب کتابت اور اہداف کے اعتبار سے مختلف انواع ہیں۔ (۱)

جن دستاویزات اور وثائق کو رسول ﷺ اور خلفاء راشدین سے منسوب کیا جاتا ہے ان کی اکثریت مستند ہے ان دستاویزات کی ایک بہت بڑی تعداد مختلف ادوار کے قیمتی ذخائر میں رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بہت عرصہ بعد تک بھی محفوظ رہی ہے۔ علماء اور محققین نے پہلی صدی ہجری سے ہی ان دستاویزات کو رسول اللہ ﷺ سے منسوب ہونے اور ان کی تشریعی اور تاریخی افادیت کی بناء پر اپنی علمی اور تحقیقی سرگرمیوں کا موضوع بنایا۔ کئی راویوں نے ان کو حدیثِ نبوی ﷺ کی ایک قسم قرار دیا ہے۔ (۲)

---

* چیئرمین، شعبہ اسلامک لاء، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

اوران دستاویزات کی اسناد کو روایت کرتے ہوئے ان خاندانوں تک پہنچایا ہے جن کے پاس یہ وثائق محفوظ تھے۔ ایسے دلائل بکثرت موجود ہیں جو اس بات کی نشان دہی کرتے ہیں کہ ان وثائق کے راویوں نے بکثرت ایسے خاندانوں کے افراد سے ملاقاتیں کیں جن کے ہاں یہ وثائق محفوظ تھے اور اکثر حالات میں اصلی وثائق سے نقل کر کے نصوص کو روایت کیا گیا۔(۳)

علماء و محققین کی اصلی وثائق کو محفوظ رکھنے کی کوششوں کے علی الرغم آج کے دور میں ان اصلی وثائق کی کم تعداد ہی محفوظ رہ سکی۔ جن وثائق کی اصل محفوظ ہے۔ ان میں رسول اللہ ﷺ کے مقوقس مصر، نجاشی اور منذر بن ساوی کے نام لکھے گئے خطوط بھی بیان کیے جاتے ہیں۔(۴)

وثائق و دستاویزات کے قدیم مجموعے

عہدِ خلافت راشدہ ہی میں قدیم دستاویزات کو جمع کرنے کے کام کا آغاز ہو گیا تھا چنانچہ کہا جاتا ہے کہ حضرت عمر کے پاس ایک صندوق تھا جس میں معاہدات سے متعلق دستاویزات کی نقول محفوظ کی گئی تھیں۔ یہ صندوق ۸۲ ہجری میں اس وقت جل گیا جب دیوان حکومت کو آگ لگی (۵) محدثین کے قدیم مجموعہ جات میں بھی وثائق کو جمع کیا گیا ہے۔ ان مجموعوں میں عبداللہ بن عباس، عمرو بن حزم کے مجموعے شامل ہیں، ان کے بعد عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم، امام زہری، ابن اسحاق، واقدی، علی بن محمد القرشی، ہشام بن محمد بن السائب الکلبی، ابن المدائنی الطبری اور کئی دوسرے ابتدائی مصادر کا درجہ ہے جن میں رسول اللہ ﷺ اور خلفاء راشدین کے دور کے وثائق کی نصوص کو جمع کیا گیا ہے۔ چنانچہ واقدی رسول اللہ ﷺ کے منذر بن ساوی کی طرف لکھے گئے خط کو حضرت عکرمہ کی سند سے روایت کرتے ہوئے ان کا یہ قول بھی نقل کرتے ہیں:

"وجدت هذا الكتاب في كتب ابن عباس بعد موته فنسخته" (۶)

میں نے اس خط کو ابن عباس کے خطوط میں ان کی موت کے بعد موجود پایا اور وہاں سے میں نے اس کو نقل کر لیا۔ عمرو بن حزم کا مجموعہ اس ضمن میں وہ قدیم ترین مجموعہ ہے جو آج کے دور میں ہم تک پہنچا ہے۔ اس مجموعہ کو تیسری صدی ہجری کے عالم الدیبلی نے نقل کیا ہے اور ابن طولون نے اسے بطور ضمیمہ اپنی کتاب کے ساتھ منسلک کیا ہے۔(۷)

ابن اسحاق نے یزید بن حبیب المصری کے اس قول کی نشاندہی کی ہے جس میں وہ کہتے ہیں کہ انہوں نے ایک ایسا نسخہ حاصل کیا جس میں رسول اللہ ﷺ کے وہ مکتوبات تھے جو آپ نے مختلف بادشاہوں کے نام لکھے تھے اور امام زہری نے اس نسخے کو درست تسلیم کیا ہے۔(۸) ابن سعد ابن سیرین کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ:

"انه لوكان متخذاً كتاباً لا تخذ كتابَ رسائل النبی" (۹)

ابن ندیم نے اپنی فہرست میں ابن الحسن المدائنی کی مؤلفات کے ضمن میں اس کی درج ذیل تالیفات کا بھی ذکر کیا ہے

عهود النبی۔

رسائل النبی۔

كتب النبی إلى الملوك إقطاع النبی۔

كتاب الخاتم والرسل۔

كتاب عن الذين كتب لهم الرسول كتب امان (۱۰)

ابن حجر ۸۵۲ھ/۱۴۴۹ء نے ابن الحسن المدائنی کی کتاب رسائل النبی سے نقل کیا ہے۔(۱۱) جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کتاب ابن حجر کے دور تک متداول تھی، ابن حجر نے المدائنی کا ذکر ان لوگوں میں کیا ہے جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے بادشاہوں کے نام خطوط کو جمع کیا تھا(۱۲) یہ تمام کتاب ابن حزم کے مجموعہ کا وہ حصہ معلوم ہوتی ہیں جواب موجود نہیں ہے۔ یا تو یہ وقت ضائع ہو چکا ہے۔ یا پھر خزانوں میں مخفی ہے(۱۳) رسول اللہ ﷺ اور خلفاء راشدین کے وثائق، فقہِ اسلامی، تاریخ اور تراجم کی قدیم ترین کتابوں میں بکھرے ہوئے ہیں ان کتابوں میں امام ابو یوسف کی ''الخراج''، ابن ہشام کی ''السیرۃ النبویہ''، ابن سعد کی ''الطبقات الکبریٰ'' بھی شامل ہیں۔ ابن سعد کے مجموعہ کے مطالعہ سے محسوس ہوتا ہے کہ ابن سعد کا اصل ہدف واقدی اور ہشام بن الکلبی سے منقول روایات کو مدون کرنا تھا اس لیے اس نے روایات کو نقد کے بغیر ہی قبول کر لیا(۱۴) ابوعبید القاسم بن سلام نے بھی کافی تعداد میں نصوص کو نہ صرف واقدی سے روایت کیا ہے بلکہ ان کی نقد بھی کی ہے۔ جیسا کہ دومۃ الجندل اور اقطاع النبی لبلال المزنی جیسے وثائق کی نقد ابوعبید القاسم کی کتاب الاموال میں شامل ہے۔(۱۵) بعد کے مصادر نے درج بالا مصادر پر ہی اعتماد کیا ہے۔

جدید محققین کی وثائق کے حوالے سے خدمات

معاصر علماء اور محققین نے بھی وثائق ودستاویزات کی تحقیق وتدقیق اور جستجو کے لیے نمایاں خدمات سرانجام دی ہیں۔ ان علماء میں مسلمان اور مستشرقین دونوں شامل ہیں۔ مستشرق Wellhansen نے طبقات ابن سعد کے رسول اللہ ﷺ کے رسائل اور معاہدات سے متعلق ابواب کا جرمن زبان میں ترجمہ کیا اور ان کے حواشی تحریر کیے Sepreber اور Caetani جیسے مستشرقین نے بھی بعض وثائق کا یورپی زبانوں میں ترجمہ کیا اور ان پر اصالت کے حوالے سے تحقیق کی، برصغیر پاک وہند کے علماء نے بھی عہدِ النبیؐ کے وثائق کو خاص طور پر اپنی تحقیقات کا مرکز بنایا اور وثائق کی جمع وتدوین کے ساتھ ساتھ اردو میں ان کا ترجمہ بھی کیا۔ اس ضمن میں عبدالمنعم خان، عبدالجلیل نعمان اور ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کے نام خاص طور پر نمایاں ہیں۔ (۱۶)

عہدِ نبویؐ اور خلافتِ راشدہ کے وثائق کے ضمن میں ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کی خدمات

عہدِ نبوی ﷺ اور خلافتِ راشدہ کے وثائق اور دستاویزات سے متعلق سب سے نمایاں اور مربوط کام ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا ہے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے تقریباً ان تمام اہم وثائق اور دستاویزات کو مدون کیا جنہیں رسول اللہ ﷺ اور خلفاء راشدین سے منسوب کیا جاتا اور ان کے مصادر کی نشاندہی بھی کی، ڈاکٹر صاحب نے یہ کام بنیادی طور سوربون یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری کے حصول کے لیے کیا۔ فرانسیسی میں ان کے اس تحقیقی کام کا موضوع:

" Documents Sur La Diplomatic Muslaman " تھا۔ ڈاکٹر صاحب کا یہ کام ۱۹۳۵ء میں پیرس میں چھپا۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اس کام میں وثائق کی نصوص کو علوم اسلامیہ کے مصادر کے وسیع ذخیرہ میں موجود مصادر سے جمع کیا ہے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا یہ کام ''مجموعة الوثائق السياسة فی العهد النبوی والخلافة الراشدة'' کے نام سے ۱۹۶۱ء میں مطبعه لجنة التاليف والترجمه والنشر کے زیر اہتمام چھپا اور اس کی اشاعت ڈاکٹر پاول کراوس، ڈاکٹر محمد طٰہٰ الحاجری اور عبدالعزیز محمد الاٰ ھوائی آفندی کی زیر نگرانی عمل میں آئی۔

وثائق کی تالیف کے اسباب و پس منظر

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے ان اسباب کی بھی نشاندہی کی جن کی بناء پر دستاویزات کی عہدِ نبویؐ اور خلافتِ راشدہ میں تالیف عمل میں آئی۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ لکھتے ہیں ہجرتِ نبویؐ سے پہلے کا دور تمہید اور تجربہ کا دور تھا اور مکہ میں مسلمانوں کی جماعت کی حیثیت ایک ملک کی نہ تھی اس لیے اس دور کی سیاست خارجہ میں عقبہ کی دو بیعتیں ہی اہم حیثیت کی حامل ہیں ان بیعتوں سے مسلمانوں کے اہل یثرب سے ان تعلقات کا پتا چلتا ہے جن کے نتیجے میں مسلمانوں نے مکہ سے یثرت کی طرف ہجرت کی اور وہاں پر ایک ریاست کی بنیاد رکھی۔ اس ریاست کے دستور کو میثاقِ مدینہ کے نام سے مدون کیا گیا جو کہ وثائق و دستاویزات کی فہرست میں سے سے پہلے درج کیا گیا ہے۔

میثاقِ مدینہ کے تحت رسول اللہ ﷺ نے ایک وفاقی Federation حکومت قائم کی جس میں یہود کو بھی شامل کیا۔ چنانچہ یہود سے متعلق دستاویزات وجود میں آئیں جنہیں اس مجموعہ میں شامل کیا گیا ہے۔

مدینہ کی طرف ہجرت اور وہاں پر ایک ریاست کی تشکیل کی بناء پر مسلمانوں کے قریش سے تعلقات میں پہلے سے موجود کشیدگی کی شدت میں اضافہ ہو گیا جس کے نتیجے کے طور پر مسلمانوں اور قریش کے درمیان احد خندق حدیبیہ اور فتح مکہ کی جنگیں ہوئیں ان جنگوں سے متعلق وثائق کو ایک خاص فصل میں ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے جمع کر دیا۔

صلح حدیبیہ کے بعد رسول اللہ ﷺ نے مختلف ممالک کے سربراہوں کے نام خطوط ارسال فرمائے چنانچہ ان خطوط سے متعلق وثائق کو ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے دو فصول میں جمع کر دیا۔

رسول اللہ ﷺ نے کئی قبائل کو قریش کے مقابلہ میں اپنا حلیف بنا لیا تھا۔ ان قبائل سے متعلقہ دستاویزات کو ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے ایک فصل میں مدون کر دیا۔

⑥ ۱۰ ہجری میں رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع ادا فرمایا اور اس موقع پر اپنا مشہور خطبہ ارشاد فرمایا۔ اس خطبہ میں مسلمانوں کے لیے حقوق اور فرائض کو واضح طور پر بیان کیا گیا چنانچہ عہد نبویؐ کے آخری وثائق میں خطبہ حجۃ الوداع کی نص کو شامل کیا گیا ہے۔

⑦ اس مجموعے کے دوسرے حصّہ میں خلافت راشدہ کے دور سے متعلق وثائق ہیں ان وثائق میں سے ایک فصل میں روی سلطنت سے متعلق وثائق ہیں جبکہ دوسری فصل میں ایرانی سلطنت سے متعلق وثائق ودستاویزات شامل ہیں۔(۱۷)

❻ دستاویزات اور وثائق کی نوعیت

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے جن دستاویزات کو الوثائق السیاسیۃ میں جمع کیا ہے ان میں زیادہ تر سیاسی اور سرکاری دستاویزات ہیں۔ تاہم بعض انفرادی دستاویزات بھی موجود ہیں۔ الوثائق السیاسیۃ میں جمع کردہ دستاویزات کو درج ذیل حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

① سرکاری معاہدات۔

② دعوتِ اسلام کے لیے مراسلات خصوصاً، سربراہانِ مملکت کی طرف لکھے گئے خطوط۔

③ سرکاری عہدیداروں کی تقرری اور اختیارات سے متعلق حکم نامے۔

④ زمین کی الائمنٹ کی دستاویزات۔

⑤ امان اور وصیت نامے۔

⑥ ایسی دستاویزات جس میں بعض لوگوں کو خصوصی اختیارات یا حقوق دیئے گئے ہیں۔

⑦ متفرق مراسلات، جو کہ رسول اللہ ﷺ کے مراسلات کے جواب میں آئے۔

عہدِ نبوی ﷺ سے متعلق الوثائق میں جمع کردہ دستاویزات کی تعداد۔

نمبر شمار	دستاویزات کی نوعیت	تعداد	الوثائق میں وثیقہ نمبر
①	معاہدات	۷۰	۱، ۸، ۱۱، ۳۱، ۳۲، ۳۳، ۳۴، ۴۰، ۴۱، ۹۴، ۹۶، ۹۷، ۹۸، ۱۰۲، ۱۰۴، ۱۲۶، ۱۲۷، ۱۲۸، ۱۲۹، ۱۳۰، ۱۲۹، ۱۳۰، ۱۳۳، ۱۳۴، ۱۳۶، ۱۳۷، ۱۳۸، ۱۴۱، ۱۴۲، ۱۴۳، ۱۴۴، ۱۴۵، ۱۴۷، ۱۴۸، ۱۵۰، ۱۵۱، ۱۵۹، ۱۶۰، ۱۶۱، ۱۶۲، ۱۶۸، ۱۶۹، ۱۷۰، ۱۷۱، ۱۷۲، ۱۷۳، ۱۷۴، ۱۷۵، ۱۷۶، ۱۷۷، ۱۷۸، ۱۸۲، ۱۸۳، ۱۸۴، ۱۸۶، ۱۸۷، ۱۸۸، ۱۸۹، ۱۹۰، ۱۹۱، ۱۹۲، ۱۹۷، ۱۹۸، ۱۹۹، ۲۰۰، ۲۰۱، ۲۰۲، ۲۰۳،
②	اسلام کی طرف دعوت دینے کے لیے لکھے گئے مراسلات	۴۲	۱۵، ۱۶، ۲۱، ۲۲، ۲۶، ۲۷، ۲۹، ۳۰، ۳۶، ۳۷، ۳۸، ۳۹، ۴۲، ۴۹، ۵۱، ۵۳، ۵۴، ۵۵، ۵۶، ۵۷، ۵۹، ۶۰، ۶۷، ۶۸، ۵۴، ۵۵، ۵۶، ۵۷، ۵۹، ۶۰، ۶۷، ۶۸، ۷۶، ۷۷، ۸۶، ۹۹، ۱۰۷، ۱۰۹، ۱۱۰، ۱۳۹، ۱۴۰، ۲۰۶۔
③	سرکاری حکم نامے (عہدیداروں کی تقرری، اختیارات وغیرہ سے متعلق)	۵۶	۱۴، ۱۷، ۱۸، ۲۰، ۴۰، ۴۱، ۴۴، ۴۴، ۴۵، ۴۶، ۴۷، ۶۱، ۶۲، ۶۳، ۶۴، ۶۵، ۶۶، ۶۹، ۷۰، ۷۱، ۷۲، ۷۳، ۷۴، ۷۸، ۸۴، ۸۵، ۸۶، ۸۷، ۸۸، ۹۰، ۹۱، ۹۲، ۱۰۰، ۱۰۱، ۱۰۳، ۱۰۵، ۱۰۶، ۱۱۰، ۱۱۱، ۱۱۲، ۱۱۷، ۱۱۸، ۱۲۱، ۱۲۲، ۱۲۳، ۱۵۲، ۲۲۱، ۲۲۷، ۲۳۲، ۲۳۵، ۲۴۵، ۲۴۵، ۲۴۶، ۲۸۷۔

④	زمین کی الاٹ منٹ کے احکام	۳۶	۴۳، ۸۹، ۱۱۳، ۱۱۴، ۱۱۵، ۱۱۶، ۱۱۹، ۱۲۴، ۱۲۵، ۱۳۱، ۱۵۵، ۱۵۶، ۱۵۷، ۱۵۸، ۱۶۳، ۱۶۶، ۱۶۷، ۱۹۳، ۱۹۴، ۱۹۵، ۱۹۶، ۲۰۷، ۲۰۹، ۲۱۰، ۲۱۱، ۲۱۲، ۲۱۳، ۲۱۴، ۲۱۵، ۲۱۶، ۲۱۷، ۲۲۳، ۲۲۹، ۲۳۰، ۲۳۱، ۲۳۸،
⑤	امان نامے	۱۴	۲، ۱۹، ۸۳، ۱۳۲، ۱۵۳، ۱۵۴، ۲۱۸، ۲۱۹، ۲۲۵، ۲۲۶، ۲۲۷، ۲۳۳، ۲۳۴، ۲۴۴،
⑥	خصوصی استثناءات	۲	۹۵، ۲۳۶۔
⑦	متفرق مکاتیب	۳۳	۴، ۵، ۹، ۱۰، ۱۲، ۱۳، ۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۸، ۳۵، ۵۰، ۵۲، ۵۸، ۷۹، ۱۰۸، ۲۰۵، ۲۲۲، ۲۲۴، ۲۳۷، ۲۴۰، ۲۴۱، ۲۴۲، ۲۴۳، ۲۴۷، ۲۴۸، ۲۴۹، ۲۵۰، ۲۵۱، ۲۵۲، ۲۵۳، ۲۵۴، ۲۸۱۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور کے خطوط اور دستاویزات

نمبر شمار	دستاویزات کی نوعیت	تعداد	الوثائق میں وثیقہ نمبر
①	مرتدین کے نام خطوط	۳	۲۴۷، ۲۸۱، ۲۸۲۔
②	سرکاری اہلکاروں کے نام خطوط	۷	۲۸۳، ۲۸۴، ۲۸۵، ۲۸۶، ۲۸۷، ۲۸۸، ۳۰۲۔
③	بادشاہوں/سربراہوں کے نام خطوط	۱	۲۸۹۔
④	معاہدات	۱۲	۲۹۰، ۲۹۱، ۲۹۲، ۲۹۳، ۲۹۴، ۳۰۰، ۳۰۱۔
⑤	مقامی کمانڈروں کے مفتوحہ علاقوں کے عوام کے نام خطوط	۵	۲۹۵، ۲۹۶، ۲۹۷، ۲۹۸، ۲۹۹۔

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے دور کی دستاویزات

نمبر شمار	دستاویزات کی نوعیت	تعداد	الوثائق میں وثیقہ نمبر
①	حضرت عمر کے اہلکاروں/ مقامی کمانڈروں کے نام خطوط	۱۹	۳۰۳، ۳۰۴، ۳۰۵، ۳۰۷، ۳۱۲، ۳۱۴، ۳۱۵، ۳۱۶، ۳۲۵، ۳۲۷، ۳۲۸، ۳۲۹، ۳۳۰، ۳۴۲، ۳۶۲، ۳۶۳، ۳۶۴، ۳۶۶، ۳۶۷۔
②	مقامی کمانڈروں / اہلکاروں کی طرف سے خلیفہ کی طرف خطوط	۱۳	۳۰۸، ۳۰۹، ۳۱۰، ۳۱۱، ۳۱۷، ۳۱۸، ۳۱۹، ۳۲۰، ۳۲۱، ۳۲۲، ۳۲۳، ۳۲۴، ۳۴۷۔
③	اہلکاروں کے تقرر نامے	۱	۳۲۶۔
④	معاہدات	۳۲	۳۳۱، ۳۳۲، ۳۳۳، ۳۳۵، ۳۳۶، ۳۳۷، ۳۳۸، ۳۳۹، ۳۴۰، ۳۴۱، ۳۴۲، ۳۴۳، ۳۴۶، ۳۴۸، ۳۴۹، ۳۵۰، ۳۵۱، ۳۵۲، ۳۵۳، ۳۵۴، ۳۵۵، ۳۵۶، ۳۵۷، ۳۵۸، ۳۵۹، ۳۶۰، ۳۶۱، ۳۶۲، ۳۶۳، ۳۶۸، ۳۶۹۔
⑤	متفرق	۳	۳۴۴، ۳۴۵، ۳۷۰۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور کی دستاویزات

نمبر شمار	دستاویزات کی نوعیت	تعداد	الوثائق میں وثیقہ نمبر
①	اہلکاروں کے نام خطوط	۲	۳۷۰، ۳۷۱۔

❸ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے مدون کردہ وثائق کے اہم خصائص

① الوثائق کے مصادر ومراجع کی نوعیت

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے وثائق کے اہم مصادر کا ذکر کیا ہے اوران پر نقد بھی کیا ہے چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ عہدِ نبویؐ کے وثائق کا سب سے اہم مصدر طبقات ابن سعد ہے جبکہ خلفاء راشدین کے دور کے معاہدات کے مصادر تاریخ طبری اور بلاذری کی ''فتوح البلدان'' ہیں۔طبری نے تاریخی واقعات کومختلف روایات سے لیا ہے اور ایسی روایات بھی شامل ہوگئی ہیں جو ثقہ نہیں ہیں۔طبقات ابن سعد میں مصنف نے یہ کوشش کی ہے زیادہ سے زیادہ روایات کو جمع کرلیا جائے اورانہوں نے روایات کی چھان پھٹک کوضروری خیال نہیں کیا۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کہتے ہیں کہ ہمارے مصادر میں سے اہم مصدر ابوعبید القاسم بن سلام کی ''کتاب الاموال'' بھی شامل ہے یہ اگر چہ ایک معتبر مصدر ہے لیکن کہیں کہیں بعض جملوں کو چھوڑ دیتے ہیں۔

ابن ہشام کی ''السیر ۃ النبویہ'' اورامام ابو یوسف کی ''کتاب الخراج'' مصادر میں سے نہ صرف سب سے قدیم ہیں بلکہ سب سے زیادہ ثقہ اور جامع بھی ہیں۔

② وثائق کے ذکر میں مصادر کی ترتیب

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے ہر وثیقہ کے اختتام پر مصادر کو تاریخی اعتبار سے درج گیا ہے نیز مختلف مصادر میں الفاظ اور ترتیب کے جو اختلافات پائے جاتے ہیں ان کو بھی درج کر دیا گیا ہے یہ اختلافات روایات بالمعنی کے نتیجے میں سامنے آئے ہیں اوران سے کئی اہم نتائج سامنے آتے ہیں۔کئی دستاویزات کی نص بعض مصادر میں بیان ہوئی ہے۔جبکہ دوسرے مصادر میں نص موجود نہیں لیکن دستاویز کا ذکر موجود ہے چنانچہ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے وثائق کے مصادر میں اس قسم کے اختلافات کا ذکر بھی کیا ہے۔ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے ہر وثیقہ کوایک نمبر دیا ہے اوراس وثیقہ کے اختتام پر رموز واشارات سے مصادر کی طرف اشارہ کیا ہے۔ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے جو رموز استعمال کی ہیں وہ حسب ذیل ہیں:

بآ ...... سیرۃ ابن اسحاق (فارسی ترجمہ)　　بعح ...... ابن عبد الحکم

بث...... اسد الغابة لابن الأثير | بعر...... ابن عبد ربه
بح...... الإصابةلابن حجر | بق...... زاد المعاد لابن القيم
بحز...... ابن حزم | بك...... ابن كثير
بحن...... مسند احمد بن حنبل | بلاد...... البلاذرى فتوح البلدان
يد...... سنن ابى داؤد | به...... سيرة ابن ہشام
بس...... طبقات ابن سعد | ببو...... الخراج لابى يوسف
بسن......سيرة ابن سيد الناس | ديب...... الديبلى
بط...... اعلام السائلين لابن طولون | طب...... تاريخ الطبرى
بع...... ابو عبيد | عمخ...... عبد المنعم خان
بعب...... الاستيعاب لابن عبدالبر | قس...... القسطلانى
قلقش......القلقشندى | ع......عدد والمراد بالعدد عند ذكر

ب...... كتاب کے ورقه كى دوسرى طرف (مثلا ورق ۲۰ ب)
الطرف الاول (مثلاً ورق۹)

ص...... الصفحة

ف...... الفقرة والفصل | +[ ] ...... علامة الإضافة والمضاف
ج...... الجزء او المجلد | ...... علامة الحذف
س...... سطر | ......علامة الاستمرار فى الرواية
انظر...... يشير إلى البحوث الحديثة | قابل...... يشير إلى الروايات غير الكاملة من الوثائق۔

③ وثائق کی زبان

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کہتے ہیں کہ مسلمانوں نے قرآنی عربی زبان کو بہت اہتمام سے محفوظ کیا ہے لیکن کچھ الفاظ ایسے ضرور ہیں جن کا استعمال آج کل کی عربی زبان میں نہیں ہو رہا اس قسم کے بعض الفاظ کا استعمال وثائق کی عبارت میں ہوا ہے جو ان وثائق کی اصل ہونے کی نشانی ہے۔

''مثلاً وثیقہ نمبر ۹۰ میں ''حق'' کا لفظ زکاۃ کے معنوں میں استعمال ہوا ہے اسی طرح وثیقہ نمبر ا میں ''کتاب'' کا لفظ ''الفرض'' کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ اس طرح وثیقہ نمبر ۲۹۴ میں غلب کا لفظ مغلوب کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ وثیقہ نمبر ۳۱۶ میں ذکر کا لفظ صلوٰۃ کے معنوں استعمال ہوا ہے''۔

لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر جگہ غریب الفاظ کا استعمال درست ہو۔ عربی ادب میں بعض اوقات مصنفین نے تفاخر کے اظہار کے لیے غریب اور شاذ الفاظ کا استعمال کیا ہے۔ ابن الأثیر نے رسول اللہ ﷺ سے منسوب ایک خط میں غریب الفاظ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا:

''ترکنا ذکره لأن رواته نقلوه بألفاظ غريبة وبدّلوها وصحّفوها'' (۱۰)

''ہم نے اس (خط) کا ذکر کرنا چھوڑ دیا ہے کہ کیونکہ اس کو روایت کرنے والوں نے غریب الفاظ کا استعمال کیا اسے تبدیل کیا ہے اور اس میں تبدیلی کی ہے''۔

یہ خط وثیقہ نمبر ۱۳۳ میں موجود ہے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کے نزدیک اس وثیقہ کے درست ہونے کا کم ہی امکان ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ لکھتے ہیں کہ صدر الاسلام میں عربی زبان سادہ اور فصیح تھی اور پر تکلف الفاظ کا استعمال اس میں موجود نہ تھا۔ بعض وثائق کے پر تکلف الفاظ ان وثائق کی صحت کو مشکوک کر دیتی ہے جیسا کہ واقدی کے روایت کردہ وثیقہ نمبر ۵۱، ۵۲ اور ۹۱ کی زبان ہے ان وثائق کے برعکس وثیقہ نمبر ۳۱ اور ۱۸۱ جو کہ اہل ایلا اور اہل الطائف کے ساتھ معاہدات سے متعلق ہیں کا اسلوب عربی اصل ہے اور ان وثائق کی صحت پر دلالت کرتا ہے۔

④ وثائق کے مندرجات

رسول اللہ ﷺ سے منسوب ایسے امان نامے جو مسلمان قبائل کے لیے لکھے گئے تھے اور ان میں ان قبائل سے دینی فرائض کی ادائیگی کے لیے کہا گیا ہے کہ درست ہونے میں کوئی امر مانع نہیں کیونکہ کسی کے لیے اس میں فائدہ کی کوئی بات نہیں۔ اگر کوئی تفاخر کے لیے ایسا امان نامہ گھڑے گا تو اس کا اظہار امان نامے کے اسلوب سے ہی ہو جائے گا۔ اس بناء پر ایسے امان نامے جن میں قبائل سے فرائض کی ادائیگی کا مطالبہ کیا گیا ہے اور ان کا اسلوب دورِ رسالت کے عمومی اسلوب تحریر سے مطابقت رکھتا ہے تو اس کو درست تسلیم کرنے میں کوئی امر مانع نہیں تاہم ایسے وثائق جن میں فرائض کی جگہ صرف حقوق کا ذکر ہے اور ایسی چیزوں کا بھی ذکر ہے جو دورِ رسالت میں نہ تھیں ان وثائق کو درست تسلیم نہیں کیا جاسکتا جیسے کہ یہودیوں کے بعض معاہدات جن کے متعلق یہودی یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ وثائق انصاری یہود اور مجوسیوں کے ساتھ کیے گئے معاہدات پر مبنی ہیں۔

بعض غیر محتاط مؤرخین نے بعد کے ادوار میں ابتدائی دور کے وثائق کی نصوص کو شامل کر دیا ہے جیسا کہ نجاشی کی طرف رسول اللہ ﷺ کا مکتوب، جس میں ام حبیبہ سے نکاح کروانے اور مہاجرین حبشہ کو مدینہ بھیجنے کا ذکر ہے۔ مثلاً وثیقہ نمبر ۲۴، ۲۵ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ ایسے وثائق کو موضوع وثائق میں شمار کرتے ہیں۔

بعض وثائق کی عبارت بہت طویل ہیں چونکہ زیادہ تر وثائق روایتوں پر مبنی ہیں اس لیے طویل نصوص میں تحریف اور اختلاف کے امکان کو رد نہیں کیا جاسکتا۔ بعض وثائق کی قراءت میں بھی اختلاف پیدا ہوا ہے جیسا کہ وثیقہ نمبر ۲۷ جس میں اسم ''الاکبر بن عبدالقیس'' لکھا گیا ہے جبکہ یہ نام انساب اور رجال کی کتب میں موجود نہیں ہے ہوسکتا ہے کہ یہ لکیذ بن عبدالقیس کا مصحف ہو جس کا ذکر رسول اللہ ﷺ کی طرف مبعوث وفد قیس میں موجود ہے (۱۹)

⑤ املاء کی غلطیاں

اس بات سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ وثائق میں املاء کی غلطیاں بھی موجود ہیں اور اس بات کا امکان بھی موجود ہے کہ بعض کاتبوں نے نقل کے دوران ہی عربی قواعد صرف ونحو کی روشنی میں موجود غلطیوں کو درست کر دیا ہو۔ مثلاً ''ابن ابو'' جیسی عبارتیں جو کہ قواعد صرف ونحو کی روشنی میں ابن ابی وغیرہ کر دی گئیں لیکن ڈاکٹر حمید اللہؒ کہتے ہیں کہ:

''اس کے باوجود میں نے چار جگہوں پر ایسے الفاظ موجود پائے ہیں۔''(۲۰)

بعض وثائق کے متعلق اس امکان کو رد نہیں کیا جاسکتا کہ ان وثائق کو سیاسی مقاصد کے لیے گھڑ لیا گیا ہو مثلاً البلاذری اہل نجران کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کے معاہد کی شروط کو روایت کرتے ہوئے کہتے ہیں:

''وقال یحیی بن آدم: وقد رایت کتاباً فی ایدی النجرانین کانت نسخته شبیهةً بهذه النسخة وفی اسفله: وکتب علی بن ابی طالب۔ ولاادری ماذا اقول فیه۔ (۲۱)

بعض وثائق میں لوگوں نے اپنی خواہشات کے لیے اضافے بھی کیے ہیں۔(۲۲)

⑥ وثائق کا تحقیقی معیار

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے وثائق کے تحقیقی اعتبار سے حتمی اور درست ہونے کا دعویٰ نہیں کیا بلکہ انہوں نے کئی ایسے وثائق کی خود بھی نشاندہی کی ہے جن میں سقم موجود ہیں اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ وثائق السیاسیۃ کا ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا کام ایک بنیادی نوعیت کا کام ہے اور اب یہ موجود محققین کی ذمہ داری ہے کہ ان وثائق پر مزید تحقیق کر کے ان کے بارے میں نئے حقائق کو منظر عام پر لائیں۔

حواشی وحوالہ جات

١۔ عون الشریف قاسم، نشاۃ الدولۃ الإسلامیۃ علی عہد رسول اللہ ﷺ ، (دارالکتب الإسلامیۃ ، بیروت ١٩٨١م، ص : ٩۔

٢۔ عون الشریف قاسم ، م ،ن ، ص:٩۔

٣۔ ابن سعد ،محمد بن سعد، الطبقات الکبریٰ دار صادر ، بیروت ، ١/٢٥٨

٤۔ دیکھیے : محمد حمید اللہ ، رسول اللہ ﷺ کی سیاسی زندگی ، وعون الشریف قاسم ، م۔ن، ص : ١٠۔

٥۔ محمد حمید اللہ ، الوثائق ، مقدمہ ۔

٦۔ ابن طولون ، إعلام السائلین : ص ٦ ، و ابن سید الناس ، عیون الأثر : ٢/٦٦٢۔

٧۔ ابن طولون ، إعلام السائلین ، ص : ٤٨ : ٥٣۔

٨۔ ابن ہشام ، السیرہ النبویۃ (دار احیاء التراث العربی ١٩٩٤) ، ٤/٢٦٣۔

٩۔ ابن سعد ، الطبقات ، ٧/ ١٤١۔

١٠۔ ابن ندیم ، محمد بن ابن یعقوب اسحاق ، **الفہرست** ، تحقیق رضا تجدد ، ص ١١٣۔

١١۔ ابن حجر ، احمد بن علی بن حجر العسقلانی ، الاصابۃ فی تمیز اصحابۃ ، (دار احیاء التراث العربی ، بیروت ١٣٢٨ھ): ١/٥٢٠۔

١٢۔ ابن حجر ، فتح الباری شرح صحیح البخاری ، (دار المعرفۃ بیروت ٨/٩٦)، ٨/١٧٧۔

١٣۔ عون الشریف ، قاسم ، م ، ن ، ص : ١١

١٤۔ عون الشریف قاسم ، م ، ن ، ص : ٤١۔

١٥۔ ابو عبید ، کتاب الاموال ، (دار الفکر ١٩٨٨) ، ص ٣٤٨۔

١٦۔ عون الشریف قاسم ، م ،ن ، ص : ١١۔

١٧۔ محمد حمید اللہؒ ، الوثائق ، ص : یہ ۔

١٨۔ م ، ن ، مقدمہ۔

١٩۔ السہیلی، (عبد الرحمن ، الروض الأنف فی شرح السیرۃ النبویۃ لإبن ہشام ، دارالکتب الحدیثه
ص ٧/٤٢٨۔
٢٠۔ دیکھیے : الوثائق کے وثیقه نمبر ٢١ ، ٢٢، ٣٣، ٨٠۔
٢١۔ البلاذری ، فتوح البلدان، ص ٥٠۔
٢٢۔ الوثائق ، مقدمه ۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا مطالعۂ ادیان و مذاہب

* ڈاکٹر محمد عبداللہ

ڈاکٹر محمد حمید اللہ (۱۹۰۸ء-۲۰۰۲ء) کی علمی دلچسپیوں اور تحقیقات و تصنیفات کا دائرہ بہت وسیع بھی ہے اور متنوع بھی۔ قانون بین الممالک سے تو انہیں آغاز ہی سے دلچسپی تھی تاہم قرآنِ حکیم، حدیث، سیرت النبی، اسلامی تاریخ، فقہ و قانون کے مختلف گوشوں میں نادر تحقیقات پیش کیں۔ اسلامی ادبیات و علوم میں ان کی وسیع و متنوع تحقیقات و تحریرات کے باوصف ان کے مطالعہ کی خاص بات ملل و اقوام اور ادیان و مذاہب کا تقابلی مطالعہ پیش کرنا ہے اور یہ خاصیت انہیں مختلف زبانوں کی مہارت اور وسیع مطالعہ سے حاصل ہوئی ہے۔ اردو، انگریزی، فارسی، عربی تو گویا ڈاکٹر مرحوم کی گھر کی زبانیں تھیں اس کے علاوہ فرانسیسی، جرمنی، اطالوی، ترکی اور روسی زبانوں میں بھی مہارت رکھتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے اردو، عربی، انگریزی اور فرانسیسی زبانوں میں معرکۃ الآراء تخلیقات و تحقیقات پیش کیں۔

مطالعہ ادیان میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی دلچسپیوں کے محرکات

اگر ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے مطالعہ ادیان و مذاہب کے محرکات اور دلچسپیوں پر غور کیا جائے تو اس کا ایک بنیادی سبب دنیا کی مختلف زبانوں سے دلچسپی ہے۔ اور یہ دلچسپی قانون بین الممالک کے وسیع مطالعہ اور قرآن حکیم کے تراجم کی بدولت پیدا ہوئی ہے۔ دوسرا محرک ڈاکٹر مرحوم کا یورپ کے مرکز فرانس (پیرس) میں قیام پذیر ہونا ہے جو مختلف مذاہب، گوناگوں بوقلمونی تہذیبوں اور زبانوں کا مرکز ہے۔ ان محرکات و اسباب کا مختصر تذکرہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی اوّلین دلچسپی بین الاقوامی اسلامی قانون سے تھی چنانچہ جب آپ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن میں قانون بین الممالک کے استاد مقرر ہوئے تو انہوں نے طلباء کی تدریسی ضروریات کے پیش نظر اس موضوع پر پہلی کتاب، قانون بین الممالک کے اصول اور نظیریں، مرتب کی۔ کتاب کے پیش لفظ میں مصنفؒ نے موضوع کی دقت

---

* لیکچرار شعبہ علوم اسلامیہ (قائداعظم کیمپس) پنجاب یونیورسٹی لاہور۔

کے بارے میں تحریر کیا، اس کتاب کا موضوع ہمارے ملک کے لئے تو نہیں البتہ ہماری زبان کے لئے بالکل نیا ہے اس پر کوئی کتاب ہی نہیں۔ کوئی مضمون تک ہندوستانی زبان میں میرے دیکھنے میں نہیں آیا...... نصاب میں جس انگریزی کتاب کے دیکھنے کی سفارش کی گئی ہے وہ گیارہ سال پرانی ہے اس کے مواد کو عصری بنانا پہلا مقصد ہے۔(۱)

چنانچہ اس فن پر ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے قلم اٹھایا اور خوب لکھا چونکہ اس فن کے لئے قدیم وجدید، مشرق ومغرب کی تاریخ قانون کا مطالعہ ناگزیر تھا۔ یہی وجہ ہے انہوں نے مذکورہ فن کو کمال تک پہنچایا اور اس ضمن میں مصر، فلسطین، ہندوستان، یونان، روم کے ساتھ ساتھ یہودیت، مسیحیت اور اسلام کے اثرات کا تفصیلی مطالعہ پیش کیا۔ ڈاکٹر محمد الیاس اعظمی کے مطابق، ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب مسلمانوں میں قانون بین الممالک کے پہلے ایسے ماہر ہیں جنہوں نے مختلف زبانوں سے واقفیت کے سبب مختلف قدیم وجدید قوموں اور ملکوں کے بین الممالک اصول وتصورات اور قوانین کا مطالعہ کیا اور کتابیں قلم بند کیں۔(۲) ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی دوسری اہم دلچسپی قرآن حکیم کے تراجم سے تقریباً آغاز ہی سے رہی اس ضمن میں تراجم قرآن حکیم کی فہرست (Bibliography) ''القرآن فی کل لسان'' قابل ذکر ہے جس میں آپ ہر لمحہ، ہر زبان میں تازہ بہ تازہ قرآن پاک کے تراجم کا اضافہ کرتے نظر آتے ہیں۔ اپنے ایک مکتوب میں یہ انکشاف کرتے ہیں ''القرآن فی کل لسان'' میں اب تک ڈیڑھ سو زبانوں میں ترجمے الحمدللہ شائع ہو چکے ہیں، (۳) ڈاکٹر محمد حمید اللہ قرآنی خدمت کی اس علمی دلچسپی میں حد درجہ حریص نظر آتے ہیں کہ مختلف ممالک میں اپنے علم دوست احباب کو مکتوبات کے ذریعے اس طرف متوجہ کرتے ہیں۔ ایک مکتوب میں لکھتے ہیں ''اگر پاکستان میں اردو، انگریزی یا دیگر زبانوں کے تراجم چھپیں تو ان شاء اللہ اس خادم کو آپ یاد رکھیں گے(۴) اسی طرح فرانسیسی ترجمہ قرآن کے دیباچے (پندرھویں ایڈیشن) میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے یورپی زبانوں میں تراجم قرآن کا ذکر کیا ہے۔(۵) دنیا کی ان اہم زبانوں میں مہارت سے مطالعہ مذاہب سے دلچسپی پیدا ہونا لازمی امر ہے۔

مطالعہ مذاہب میں دلچسپی کا دوسرا بڑا محرک ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا یورپ کے اہم ملک فرانس (پیرس) میں مستقل قیام پذیر ہونا ہے۔ یہاں پر آپ کا زیادہ کام انگریزی، فرانسیسی اور جرمن زبان میں ہوا۔ دوسرے مذاہب کے پیروکاروں سے ملنے اور ان کے افکار وخیالات سے براہ راست آگاہ ہونے کا موقع ملا۔ اسی طرح مستشرقین کے اسلام کے بارے میں لٹریچر اور ان کے منہج واسلوب سے نہ صرف آگاہی ہوئی بلکہ آپ کا بیشتر تحقیقی وتصنیفی کام اسی ماحول میں

ہوا۔علاوہ ازیں ایک داعی اور مبلغ کے لئے ضروری ہے کہ وہ نہ صرف عصری علوم وفنون کے ہتھیاروں سے مسلح ہو بلکہ وہ دیگر اقوام وملل، ان کی تہذیب، زبانوں اور مذاہب سے بھی گہری واقفیت رکھتا ہو۔یہی وجہ ہے کہ انہوں نے لسانی مہارت اور استعداد کو دعوتی وتبلیغی مقاصد کے لئے بھرپور طریقے سے استعمال کیا اور ان مغربی زبانوں میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلامی قانون کے علاوہ اسلام کے عقائد وعبادات اور اس کی معاشرتی، معاشی، اخلاقی اور سیاسی تعلیمات پر مختصر لیکن جامع کتب تصنیف کیں۔(۶)

مغرب کے مسیحی پس منظر کے پیش نظر ڈاکٹر محمد حمید اللہ اپنی تصانیف کے ذریعے اسلام اور دیگر مذاہب بالخصوص مسیحیت کا تقابلی جائزہ بھی پیش کرتے رہے۔فرانس کے بعض اشاعتی اداروں نے مختلف دینیاتی و مذہبی مسائل پر ایسی کتب شائع کی ہیں جن میں مختلف مذاہب کے علماء کی تحریریں کہ جن میں مصنفین نے اپنے اپنے مذہب کا موقف پیش کیا ہے شامل کی گئی ہیں۔محمد حمید اللہ ایسی متعدد کتب کے شریک مصنف ہیں۔ایسی ہی ایک کتاب حضرت ابراہیم علیہ السلام پر شائع ہوئی ہے تین ابواب پر مشتمل اس کتاب کا ایک باب ڈاکٹر صاحب کے قلم سے نکلا ہے جبکہ بقیہ دو ابواب یہودی اور عیسائی علماء کے ہیں۔اس باب میں انہوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نبوت و رسالت اور ان کی دعوت و تعلیمات کو اسلامی ماخذ کی روشنی میں اجاگر کیا ہے۔(۷) اسی طرح ڈاکٹر صاحب اپنی علالت سے قبل مسیحی اور اسلامی ماخذ کی روشنی میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات بھی تصنیف کر رہے تھے (۸) بلاشبہ اس نوعیت کی علمی وتحقیقی سرگرمیاں مسیحی حلقوں میں دعوت کے نقطہ نظر سے بڑی اہمیت وافادیت کی حامل ہیں۔ان کی بدولت سابق الہامی مذاہب اور ان کی اہم شخصیات کے بارے میں اسلام کے موقف کی اشاعت کا موقع ملتا ہے۔اسلام اور دیگر الہامی مذاہب کے باہمی تعلق کے بارے میں مسیحی حلقوں میں پائی جانے والی غلط فہمیوں کے ازالہ میں مدد ملتی ہے یہی وجہ ہے کہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ مغرب میں دعوت اسلام کے سلسلہ میں مسیحیت کے تنقیدی مطالعہ کو بہت اہمیت دیتے تھے۔(۹) مختلف زبانوں میں مہارت، وسیع مطالعہ اور دیگر اقوام وملل سے ارتباط واختلاط کے سبب آپ کی تحقیقات' تصانیف و مقالات میں ادیان و مذاہب کا تقابلی مطالعہ نہایت دلچسپی کا حامل ہے۔ادیان و مذاہب کے تقابلی مطالعہ کی یہ چاشنی ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی کم وبیش تمام ہی تحریروں میں پائی جاتی ہے، اپنی معروف تصنیف Introduction to Islam کا آغاز اس اقتباس سے کرتے ہیں:

"In the annals of men, individuals have not been lacking who conspicuously devoted their lives to the socio-religious reform of their connected peoples. We find them in every epoch and in all lands. In India, there lived those who transmitted to the world the Vedas, and there was also the great Gautama Budha; China had its confucious; the Avesta was produced in Iran. Babylonia gave to the world one of the greatest reformmers the prophet Abraham (not to speak of such of his onces tors as Enoch and Noah about whom we have very scanty information). The Jewish people may rightly be proud of a long series of reformers: Moses, Samuel, David, Soloman and Jesus among others". (10)

پروفیسر عبدالقیوم قریشی ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے تقابلی مطالعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

''ڈاکٹر صاحب السنہ شرقیہ یعنی اردو فارسی، عربی اور ترکی کے علاوہ انگریزی، فرانسیسی، جرمن، اطالوی وغیرہ زبانوں پر بھی عبور رکھتے ہیں۔ اسی وجہ سے آپ کا مطالعہ بہت وسیع ہے۔ چنانچہ مختلف اقوام وادیان کے تاریخی اور تقابلی مطالعے کی بدولت آپ کے مقالات اور تصانیف کا علمی و تحقیقی مرتبہ نہایت بلند ہے۔ تبلیغ اسلام کے سلسلے میں آپ کو اسی لسانی مہارت سے بڑی مدد ملی۔ آپ نے اہل مغرب کو اسلام کی حقیقی تعلیمات اور پیغمبر اسلام کی سیرت طیبہ سے متعارف کرانے کے لئے مختلف یورپی زبانوں میں سینکڑوں مقالات اور متعدد کتابیں لکھیں۔ آپ اپنی تقریروں اور تحریروں میں عام مبلغوں کا مناظراتی اور جارحانہ انداز کبھی اختیار نہیں کرتے بلکہ قدیم وجدید مآخذ کے تحقیقی مطالعے سے اپنے نتائج فکر نہایت محتاط اور مثبت طریقے سے پیش کر دیتے ہیں چنانچہ آپ کی تحریر و تقریر کا یہ سائنٹیفک انداز اور

استدلال واستنباط کا مجتہدانہ اسلوب جدید دور کے سنجیدہ علمی مذاق کو بہت متاثر کرتا ہے''(۱۱)

ڈاکٹر محمد حمید اللہ خود بھی مذاہب وادیان کے تقابلی مطالعے کا ذکر اسلامی ادبیات میں نہایت دلچسپی سے کرتے ہیں۔اس اسلوب کی اہمیت پر انہوں نے یوں روشنی ڈالی ہے:

''قرآن مجید میں مختلف مذاہب کے تقابلی مطالعہ کے سلسلے میں بہت سے مذاہب کے عقائد کا ذکر آیا ہے(۱۲)خواہ یہ ذکران کی تردید کے ساتھ ہی کیوں نہ ہو لہٰذا قرآن مجید کو پڑھنے والے کا فریضہ یہ بھی ہوگا کہ تفسیر یا دوسرے وسائل کے ذریعے ان مختلف ادیان کے متعلق اپنی معلومات میں اضافہ کرے ایسی معلومات اس کے لئے تبلیغ دین کے سلسلے میں بھی کارآمد ہو سکتی ہیں اور دوسرے مذاہب کے لوگوں سے مناظرے کے وقت بھی۔مثلاً دوسرے مذاہب کے لوگ سوال یا اعتراض کریں تو ان کے مذاہب سے واقفیت بعض اوقات بڑی کارآمد ثابت ہوتی ہے''۔(۱۳)

چنانچہ ہم نے زیر نظر مقالہ میں ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کی انہی دلچسپیوں کا جائزہ لیا ہے اور ان کی تصانیف ومقالات میں ادیان ومذاہب کے تقابلی مطالعے پر قلم اٹھایا ہے۔مقالہ کے ذیلی عنوانات اس ترتیب سے سامنے آتے ہیں:

① مذاہب عالم کی کتب وصحائف۔

② مذاہب عالم کے عقائد۔

③ مذاہب عالم میں عبادات۔

④ مذاہب عالم کی تعلیمات۔

⑤ اصطلاحات مذاہب عالم۔

⑥ اسلام اور رواداری۔

⑦ مطالعہ ادیان ومذاہب کا متفرق مواد۔

⑧ خلاصہ بحث۔

❶ مذاہب عالم کی کتب وصحائف (Sacred Books of World Religions)

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اپنی تصنیفات میں کئی مقامات پر مذاہب عالم کی کتابوں صحیفوں اور نوشتوں کو موضوع بنایا ہے اور پھر کچھ سوالات اٹھا کر ان کا تجزیہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ان کے خیال میں:

"All the important religions of the world are based on certain sacred books, which are often attributed to divine revelations. It will be pathetic if, by some misfortune, one were to lose the original text of the revelations; the substitute could never be in entire confirmity with what is lost. The Brahmanists, Buddists, Jews, Paris and Christians may compare the method employed for the preservation of the basic teachings of their respective religions with that of the Muslims. Who wrote their books? Who transmitted them from generation to generation? Has the transmission been of the original texts or only their Translations? Have not fratricidal wars caused damage to the copies of the texts? Are there no internal contradictions or lacunac to which references are found elsewhere? These are some of questions that every honest seeker of truth must pose and demand satisfatory replies". (14)

ذیل میں کتب وصحائف کے حوالے سے ان کی تحقیقات پیش کی جاتی ہیں۔

○ صحفِ انبیاء

حضرت آدم علیہ السلام پر دس صحیفے نازل ہوئے تھے لیکن یہ ہماری بدنصیبی ہے کہ ہمیں یہ بھی معلوم نہیں وہ کس زبان میں تھے چہ جائے کہ ان کے مندرجات کا علم ہو۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے حضرت شیث علیہ السلام بھی پیغمبر تھے۔ ان کے متعلق بعض روایات میں ذکر ملتا ہے کہ ان پر بھی چند کتابیں نازل ہوئی تھیں لیکن ان کا بھی دنیا میں اب کوئی وجود نہیں۔ قدیم ترین نبی جس کی طرف منسوب کتاب کا کچھ حصہ ابھی حال ہی میں ہم تک پہنچا ہے حضرت ادریس علیہ السلام ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے فلسطین میں بحر مردار (Dead Sea) کے پاس بعض غاروں میں کچھ مخطوطے ملے ہیں۔ ان مخطوطوں میں سے ایک کتاب حضرت اخنوخ یا انوخ (۱۵) یعنی حضرت ادریس علیہ السلام کی طرف منسوب ہے۔ حال ہی میں اس کتاب کے کچھ تراجم انگریزی زبان میں شائع ہوئے ہیں۔ اگرچہ اس بات کا کوئی حتمی و قطعی ثبوت موجود نہیں لیکن اب تک کی تحقیق کے مطابق ہم اسے قدیم ترین نبی کی کتاب کہہ سکتے ہیں۔ اس کتاب میں آخری نبی کی بشارت بھی ہے جس کو بعد میں عہد جدید (انجیل) کے باب مکتوب یہودا نے بھی نقل کیا ہے۔ (۱۶)

حضرت ادریس علیہ السلام کے بعد حضرت نوح علیہ السلام کے متعلق بھی ہمیں کچھ اشارے ملتے ہیں عراق میں صابیہ کے نام سے ایک چھوٹا سا گروہ پایا جاتا ہے۔ جس کا ایک مستقل دین ہے۔ ان کا یہ دعویٰ ہے کہ ہم حضرت نوح علیہ السلام کی کتاب اور ان کے دین پر عمل پیرا ہیں۔ ان کا یہ کہنا ہے کہ ایک زمانے میں حضرت نوح علیہ السلام کی پوری کتاب ہمارے پاس موجود تھی لیکن امتدادِ زمانہ کے باعث اب وہ ناپید ہے۔ اس کے مندرجات صرف چار پانچ سطروں میں ہمارے پاس موجود ہیں۔ جن میں اخلاقی تعلیم دی گئی ہے۔ اس کے بعد ایک اور نبی آئے جن کی کتاب کا ذکر خود قرآن مجید میں موجود ہے۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں۔ صحف ابراہیم و موسیٰ (۱۷) میں اس کا ذکر آیا ہے۔ ان کی کتاب [صحیفہ] کے مندرجات یہودی اور عیسائی ادبیات میں تو نہیں۔ قرآن مجید میں چند سطروں کی حد تک محفوظ ملتے ہیں۔ (۱۸)

○ اوستا (Avesta)

مجوسیوں کا مذہب زردشت کی لائی ہوئی کتاب 'اوستا' پر مبنی ہے۔ اوستا کے بارے میں کچھ معلومات ہیں۔ زردشت کی کتاب اس وقت کی 'زند' زبان میں تھی کچھ عرصہ کے بعد ایران پر دوسری قوموں کا غلبہ ہوا اور نئے فاتحین کی زبان وہاں رائج ہوئی۔ پرانی زبان متروک ہوگئی نتیجہ یہ ہوا کہ ملک میں مٹھی بھر عالم اور متخصصین کے سوا زند زبان جاننے والا کوئی نہ رہا۔ اس لئے زردشتی مذہب کے علماء نے نئی زبان پازند میں اس کتاب کا خلاصہ اور شرح لکھی۔ آج کل ہمارے پاس اس نسخے کا صرف دسواں حصہ موجود ہے۔ باقی غائب ہو چکا ہے۔ اس دسویں حصے میں بھی کچھ چیزیں عبادات کے متعلق ہیں اور کچھ دیگر احکام ہیں۔ بہر حال دنیا کی ایک اہم کتاب کو اوستا کے نام سے جانتے ہیں لیکن وہ مکمل حالت میں ہم تک نہیں پہنچ سکی۔ (۱۹)

○ ہندومت کی کتب

ہندوستان میں بھی کچھ دینی کتابیں پائی جاتی ہیں اور ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ یہ خدا کی طرف سے الہام شدہ ہیں۔ ان مقدس کتابوں میں وید' پران' اپنشد اور دوسری کتابیں شامل ہیں۔ یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ سب کتابیں ایک ہی نبی پر نازل ہوئی ہیں۔ ممکن ہے متعدد نبیوں پر نازل ہوئی ہوں۔ بشرطیکہ وہ نبی ہوں۔ ان میں بھی خصوصاً پران نامی کتابوں میں کچھ دلچسپ اشارے ملتے ہیں۔ پران وہی لفظ ہے جو اردو میں پرانا یعنی قدیم ہے۔ اس کی طرف قرآن مجید میں ایک عجیب وغریب اشارہ ملتا ہے۔ وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ (۲۰) اس چیز کا پرانے لوگوں کی کتابوں میں ذکر ہے' میں نہیں جانتا کہ اس کا پران سے کوئی تعلق ہے یا نہیں؟ بہر حال دس پران ہیں اس میں بھی آخری نبی کے بارے میں پیشین گوئی موجود ہے۔ (۲۱)

○ توریت (Torah)

حضرت موسیٰ علیہ السلام پر جو کتاب نازل ہوئی وہ ''توریت'' کہی جاتی ہے لیکن دراصل توریت اس کتاب کا ایک جزء ہے توریت کے معنی ہیں' 'قانون'' یہودی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف پانچ کتابیں منسوب کرتے

ہیں۔(۲۲) پہلی کتاب' کتاب پیدائش کہلاتی ہے(۲۳) دوسری کتاب ''کتاب خروج'' جو مصر سے نکلنے کے حالات پر مشتمل ہے(۲۴) تیسری کتاب قانون ہے (۲۵) چوتھی کتاب کا نام اعداد و شمار ہے (۲۶) کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے حکم دیا تھا کہ یہودیوں کی قبیلے وار مردم شماری کی جائے۔ پانچویں کتاب تثنیہ کے نام سے موسوم ہے(۲۷) جس کے معنی یہ ہیں کہ پرانی چیزوں کو دوبارہ دہرایا جائے۔ ان کو Uptodate کیا جائے یا ان کی تشریح کی جائے۔ شروع شروع میں یہودیوں کے ہاں یہ پانچویں کتاب (تثنیہ) نہیں پائی جاتی تھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے چھ سو سال بعد ایک جنگ کے زمانے میں ایک شخص ملک کے اس وقت کے یہودی بادشاہ کے پاس ایک کتاب لایا اور کہا کہ مجھے یہ ایک کتاب غار سے ملی ہے معلوم نہیں کس کی ہے مگر اس میں دینی احکام نظر آتے ہیں بادشاہ نے اپنے زمانے کی ایک نبیہ عورت [Hulda] کے پاس اس نسخے کو بھیجا، یہ کہلا بھیجا کہ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام ہی کی کتاب ہے چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے چھ سو سال بعد اسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب کیا جانے لگا۔ اس کتاب کو تثنیہ کا نام اس لئے دیا گیا کہ اس میں پہلی چار کتابوں کے احکام میں سے چھ احکام خلاصے کے طور پر اور کچھ اضافے کے ساتھ دہرائے گئے ہیں۔ (۲۸) بہر حال ان پانچ کتابوں [خمسہ موسوی] کی سرگزشت یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد آنے والے انبیاء کے زمانے میں یہودیوں نے فلسطین کا کچھ حصہ فتح کیا اور وہاں حکومت شروع کی تو کچھ عرصے بعد عراق کے حکمران بخت نصر (بنوکدنصر) نے فلسطین پر حملہ کیا (۲۹) چونکہ اس کا دین یہودیوں کے دین سے مختلف تھا اس لئے اس نے صرف ملک فتح کرنے پر ہی اکتفا نہ کیا بلکہ ان دشمنوں کے دین کو بھی دنیا سے نیست و نابود کرنے کے لئے توریت کے تمام قلمی نسخوں کو جمع کر کے آگ لگا دی۔ حتیٰ کہ توریت کا ایک نسخہ بھی باقی نہ رہا یہودی مورخوں کے مطابق اس کے ایک سو سال بعد ان کے نبی حضرت عزرا (Esdra) جو شاید عزیر علیہ السلام ہوں' یہ کہا کہ مجھے توریت زبانی یاد ہے۔ انہوں نے توریت املا کروائی۔ توریت کے اس اعادے کے کچھ عرصے بعد روما کے ایک حکمران اینٹوکس (Antiochus) نے وہی کام کیا جو بخت نصر نے کیا تھا۔ یعنی یہودیوں کی تمام کتابیں جمع کر کے جلا دیں اس طرح وہ دوسری مرتبہ نیست و نابود کر دی گئیں۔ (۳۰)

اس کے کچھ عرصے کے بعد ایک اور رومی حکمران طیطس (Titus) نامی کمانڈر کی ماتحتی میں اک فوج بھیجی اور اس نے تیسری مرتبہ فلسطین میں دستیاب شدہ یہودیوں کی تمام کتابوں کو جلا دیا۔

"The books of Moses records tell us how they were repeatedly destroyed and only partly restord". (31)

اب ہمیں توریت کے نام سے جو کتاب ملتی ہے وہ بائبل کے حصہ عہد نامہ قدیم (Old Testament) میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب پانچ کتابیں ہیں یہ کتابیں تین چار مرتبہ کی آتش زدگی کے بعد اعادہ شدہ شکلیں ہیں۔ ان کا اعادہ کس طرح ہوا اور کس نے کیا۔ اس کے متعلق ہمیں کوئی علم نہیں۔ البتہ جو شخص ان کتابوں کو پڑھتا ہے تو اسے دو چیزوں سے سابقہ پڑتا ہے۔ بعض اوقات اسے ایسی چیزیں نظر آتی ہیں۔ جو کھٹکتی ہیں اور اسے احساس ہوتا ہے کہ یہ اصل میں نہ ہوگی بعد کا اضافہ ہیں۔ بعض مقامات پر کمی محسوس ہوتی ہے اور تشنگی باقی رہتی ہے۔ چنانچہ بعض چیزیں جو زیادہ ہوگئیں ہیں وہ اس طرح کی ہیں کہ جو کتاب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب ہے اس میں وہ باتیں ہیں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد پیش آئیں اگر آپ کتاب تثنیہ پڑھیں تو اس کے آخری باب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیماری' وفات' تدفین اور اس کے بعد کے واقعات کا ذکر ملتا ہے (۳۲) ظاہر ہے کہ یہ حصہ بعد کا اضافہ ہے مگر یہ تو ایسی باتیں ہیں جنہیں ہر پڑھنے والا خود محسوس کر لیتا ہے۔ خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ اس میں دیگر کتنی چیزوں کا اضافہ ہوا ہے جو غیر محسوس ہوں۔ اسی طرح جن چیزوں کی کمی نظر آتی ہے یا جن کا وہاں ہونا ضروری تھا مگر وہ نہیں ہیں ایسی ہیں کہ کم از کم بیس مرتبہ اس طرح کے الفاظ ملتے ہیں کہ اس حکم کی تفصیلیں فلاں باب میں ملیں گی۔ جن ابواب کے حوالے دیئے گئے ہیں ان میں سے ایک باب کا نام 'خدا کی جنگیں' اور ایک باب کا نام 'مخلص اور نیک لوگوں کی کتاب' ہے اور وہ باب سرے سے موجود ہی نہیں ہے (۳۳) توریت ضخیم صورت میں ہمارے پاس موجود ہے اور دنیا کی بیشتر زبانوں میں اس کے ترجمے ہو چکے ہیں۔

○ زبور (Psalm)

توریت کے بعد مسلمانوں میں عام طور پر زبور کا نام لیا جاتا ہے اور ہمارا تصور یہ رہا ہے کہ یہ بھی توریت اور انجیل ہی کی طرح کی ایک مستقل کتاب ہے۔ لیکن عہد نامہ عتیق (Old Testament) میں جو چیز حضرت داؤد علیہ السلام کی طرف منسوب ہے اور وہ جس کو سام (Psalm) یعنی زبور کے نام سے موسوم کرتے ہیں اس میں صرف خدا کی حمد وثناء کی نظمیں ہیں۔ کوئی نیا حکم نہیں ہے ہمارا یہ تصور ہے کہ ہر رسول یا نبی ایک نئی شریعت لاتا ہے لیکن اس کتاب

میں کوئی نئی شریعت نہیں ملتی جس طرح پرانی کتابوں میں اک آخری نبی کی بشارت ملتی ہے اس طرح زبور میں بھی ایسی چیزیں ملتی ہیں نیز جو سرگزشت توریت کی رہی وہی زبور کی بھی رہی۔ (۳۴)

❍ انجیل (Gospel)

انجیل کے متعلق مسلمانوں کا تصور عام طور پر یہ ہے کہ وہ ایک مستقل کتاب تھی جو خدا کی طرف سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ لیکن ہمارے پاس عیسائیوں کے توسط سے جو انجیل پہنچی ہے وہ ایک نہیں بلکہ چار انجیلیں ہیں جو یہ ہیں

① متی (Mathew)

② مرقس (Mark)

③ لوقا (Luke)

④ یوحنا (John)

ہر انجیل ایک ایک آدمی کی طرف منسوب ہے۔ یہ چار کتابیں بھی ساری انجیلیں نہیں ہیں بلکہ خود عیسائی مؤرخوں کے مطابق ستر سے زیادہ انجیلیں پائی جاتی تھیں (۳۵) جن میں سے ان چار کو قابل اعتماد اور باقی کو مشتبہ قرار دیا گیا ہے ان کو پڑھنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ خدا کی طرف سے بھیجے ہوئے الہام یا وحی پر مشتمل نہیں بلکہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سوانح عمریاں ہیں۔ چار شخصوں نے یکے بعد دیگرے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سوانح عمری لکھی اور ہر ایک نے اس کو انجیل کا نام دیا (۳۶) حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کوئی کتاب نازل ہوئی بھی تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اسے لکھوایا نہیں اس لئے آج دنیا میں اس کا کوئی وجود نہیں۔ اب جو انجیلیں موجود ہیں ان کی حقیقت یہ ہے کہ بہت سے لوگوں نے مختلف زبانوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سوانح عمریاں لکھیں اور ان سوانح عمریوں کو ہر مصنف نے انجیل کا نام دیا۔ ان میں سے چار کو کلیسا نے قابل اعتماد قرار دیا ہے اور باقی کو رد کیا ہے۔ ان چار انجیلوں کے انتخاب کے متعلق کسی کو کوئی علم نہیں کہ ان کو کس نے انتخاب کیا کب انتخاب کیا اور کن معیارات کو سامنے رکھ کر انتخاب کیا؟

فرانس کا ایک مشہور مؤرخ والٹیر Voltaire نے اپنی ایک کتاب میں لکھا ہے کہ ایک مرتبہ کلیسا کو یہ خیال پیدا ہوا کہ یہ جو ستر سے زائد انجیلیں ہیں اور ان کے مندرجات میں اختلاف بھی ہیں ان میں سے صرف ان انجیلوں کا انتخاب کیا جائے جو قابل اعتماد ہوں۔ انتخاب کا یہ طریقہ کار اختیار کیا گیا کہ کلیسا میں ساری انجیلوں کو عبادت گاہ کے مقام کے پاس ایک میز پر جمع کر دیا گیا۔ پھر اس میز کو ہلایا گیا جو کتابیں نیچے گر گئیں۔ ان کو نا قابل اعتماد اور ہلانے کے باوجود جو کتابیں میز پر باقی رہیں ان کو قابل اعتماد قرار دیا گیا۔ یہ والٹیر کا بیان ہے اس نے کس بنیاد پر یہ بات کہی یہ بتانا میرے لئے دشوار ہے۔ ظاہر ہے کہ عیسائی لوگ اس کی تردید کرتے ہیں اور ایسی بات کہنے والا ان کے نزدیک جھوٹا اور بدمعاش تھا۔ بہرحال اس بات پر سب متفق ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی لکھائی ہوئی کتاب دنیا میں موجود نہیں ہے جو چیز اس وقت ہمارے پاس انجیل کے نام سے ملتی ہے وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سوانح عمریاں ہیں۔ انہیں ہم سیرت عیسیٰ علیہ السلام کہہ سکتے ہیں۔ بعینہ جس طرح مسلمانوں کے ہاں سیرت نبوی کی کتابیں پائی جاتی ہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انجیل کو لکھوایا کیوں نہیں اس کے جواب میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ رقمطراز ہیں۔

> ''میرے ذہن میں جو جواب آتا ہے (ممکن ہے غلط ہو) وہ یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دیکھا کہ ان سے پہلے کے نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام پر جو توریت نازل ہوئی تھی۔ اس کی کیا درگت بنی دشمن حملہ کرتے ہیں' اس کی توہین کرتے ہیں' اسے جلا دیتے ہیں اور نیست و نابود کر دیتے ہیں۔ غالباً انہوں نے یہ سوچا ہوگا کہ کہیں میری کتاب کا بھی وہی حشر نہ ہو لہٰذا بہتر ہے اسے لکھوایا ہی نہ جائے اس طرح یہ کتاب لوگوں کے ذہنوں میں رہے گی عبادت گزار نیک لوگ اسے ادب سے یاد رکھیں گے اور بعد کی نسلوں تک پہنچائیں گے۔'' (۳۷)

○ انجیل برناباس

برناباس حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں میں سے تھے۔ یہ انجیل انہی کی طرف منسوب ہے زمانہ حال کی دستیاب شدہ ایک چیز ہے۔ اس کا کوئی پرانا نسخہ نہیں ملا اور وہ برناباس کی مادری زبان آرامی بھی نہیں ہے۔ بلکہ اطالوی زبان میں ہے اور اس کے قلمی نسخے کے حاشیے پر جا بجا عربی الفاظ بھی لکھے ہوئے ہیں۔ (۳۸)

○ قرآنِ مجید

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے مذاہب عالم کی کتب اوران کے مقدس صحیفوں کی تاریخی واستنادی حیثیت بیان کرنے کے بعد قرآن حکیم کی تاریخ تدوین، صحت اور حفاظت پر بھی سیر حاصل بحث کی ہے۔ اس پوری بحث کا یہاں درج کرنا طوالت کا باعث ہوگا تاہم اہم نکات پیش کئے جاتے ہیں۔ تاکہ قرآن مجید کی استنادی حیثیت اور محفوظیت سامنے آجائے۔

① سابقہ انبیاء کی کوئی کتاب کامل صورت میں ہم تک نہیں پہنچی اس لئے ایک کامل اور محفوظ کتاب کی ضرورت تھی

② قرآن مجید کے لئے عربی زبان کا انتخاب کیوں کیا گیا؟

③ عربی زبان فصاحت وبلاغت کے ساتھ ساتھ غیر تبدل پذیر ہے۔

④ قرآن پاک کے بتدریج نازل ہونے میں حکمت۔

⑤ قرآن مجید کی تبلیغ واشاعت۔

⑥ قرآن مجید لکھنے اور حفظ کرنے کا اہتمام۔

⑦ تدوین قرآن مجید کا اہتمام۔

ان نکات کے علاوہ ڈاکٹر حمید اللہ کی تحقیقات سے دو اقتباس دلچسپی سے خالی نہ ہوں گے۔

①"The original of the Quran was in Arabic and the text is still in use ...... A text in the original language, a codification under the suspices of the prophet himself, a continued preservation by the simultaneous double control of memory and writing, in addition to studying under qualified teachers, and this by a large number of

individuals in every generation, and the absence of any variants in the text. These are some remarksable features of the Quran, the holy book of Muslims" (39)

② ''...... کچھ عرصہ پہلے کا ذکر ہے' جرمنی کے عیسائی پادریوں نے یہ سوچا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں آرامی زبان میں جو انجیل تھی وہ تو اب دنیا میں موجود نہیں۔ اس وقت قدیم ترین انجیل یونانی زبان میں ہے اور یونانی سے ہی ساری زبانوں میں میں اس کے ترجمے ہوئے۔ لہٰذا یونانی مخطوطوں کو جمع کیا جائے اور ان کا آپس میں مقابلہ کیا جائے۔ چنانچہ یونانی زبان میں انجیل کے جتنے نسخے دنیا میں پائے جاتے تھے کامل ہوں یا جزئی ان سب کو جمع کیا گیا اور ان کے ایک ایک لفظ کا باہم مقابلہ Collation' کیا گیا۔ اس کی جو رپورٹ شائع ہوئی اس کے الفاظ ہیں' کوئی دو لاکھ اختلافی روایات ملتی ہیں' اس کے بعد یہ جملہ ملتا ہے کہ ان میں ۸/۱ اہم ہیں' غالباً اس رپورٹ کے بعد کچھ لوگوں کو قرآن کے متعلق حسد پیدا ہوا۔ جرمنی ہی میں میونک یونیورسٹی میں ایک ادارہ قائم کیا گیا قرآن مجید کی تحقیقات کا ادارہ' اس کا مقصد یہ تھا کہ ساری دنیا سے قرآن مجید کے قدیم ترین نسخے جمع کئے جائیں۔ جمع کرنے کا یہ سلسلہ تین نسلوں تک جاری رہا۔ اس کے تیسرے ڈائریکٹر Pretzl نے شخصاً مجھ سے بیان کیا (1933ء کی بات ہے) کہ ہمارے ادارے میں قرآن مجید کے بیالیس ہزار نسخوں کے فوٹو موجود ہیں اور مقابلہ کا کام جاری ہے۔ دوسری جنگ عظیم میں اس ادارے کی عمارت پر ایک امریکی بم گرا اور عمارت کا کتب خانہ اور عملہ سب کچھ برباد ہو گیا۔ لیکن جنگ کے شروع ہونے سے کچھ ہی پہلے ایک عارضی رپورٹ شائع ہوئی تھی۔ اس رپورٹ کے الفاظ یہ ہیں کہ قرآن مجید کے نسخوں میں مقابلے کا جو کام ہم نے شروع کیا تھا' وہ ابھی مکمل تو نہیں ہوا لیکن اب تک جو نتیجہ نکلا ہے وہ یہ ہے کہ ان نسخوں میں کہیں کہیں کتابت کی غلطیاں تو ملتی ہیں لیکن اختلاف روایت ایک بھی نہیں'' (۴۰)

○ حدیث کے مماثل چیزیں

قرآن کی مماثل چیزیں اور قوموں میں بھی ملتی ہیں۔ مثلاً یہود کے ہاں توریت اللہ کی نازل کردہ کتاب ہے یا اور قوموں کے ہاں بھی دعویٰ ہے کہ خدا کی بھیجی ہوئی کتابیں ہیں لیکن حدیث کی مماثل چیزیں دیگر قوموں میں مجھے نظر نہیں آتیں۔ بدھ مت میں ایسی چیز موجود ہے مگر اس کی وہ اہمیت نہیں ہے جو ہمارے ہاں حدیث کی ہے۔ بدھ مت کی اساسی اور بنیادی کتاب اسی قسم کی ہے جیسے ہمارے ہاں ملفوظات کے نام سے مشہور مجموعے ہیں۔

گوتم بدھ کے ملفوظات بھی صرف ایک شخص کے جمع کردہ ہیں لیکن حدیث کے مماثل کوئی ایسی چیز نہیں ملتی کہ بہت سے اہل ایمان اپنے مشاہدات اور اپنے مسموعات کو جمع کر کے بعد والوں تک پہنچانے کی کوشش کریں جیسا کہ حدیث کے مجموعوں میں کوشش کی گئی ہے...... صحاح ستہ جیسی حدیث کی کتابوں کے متعلق ہمیں یہ اطمینان ہے کہ ان کی تدوین، انسانی حد تک صحت کے تمام اصول و شرائط کے مطابق ہوئی ہے لہٰذا حدیث کی کم ترین درجے کی کتاب کو بھی میں پورے اعتماد کے ساتھ دوسری قوموں کی مستند ترین کتابوں پر ترجیح دوں گا گویا حدیث ایک ایسا علم ہے اور حدیث کے مندرجات ایسی چیزیں ہیں جن کے مماثل کوئی اور چیز دوسرے مذاہب میں ہمیں نظر نہیں آتی ان حالات میں تقابلی مطالعے کا امکان باقی نہیں رہتا۔ (۴۱)

○ مذاہب عالم کے عقائد (Believes of the World Religions)

ایمان اور عقائد کے بہت سے اجزاء ہیں مثلاً توحید الٰہی پر ایمان، اللہ کی بھیجی ہوئی کتابوں پر ایمان، اس کے رسولوں پر ایمان، فرشتوں پر ایمان، آخرت اور روز جزاء پر ایمان، خیر و شر کے من جانب اللہ ہونے پر ایمان۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے عقائد و افکار کے تقابل کے باب میں بھی منفرد خیالات پیش کئے ہیں لکھتے ہیں:

> ''اگر ہم ان عقائد کا دیگر مذاہب کے مماثل عقائد سے مقابلہ کریں تو اسلام کی امتیازی حیثیت ظاہر ہوتی ہے اور ایسے نکتے نظر آتے ہیں جن پر آدمی واقعی سر دھننے لگتا ہے''۔ (۴۲)

○ نظریہ توحید

عقائد کے سلسلے میں پہلی چیز اللہ پر ایمان ہے بعض ادیان اللہ کے ایک ہونے کے قائل ہیں اور اس بات کو صراحت سے بھی بیان کرتے ہیں حتیٰ کہ عیسائی بھی جن کے متعلق عام طور پر یہ تصور ہے کہ وہ تثلیث پر ایمان رکھنے کے باعث ایک نہیں تین خداؤں کو مانتے ہیں اسی طرح پارسی بھی خدا کے ایک ہونے پر ایمان کا اظہار کرتے ہیں ہندوؤں کے ہاں بھی بعض ایسے فرقے ہیں جو توحید پر ایمان رکھتے ہیں۔

اگر ہم غور سے دیکھیں تو نظر آتا ہے کہ اسلام کا نظریہ توحید بہ نسبت اور دینوں کی تعلیم کے زیادہ مقبول، زیادہ سادہ اور زیادہ اچھا ہے مثال کے طور پر جیسا کہ میں نے ابھی بیان کیا ہے کہ عیسائیوں میں تثلیث کا تصور پایا جاتا ہے لیکن کسی عیسائی سے پوچھو اور اس سے کہو کہ تم تین خداؤں پر ایمان رکھتے ہو تو وہ تم سے لڑ پڑے گا۔ کہے گا قطعاً نہیں ہم ایک ہی خدا کو مانتے ہیں۔ باپ، بیٹا، روح القدس۔ یہ تینوں ایک ہی خدا کے مظہر ہیں میں زیادہ تفصیل میں نہیں جاؤں گا۔ صرف چند اشارے کروں گا کہ ان کا یہ بیان کہ تثلیث سے مراد توحید ہی ہے' داخلی تضاد کے باعث ناقابل قبول ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ابھی حال ہی میں کوئی سال ڈیڑھ سال کا عرصہ گذرا پیرس میں ایک عیسائی ادارے کی طرف سے مجھے دعوت ملی کہ کسی اسلامی موضوع پر لیکچر دوں اور اس میں اسلامی عقائد کا ذکر کروں وہاں میرا تعارف کراتے ہوئے وہاں کی پراٹسٹنٹ یونیورسٹی کے ریکٹر Rector نے بظاہر مجھ کو سمجھانے کے لئے اصرار اور تکرار سے کہا کہ عیسائی تین خداؤں کو نہیں مانتے ایک ہی خدا کو مانتے ہیں۔ اس کے بعد میں نے اپنی تقریر شروع کی اور اس کا مجھے جواب دینا ایک لحاظ سے ضروری ہو گیا۔ میں نے کہا کہ اگر عیسائی واقعی صرف ایک خدا کو مانتے ہیں تو بسر و چشم، لیکن عیسائیوں کے ہاں ایک طرف اصرار کے ساتھ یہ ادعاء ہے کہ خدا ایک ہے اور دوسری طرف ان کے ہاں آمنت باللہ کی طرح کی جو Creed پائی جاتی ہے اس میں ایسی چیزیں بیان ہوتی ہیں' جو اس کی تائید نہیں کرتیں بلکہ تردید کرتی ہیں۔ غالباً آپ کو علم ہوگا کہ جس طرح مسلمانوں کے ہاں آمنت باللہ و ملئکۃ و کتبہ و رسلہ کی طرح ایک (Creed) پائی جاتی ہے اسی طرح عیسائیوں کے ہاں بھی ہے جس کے الفاظ کم و بیش اس طرح ہوتے ہیں کہ میں خدا پر ایمان لاتا ہوں اور خدا کے اکلوتے بیٹے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لاتا ہوں جن کو فلاں بادشاہ کے

زمانے میں تکلیف دے کر صلیب پر مارا گیا۔ پھر وہ جہنم میں گئے' تین دن وہاں رہے اس کے بعد آسمان پر گئے وہاں خدا کے داہنے ہاتھ پر بیٹھے۔ آئندہ زمانے میں وہ دوبارہ آئیں گے تا کہ زمین پر زندوں اور مردوں کا حساب لیں۔ پھر اس کے بعد کچھ اس طرح کے الفاظ ہوتے ہیں کہ' گوشت پوست کے ساتھ ہی ہمارا حشر ہوگا اور ابدی زندگی حاصل ہوگی۔ تو میں نے اشارہ کیا کہ اگر یہ عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر جانے کے بعد خدا کے داہنے ہاتھ پر بیٹھے تو کوئی شخص خود اپنے داہنے ہاتھ پر نہیں بیٹھتا۔ اس کے معنی یہی ہوں گے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام الگ ہیں اور خدا الگ ہے۔ وہ خدا کے معزز مہمان تو ہو سکتے ہیں کہ خدا کے داہنے ہاتھ پر بیٹھے ہیں لیکن وہ خود خدا نہیں ہو سکتے' اس طرح آپ دیکھتے ہیں کہ عیسائیوں کے توحید کا تصور ہونے کے باوجود اس کا اظہار (Formulation) اس طرح ہوتا ہے جو قابل قبول نہیں رہتا بلکہ خود اپنی تردید کرتا ہے۔ (۴۳)

توحید کے متعلق مسلمانوں کا تصور اتنا سادہ ہے اور اس قدر پرزور ہے کہ اس طرح کی کوئی چیز دوسرے مذہب میں نظر نہیں آتی۔ ابھی میں نے پارسیوں کا ذکر کیا زردشت بھی خدا کے ایک ہونے کا قائل ہے۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ وہاں ثنویت (Duality) یعنی دو خداؤں کا تصور بھی پیدا ہو گیا ہے۔ زردشت کہتا ہے کہ برائی کو خدا کی طرف منسوب نہیں کیا جا سکتا۔ نہ صرف یہ کہ خدا خود برا کام نہیں کرتا بلکہ یہ کہ برائی کا پیدا کرنے والا بھی خدا نہیں ہو سکتا۔ یہ خدا کی ذات کے منافی ہے کہ خدا جیسی ہستی برائی کو پیدا کرے۔ لہٰذا وہ کہتا ہے کہ برائی کا خالق الگ ہے اور بھلائی کا الگ ہے۔ اس طرح دو الگ خالق یا خدا ہیں۔ یہ نظریہ تو نیک نیتی پر مبنی ہے کیونکہ خدا کی عظمت کا احترام کرتے ہوئے وہ کہتا ہے کہ خدا برائی پیدا نہیں کرتا لیکن سوال یہ ہے کہ دنیا میں چونکہ اکثر اوقات برائی کو غلبہ حاصل ہوتا ہے اور بھلائی کو شکست ہوتی ہے' گویا بھلائی کا خدا مغلوب ہو جائے' کیا ہم اسے خدا تسلیم کریں گے؟ علمی نقطۂ نظر سے یہ دشواریاں جو اس طرح کے تصورات پیدا ہوتی ہیں وہ اسلامی تعلیم توحید میں بالکل نہیں۔ اسلامی عقیدہ توحید میں زور دیا گیا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ ایک طرف کامل نفی ہے۔ دوسری طرف استثناء کے ذریعے سے محدود بھی کر دیا گیا ہے کہ صرف یہی اللہ ہے۔ یہ زور بیان کسی اور مذہب کی تعلیم میں نظر نہیں آتا۔ حتیٰ کہ یہودیوں کے ہاں بھی صرف اتنا ہے کہ خدا ایک ہے لیکن یہ زور کہ لا الہ الا اللہ (کوئی معبود نہیں بجز اللہ کے) وہ امر ہے جو یہود کی تعلیم میں بھی نہیں ملتا'' (۴۴)

○ کتابوں اور رسولوں پر ایمان

اس کے بعد عقائد کا اہم جز کتابیں ہیں یعنی میں اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتابوں پر ایمان لاتا ہوں۔ یہ اتنا اہم کلمہ ہے کہ اس کے مماثل ہمیں کوئی چیز دوسرے مذاہب میں نظر نہیں آتی۔ وہ اس لئے کہ اگر یہاں یہ کہا جاتا' میں کتاب پر ایمان لاتا ہوں' یعنی قرآن مجید پر تو یہ صرف ایک کتاب ہوئی لیکن ہمیں یہ تعلیم دی گئی ہے کہ ایک کتاب پر نہیں بلکہ خدا کی بھیجی ہوئی ساری کتابوں پر ایمان لانا ضروری ہے اس عقیدے میں ایک طرف فراخ دلی اور وسیع القلبی کا پہلو ہے اور دوسری طرف اسلام کے عالمگیر ہونے اور ابتداء سے لے کر قیامت تک مسلسل جاری رہنے کا تصور بھی ہے کیونکہ اگر ہم کتابوں پر ایمان لائیں تو اس کے معنی یہ ہوئے کہ آدم علیہ السلام سے لے کر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک جتنی بھی کتابیں آئی ہیں وہ سب مختلف لوگوں کی نہیں ہماری اپنی کتابیں ہیں۔ مثلاً توریت یہودیوں ہی کی کتاب نہیں بلکہ ہماری کتاب بھی ہے۔ انجیل عیسائیوں ہی کی کتاب نہیں ہماری کتاب بھی ہے۔ ایسی تعلیم ہمیں دوسرے مذاہب میں نہیں ملتی عام طور پر یہ دوسرے مذاہب والے یہ کہتے ہیں کہ سارے مذاہب غلط ہیں' انہیں چھوڑ دو۔ صرف ہمارا مذہب سچا ہے میں بھی بطور مسلمان کے یہی کہوں گا کہ میرا دین سچا ہے لیکن دوسرے مذاہب بھی اللہ کی طرف سے بھیجے ہوئے سچے اور الٰہی مذاہب ہیں۔ اگر چہ ان پرانے مذاہب پر عمل نہیں کرتا۔ اسلامی تعلیم یہ ہے کہ خدا کی بھیجی ہوئی ساری کتابیں خدا ہی کا حکم ہیں اور اسی بنا پر ہمارے لئے قابل احترام ہیں۔ اپنی معروف انگریزی کتاب Introduction to Islam میں رقمطراز ہیں:

> "...... Be it what it may, it is a dogma for every Muslim to believe not only in the Quran, but also in the collections of Divine revelations of Pre-Islamic epochs. The Prophet of Islam has not named Buddha, nor Zorooster nor the founder of Indians Brahminism. So the Muslims are not authorised to affirm categorically the Divine character, for instance, of Avesta or of Hindu Vedas; yet they cannot

formally reject either the possibility of the Vedas and Avesta having been in their origion based on Divine revelations, or of having suffered a fate similar to that of the pentateuch of Moses. The same is true in connection with what appertains to China Greeces and other lands".(45)

کتابوں اور رسولوں پر مبنی اس تصور کا نفسیاتی فائدہ بھی ہے بقول ڈاکٹر محمد حمید اللہ ''اگر میں کسی یہودی یا کسی عیسائی کو یہ کہوں کہ تیرا مذہب جھوٹا ہے' تیری نجات کا واحد ذریعہ یہ ہے کہ تو اسلام قبول کرے' تیرے پاس جو کتابیں ہیں وہ لغو اور جلا دینے کے قابل ہیں' تو اسے دکھ ہوگا اور غالباً وہ جوش غضب سے اس قدر مغلوب ہو جائے گا کہ اسلام کی حقانیت کے بارے میں میری کوئی بات سننے یا ماننے کے لئے تیار نہ ہوگا۔ اس کے برخلاف اگر میں اسے یہ کہوں کہ تمہارا دین بھی سچا ہے' تمہارے ہاں کی کتاب بھی سچی ہے' وہ اللہ کی طرف سے بھیجی ہوئی کتاب ہے اور وہی اللہ' جس نے تمہیں یہ کتاب دی اس نے ایک آخری کتاب بھی بھیجی ہے' تم اس کو پڑھو اور غور کر کے دیکھو کہ اس میں کیا بیان ہوا ہے' وہ نسبتاً زیادہ خوش دلی کے ساتھ اس کو پڑھنے اور غور کرنے کے لئے تیار ہوگا۔ اسی طرح اللہ کے تمام رسولوں پر ایمان لانے کا جو حکم دیا گیا ہے' اس میں بھی وہی فراخ دلی' وسیع القلبی' تحمل اور رواداری کا پہلو نظر آتا ہے۔(۴۶)

○ جنت اور دوزخ کا تصور

ہندوؤں اور بدھ مت والوں کا تصور اس کے بارے میں کچھ اور ہی ہے۔ یہ دلچسپ ضرور ہے لیکن ظاہر ہے کہ اسے مسلمان قبول نہیں کر سکتے۔ وہ کہتے ہیں کہ کائنات کا وجود ازل سے ابد تک صرف اتنا ہی ہے جتنا ایک بلبلے کا وجود' جو دریا میں موج کے تلاطم سے پانی کی سطح سے اچھل پڑتا ہے پھر آن کی آن میں دوبارہ گر کر دریا کے پانی میں غائب ہو جاتا ہے۔ انسان کی ہستی بھی اس کائنات کے محض ایک جزو کی ہے۔ اسی طرح ان کا تصور تناسخ یہ ہے کہ اگر آدمی اچھا کام کرے تو اسے جزا ملے گی۔ میں ابھی بیان کروں گا کہ کیا ملے گی اور اگر برا کام کرے گا تو اسے سزا ملے گی۔ ہندوؤں کے عقائد کے مطابق یہ ہے کہ وہ سزا اس برائی کی نوعیت کے مطابق ہوگی۔ اگر اس نے تھوڑی برائی کی ہے۔ مثلاً

وہ بادشاہ ہے تو مرنے کے بعد غلام کے طور پر پیدا ہوگا۔ اگر اس نے اس سے بھی زیادہ برائی کی ہے تو وہ مرنے کے بعد کتا یا بلی بن جائے گا۔ اس کی برائی اگر اس سے بھی زیادہ ہے تو وہ درخت بنے گا۔ اس سے بھی بڑی برائی ہے تو وہ پتھر بن جائے گا۔ جمادات' نباتات' حیوانات یہ سب ارتقاء کی مدارج ہیں۔ اسی لحاظ سے وہ کہتے ہیں کہ اگر کسی کو پتھر بننے کی سزا دی گئی ہے تو اس پتھر کو ارتقاء کے ذریعے سے صدیوں کی مدت کے بعد درخت بننے کا موقع ملے گا۔ اگر درخت اپنی مدت حیات میں مفید کام کرتا رہے تو اس درخت کو صدیوں بعد جانور بننے کا موقع ملے گا۔ وہ جانور اگر اچھے کام کرتا رہے تو اسے ادنیٰ ترین قسم کا انسان یعنی شودر بننے کا موقع ملے گا۔ اگر شودر کی حیثیت سے انسان اچھے کام کرتا ہے اور اپنے فرائض انجام دیتا رہے تو مرنے کے بعد وہ دویش بنے گا۔ اس کے بعد کھتری بنے گا اس کے بعد برہمن بنے گا۔ اگر برہمن کی حیثیت سے اپنی زندگی اچھی طرح گذاری تو مرنے کے بعد دوبارہ خدا کی ذات میں ضم ہو جائے گا۔ جس طرح کہ وہ بلبلہ دوبارہ پانی میں گرا اور پانی بن گیا' برہمن دوبارہ خدا بن جائے گا۔ اگر برہمن نے زندگی برائی کے ساتھ گذاری تو اسے وہی سزا ملے گی اور یہ ان کا آواگون یا تناسخ کا تصور ہے۔ مسلمانوں کا تصور اس بارے میں جنت اور دوزخ کا ہے۔ خود قرآن حکیم اور حدیث میں صراحت سے بیان کیا گیا ہے کہ جنت میں جانوروں اور پرندوں کا گوشت کھانے کو ملے گا۔ وہاں شراب کی' شہد کی اور دودھ کی نہریں ہوں گی۔ تو اس کا مفہوم یہ لینا پڑے گا کہ ہمارے عرفان و شعور کے مطابق' ہمارے ذہن میں آسائش اور لذت کا جو تصور ہے اس تصور کے مطابق بتایا گیا ہے کہ جنت میں یہ نعمتیں ہوں گی۔ ورنہ قرآن میں صراحت سے کہا گیا ہے کہ وہاں وہ چیزیں ہیں جن کا تمہیں تصور بھی نہیں ہوسکتا۔ جب ہمیں ان کا تصور بھی نہیں ہوسکتا جیسے کہ حدیث کے صاف الفاظ ہیں کہ جنت میں وہ چیزیں ہیں جنہیں نہ کسی آنکھ نے کبھی دیکھا' نہ کسی کان نے کبھی سنا' نہ کسی کے دل و دماغ میں ان کا خیال تک کبھی گذرا پھر ہم اسے کیسے سمجھائیں گے۔ انسانی زندگی میں انسان چاہتا ہے کہ اسے خوبصورت بیوی ملے۔ اچھی غذائیں ملیں وغیرہ وغیرہ تو قرآن مجید میں سمجھانے کے لئے ایسی ہی چیزوں کا ذکر آیا ہے جو انسان کو فطرتاً مرغوب ہیں بہرحال حور و قصور کی حقیقت تو اللہ ہی بہتر جانتا ہے لیکن اگر یہ چیزیں نہ بھی ہوں تو بھی کوئی تضاد نہیں۔ کیونکہ قرآن مجید خود کہتا ہے کہ تمہیں وہاں پر تمہاری خواہش کی ہر چیز ملے گی اور حدیث میں صراحت ہے کہ وہاں جو چیزیں ہیں ان کا تمہیں تصور بھی نہیں ہوسکتا تو امکانات باقی رہتے ہیں۔ (۴۷)

○ خیر وشر اور جبر وقدر کا تصور

عقائد کے سلسلے میں آخری چیز کہ برائی اور بھلائی دونوں اللہ کی طرف سے ہیں، بہت پیچیدہ ہے۔ اس میں ایک طرف تو پارسیوں کے مذہب کی تردید ہوتی ہے جو یہ کہتے ہیں کہ نیکی کا خدا الگ ہے اور برائی کا خدا الگ ہے۔

اس نظریے میں منطقی اعتبار سے یہ خامی ہے کہ اگر نیکی کسی وقت مغلوب ہو جائے تو دوسرے معنوں میں اس کا مفہوم یہ نکلتا ہے کہ نیکی کا خدا مغلوب ہو یا اس کے باوجود ہم اسے خدا مانتے رہیں۔ اسے عقل قبول نہیں کرتی۔ اس کے برخلاف اسلام کہتا ہے "وقدر خیرہ و شرہ من اللّٰہ تعالی" یعنی خیر وشر دونوں اللہ کی طرف سے ہیں۔ تو پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ سزا کیوں دی جاتی ہے؟ جبر وقدر کا یہ مسئلہ بڑا پیچیدہ ہے اس پر دنیا کے ہر مذہب میں صدیوں سے بحث ہوتی آ رہی ہے اور اب تک اس کا کوئی حل نہیں نکل سکا؟ اگر ہم ایک جواب دیں کہ انسان مجبور ہے اور وہی کرتا ہے جو خدا نے مقرر کر رکھا ہے تو اس پر کچھ اعتراض ہوئے ہیں۔ یہ ایک دوہری مشکل ہے یعنی دونوں صورتیں قابل اعتراض ہو جاتی ہیں۔ اسی وجہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑی سختی سے تاکید کی کہ اس بحث میں نہ پڑو۔ تم سے پہلے کی قومیں اس مسئلے پر بحث کرنے لگیں اور گمراہ ہو گئیں۔ ان حالات میں اصولاً مجھے مزید بحث کرنے کی ضرورت نہیں ہونا چاہیے لیکن میں تھوڑی سی توضیح کرتا ہوں۔ جیسا کہ میں نے آپ سے کہا کہ اگر انسان کو مجبور قرار دیا جائے یعنی ایک مشین کی طرح وہی کام کرتا ہے جو خدا نے مقرر کر رکھا ہے تو ہم یہ سوچتے ہیں کہ اگر ہم برائیاں کریں تو سزا کیوں دی جاتی ہے؟ یہ اعتراض اور یہ سوال ٹھیک ہے لیکن یہی بھلا مانس انسان یہ کیوں نہیں سوچتا کہ اگر میں بھلائی کرتا ہوں تو وہ بھی خود بخود بالا ارادہ ہوگی پھر مجھے جنت کا کیا حق ہے؟ اس پر وہ چیزیں ہمارے ذہن میں نہیں آتیں بلکہ ہم خود طے کرتے ہیں کہ مجھے کیا کرنا چاہیے اور کیا نہیں کرنا چاہیے تو اس کا مفہوم یہ نکلتا ہے کہ اللہ کو معلوم نہیں کہ انسان کیا کرنے والا ہے حالانکہ وہ عالم الغیب ہے۔ ساری اگلی اور پچھلی چیزوں کو ان کے وجود میں آنے سے پہلے سے جانتا ہے۔ اگر ہم انسان کو قادر قرار دے دیں تو اس کے معنی یہ نکلتے ہیں کہ اللہ کو علم نہیں ہے کہ میں کیا کرنے والا ہوں اور اللہ ہمارے اس کام کو، جو ہم کرنے والے ہیں، خود پیدا نہیں کرتا بلکہ وہ ہم پیدا کرتے ہیں یہ ہے وہ دوہری شکل (Dilemma) جس کی بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس بحث میں نہ پڑو۔

حقیقت میں یہ دونوں مختلف سطحوں کی مختلف درجات کی دو مختلف مداروں میں گھومنے والی چیزیں ہیں۔ انسان کی ذمہ داری اور جواب دہی' زمینی تصور ہے۔ اللہ کی قدرت، اللہ کا مقرر کرنا یہ آسمانی تصور ہے۔ ان دونوں میں کس طرح کے تصادم کا کوئی امکان نہیں پایا جاتا۔ گویا میں اپنے ہر کام کا زمینی مفہوم میں ذمہ دار ہوں اور یہ چیز آسمانی مفہوم میں خدا کی طرف سے پیدا ہوتی ہے۔ اس میں کوئی تضاد یا تصادم نہیں ہے۔ (۴۸)

مذاہبِ عالم میں عبادات (Religious Practices)

دنیا کے ہر مذہب نے عبادت اور پوجا پاٹ کا ایک نظام دیا ہے اس سے جہاں روحانی تسکین ہوتی ہے وہاں ایک مرئی یا غیر مرئی ہستی کے سامنے اطاعت وفرمانبرداری کا جذبہ بھی پروان چڑھتا ہے ڈاکٹر حمید اللہ نے عبادت کے اسلامی تصور پر یوں روشنی ڈالی ہے۔

> "It may be recalled that the Islamic word for the service of worship is *'Ibadah'* which is from the same root a *'abd* i.e., slave. In other words worship is what the slave does, the service the master desires of him. (49)

اسلام اپنے محدود معنی میں اطاعت کرنے اور اپنے آپ کو دوسرے کے سپرد کر دینے کا نام ہے۔ جب جبرئیل نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اسلام کیا چیز ہے تو آپ نے فرمایا نماز پڑھنا' روزے رکھنا' زکوۃ دینا اور حج کرنا۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے ان عبادات پر تقابلی انداز میں روشنی ڈالی ہے ذیل میں ان کی تحقیقات کا جائزہ لیتے ہیں۔

○ نماز عبادات کی جامع

نماز کا مقابلہ اگر ہم دوسری قوموں اور دوسری ملتوں کی عبادات سے کریں تو ہمیں اسلام کی بڑی فوقیت نظر آتی ہے یہودیوں کی عبادت کا طریقہ ہے کہ وہ اپنے مذہبی معبد کو جاتے ہیں اور ان کا امام تورات کھول کر گھنٹے دو گھنٹے تک مسلسل تلاوت کرتا ہے اور سارے لوگ مرد اور عورتیں ادب کے ساتھ سنتے ہیں۔ پھر تلاوت ختم ہو جاتی ہے سارے لوگ اپنے گھروں کو چلے جاتے ہیں اور کوئی چیز نہیں ہوتی ہمارے ہاں کی طرح رکوع وسجدہ' قیام وقعود' وغیرہ نہیں ہوتا۔

پارسیوں کے ہاں آتش پرستی ہوتی ہے اس کی بڑی دلچسپ کہانی ہے۔ میں اس تفصیل میں نہیں جاتا صرف اشارۃً ذکر کرتا ہوں اس کی توجیہہ بعد میں کروں گا۔ ہندوؤں کے ہاں گائے کی پوجا ہوتی ہے۔ عیسائیوں کے ہاں ایک طرح سے صلیب کی پرستش ہوتی ہے۔ کیا چیزیں ہیں؟ بظاہر یہودی' پارسی اور عیسائی ہماری طرح کے انسان ہیں۔ صاحب عقل وفہم ہیں۔ اس کے باوجود یہ کیا بات ہے کہ وہ جاہلانہ حرکت کرتے ہیں کہ آگ کی پوجا کرتے ہیں۔ لکڑی کی پوجا کرتے ہیں اور گائے (جانور) کی پرستش کرتے ہیں۔ ایک دن میرے ذہن میں خیال آیا کہ کسی کی تعریف دو طرح سے ہوسکتی ہے' براہ راست بھی اور بالواسطہ بھی مثلاً کسی مصور سے ہم کہیں کہ تم بڑے ماہر مصور ہو تو ظاہر ہے کہ وہ اس تعریف سے خوش ہو جائے گا۔ لیکن اگر مصور سے مخاطب ہوئے بغیر اس کی بنائی ہوئی چیزوں میں سے ایک طرف اشارہ کر کے ہم کہیں کہ کیا نفیس تصویر ہے تو اس بالواسطہ حمد وثنا سے مصور کو اتنی ہی خوشی ہوگی جتنی راست تعریف سے ہوسکتی ہے۔ پرانے مذہبوں میں بالواسطہ حمد وثنا کو اختیار کیا گیا مثلاً جس زمانے میں پارسی مذہب وجود میں آیا' اس وقت انسان نے آگ کو اپنے قابو میں کر لیا تھا آگ سے فائدہ اٹھانا اور اس کی ہلاکتوں سے بچنا انسان نے سیکھ لیا تھا۔ اس وقت اس نے سوچا کہ اللہ کی قدرت کے مظاہر اور شواہد میں سب سے طاقتور چیز آگ ہے کوئی اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ جو بھی قریب جاتا ہے جل کر ختم ہو جاتا ہے۔ لہٰذا پارسی مذہب کے بانیوں نے کہا کہ ہم خدا کی تعریف کرنا چاہتے ہیں تو اس کے بہترین مظہر آگ کی پرستش کرنا چاہیے۔

ہندوستان میں جب آریہ آئے تو انہوں نے اپنی زرعی معیشت میں گائے کو سب سے مفید اور منفعت بخش پایا' تو خدا کی اس سب سے بڑی نعمت کے گن گانے لگے اور خدا کی نعمتوں کی سب سے بڑی علامت کے طور پر اس کا احترام کرنے لگے۔ اللہ ایک منعم ہے۔ لہٰذا اس کا شکر ادا کرنے کے لئے وہ اس کی سب اچھی نعمت کی تعریف کرتے ہیں اور اس کا ادب کرتے ہیں یوں بالواسطہ وہ اللہ کا ادب کرنا چاہتے اور اللہ کی تعریف کرنا چاہتے ہیں۔ یہودیوں کے ہاں اپنی عبادت میں صرف توریت تلاوت کی جاتی ہے جس کو وہ خدا کا کلام کہتے ہیں۔ خدا کے کلام کی تلاوت ان کے نزدیک عبادت ہے کلام اللہ کی تلاوت کے معنی ہیں کہ ہم اللہ کے احکام سے واقفیت حاصل کریں اس پر عمل کریں اور اس کے مطابق اس تک پہنچیں۔ اس میں ایک عمیق مفہوم ہے۔ اللہ موجود ہے لیکن وہ ہمیں نظر نہیں آتا۔ یہ نہیں کہ وہ نہ ہو۔ وہ ہے اور ہم ہی اندھے ہیں کہ اسے دیکھ نہیں سکتے۔ لیکن بن دیکھے بھی ہم اس سے محبت کرتے ہیں اور اس

تک پہنچنا چاہتے ہیں۔اس کا راستہ بھی ہمیں معلوم نہیں۔یہ راستہ صرف خدا ہی جانتا ہے۔ایک اندھے کی ظاہر ہے کہ صرف آواز ہی کے ذریعے سے رہنمائی کی جاسکتی ہے۔اس لئے اندھے عاشق کو اس کا مہربان معشوق (اللہ سبحانہ وتعالیٰ) آواز کے ذریعے سے کلام کے ذریعے سے اپنا راستہ بتاتا ہے یہ ہے رمز جو توریت کی تلاوت میں مضمر ہے۔
عیسائیوں کے ہاں ایک طرح کی وحدانیت کا تصور بھی ہے اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کی ان لوگوں کو اس پر اصرار بھی ہے۔ان کے ہاں عبادت کے مراسم میں کئی چیزیں شامل ہیں ایک طرف تو وہ یہودیوں کی توریت ہی کی طرح سے انجیل کے اقتباسات کو عبادت کے وقت تلاوت کرتے ہیں' دوسری طرف ایک چیز ہے جیسے کمیونن کا نام دیا جاتا کمیونن پروٹسٹنٹ لوگوں کے ہاں نہیں ہے۔زیادہ تر کیتھولک اور آرتھوڈکس فرقوں میں پایا جاتا ہے۔اس کے معنی یہ ہیں کہ نماز یعنی عبادت کی تکمیل ہونے کے بعد ان کا پادری انہیں روٹی کا ایک ٹکڑا دیتا ہے۔جسے وہ کھاتے ہیں اور شراب کے چند گھونٹ دیتا ہے جسے وہ پیتے ہیں اور تصور یہ ہوتا ہے کہ ہم خدا کی ذات میں مدغم ہو گئے ہیں کیوں؟ انجیل میں یہ واقعہ بیان ہوا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جب رومیوں نے گرفتار کر لیا اور انہیں سولی پر چڑھایا جانے والا تھا تو آخری رات کو جب وہ اپنے حواریوں کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے تو انہوں نے یکا یک ایک روٹی اٹھائی اور اپنے ساتھیوں کی طرف بڑھا کر کہا اسے کھاؤ یہ میرا جسم ہے پھر ایک گلاس اٹھایا اور کہا کہ اسے پیو یہ میرا خون ہے۔ انجیل کے اس بیان کردہ واقعہ کو عیسائیوں کے ہاں بہت اہمیت دی گئی ہے وہ کہتے ہیں کہ اگر ہم روٹی کھائیں تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا جسم بن جاتے ہیں اور شراب پئیں تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا خون بن جاتے ہیں چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا ہیں اس لئے روٹی کھانے اور شراب پینے سے ہم خدا کو اپنے اندر مدغم کر لیتے ہیں یہ تصور بھی رمز کی حد تک قبول ہے۔(۵۰)

اب ہم دیکھیں گے کہ اسلام میں عبادت کا کیا طریقہ ہے۔نماز میں سورۃ فاتحہ پڑھی جاتی ہے۔جس میں اللہ کی حمد وثنا ہے یعنی گویا ہم براہ راست حمد وثنا کرتے ہیں۔لہٰذا ہمیں ضرورت نہیں کہ کسی رمز کے ذریعے سے اللہ کی حمد کریں۔راست اور بالواسطہ دونوں چیزیں حمد کا ذریعہ بن سکتی ہیں۔اور اسلام نے چاہا کہ اللہ جو ذات واجب الوجود ہے اس کی تعریف بھی راست ہونی چاہیے۔بہرحال اسلام نے بتایا کہ اللہ کی تعریف خود اللہ کے بتائے ہوئے الفاظ کے ذریعے سے کریں یہودیوں کے ہاں توریت کے متعلق جو تصور ہے کہ اللہ کا کلام ہمارا راہنما ہے اس لئے چاہیے

کہ ہم اس کی تعمیل کریں۔ اپنی نماز میں ہم بھی قرآن مجید یا کلام اللہ پڑھتے ہیں۔ عیسائیوں کے ہاں کمیونین کا جو تصور ہے کہ ہم خدا کی ذات میں ضم ہو گئے وہ ایک مادی واسطہ ہے۔ اسلام نے دیکھا کہ اللہ کی ذات مجرد ہے۔ اس لئے اسے تقرب بھی مجرد طور سے ہونا چاہیے۔ وہ طریقہ مسلمانوں کے ہاں تشہد ہے۔ نماز کے اختتام کے وقت قیام' رکوع' سجود' حمد و ثنا' غرض کائنات میں سے ایک نوع کے طریقہ عبادت کے ذریعے سے اللہ کو اپنی اطاعت شعاری کا یقین دلا کر ہم اپنے آپ کو اس بات کے قابل تصور کرتے ہیں کہ ہمیں اللہ کے حضور میں باریابی کا موقع ملتا ہے تو چھوٹا سلام کرتا ہے اور بڑا مہربانی سے سلام کا جواب دیتا ہے التحیات کے معنی ہیں آداب عرض کرنا۔ یہ چیز معراج کے واقعہ سے لی گئی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب معراج کے موقع پر اللہ کے حضور میں پہنچے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ''التحیات للّٰہ کہا۔ اس پر مہربانی سے جواب دیا ''السلام علیك ایھا النبی و رحمته اللّٰہ و برکاته'' رسول اللہ نے اپنی امت کا بھی خیال فرمایا اور فوراً ہی کہا ''السلام علینا و علیٰ عباد اللّٰہ الصٰلحین'' اور ہم سب حقیر امتوں کو بھی۔ ان برکات میں جو اللہ کی طرف سے نازل ہو رہی تھیں شامل کر لیا۔ حاضری اور ملاقات کو سلام اور جواب سلام کے ذریعے سے ہم نے رمز کے طور پر اختیار کیا ہے۔ اللہ کی ذات میں مدغم ہو جانے کا تصور ہمارے نزدیک ناقابل قبول ہے۔ اس کی جگہ ہم اللہ کا قرب حاصل کرتے ہیں۔ اس کے حضور میں حاضر ہو کر آداب بجا لاتے ہیں۔ وہ ہمارے سلام قبول کرتا ہے اور ہم پر رحمت و برکت نازل کرتا ہے۔ اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ اسلامی عبادت ایک طرح سے سارے مذاہب عالم کے بلکہ ساری کائنات کے طریقہ ہائے عبادت کا خلاصہ ہے۔

کائنات میں تین طرح کی چیزیں پائی جاتی ہیں۔ جمادات، حیوانات اور نباتات۔ جمادات کو ہم دیکھتے ہیں کہ وہ کبھی حرکت نہیں کرتے بلکہ ساکت رہتے ہیں۔ نماز میں ہم پہلے بے حرکت کھڑے ہو جاتے ہیں۔ گویا جمادات کی عبادت کا طریقہ ہماری عبادت میں قیام کے ذریعے سے شامل ہو گیا۔ حیوانات ہمیشہ رکوع کی حالت میں رہتے ہیں یہ ان کی عبادت ہے۔ ہماری نماز رکوع کی حالت میں اسی کی مماثل ہے۔ درختوں کا منہ ان کی جڑیں جو زمین میں گڑی رہتی ہیں لہٰذا اسلامی عبادات میں نباتات کا طریقہ عبادت بھی شامل ہے۔ صرف جمادات، حیوانات اور نباتات ہی کی نہیں، نماز میں کچھ انسانی خصوصیات بھی ہیں جیسے التحیات اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ اسلامی عبادت سارے دینوں بلکہ ساری کائنات کی عبادتوں کا مجموعہ ہے اس لئے ان سب سے فائق ہے۔ (۵۱)

○ روزہ کا تصور

حال ہی میں پیرس میں ایک کتاب شائع ہوئی ہے جسے ایک یورپین غیر مسلم (غالباً کیتھولک) ڈاکٹر ژوفرائے نے لکھا ہے اس کا عنوان 'روزہ' ہے۔ اسے پڑھتے ہوئے مجھے عجیب وغریب باتیں معلوم ہوئیں۔ اس کا کہنا ہے کہ روزہ طبی نقطۂ نگاہ سے بھی انسانوں کے لئے مفید ہے۔ وہ ایک دلچسپ انکشاف کرتا ہے کہ روزہ انسانوں میں ہی نہیں بلکہ کائنات کی اور چیزوں، مثلاً درختوں اور حیوانوں میں بھی پایا جاتا ہے۔ اگرچہ اس کا ہمارے موضوع سے کوئی براہِ راست تعلق نہیں تاہم آپ کی دلچسپی کے لئے عرض کرتا ہوں۔ جہاں تک حیوانوں کا تعلق ہے ان کے متعلق اس نے ذکر کیا ہے کہ ایسے وحشی جانور جو بالکل فطری حالت میں رہتے ہیں۔ جس زمانے میں برف باری ہوتی ہے انہیں کھانے پینے کی کوئی چیز نہیں ملتی اور بعض اوقات اس کا سلسلہ کئی کئی مہینوں تک جاری رہتا ہے جن علاقوں میں برفباری شدید ہوتی ہے وہاں برف کی وجہ سے مہینوں تک نظر نہیں آتی اس صورت میں ایسے جانور جو اپنی غذا کو خود حاصل کرتے ہیں انہیں نہ کوئی چیز کھانے کو ملتی ہے اور نہ پینے کو، اس کے باوجود وہ نہیں مرتے۔ اس نے لکھا ہے کہ تحقیقات سے معلوم ہوا کہ جانور، پرندے، سانپ وغیرہ سب پہاڑوں کے غاروں میں چلے جاتے ہیں اور وہیں سو جاتے ہیں اس کو Hibernation کہتے ہیں۔ یعنی سردی کے زمانے کی نیند۔ اس کا سلسلہ ہفتوں بلکہ مہینوں تک جاری رہتا ہے۔ وہ بیان کرتا ہے کہ یہ نہ کھانے اور نہ پینے کی حالت، یعنی روزے کے باعث ان جانوروں میں نئے سرے سے جوانی آتی ہے۔ جب سردیوں کا زمانہ ختم ہو جاتا ہے اور بہار کا موسم آنے لگتا ہے تو ایسے پرندے، جوان غاروں میں ہیں، ان کے پرانے پر جھڑ جاتے ہیں اور نئے پر نکل آتے ہیں۔ جن کی طراوت اور خوش نمائی سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ نئے سرے سے جوان ہو گئے ہیں۔ اسی طرح سانپ کے متعلق وہ لکھتا ہے کہ اس کی جھلی جھڑ جاتی ہے اور اس کو ایک نئی کھال یا نیا چمڑا ملتا ہے جو چمک دمک میں پہلے سے بہتر ہوتا ہے۔ اس زمانے میں ان جانوروں میں واقعی ایک جوانی سی آ جاتی ہے انہیں اپنی تعداد بڑھانے کے لئے نر کو مادہ سے ملنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ اس زمانے میں ان روزہ رکھے ہوئے جانوروں میں پہلے سے زیادہ قوت اور پہلے سے زیادہ جوانی آ جاتی ہے۔ اسی طرح درختوں کے متعلق وہ بیان کرتا ہے کہ سردیوں خصوصاً برفباری کے زمانے میں درختوں کے سارے پتے جھڑ جاتے ہیں انہیں کوئی پانی نہیں دیا جاتا۔ ان کی کسی قسم کی آبپاشی نہیں ہوتی۔ گویا وہ روزہ رکھتے ہیں روزے کی مدت ہفتوں

اور مہینوں تک چلتی ہے۔ یہ روزہ ختم ہونے پر درختوں کو ایک نئی جوانی حاصل ہوتی ہے۔ ان مشاہدات کی روشنی میں ڈاکٹر ژوفرائے کا کہنا ہے کہ انسانوں کو بھی ہر سال روزے رکھنے چاہئیں یہ ان کی صحت کے لئے بہتر ہوگا یہ ان کو نئی توانائی اور نئی جوانی عطا کریں گے۔ اس نے بہت سی لمبی بحثیں کی ہیں کہ آج کل بہت سی بیماریاں ایسی ہیں جن کا ابھی تک کوئی علاج دریافت نہیں ہوا۔ ان کا علاج طویل یا مختصر فاقہ کشی، یعنی روزے کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ آخر میں اس نے نتیجہ نکالا ہے کہ انسانوں کو ہر سال سات ہفتے لازماً روزہ رکھنا چاہیے اور ہر ہفتہ میں ایک دن روزہ چھوڑ دینا چاہیے اس طرح اسے بیالیس روزے رکھنے چاہیں اسے ہم ان کا چلہ کہہ سکتے ہیں اس کی رائے میں انسان کی صحت کو محفوظ رکھنے کا یہ بہترین طریقہ ہے یہ طبی مشورہ عیسائی دینی عقائد و احکام سے متاثر ہے۔(۵۲)

انجیل میں ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبوت ملنے سے قبل ایک صحرا میں معتکف ہوئے اور مسلسل چالیس دن روزہ رکھا تھا۔ ابتدائی عیسائی اس کی یاد میں خود بھی روزہ رکھنے لگے مگر عملدرآمد ہر جگہ یکساں نہ تھا۔ ۴۳۹ء سے پہلے شہر روما کے عیسائی صرف تین ہفتے روزہ رکھتے تھے تو اسکندریہ والے سات ہفتے جن میں سے سارے سینچر اور اتوار مستثنٰی ہوتے بجز ایک مقدس سینچر کے اس طرح چھتیس روزے ہر سال رکھے جاتے تھے اور وہ خیال کرتے تھے کہ ۳۶ کی تعداد سال کا دسواں حصہ اور مال کی طرح غذا کا بھی دسواں حصہ زکات روزہ ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جو کوئی پورا رمضان کا مہینہ روزہ رکھے پھر اس کے بعد کے مہینے میں شوال میں چھ دن روزے رکھے تو یہ پورا سال روزہ رکھنا مقصود ہوتا ہے۔ یہ اصل میں ایک آیت کریمہ پر مبنی ہے من جآء بالحسنة فله عشرا مثالها (۵۳) کوئی ایک نیکی کرتا ہے تو اسے دس گنا ثواب دیا جائے گا یہ بہت ٹھیک بیٹھتا ہے کہ ایک مہینہ کے دس مہینے اور چھ دن کے ساٹھ۔(۵۴) ہندوؤں کے ہاں روزہ ہے لیکن زمانہ اور تعداد زیادہ معین نہیں۔ اور لزوم بھی کم ہے۔ بانیان مذہب کی تاریخ پیدائش اور سورج گرہن اور چاند گرہن جیسے اثر انداز کرشمہ ہائے قدرت کے موقعوں پر دین دار لوگ روزہ رکھتے ہیں۔ اور سہ پہر کے تقریباً تین بجے افطار کر لیتے ہیں۔ میکسیکو کے سرخ فام لوگوں کے دینی سرکردہ سالانہ ۱۶۰ دن روزہ رکھتے ہیں گویا ایک دن آڑ۔ حدیث میں ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی بھی عادت تھی۔ بعض ممالک میں قدیم زمانے میں موسم بہار میں روزہ رکھنا واجب کیا گیا تھا تا کہ غیر شادی شدہ لوگوں میں زنا کاری کم ہو۔ ایک حدیث میں بھی ہے کہ کسی کے پاس بیوی نہ ہو تو باعفت رہنے کے لئے روزہ رکھا کرے۔(۵۵)

○ حج کا تصور

دوسری قوموں کا حج یا تو اپنے کسی بزرگ' کسی ولی کسی بانی مذہب کی زیارت کرنا ہے یا مظاہر قدرت اور عجائبات میں سے کسی بہت ہی عجیب چیز کی زیارت کرنا ہے۔ چنانچہ ہندو دریائے گنگا کے منبع کی زیارت کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ اس میں بڑا ثواب ہے۔ دریائے گنگا اور جمنا کا سنگم جوالہ آباد کے مقام پر ہے۔اس کی زیارت میں بڑا ثواب سمجھتے ہیں۔اسی طرح عیسائیوں کے ہاں حضرت عیسیٰؑ کی جو مبینہ قبر ہے۔ ہر چند وہ کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر جا چکے ہیں اور قبر خالی ہے' لیکن ان کے نزدیک اس قبر کی زیارت کرنا بہت ثواب کا کام ہے۔ عام عیسائی جو بیت المقدس نہیں جا سکتے وہ سینٹ پیٹر [پطرس] کی قبر کی جو ویٹی کان (Vatican) اٹلی میں ہے' زیارت کرنا ثواب سمجھتے ہیں اور تو اور مذہب کے نام تک سے نفرت کرنے والے کمیونسٹ جب انگلستان جاتے ہیں تو ان کے نہایت ہی محترم افراد مثلاً وزیر اعظم اور وزیر خارجہ بھی کارل مارکس کی قبر کی زیارت کو ضرور جاتے ہیں جو انگلستان میں دفن ہے گویا ان کے ہاں بھی حج پایا جاتا ہے۔لیکن یہ سارے حج یا تو مظاہر قدرت کے کسی مقام کی زیارت یا اپنے کسی مقدس آدمی کی زیارت پر مشتمل ہے۔ مسلمانوں کا حج ان سب سے مختلف ہے اور وہ ہے اللہ کے گھر کی زیارت۔اس کے حضور میں اس کے مکان میں حاضر ہو کر باریابی حاصل کرنا۔ کعبے کو علامتی طور پر بیت اللہ کہا جاتا ہے۔ یہ ایک رمز ہے جس کی توجیہہ ان نوجوانوں کے لئے شدید دلچسپی کا باعث ہو جنھوں نے کبھی اس پہلو پر غور نہیں کیا۔اللہ کے اسماء حسنیٰ ننانوے ہیں۔قرآن مجید میں ایسے نام بھی ہیں جو اللہ کی صفات کے مظہر ہیں مثلاً رزاق، خالق وغیرہ وغیرہ۔ان ناموں میں سے جو نام میری رائے میں انسان اور خدا کے تعلقات کی سب سے بہتر نمائندگی کرتا ہے وہ نام ہے "الملک" بادشاہ۔ جب ایک نام کسی غرض کے لئے منتخب کر لیا گیا تو انسانی سوسائٹی میں اس نام کے ساتھ جو لوازم ہیں ان کو بھی قبول کرنا ہوگا۔ بادشاہ سے کچھ چیزیں خاص طور پر منسوب ہیں مثلاً بادشاہ کے پاس فوجیں ہوتی ہیں وللّٰہ جنود السموات و الارض' بادشاہ کے پاس خزانے ہوتے ہیں وللّٰہ خزائن السموات و الارض' بادشاہ کے پاس ملک ہوتا ہے۔ولله ملك والسموات و الارض' جب سلطنت کا رقبہ بہت وسیع ہو تو بادشاہ اس کے پایہ تخت یا صدر مقام تجویز کرتا ہے۔ پایہ تخت کے لئے انگریزی زبان کے ایک لفظ سے آپ واقف ہوں گے۔(Metopolis) یہ ایک یونانی لفظ ہے جس کے معنی ہیں شہروں کی ماں۔اس کے

معنی ہیں قرآن کا لفظ ''ام القریٰ'' اور شہر مکہ ام القریٰ ہی کے نام سے مشہور ہے۔ گویا اللہ کی سلطنت کا وہ صدر مقام ہے جب ایک میٹروپولیس یا ام القریٰ ہو تو وہاں بادشاہ کا محل بھی ہوگا چنانچہ بیت اللہ الحرام، اللہ کا مکان یا اللہ کا گھر وہاں پر موجود ہے۔ گویا کعبہ جو بیت الحرام ہے یہ اس بادشاہ کا محل ہے۔ کسی ملک میں بادشاہ ہو تو یہ ہمیشہ سے رواج رہا ہے کہ رعایا کے نمائندے پایہ تخت کو جا کر بادشاہ کے ہاتھ پر بیعت کرتے اور اپنی اطاعت کا یقین دلاتے ہیں۔ حج کے سلسلے میں جب لوگ مکہ معظّمہ جاتے ہیں اور کعبہ کے سامنے حاضر ہوتے ہیں تو وہ حجر اسود پر اپنا ہاتھ رکھتے ہیں اور حجر اسود کو بوسہ دے کر طواف کا آغاز کرتے ہیں۔ اس کو ہمارے فقہاء دو ناموں سے یاد کرتے ہیں۔ اسے استلام بھی کہتے ہیں اور بیعت بھی کہتے ہیں بیعت کے معنی ہیں اپنے آپ کو بیچ دینا۔ اپنے آپ کو (اللہ کے ہاتھ) فروخت کر دینا اور کہہ دینا اے اللہ میں اپنی ذات کو تیرے سپرد کرتا ہوں۔ ہم اللہ سے ایک معاہدہ کرتے ہیں اور معاہدہ کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ ایک شخص دوسرے کے شخص پر اپنا ہاتھ رکھتا ہے ایک متواتر حدیث ہے جس کے الفاظ ہیں ''الحجر الاسود یمین اللّٰہ فی الارض'' (حجر اسود زمین پر اللہ کا ہاتھ ہے) چنانچہ اللہ کے دائیں ہاتھ پر ہم معاہدہ کرتے ہیں اور بیعت کرتے ہیں جب ہم اپنی اطاعت کے ذریعے اپنے بادشاہ کو ہم اطمینان دلا دیتے ہیں کہ ہم اس کے سچے اور مخلص مطیع ہیں تو وہ سب سے بڑا اعزاز جو مالک ہمیں عطا کرتا ہے وہ قصر شاہی کی پاسبانی کا اعزاز ہے۔ جو ساری عمر کی بجائے سات مرتبہ طواف کرنا کافی قرار دیا گیا ہے۔ (۵۶)

4 مذاہب عالم کی تعلیمات (Teachings of Religions)

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے اپنی تصنیفات میں جابجا ایسے اشارات دیئے ہیں جن میں مذاہب عالم کی تعلیمات کا ذکر ہے۔ طوالت سے بچتے ہوئے چند نکات کا تذکرہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

○ قرآنی علوم

قرآن مجید پر نظر ڈالی جائے تو پتہ چلے گا کہ اس میں بے شمار علوم کا ذکر ہے۔ قرآن مجید میں صرف دین دعقائد عبادات اور متعلقہ اخلاقی چیزوں کا ذکر نہیں ہے بلکہ اس میں بہ کثرت اور علوم بھی نظر آتے ہیں۔ اگر میں توریت کو بنی اسرائیل کی تاریخ کہوں تو اس میں پہلے تمہیدی باب کے بعد جس میں حضرت آدم علیہ السلام سے موسیٰ علیہ السلام تک

کے حالات بیان کئے گئے ہیں باقی سب چیزیں بنی اسرائیل کی تاریخ سے متعلق ہیں۔اس طرح آپ انجیل کو پڑھیں تو وہ ایک ہی شخص یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سوانح عمری ہے۔اس کے برخلاف قرآن مجید نہ تو عرب کی تاریخ ہے اور نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانح عمری بلکہ سارے بنی آدم کی تاریخ ہے قرآن مجید میں بے شمار بادشاہوں' نبیوں اور قوموں کے قصے بیان کئے گئے ہیں۔ان کے ذریعے مسلمانوں کو یہ سبق دیا گیا ہے کہ وہ گذشتہ لوگوں کے اچھے یا برے انجام کو سامنے رکھ کر ذمہ داری کے پورے احساس کے ساتھ زندگی گذاریں۔(۵۷)

○ غلام بنانا

آپ کو یہ سن کر حیرت ہوگی کہ توریت وانجیل میں غلام بنانے کا ذکر تو ہے لیکن غلامی کی آزادی کا قطعاً کوئی ذکر نہیں ایک بھی ایسی آیت توریت وانجیل میں نہیں ہے جس کی رو سے غیر یہودی غلاموں کو آزاد کیا جاسکتا ہو۔اس کے برخلاف قرآن نے کہا ہے کہ غلاموں کو آزاد کرنا ایک بہت بڑی نیکی ہے اور آگے چلئے مختلف گناہوں کا کفارہ دینے کے لئے قرآن حکیم نے حکم دیا ہے کہ غلام کو آزاد کرو۔مثال کے طور پر ایک آدمی اپنی بیوی کو ظہار نامی طلاق دے کر پچھتائے یا کسی مسلمان کو غلطی سے قتل کردے تو علاوہ خون بہا کے قرآن مجید نے یہ حکم دیا ہے کہ غلام کو آزاد کر کے کفارہ دو۔اگر غلام تمہارے پاس نہ ہو اس صورت میں دوسرے کام انجام دے سکتے ہو مگر غلام آزاد کرنے کا حکم شروع میں آتا ہے۔قرآن حکیم کی سورۃ توبہ آیت ۶۰ میں ایک لفظ آیا ہے " فی الرقاب" اس پر سارے مفسرین اور فقہاء متفق ہیں کہ "رقاب" سے مراد دو قسم کے لوگ ہیں، ایک تو وہ مسلم یا غیر مسلم غلام جو ہماری ملکیت میں ہوں ان کی رہائی کے لیے یہ سرکاری رقم لگائی جائے دوسرے ہماری رعایا کے مسلم یا غیر مسلم لوگ جو دشمن کے ہاتھوں قید ہو جائیں ان کے فدیہ دینے کی بھی ضرورت ہے۔اگر حکومت کے بجٹ میں سالانہ ایک مخصوص رقم ملک کے غلاموں کو آزاد کرانے کے لئے رکھنا لازمی ہو تو بہت آسانی سے ہم سمجھ سکتے ہیں کہ کچھ ہی دنوں کے بعد اس ملک میں ایک بھی غلام باقی نہیں رہے گا۔کیا ایسی مثال دنیا کی متمدن سے متمدن حکومت بھی پیش کرسکتی ہے؟ آج بھی لوگوں کو غلام بنایا جاتا ہے۔ان کی مرضی کے خلاف Concentration کیمپوں میں بھیجا جاتا ہے۔جہاں وہ غلاموں سے بھی بدتر زندگی گذارتے ہیں۔بہر حال میں کہہ سکتا ہوں کہ اگر غلامی انسانیت کے لئے ناسور ہے تو کم از کم، اسلامی غلامی، انسانیت کے ناسور کا علاج ہے۔(۵۸)

○ قانونِ اسلامی کا امتیاز

جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے تو اس وقت دنیا کے سامنے ایک قانونی چیلنج تھا کہ اگر تم میں ہمت ہے تو اس رومی قانون سے بہتر قانون بناؤ۔ اس چیلنج کا ہمارے پیغمبر علیہ السلام نے جواب دیا اور وہ قانون بنایا جو جسٹینین (Justinian) کے قانون سے بھی حقیقتاً بہتر ہے۔ اس میں وہ کمزوری بھی نہیں جو جسٹینین کے قانون میں تھی بلکہ استحکام، استقامت اور پائیداری بھی ہے۔ اسلامی قانون میں جو وسعت اور ہمہ گیری ہے وہ رومی قانون میں نہیں ہے مثلاً جسٹینین کے کوڈ میں دینی امور اور عبادات کا قطعاً کوئی ذکر نہیں ہے اسی طرح اور بہت سی چیزیں جو اسلامی قانون میں ملتی ہیں وہاں نظر نہیں آتیں۔ اگر کوئی شخص غیر جانبداری سے رومی اور اسلامی قانون کا موازنہ کرے تو وہ یقیناً یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائے گا کہ اسلامی قانون ہی بہتر ہے۔ میں نے چند ابواب کی حد تک رومی اور اسلامی قواعد کا تفصیلی مقابلہ کیا ہے اور ذاتی علم کی بنا پر یہ دعویٰ کر رہا ہوں۔ (۵۹)

○ شرائع ما قبل۔ قانون کا اہم مآخذ

اسلام سے قبل کے صحف سماوی ”شرائع من قبلنا“ کا ذکر قرآن مجید میں کئی بار آیا ہے۔ چنانچہ سورۃ المائدہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

﴿ وَ كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَا أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ ﴾(۶۰)

ہم نے یہودیوں کے لئے توریت میں حکم دیا ہے کہ جان کے بدلے جان، آنکھ کے بدلے آنکھ، صراحت سے یہ توریت کا اور یہودیوں سے مختص قانون ہونے کے باوجود اسلامی قانون کا جز بن جاتا ہے۔

ایک دوسری مثال سورۃ نور آیت ۲ میں جہاں غیر شادی شدہ زنا کار مرد اور عورت کو ایک سو درے یا کوڑے مارنے کا حکم ہے، لیکن شادی شدہ لوگوں کی زنا کا کوئی ذکر قرآن میں نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ سمجھ میں آتی ہے کہ ایسے شادی شدہ، لوگوں کی زنا کاری پر توریت اور انجیل دونوں میں رجم کرنے کا حکم موجود ہے۔ (اور صحیح بخاری وغیرہ کی روایت کے مطابق رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی صحت کی توثیق بھی فرمائی ہے) لہٰذا جس توریتی اور انجیلی حکم سے قرآن نے سکوت کیا وہ برقرار رہے گا۔

چنانچہ اسلام میں بھی رجم کے حکم کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور بعد کے سارے خلفاء اور فقہاء نے برقرار سمجھا اور نافذ کیا۔ غرض شرائع من قبلنا بھی اسلامی قانون کا ایک مآخذ ہیں بشرطیکہ ان کی صحت کا ثبوت ملے اور قرآن وحدیث نے ان کو بدلنے کا حکم نہ دیا ہو۔ (۶۱)

❺ اصطلاحات مذاہب عالم

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے جا بجا مذاہب عالم کی بعض اصطلاحات کی نہایت دلچسپ اور علمی انداز میں بحث کی ہے۔ ان میں سے چند ایک کا تذکرہ بے جا نہ ہوگا۔

○ بیت ایل

بائبل میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا جو قصہ بیان کیا گیا ہے اس میں لکھا ہے کہ جب وہ عراق سے ترک وطن کر کے فلسطین آئے تو انہوں نے مختلف مقامات پر ''بیت ایل'' تعمیر کئے۔ بیت وہی لفظ ہے جو عربی میں ہے اور ایل کے معنی اللہ کے ہیں۔ یہ لفظ ہم کو جبرئیل اور اسرائیل وغیرہ میں نظر آتا ہے۔ بیت ایل کے معنی ہیں ''اللہ کا گھر'' بائبل کے مطابق انہوں نے فلسطین کے بہت سے مقامات پر اللہ کی عبادت گاہیں تعمیر کیں اور مقامی باشندوں کو بتایا کہ اپنے پروردگار اور خالق کی کس طرح عبادت کریں۔ (۶۲)

○ ناموس

ناموس کا لفظ عام طور پر عزت کے لئے مستعمل ہے۔ ظاہر ہے کہ یہاں یہ مفہوم نہیں ہوسکتا (ورقہ بن نوفل کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے) بعض مفسرین ناموس کے معنی ''قابل اعتماد'' لکھتے ہیں۔ اسلامی ادبیات میں وہ روح الامین ہیں مگر یہ معنی بھی یہاں کام نہیں دیتے میرے ذہن میں آتا ہے کہ ناموس اصل میں ایک اجنبی لفظ ہے جو معرب ہوکر عربی زبان میں مستعمل ہوا۔ یہ یونانی زبان کا لفظ نوموس (Nomos) ہے یونانی زبان میں لفظ توریت کو نوموس یعنی قانون کہتے ہیں دوسرے لفظ میں ورقہ بن نوفل کا بیان ہے کہ یہ چیز حضرت موسیٰ علیہ السلام کی توریت سے مشابہہ ہے اور یہی معنی زیادہ قرین قیاس ہیں۔ (۶۳)

○ انجیل

انجیل کے معنی ''خوش خبری'' کے ہیں اور اس کی وجہ تسمیہ غالباً یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے جو حالات زندگی انجیل میں ملتے ہیں ان کے مطابق عام طور پر وہ کسی گاؤں میں جایا کرتے تھے اور وہاں کے لوگوں سے کہتے تھے۔ کہ میں بشارت دیتا ہوں کہ خدا کی حکمرانی اب جلد آنے والی ہے۔ شاید اسی اساس پر کتاب کا نام بھی یہی ہوگا۔(۶۴)

○ فارقلیطس

یہ ایک یونانی زبان کا لفظ ہے اس کے معنی یونانی زبان میں Director یا راہنما کے ہیں۔ مسلمانوں میں یہ خیال عام ہے کہ یہ وہ لفظ ہے جس کے معنی احمد کے ہیں۔ یہ خیال مسلمانوں میں غالباً اس وجہ سے عام ہوا کہ مسلمانوں کے قدیم ترین سیرت نگار ابن اسحاق نے ایک جگہ ذکر کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر قدیم دینی کتابوں میں بھی پایا جاتا ہے۔ چنانچہ فارقلیطس کا لفظ انجیل میں آیا ہے جس کے معنی احمد کے ہیں۔ یہ تھا خلاصہ اس قصے کا اور میں سمجھتا ہوں کہ ممکن ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے پیشن گوئی فرمائی ہو جیسا کہ قرآن نے بھی اس کی تائید کی ہے:﴿ وَ مُبَشِّرا بِرَسُوْلٍ یَأْتِیْ مِنْ بَعْدِیْ اِسْمُهٗ اَحْمَدْ ﴾(۶۵)

پیرقلیطس اور پاراقلیطس (Para Kletos) دو یونانی لفظ ہیں ان میں تھوڑا سا فرق ہے۔ پیرقلیطس کے معنی ہیں جو حمد وثنا کا مجسم نمونہ ہے احمد اور پاراقلیطس کے معنی ہیں Director یا رہنما۔ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے یہ پیشن گوئی فرمائی کہ آخری نبی آئے گا۔ جو ہادی ہوگا یا یہ فرمایا کہ آخری نبی آئے گا جو حمد وثنا کا مجسم نمونہ ہوگا تو نتیجہ ایک ہی ہے۔ وہ ایک پیش گوئی کر رہے تھے کہ میں نے دین کی تکمیل نہیں کی۔ میرے بعد ایک اور نبی آئے گا وہ اس کی تکمیل کرے گا۔ اس میں کوئی تضاد نہیں ہے اس کی تائید انجیل کے بعض دوسرے قصوں سے بھی ہوتی ہے مثلاً ایک جگہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں مجھے جلد ہی دنیا سے جانا پڑے گا وہ مزید کہتے ہیں کہ یہ ضروری ہے کہ میں یہاں سے جاؤں تاکہ آسمانی باپ تمہیں وہ شخص روانہ کرے جو تمہیں وہ چیزیں بیان کرے گا جو میں اب تک بیان نہیں کر سکا ہوں۔(۶۶)

○ ذوالکفل

قرآن مجید میں ایک ایسے پیغمبر کا بھی ذکر آیا ہے جسے ہم ہندوستان سے متعلق کہہ سکتے ہیں یہ پیغمبر حضرت ذوالکفل ہیں۔ان کے متعلق قرآن وحدیث میں تفصیلی صراحت موجود نہیں ہے بعض محدثین ومفسرین نے اس سلسلے میں اگرچہ لکھا ہے۔لیکن وہ قابل اعتماد نہیں۔ہم میں سے بہت سے لوگوں کے استاد مولانا مناظر احسن گیلانی کفل کہتے تھے کہ غالباً اس سے مراد گوتم بدھ ہے اس کی وجہ وہ یہ بتاتے تھے کہ ذوالکفل کے لفظی معنی کفل والے کے ہیں۔ اور کفل ''کپل وستو'' کی معرب شکل ہے یہ بنارس کے قریب ایک شہر ہے۔جس میں گوتم بدھ پیدا ہوئے تھے اس کی مزید تائید کے لئے وہ سورۃ التین کی آیات ۱تا۳ کی طرف اشارہ فرماتے تھے جس میں تمام مفسرین کے خیال میں چار پیغمبروں کا ذکر آیا ہے زیتون سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اشارہ ہے،سینا سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف، بلد الامین سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف۔والتین کیا ہے؟ بعض لوگوں نے کہا کہ اس سے مراد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام اور دوسرے نبیوں کی زندگیوں میں انجیر کو کوئی اہمیت حاصل نہیں رہی جب کہ مولانا مناظر احسن گیلانی فرماتے تھے کہ گوتم بدھ کے ماننے والوں کا متفقہ بیان ہے کہ گوتم بدھ کو جنگلی انجیر کے نیچے نروان حاصل ہوا تھا۔اس سے وہ استنباط کرتے تھے کہ قرآن مجید میں جہاں دنیا کے تمام بڑے مذاہب کا ذکر ہے وہاں بدھ مت کا بھی ذکر ایک بہت لطیف انداز میں کر دیا گیا ہے۔گوتم بدھ کے حالات چونکہ عربوں کو تفصیل سے معلوم نہیں تھے لہٰذا اس پر زور نہیں دیا گیا۔(۶۷)

❻ اسلام اور رواداری (Tolerance & Islam)

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے اپنی تصنیفات ومقالات میں جہاں مذاہب عالم کی کتب وعقائد،عبادات اور تعلیمات کا تقابلی مطالعہ پیش کیا ہے وہیں اس کا ایک دلچسپ پہلو یہ بھی ہے کہ اسلام دیگر مذاہب کے ساتھ کیسا سلوک رکھنے کا روادار ہے۔نیز صدرِ اسلام سے دورِ جدید تک مسلمانوں کا غیر مسلموں کے ساتھ کیسا رویہ رہا ہے۔ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا یہ منفرد پہلو وسیع تحقیق کا متقاضی ہے۔تاہم یہاں پر چند اقتباسات پیش کر کے ان کے نقطۂ نظر کی طرف اشارہ کیا جا سکتا ہے۔اپنی معروف کتاب میں رقمطراز ہیں:

"The first Muslim state was founded and governed by the Prophet. It was the city-state of Madinah, a confederacy of autonomus villages, inhabited by Muslims, Jews, Pagan Arabs, and possibily a handful of Christians. The very nature of this state demanded a religious tolerance, which was formally recognized in the constitution of this state, which document has come down to us. The first treaties of defensive alliance were concluded with non-Muslim and were always scrupulously observed. (68)

اسی پہلو کو اجاگر کرتے ہوئے ایک اور مقام پر لکھتے ہیں:

''غیر مسلموں کے متعلق اسلام کا کیا برتاؤ ہے؟''

اس آیت سے ہر شخص واقف ہوگا۔ لا اکــراہ فــی الـدین یعنی اسلام قبول کرنے کے لئے جبر کی کوئی اجازت نہیں۔ پیغمبر کا فریضہ صرف ابلاغ و تبلیغ ہے اس کے بعد نتیجہ اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ عہد نبوی اور خلافت راشدہ کے بارے میں حتمی طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ کسی کو جبر کے ساتھ کبھی مسلمان نہیں بنایا گیا۔ غیر مسلموں کے ساتھ کیا برتاؤ کرنا چاہیے؟ قرآن میں یہ عجیب و غریب اصول ملتا ہے۔ کہ ہر مذہبی کمیونٹی کو کامل داخلی خود مختاری دی جائے حتی کہ نہ صرف عقائد کی آزادی ہو اور اپنی عبادات وہ اپنی طرز پر کر سکیں بلکہ اپنے ہی قانون، اپنے ہی ججوں کے ذریعے سے اپنے مقدمات کا فیصلہ بھی کرائیں۔ کامل داخلی خود مختاری کا قرآن کی کئی آیتوں میں ذکر ہے۔ جن میں سے ایک آیت بہت واضح ہے ﴿وَلْيَحْكُمْ اَہْلُ الْإِنْجِيلِ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيهِ﴾ (۶۹) یعنی انجیل والوں کو چاہیے کہ اس چیز کے مطابق احکام دیا کریں جو اللہ نے انجیل میں نازل کی ہے۔ ان احکام کے تحت عہد نبویؐ ہی میں قومی خود مختاری ساری آبادی کے ہر ہر گروہ کو مل گئی تھی۔ جس طرح مسلمان اپنے دین، عبادات، قانونی معاملات اور دیگر امور میں مکمل طور پر آزاد تھے، اسی طرح دوسری ملتوں کے لوگوں کو بھی کامل آزادی تھی۔ (۷۰)

ایک اور مقام پر مذکورہ بالا اصول کی مزید وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ اسلامی مملکت میں غیر مسلموں پر اسلامی قانون نافذ نہیں کیا جاتا۔ عہد نبویؐ میں قرآن مجید کے احکام کے تحت ہر مذہبی جماعت (عیسائیوں، یہودیوں وغیرہ کو داخلی خود مختاری حاصل تھی عقائد اور عبادات ہی کے متعلق نہیں بلکہ قانون و عدلیہ کے متعلق بھی)۔ (۷۱) ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے مستند شواہد کی روشنی میں یہ بتایا کہ مدینہ کی اسلامی مملکت میں پہلے تحریری دستور ''میثاق مدینہ'' میں اس داخلی خود مختاری کی مکمل ضمانت دی گئی تھی ایک دفعہ کے صریحاً الفاظ ''للمسلمین دینهم و لليهود دينهم'' اس طرف اشارہ کرتے ہیں۔ (۷۲) اسی طرح خلفاء راشدین کے دور میں بالخصوص حضرت عمرؓ نے اس رواداری کو بہت فروغ دیا۔ یہاں تک کہ حضرت عمرؓ نے زکوٰۃ سے غیر مسلموں (یہودیوں) کی امداد کی اور ان کے وظائف مقرر کیے بلکہ اس میں مجوسیوں کو بھی شامل کیا گیا۔ (۷۳) نیز یہ محض نظری اور کتابی تعلیمات نہیں عملاً صدرِ اسلام سے ان اصولوں پر عمل ہوا جس کا اعتراف کئی غیر مسلموں نے بھی کیا ہے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے زمانہ حال کے ایک متعصب رومن کیتھولک پادری کے اقتباس کو بطور تائید کے نقل کیا ہے اس کے خیال میں: 'مسلمان عربوں کو یعقوبی [فرقہ] عیسائیوں نے بھی اپنے نجات دہندوں کی حیثیت سے ہاتھوں ہاتھ لیا۔ مسلمانوں کی سب سے اہم جدت جس کا یعقوبی عیسائیوں نے دلی خوشی سے استقبال کیا' یہ تھی کہ ہر مذہب کے پیروؤں کو ایک خود مختار وحدت قرار دیا جائے اور اس مذہب کے روحانی سرداروں کو ایک بڑی تعداد میں دنیاوی اور عدالتی اقتدارات عطا کیے جائیں۔ (۷۴)

❼ مطالعہ ادیان و مذاہب کا متفرق مواد

مذکورہ بالا سطور میں ہم نے عقائد و عبادات اور کتب و صحائف کے حوالے سے ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کے افکار و خیالات کا مطالعہ پیش کیا ہے۔ مقالہ کو مزید طوالت سے بچانے کے لئے چند مقالات کی طرف اشارہ ہی کافی ہوگا۔

○ فرانسیسی ترجمہ قرآن کے حواشی

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے فرانسیسی ترجمہ قرآن کے حواشی میں مذاہب عالم سے متعلق جا بجا مفید معلومات بہم پہنچائی ہیں نیز جگہ جگہ بائبل کے حوالے دیئے ہیں۔ (۷۵)

○ اظہار الحق کے اردو ترجمہ پر مفید حواشی

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے اظہار الحق (۷۶) کے اردو ترجمہ بائبل سے قرآن تک کے منصۂ شہود پر آنے کے بعد اس ترجمہ پر بھرپور تبصرہ لکھا (۷۷) اور اس کے فرانسیسی ترجمہ کی مدد سے ایسا اشاریہ مرتب کرنے کا بیڑہ اٹھایا جن میں فرنگی ناموں کا صحیح املاء کے ساتھ درج ہو۔ تاہم فوری طور پر انہوں نے ۱۰ اصفحات پر مشتمل حواشی اردو میں تحریر کر کے دیئے جو فرانسیسی مترجم نے کتاب کو دیئے تھے۔ محترم مولانا تقی عثمانی نے ڈاکٹر موصوف کی یہ کاوش بطور ضمیمہ کے پہلی جلد کے آخر میں چھاپ دی ہے۔ (۷۸)

○ جگن ناتھ آزاد کی نعتیہ شاعری کا فرانسیسی میں ترجمہ

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے اردو زبان کے ایک معروف ہندو شاعر پنڈت جگن ناتھ آزاد کے اردو نعتیہ کلام کو فرانسیسی زبان کے قالب میں ڈھالا ہے اس کتابچے کا نام انہوں نے Hommage a Mahomet رکھا جو پہلی بار ۱۹۹۰ء میں زیورِ طبع سے آراستہ ہوا۔ اس ترجمہ کے ذریعے ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ اپنے مغربی قارئین کو یہ بتاتے ہیں کہ صرف مذہبی اہل قلم ہی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی توصیف میں رطب للسان نہیں بلکہ مشرق کے باسی غیر مسلم بھی اس عظیم ترین ہستی کی شان میں سخن سرا ہیں۔ (۷۹)

○ مجلّات ورسائل کے قابل ذکر مقالات

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے نہ صرف اردو دائرہ معارف اسلامیہ، جامعہ پنجاب کے لئے ایسے مقالات تحریر فرمائے جن میں مختلف مذاہب کی بیش بہا معلومات مہیا کی گئی ہیں بلکہ دیگر ملکی و غیر ملکی رسائل و جرائد میں بھی مقالات تحریر کئے۔ یہاں پر بعض مقالات کا تذکرہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نامہ مبارک کسریٰ کے نام ایک نئی دریافت (۸۰) ابرھۃ (۸۱) احابیش قبائل (۸۲) اسلامی قانون پر بیرونی اثرات (۸۳) غرقِ فرعون (۸۴) ایلاف، جاہلیت میں عربوں کے معاشی وسفارتی تعلیمات (۸۵) حضرت ابوبکر کی سفارت بنام ہرقل (۸۶) زینب بنت جحش (۸۷) سیر قانون بین الممالک (۸۸) طائف (۸۹)

عربی حبشی تعلقات (۹۰) عہد نبوی کے عربی ایران تعلقات (۹۱) قصص القرآن اھد افھا و حکمھا (۹۲) قیصر روم کے نام آنحضرت کا خط (۹۳) یہود (۹۴) انگریزی مقالات میں قابل ذکر یہ ہیں:

- Relations of Muslims with Non-Muslims. (95)
- The Jewish background of the battle of Jomal and Siffin. (96)
- Religious symbolism. (97)
- The friendly relations of Islam with christianity and How they deteriorated. (98)

❽ خلاصہ بحث

ہم نے اس مقالہ میں ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کی تصانیف و مقالات میں ان پہلوؤں کا جائزہ پیش کیا جن میں انہوں نے ادیان و مذاہب کے مطالعے پر تقابلی انداز میں بحث کی ہے۔ ان کی اس بحث سے مندرجہ ذیل نتائج اخذ کئے جا سکتے ہیں۔

① ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا ادیان و مذاہب کا مطالعہ بالذات نہیں ہے۔ بلکہ اسلامی عقائد و عبادات اور تعلیمات کی حقانیت اس مقارنہ و موازنہ کے ذریعے مبرھن کی گئی ہے۔

② ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا ادیان و مذاہب کا مطالعہ اور جائزہ خشک اور اکتا دینے والا نہیں ہے بلکہ دلچسپ معلومات اور تحقیقات پر مبنی ہے۔

③ یہ تقابلی مطالعہ نہ صرف مذاہب عالم پر محیط ہے بلکہ دیگر اقوام و ملل، جغرافیہ و اعلام کو بھی شامل ہے۔

④ اس مطالعہ سے اسلامی عقائد و تعلیمات کے امتیازات نکھر کر سامنے آتے ہیں اور ایک داعی کا یہ بھی علمی فریضہ ہے کہ وہ اسلام کو عصری واقعات اور علوم کے تناظر میں پیش کرے۔

⑤ مطالعہ ادیان و مذاہب کے مطالعے میں ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا اسلوب و انداز حریفانہ و جارحانہ نیز روایتی علماء کی طرح متکلمانہ و مناظرانہ نہیں ہے بلکہ اس مطالعہ کے ذریعے وہ دیگر ادیان و مذاہب کے پیرو کاروں کو اپنے قریب لانے کی کوشش کرتے نظر آتے ہیں اور کسی حد تک ان نکات پر لانے کی کوشش کرتے ہیں جن کا قرآن پاک کی اس آیت میں اشارہ ہے:

﴿قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ﴾(۹۹)

اس طرح ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کا مطالعہ ادیان میں اسلوب جہاں ایک طرف داعیانہ اور خیر خواہانہ ہے وہیں محققانہ اور غیر جانبدارانہ بھی ہے۔ اپنے مخاطبین پر کسی قسم کے نظریات کو ٹھونسنے اور مسلط کرنے کی بجائے غیر جانبدارانہ حقائق پیش کر دیتے ہیں۔

⑥ مسلمان علماء و مفکرین ایک عرصہ سے مذاہب کے درمیان رابطہ یا مکالمہ بین المذاہب پر زور دے رہے ہیں۔ موجودہ دور میں تو اس کی اہمیت اور بھی دوچند ہو جاتی ہے ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے اس ضرورت کو نہ صرف نظری اور علمی طور پر محسوس کیا اور اس طرف توجہ کی۔ بلکہ انہوں نے عملاً بھی بین المذاہب میں رابطہ کار کی حیثیت سے کام کیا اور وہ مغرب میں اسلام کے سفیر کی حیثیت سے پہچانے جاتے تھے۔(۱۰۰)

ان کی علمی خدمات اور عملی کاوشوں کا یہ وہ گوشہ ہے جو ابھی تک نظروں سے اوجھل ہے۔ ان سطور میں ان کی شخصیت و خدمات کے اسی پہلو کی طرف توجہ دلانے کی ایک کوشش کی گئی ہے۔ اب اہل نظر و فکر کا یہ کام ہے ان کی حیات و تحقیقات کے اس پہلو کو آگے بڑھائیں۔ (وما توفیقی الا باللہ)

حواشی وحوالہ جات

۱۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، قانون بین الممالک کے اصول اور نظریں، مکتبہ ابراہیمیہ حیدرآباد دکن، ۱۳۵۵ھ، پیش لفظ (اوّل) ص ۱۷۔۱۸

۲۔ محمد الیاس الاعظمی، ڈاکٹر، ڈاکٹر محمد حمید اللہ اور قانون بین الممالک، سہ ماہی فکر و نظر (خصوصی اشاعت) جلد ۴۰۔۴۱ اپریل۔ستمبر ۲۰۰۳ء، ادارہ تحقیقاتِ اسلامی اسلام آباد، ص ۲۰۴، نیز اس موضوع پر مزید دیکھئے: ڈاکٹر محمد حمید اللہ، خطباتِ بہاولپور، خطبہ ۵، اسلامی قانون بین الممالک، ادارہ تحقیقاتِ اسلامی اسلام آباد، اشاعت ہفتم ۲۰۰۱ء، ڈاکٹر محمد ضیاء الحق، ڈاکٹر محمد حمید اللہ اور قانون بین الممالک، فکر و نظر، حوالہ مذکور، صفحات ۲۰۷۔۲۷۰؛ ڈاکٹر محمد طاہر منصوری، اسلامی قانون بین الاقوام کی تشکیل جدید میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا کردار، فکر و نظر، حوالہ مذکور، صفحات ۲۸۷۔۳۰۵۔

۳۔ مکتوب ڈاکٹر محمد حمید اللہ بنام مظہر ممتاز قریشی نمبر ۱۵، اورینٹل کالج میگزین عدد خاص بیاد ڈاکٹر محمد حمید اللہ، کلیہ شرقیہ جامعہ پنجاب لاہور، ۲۰۰۳، ص ۱۶۳۔

۴۔ مکتوب ڈاکٹر محمد حمید اللہ بنام ڈاکٹر احمد خان نمبر ۶۲، سہ ماہی فکر و نظر، حوالہ مذکور، ص ۴۹۰۔

۵۔ مکتوب ڈاکٹر حمید اللہ بنام مظہر ممتاز قریشی نمبر ۱۱، اورینٹل کالج میگزین، حوالہ مذکور، نیز دیکھئے: ڈاکٹر صلاح الدین ثانی، ڈاکٹر محمد حمید اللہ بحیثیت قرآنی مترجم، مفسر، محقق، فکر و نظر، حوالہ مذکور، صفحات ۹۳۔۱۱۷ نیز دیکھئے:

M.Hamidullah, Paris, 1985, Introduction

۶۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: محمد ارشد، مغرب میں دعوتِ اسلام، ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی کاوشوں کا ایک جائزہ، فکر و نظر، حوالہ مذکور، ص ۳۴۰۔

۷۔ اپنے ایک مکتوب بنام مظہر ممتاز قریشی نمبر ۶۷ میں رقمطراز ہیں، اس ناچیز پر ایک نیا فریضہ لگایا گیا ہے۔ یہاں ایک ناشر حضرت ابراہیم پر ایک کتاب تین بابوں میں شائع کرنا چاہتا ہے۔ ایک یہودی معلومات، دوسرا عیسائی معلومات اور تیسرا اسلامی معلومات، اورینٹل کالج میگزین، حوالہ مذکور، ص ۱۹۴۔

۸۔ مکتوب بنام مظہر قریشی لکھتے ہیں، ایک نیا کام سر لیا ہے جب کہ پرانے کام بھی پورے نہیں ہوئے۔ وہ یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ایک مختصر سوانح عمری جس میں عیسائی فرقوں کے بے شمار اختلافی بیانات اور قرآن مجید کے بیانات کا مقابلہ ہو۔ یہاں آج کل عیسائیوں میں اسلام سے عداوت روز افزوں ہے، مکتوب ڈاکٹر حمید اللہ بنام مظہر ممتاز قریشی نمبر ۶۹، اورینٹل کالج میگزین، حوالہ مذکور، ص ۱۹۵۔

۹۔ تفصیل کے لئے دیکھئے' مقالہ محمد ارشد' مغرب میں دعوتِ اسلام، ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی کاوشوں کا جائزہ ،فکرونظر' حوالہ مذکور' ص ۳۴۱'۳۴۲۔

10. M. Hamidullah, Dr, Introduction to Islam, Sh. Muhammad Ashraf, Kashmiri Bazar Lahore 1974 P. 1

۱۱۔ محمد حمید اللہ' ڈاکٹر' خطبات بہاولپور' تعارف طبع اوّل' ادارہ تحقیقات اسلامی' اسلام آباد ۲۰۰۱ء، ص ۱۵۔

۱۲۔ قرآن حکیم میں مختلف مذاہب وگروہوں کا تقابلی مطالعہ موجود ہے۔ اس ضمن میں شاہ ولی اللہ دہلویؒ نے اپنی کتاب 'الفوز الکبیر' میں علم مخاصمہ کی جو اصطلاح استعمال کی ہے، نہایت دلچسپی کی حامل ہے۔ جس میں باطل گروہوں کے عقائد وافکار کی تفصیلات ہی نہیں، ان کا عقلی ونقلی دلائل کے ساتھ بطلان بھی کیا گیا ہے۔ شاہ ولی اللہؒ نے مخاصمین کے چار گروہ بتائے ہیں: مشرکین، یہود، نصاریٰ، منافقین۔ تفصیل کے لئے دیکھئے: شاہ ولی اللہ الفوز الکبیر فی اصول التفسیر، قرآن محل، تاجران کتب، مقابل مولوی مسافر خانہ، کراچی، ۱۳۸۳ھ۔

۱۳۔ ایضاً' خطبہ نمبر ۹، عہد نبویؐ میں نظام تعلیم، پیراگراف نمبر ۲۶۶ (واضح رہے کہ حوالہ جات میں نمبر صفحات کے نہیں پیراگراف کے دیئے جائیں گے)۔

14. M. Hamidullah, Introduction to Islam, Op-cit, P.45

۱۵۔ بائبل میں خنوخ یا انوخ نام تو نہیں ہے حنوک کا ذکر ہوا ہے جو آدمؑ کی ساتویں پشت سے تھا۔ غالباً ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا اشارہ اسی طرف ہوگا ملاحظہ ہو پرانا عہد نامہ، کتاب پیدائش ۴:۱۷ ایز نیا عہد نامہ، یہوواہ کا عام خط، ۱۴، پاکستان بائبل سوسائٹی لاہور، ۱۹۹۰ء

۱۶۔ مکتوب یہودا میں پیش گوئی کے یہ الفاظ تو ملتے ہیں، خداوند اپنے لاکھوں مقدسوں کے ساتھ آیا، نیا عہد نامہ، یہوواہ کا عام خط، ۱۴، حوالہ مذکور۔

۱۷۔ النجم، ۵۳:۳۷۔۴۱، الاعلیٰ، ۸۷:۱۹۔

۱۸۔ خطباتِ بہاولپور، خطبہ ا، تاریخ قرآن مجید، حوالہ مذکور، پیراگراف ۲۔

۱۹۔ ایضاً۔

۲۰۔ الشعراء، ۲۶:۱۱۹۔

۲۱۔ خطباتِ بہاولپور، خطبہ ا، تاریخ قرآن مجید، حوالہ مذکور، پیراگراف نمبر ۳۔

۲۲۔ تورات یا توریت (Torah) کو عام طور پر موسیٰ علیہ السلام کی طرف روایۃً منسوب کیا جاتا ہے۔ اصل تورات پانچ کتابوں پر مشتمل ہے انہیں خمسہ موسوی یا صحائف خمسہ (Pantateuch) بھی کہتے ہیں۔ تفصیل کے لئے دیکھئے: کتاب مقدس، پاکستان بائبل سوسائٹی لاہور ۱۹۹۰ء نیز عابد احمد علی' تورات، اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ، دانش گاہ پنجاب، ۶۷۰، ص ۷۰۳۔

۲۳۔ مذکورہ کتاب کے لئے پروٹسٹنٹ بائبل میں پیدائش اور کیتھولک بائبل میں ''تکوین'' کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔عربی میں اس کے لئے خلیقۃ کا لفظ آیا ہے انگریزی میں اسے Genesis کہا جاتا ہے۔اس میں ۵۰ ابواب اور ۱۵۳۰ فقرات ہیں۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: ایف ایس' خیر اللہ (مؤلف)' قاموس الکتاب' بار ششم' مسیحی اشاعت خانہ۔۳۲ فیروز پور روڈ لاہور ۱۹۹۷ء، ص۲۱۴ نیز دیکھئے: Encyclopaedia Britannica 'Bible' Vol. III, P. 499

۲۴۔ عربی اور اردو میں خروج کے الفاظ ہی استعمال ہوئے ہیں جبکہ انگریزی میں (Exodus) کا لفظ استعمال ہوا ہے اس میں ۴۰ ابواب اور ۱۲۱۳ فقرات ہیں۔مزید دیکھئے: قاموس الکتاب، حوالہ مذکور، ص ۳۷۳۔

۲۵۔ ڈاکٹر حمید اللہ نے توریت کی تیسری کتاب ''قانون'' بتائی ہے۔جبکہ مروج کتب میں اس کا نام ''احبار'' آیا ہے انگریزی میں (Leviticus) کا لفظ آیا ہے۔اس کے معنی علماء کے بیان ہوئے ہیں بعض نے ''لاویین'' کا لفظ بھی استعمال کیا ہے۔چونکہ اس میں احکام مذکور ہیں شاید اسی بنا پر ڈاکٹر موصوف نے اسے قانون کی کتاب کا نام دیا ہے۔اس کتاب میں ۲۷ ابواب اور ۸۵۷ فقرات ہیں۔

۲۶۔ اس کتاب کے لئے پروٹسٹنٹ بائبل میں گنتی اور کیتھولک بائبل میں عدد کا لفظ استعمال ہوا ہے جبکہ انگریزی میں (Numbers) کا لفظ ہی مستعمل ہے۔اس میں ۳۶ ابواب اور ۱۲۸۹ فقرات ہیں۔دیکھئے: قاموس الکتاب، حوالہ مذکور، ص ۴۸۰۔

۲۷۔ کتاب تثنیہ کو پروٹسٹنٹ بائبل میں ''استثناء اور کیتھولک بائبل میں، تثنیہ شرع'' سے تعبیر کیا گیا ہے جبکہ انگریزی میں (Deuteronomy) کا لفظ آیا ہے۔اس میں ۳۴ ابواب اور ۹۵۸ فقرات ہیں۔دیکھئے: قاموس الکتاب، حوالہ مذکور، ص ۴۶۔۴۷۔

۲۸۔ خطباتِ بہاولپور، خطبہ ۱، تاریخ قرآن مجید، پیراگراف نمبر ۴۔

۲۹۔ جب بنی اسرائیل کی بداعمالیاں حد سے بڑھ گئیں تو اللہ تعالیٰ نے ان پر شاہِ بابل بنوکدنوصور (Nabuchodonosor) کو مسلط کر دیا اس نے ۵۸۶ ق م میں یروشلم پر زبردست حملے کئے اور آخری حملے میں یروشلم کو بالکل تباہ کر ڈالا اور اس کے بادشاہ کو بھی گرفتار کر لیا۔ان حالات کے لئے ملاحظہ ہو: پرانا عہد نامہ، سلاطین دوم، ۲۲: ۱۱۔۱۷؛ یرمیاہ، باب ۳۴۔۴۰۔

۳۰۔ اینٹوکس چہارم Antochus IV ایشیائے قریب کا مشہور بادشاہ جس نے ۱۶۸ ق م میں یروشلم پر قبضہ کر کے اس کو تباہ کر دیا تھا اور ایک مرتبہ پھر بخت نصر کی یاد تازہ ہوگئی تھی۔مکابیوں کی پہلی کتاب میں اس کے حملے کی داستان اور تورات کے جلائے جانے کا واقعہ تفصیل سے موجود ہے دیکھئے مکابیوں ۱: ۵۹۔

31. M. Hamidullah, Introduction to Islam, Op-cit, P. 2

۳۲۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفات کا تذکرہ ملاحظہ ہو، کتاب استثناء، ۳۴:۵۔۸۔

۳۳۔ عہد نامہ قدیم کی ایسی ۱۷ کتابوں کا ذکر ملتا ہے جو ایک زمانہ میں موجود تھیں مگر اب ناپید ہیں اور ان کے حوالے تواریخ دوم، ۲۰:۳۴:۱۲،۱۵:۹،۱۹:۹، سلاطین اوّل، ۴۱:۱۱، تواریخ دوم، ۲۲:۳۱، ۳۲:۳۳،۲۹:۳، میں موجود ہیں۔

۳۴۔ خطباتِ بہاولپور، تاریخ قرآن مجید، حوالہ مذکور، پیراگراف نمبر ۵۔

۳۵۔ تفصیل کے لئے دیکھئے: Encyclopaedia of Britannica Gospel, Vol X, P 536-538

نیز دیکھئے: M. Hamidullah, Introduction to Islam, Op-cit, P 147

۳۶۔ ڈاکٹر حمید اللہ کے اس بیان کو تقویت لوقا کے ان فقرات سے ملتی ہے، چونکہ بہتوں نے اس پر کمر باندھی ہے کہ جو باتیں ہمارے درمیان واقع ہوئیں ان کو ترتیب وار بیان کریں جیسا کہ انہوں نے جو شروع سے خود دیکھنے والے اور کلام کے خادم تھے ان کو ہم تک پہنچایا ہے اس لئے اے معزز تھیفلس میں نے بھی مناسب جانا کہ سب باتوں کا سلسلہ شروع سے ٹھیک ٹھیک دریافت کر کے ان کو تیرے لئے ترتیب سے لکھوں، لوقا کی انجیل، ۱:۱،۲،۳۔

۳۷۔ خطباتِ بہاولپور، خطبہ ۱، تاریخ قرآن مجید، پیراگراف نمبر ۷۔

۳۸۔ ایضاً، پیراگراف نمبر ۳۰۔

39. M. Hamidullah, Introduction to Islam, Op-cit, P 61,62

۴۰۔ ایضاً، پیراگراف نمبر ۱۸، نیز دیکھئے مکتوب ڈاکٹر محمد حمید اللہ بنام ڈاکٹر احمد خان نمبر ۱۸، مجلّہ فکر و نظر، اسلام آباد، حوالہ مذکور، ص ۴۵۲

۴۱۔ خطباتِ بہاولپور، خطبہ ۲ تاریخ حدیث شریف، پیراگراف نمبر ۴۳، نیز خطبہ ۱۰، عہدِ نبوی میں نظام تشریع وعدلیہ پیراگراف نمبر ۲۸۶

۴۲۔ ایضاً خطبہ ۶ دین (عقائد، عبادات، تصوف) حوالہ مذکور، پیراگراف نمبر ۱۶۹۔

۴۳۔ ایضاً۔

۴۴۔ ایضاً نیز دیکھئے: M. Hamidullah, Introduction to Islam, Op-cit, P. 133

45. M. Hamidullah, Introduction to Islam, Op-cit, P 147

۴۶۔ خطباتِ بہاولپور، خطبہ ۶ دین (عقائد، عبادات، تصوف) حوالہ مذکور، پیراگراف ۱۷۲۔

۴۷۔ خطباتِ بہاولپور، خطبہ ۶ دین (عقائد، عبادات، تصوف) ۱۷۸۔

۴۸۔ ایضاً، پیراگراف ۱۷۹۔

49. M. Hamidullah, Introduction to Islam, Op-cit Paragraph 166/a

۵۰۔ خطباتِ بہاولپور، خطبہ ۶ دین (عقائد، عبادات، تصوف) حوالہ مذکور، پیراگراف ۱۸۱۔

۵۱۔ ایضاً، پیراگراف نمبر ۱۸۲، نیز دیکھئے:

M. Hamidullah Introduction to Islam, Op-cit, Paragraph 166/a

۵۲۔ خطباتِ بہاولپور، پیراگراف نمبر۱۸۳ نیز دیکھئے:

M. Hamidullah, Introduction to Islam, 175/a

۵۳۔ الانعام،۶:۱۶۰۔

۵۴۔ خطباتِ بہاولپور، خطبہ۶ دین (عقائد، عبادات، تصوف) حوالہ مذکور، پیراگراف نمبر۱۸۴۔

۵۵۔ ایضاً، پیراگراف نمبر۱۸۵۔

۵۶۔ ایضاً، پیراگراف نمبر۱۸۶۔

۵۷۔ ایضاً، خطبہ۹، عہدِ نبویؐ میں نظامِ تعلیم، پیراگراف نمبر۲۶۰۔

۵۸۔ ایضاً، خطبہ۳، تاریخ فقہ، پیراگراف نمبر۱۰۰۔

۵۹۔ ایضاً، پیراگراف نمبر۸۲۔

۶۰۔ المائدۃ،۵:۴۵۔

۶۱۔ خطباتِ بہاولپور، خطبہ۹، عہدِ نبویؐ میں نظامِ تعلیم، پیراگراف نمبر۲۸۵۔

۶۲۔ ایضاً، خطبہ۷، عہدِ نبویؐ میں مملکت اور نظم و نسق، پیراگراف نمبر۱۹۹۔

۶۳۔ ایضاً، پیراگراف نمبر۱۰۔

۶۴۔ ایضاً، پیراگراف نمبر۶۔

۶۵۔ الصف،۶۱:۶۔

۶۶۔ خطباتِ بہاولپور، حوالہ مذکور، پیراگراف نمبر۳۲، نیز دیکھئے:

۶۷۔ ایضاً، پیراگراف نمبر۲۶۰۔

68. M. Hamidullah, Introduction to Islam, Op-cit Paragraph 289

۶۹۔ المائدۃ،۵:۴۷۔

۷۰۔ خطباتِ بہاولپور، حوالہ مذکور، پیراگراف نمبر۳۶۶۔

۷۱۔ ایضاً، پیراگراف نمبر۲۹۹۔

۷۲۔ ایضاً، پیراگراف ۲۰۹، مزید وضاحت کے لئے ملاحظہ ہو:

M. Hamidullah, The first written constitution in the world, Sh. Muhammad Ashraf, 1975

۷۳۔ خطباتِ بہاولپور، پیرا گراف نمبر ۳۲۶۔۳۲۹، ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے یہ وقیع بحث کتاب الخراج امام ابو یوسف اور کتاب الاحوال ابو عبید القاسم کے حوالے سے پیش کی ہے۔

۷۴۔ محمد حمید اللہ، ڈاکٹر، عہد نبویؐ میں نظام حکمرانی، اردو سندھ اکیڈمی کراچی، ۱۹۸۷ء پیرا گراف نمبر ۱۷۵ نیز دیکھئے: الوثائق السیاسیہ (اردو ترجمہ) مجلس ترقی ادب لاہور، ۱۹۶۰ء، صفحات ۱۱۸۔۱۲۳، ۳۲۱، ۳۴۳۔

۷۵۔ تفصیلات کے لئے ملاحظہ ہو:

Muhammad Hamidullah, LE SAINT CORAN, Op-cit, Introduction, Liste des traductions, Pages 98, 245, 739, 813, 993

۷۶۔ مولانا رحمت اللہ کیرانوی (۱۸۱۸۔۱۸۹۱ء) کی معروف کتاب ''اظہار الحق'' جو عربی زبان میں قسطنطنیہ (ترکی) میں تصنیف فرمائی۔ جس کا اردو کے علاوہ ترکی، فرانسیسی، گجراتی اور انگریزی زبان میں ترجمہ ہو چکا ہے۔ بائبل کے ناقدانہ جائزے اور مسیحی عقائد کے بطلان کے ساتھ قرآن حکیم کی حقانیت اور پیغمبر اسلام کی عظمت پر اپنی مثال آپ ہے۔ تفصیلات کے لئے دیکھئے: راقم کا پی۔ ایچ ڈی کا مقالہ بعنوان مولانا رحمت اللہ کیرانوی کی علمی و دینی خدمت کا تحقیقی جائزہ (غیر مطبوعہ) شعبہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور، ۲۰۰۱ء۔

۷۷۔ اردو ترجمہ بائبل سے قرآن تک' پر تبصرہ پر ملاحظہ ہو: محمد حمید اللہ (پیرس)، اظہار الحق اور اس کا اردو ترجمہ، البلاغ، (کراچی) ۷:۳ (مئی ۱۹۷۳ء) ۲۰۔۲۷۔

۷۸۔ بائبل سے قرآن تک (اردو ترجمہ و شرح) مکتبہ دار العلوم کراچی، ۱۹۹۲ء ص ۶۱۳۔۶۲۳۔

۷۹۔ دیکھئے: محمد سلطان شاہ، ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ جگن ناتھ آزاد کے نعتیہ کلام کا مترجم، فکر و نظر، حوالہ مذکور ص ۱۶۷۔۱۷۷۔

۸۰۔ ماہنامہ البلاغ (کراچی) ۲:۲، (مئی ۱۹۶۷ء) ۱۵۔۱۷۔

۸۱۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، جامعہ پنجاب لاہور، ۱۹۸۰ء جلد ا ص ۳۸۱۔۳۸۹۔

۸۲۔ ایضاً، جلد ۲، ص ۲۷۔۳۱ نیز دیکھئے: مجلّہ القلم (لاہور) ۶:۶ (دسمبر ۲۰۰۲ء) ۸۱۔۸۸ نیز

Hamdard Islamicus (Karachi) 9 : 2 (Summer 1986) 3 - 9

۸۳۔ چراغ راہ، اسلامی قانون نمبر (کراچی) ۲:۱۲ (جون ۱۹۵۸ء) ۲۹۰۔۲۳۱۔

۸۴۔ الحق (اکوڑہ خٹک) ۸:۱۸ (مئی ۱۹۷۳ء) ۳۷۔۳۹۔

۸۵۔ اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ، (۱۹۸۰ء)، جلد ۳، ص ۱۷۔۲۰ نیز دیکھئے: البلاغ (کراچی) ۲:۳ (جون ۱۹۶۸ء) ۱۵۔۲۸۔

۸۶۔ البلاغ (کراچی) ۲:۷ (اکتوبر ۱۹۶۸ء) ۱۳۔۲۴۔

۸۷۔ اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ، ۱۹۷۳ء، جلد ۱۰، ص ۵۶۵۔۵۶۸۔

۸۸۔ فکرونظر(اسلام آباد)۵(۱۹۶۴ء)۸۰۹۔۸۲۰، نیز دیکھئے الدراسات الاسلامیہ(اسلام آباد)۳:۲(ستمبر ۱۹۶۸ء)۵۔۲۱۔

۸۹۔ اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ، جلد۱۲، ص۳۹۴۔۳۹۷۔

۹۰۔ ثقافت(لاہور)۷:۵(مئی ۱۹۵۹ء)۲۳۔۳۹۔

۹۱۔ نقوش رسول نمبر(لاہور)۳:۱۳۰(جنوری ۱۹۸۳ء)۲۳۴۔۲۴۲۔

۹۲۔ مجلّہ الکلیۃ الشرقیہ(لاہور)۶۶:۱(۱۹۹۳ء)۶۹۔۳۷۔

۹۳۔ معارف(اعظم گڑھ)۳۵:۶'(جون ۱۹۳۵ء)۴۱۶۔۴۳۰۔

۹۴۔ اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ، ج۲۳، ص۳۵۵۔۳۶۳۔

95. Journal Institute of Muslim Minority Affairs (London)7 : 1
(Jan 1986) 7 - 11

96. Journal of Pakistan Historical Society (Karachi) 30 : 4
(October 1982) 235 - 251

97. Hamdard Islamicus (Karachi) 2 : 45 (Winter 1979) 3 - 13

98. Journal of Pakistan Historical Society (Karachi) 1953

۹۹۔ آل عمران، ۳:۶۴

۱۰۰۔ دیکھئے مکتوبات ڈاکٹر حمیداللہ بنام مظہر ممتاز قریشی' خطوط نمبر ۶۷، ۶۹، ۷۵، ۸۴، ۹۰، ۹۳، اورینٹل کالج میگزین، حوالہ مذکور۔

خطباتِ بہاولپور کا انداز واسلوب

* ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی

محترم صدرِ مجلس، محترم مہمانِ خصوصی، اساتذہ کرام اور عزیز طلباء وطالبات! میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس صدی کے ایک اہم عالم دین جن کو پورے یقین کے ساتھ میں اپنے دور کا ولی بھی سمجھتا ہوں، کی یاد میں یہ جلسہ منعقد کیا، اور ان کے بارے میں اظہارِ خیال کا موقع فراہم کیا۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی زندگی کے بیشمار گوشے ہیں جن کے بارے میں گفتگو کی جاسکتی ہے۔ جن پر اہل علم گفتگو کر رہے ہیں۔ ابھی آپ بہت سے اہل علم حضرات سے سن چکے ہیں اور بہت سے علماء سے سنیں گے۔ میں اس موقع پر صرف ''خطباتِ بہاولپور'' کے لحاظ سے گفتگو کروں گا۔ خطباتِ بہاولپور جس کا انعقاد اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور نے ۱۹۸۰ء میں کیا تھا (تقریباً ۲۳ سال پہلے) یہ وہ دور ہے اور وہ زمانہ ہے کہ جب ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی علمی شخصیت مکمل طور پر نمایاں اور ظاہر ہو چکی تھی۔ ان کی بے شمار کتابیں، مقالات اہل علم سے اپنا لوہا منوا چکے تھے۔ بحث وتحقیق کے میدان میں ان کی شخصیت مسلّمہ تھی۔ ان کی وفات کے بعد یکم جنوری کے ڈان اخبار میں محترم ایس اے خان کا ایک مراسلہ شائع ہوا جو انہوں نے امریکہ سے لکھا تھا اس مراسلہ میں انہوں نے ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم کے تحقیقی کارناموں کے بارے میں کچھ معلومات فراہم کی ہیں۔ ان کی معلومات کے مطابق ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے ایک ہزار مقالات شائع ہوئے۔ ۱۷۰ کتابیں وہ تحریر کر چکے تھے۔ ان کی کچھ کتابیں براہِ راست مختلف زبانوں میں مثلاً فرانسیسی، انگریزی، عربی، اردو اور ترکی میں شائع ہوئیں۔ ان کے علاوہ بہت سی زبانوں میں ان کی کتب اور مقالات کے تراجم شائع ہوئے۔ فاضل مراسلہ نگار کے مطابق ۲۴ زبانوں میں ان کی کتابیں شائع ہو چکی تھیں۔ میرا عرض کرنے کا مطلب یہ ہے کہ جب ڈاکٹر صاحب بہاولپور تشریف لائے تو ان کی شخصیت علمی اعتبار سے مسلّمہ تھی اور مختلف موضوعات پر وہ اتھارٹی کی حیثیت رکھتے تھے۔ چنانچہ اس پس منظر میں آپ دیکھیں کہ خطباتِ بہاولپور ان کی ساری علمی زندگی کا ایک نچوڑ تھا۔

* ڈائریکٹر جنرل، شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

جوانہوں نے ''خطباتِ بہاولپور'' کی شکل میں ۱۲ خطبات کی صورت میں پیش کیا۔ درحقیقت ان کے ۱۲ خطبات میں گفتگو کا محور سیرتِ طیبہؐ تھی۔ڈاکٹر صاحب نے اسلامی فکری علوم، نظم مملکت ودفاع، قانون سازی، نظام تعلیم اور بین الاقوامی قانون وغیرہ پر سیرتِ طیبہ کی روشنی میں گفتگو فرمائی۔ ان خطبات کا مطالعہ کرنے والا ان کی علمی حیثیت کو اچھی طرح سمجھ سکتا ہے۔

خطباتِ بہاولپور کے عنوانات کچھ اس طرح ہیں تاریخ قرآن، تاریخ فقہ، تاریخ اصولِ فقہ اور اجتہاد، اس طریقے پر یہ ایک تسلسل کے ساتھ آپ نے ۱۲ خطبات دیئے اور ان بارہ خطبات میں انہوں نے اپنے طویل مطالعہ کا نچوڑ پیش کر دیا۔ یہ علمی گفتگو محض ایک عالم دین کی گفتگو نہ تھی بلکہ ایک صاحب قلب ونظر ولی کی زندگی کا نتیجہ فکر تھی۔ اس لیے میرا خیال ہے کہ جو مقبولیت ''خطباتِ بہاولپور'' کو حاصل ہوئی سیرتِ طیبہؐ پر اردو زبان میں کسی اور کتاب کو اتنی مقبولیت حاصل نہیں ہوئی۔ اس کے نو ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں اور بہت سے ناشران نے مختلف ناموں سے بھی ان خطبات کو یا کچھ منتخب خطبات کو شائع کیا ہے۔

یہ سب باتیں ظاہر کرتی ہیں کہ یہ خطبات لوگوں کو بہت پسند ہیں۔ لوگ انہیں بہت دلچسپی سے پڑھتے ہیں ان کا اسلوب وانداز ایسا ہے کہ جہاں ایک بہت بڑا محقق اور عالم استفادہ کر سکتا ہے وہیں ان کے اندازِ گفتگو اور روانی سے عام آدمی بھی مستفید ہوتا ہے۔ ان خطبات میں جو اہم اور نمایاں چیز آپ کو نظر آئے گی وہ یہ کہ ڈاکٹر صاحب نے ان میں تقابلی مطالعہ کی طرف بڑی توجہ دی ہے۔ وہ مختلف مذاہب کا ایک تقابلی مطالعہ کرتے ہیں اور اس تقابلی مطالعہ میں آپ بہت مدلل انداز میں اسلام کی حجیت اور اس کی (Authority) اور اس کی (Authenticity) کو اس طریقے سے ثابت کرتے چلے جاتے ہیں کہ نہ ماننے والے اور غیر مسلم افراد بھی دلیل کی روشنی میں اس کو تسلیم کرتے چلے جاتے ہیں۔ ان خطبات کا ایک اسلوب تو یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب گفتگو کا آغاز کرتے ہیں تو وہ پہلے تقابلی مطالعہ پیش کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر جب وہ قرآن حکیم کے بارے میں یا تاریخ قرآن حکیم کے بارے میں گفتگو کرتے ہیں تو جتنے بھی آسمانی مذاہب ہیں یا جن کے بارے میں آسمانی مذہب ہونے کا دعویٰ کیا جاتا ہے وہ ان سب کے بارے میں بڑی تفصیل کے ساتھ روشنی ڈالتے ہیں اور ان کی تعلیمات ان کی اپنی کتب سے پیش کر کے تقابل کرتے ہیں۔

وہ زردتشت کا تذکرہ کرتے ہوئے اس کی نبوت کے امکان کوتسلیم کرتے ہیں پھراس امکان کے ساتھ وہ اوستا سے حوالے پیش کر کے رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو پیش کرتے ہیں۔ وہ زردتشت کی تعلیمات کا مطالعہ کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ اس میں کیا ہے اور ان کی تحریر و تقریر یا ان کی کتاب کا کیا کچھ آج محفوظ ہے۔ اسی طرح جو دوسری آسمانی کتابیں ہیں۔ ان کا بھی تذکرہ کرتے چلے جاتے ہیں۔ یہاں یہودیت کا بھی تذکرہ ہے اور عیسائیت کا بھی، یہودیوں کی جو کتاب آج موجود ہے وہ عہدِ نامہ قدیم کہلاتی ہے۔ عہدِ نامہ قدیم کے بارے میں ڈاکٹر صاحب بہت سے دلائل کے ساتھ یہ بات ثابت کرتے ہیں کہ یہ اپنی اصل شکل کے اندر محفوظ نہیں رہی۔ اور یہ کہ وہ کس طرح مختلف اوقات میں جلائی جاتی رہی اور کتنے عرصے تک ناپید رہی اور پھر یہ کہ اتنا عرصہ ناپید رہنے کے بعد کس طرح اور کس کی مساعی سے دوبارہ وجود میں آئی۔ عہد نامہ قدیم کے ناپید ہونے اور کئی صدیوں بعد تحریر میں لائے جانے کی تاریخ بیان کر کے وہ یہ سوال اٹھاتے ہیں کہ ان حالات میں اس کی اتھارٹی (Authoriy) یا حجیت کس حد تک برقرار رہتی ہے۔ عہد نامہ قدیم کی تاریخی حیثیت بیان کرنے کے بعد وہ قرآن حکیم کی طرف آتے ہیں۔ پھر قرآن پاک کی حجیت پورے دلائل اور شواہد کے ساتھ واضح کرتے ہیں۔

یہاں ڈاکٹر صاحب دو چیزوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں ایک تو یہ کہ قرآن کریم کے بارے میں جن لوگوں نے شبہات پیدا کرنے کی کوشش کی ان کے پیدا کردہ شبہات دور ہوتے چلے جائیں، ساتھ ہی یہ بھی کہ اس بات کو ثابت کیا جائے کہ قرآن کریم مسلمانوں کے لیے ان کی تہذیب و تمدن اور ان کی قانونی اور دستوری زندگی کے لیے ایک بنیادی مآخذ ہے۔ اس بنیادی مآخذ کی حجیت دلائل کے ساتھ بیان کرتے ہیں بیک وقت اس پر ڈاکٹر صاحب گفتگو کرتے ہیں۔ ہندوستان میں پائے جانے والی کتابوں کو بھی وہ زیر بحث لاتے ہیں اور ہندومت کی کتابوں کا تذکرہ کرتے ہیں۔ ہندومت کو شاید بہت سے لوگ آسمانی مذہب تسلیم نہ کریں معلوم نہیں وہ کسی وقت آسمانی مذہب تھا یا نہیں لیکن ان کی کتابوں میں بعض ایسے اشارے ضرور ملتے ہیں جن میں رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی طرف واضح اشارہ ملتا ہے ان کی تفصیلات آپ خطباتِ بہاولپور میں دیکھ سکتے ہیں۔ ''تورات'' کی تاریخ کو ڈاکٹر صاحب نے تفصیل سے بیان کیا ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ اس کتاب، کا کوئی نسخہ موجود نہیں ہے۔ صرف تراجم موجود ہیں جو یونانی زبان سے کیے گئے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کا ایک اور انداز یہ ہے کہ وہ نئی تحقیق اور جدید معلومات بھی ان خطبات میں فراہم کرتے ہیں خطبات سے متعلق جدید تحقیق جو مفید ثابت ہوسکتی تھیں اور عام لوگوں کے علم میں نہیں تھی انہیں بھی جمع کر دیا ہے اس طرح خطبات بہاولپور علم کا وہ سمندر ہے جہاں قدیم و جدید دونوں طرح کی معلومات ملتی ہیں۔ مثلاً تقابل کا یہ انداز دیکھیے کہ ڈاکٹر صاحب بائبل کی جدید تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے بتاتے ہیں کہ جرمنی میں کرسچین آرگنائزیشن نے مطالعہ کے لیے ایک کمیٹی بنائی تھی اس کمیٹی نے بائبل کا مطالعہ کیا اور ان تمام نسخوں کو جمع کیا جو اصل یونانی زبان سے ترجمہ ہوئے تھے ان میں سے کچھ مخطوطات کی شکل میں موجود تھے ان سب کو جمع کر کے مطالعہ کیا گیا اور اس کی روشنی میں ایک رپورٹ پیش کی گئی اس رپورٹ میں بتایا گیا کہ بائبل کے اندر دو لاکھ سے زیادہ روایتی اختلاف پائے جاتے ہیں۔ اس رپورٹ کے شائع ہونے کے بعد بعض لوگوں کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ اس قسم کا مطالعہ قرآن کریم کے بارے میں بھی کیا جائے چنانچہ میونخ یونیورسٹی میں قرآن کی تحقیق کے بارے میں ادارہ قائم ہوا اس ادارے کے ڈائریکٹر سے ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی ملاقات ۱۹۳۳ء میں ہوئی۔ ادارے کے ڈائریکٹر نے انہیں بتایا کہ اس ادارے میں قرآن کے نسخے، مخطوطات، مختلف علاقوں کے خطوں سے حاصل کردہ فوٹو جن کی تعداد ۴۳ ہزار سے زائد ہے موجود ہیں اور قرآن حکیم کے بارے میں بائبل کی طرح اختلاف و تضاد کی تلاش کا کام جاری ہے۔ اس کی ابتدائی رپورٹ شائع ہوئی جس کے اندر یہ بتایا گیا کہ قرآن کریم کے نسخوں کا ہم نے تقابلی مطالعہ کیا اور اس کے نتیجے میں ہمیں قرآن کریم میں کوئی اختلاف نظر نہیں آیا البتہ کچھ کتابت کی غلطیاں ہیں ایک نسخہ میں غلط لکھا گیا تو دوسرے نسخے میں صحیح لکھا ہوا ہے لیکن حقیقی کوئی روایت کا اختلاف نہیں ملا۔ اس رپورٹ میں اس بات کا اظہار بھی کیا گیا کہ یہ ایک ابتدائی رپورٹ ہے اور یہ کہ یہ تحقیق جاری رہے گی۔ جرمنی کا یہ ادارہ دوسری جنگ عظیم میں بمباری کے دوران ختم ہو گیا اور پھر اس قسم کی کوئی کاوش ان کی طرف سے نہیں ہوئی بہر حال اس قسم کی معلومات ڈاکٹر صاحب فراہم کرتے چلے جاتے ہیں۔ بسا اوقات کھدائی کے دوران آثار قدیمہ کے تلاش کرنے والوں کو اگر کوئی چیز ملی ہے اور اس کے بارے میں کوئی رپورٹ شائع ہوئی ہے جو خطبات کے سامعین کے لیے مفید ثابت ہو سکتی ہے تو اس کا تذکرہ بھی آپ کو خطباتِ بہاولپور میں ملے گا۔

آثارِ قدیمہ کی رپورٹ کے حوالے سے عراق کا ذکر کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ وہاں ایک فرقہ پایا جاتا ہے جو

صابیہ کے نام سے ہے۔صابیہ سے مراد کیا ہے۔ان کی معلومات کیا ہیں اس کا دین کیا ہے ان کے پاس کوئی کتاب ہے تو کس شکل میں موجود ہے اس کے مندرجات کیا ہیں، کتنی مقدار میں ایک پیرا گراف یا دو پیرا گراف ہیں اور ان میں کیا کچھ ہے سب بتاتے جاتے ہیں اس کے علاوہ جونئی معلومات ڈاکٹر صاحب کے علم میں ہیں وہ بھی بتاتے ہیں اس طرح ان خطبات میں معلومات کا ایک خزانہ جمع ہے۔

تیسری چیز جو ہمیں خطباتِ بہاولپور میں مل رہی ہے وہ یہ ہے کہ کہ بعض ان کتابوں سے ڈاکٹر صاحب نے متعارف کروایا جس سے برصغیر کے عام اہل علم واقف نہیں تھے۔یقینی بات ہے کہ محققین اور گہرا علم رکھنے والے تو واقف ہوں گے لیکن مجھ جیسے طالب علم جو یونیورسٹی کے عام اساتذہ ہوتے ہیں وہ بعض نایاب مگر علمی اعتبار سے بڑی اہم کتابوں سے پوری طرح واقف نہ تھے۔آپ خطبات میں دیکھیں گے کہ ڈاکٹر صاحب اس قسم کی نایات کتب کا بار بار حوالہ دیتے ہیں تاکہ اہل علم متوجہ ہوں اور ان سے استفادہ کریں۔مثلاً محمد بن حبیب البغدادی کی ''المحبر'' اور ''المنمق'' ہے ان میں بہت سی اہم تاریخی رواتیں اور بڑی اہم باتیں ملتی ہیں ان سے ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے بھرپور استفادہ کیا ہے اور اپنے علم واستدلال کو اپنے مخاطبین کے سامنے پیش کر دیا ہے۔

اسی طرح خطباتِ بہاولپور میں بعض ایسی اہم چیزوں کی طرف توجہ دلائی ہے جن کی طرف اہل علم نے کوئی خاص توجہ نہیں دی مثلاً امام ابوحنیفہؒ اور ان کے شاگردوں کے اصولِ فقہ پر تحریر جو انہوں نے کتاب الرائے کے نام سے مرتب کی تھی۔یہ کتب اگرچہ ہم تک نہیں پہنچ سکیں لیکن امام محمد الشیبانی کی کتاب کے بعض مندرجات ابوالحسین المعتزلی کی مشہور کتاب ''المعتمد فی اصول الفقہ'' میں آ گئے ہیں۔اس کتاب کی تحقیق وتدوین کا کام ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے ہی انجام دیا ہے۔

زید بن علی کی کتاب ''المجموع فی الفقہ'' کا تعارف بھی ہمیں ان خطبات میں ملتا ہے زید بن علی امام ابوحنیفہ کے معاصر تھے لیکن عمر میں حضرت امام ابوحنیفہؒ سے بڑے تھے، فقہ پر ان کی گہری نگاہ تھی، ''المجموع'' فقہ اسلامی کی ایک قدیم ترین کتاب ہے اس میں فقہی احکام اُسی ترتیب سے ہیں جس ترتیب سے بعد کی فقہ کی کتابوں میں ہوئے ہیں، اس کتاب کے مطالعہ سے حضرت زید بن علی کے طرز استدلال اور ان کے فقہی اصولوں کو سمجھا جا سکتا ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ ان کتابوں کا خاص طور پر اس لیے ذکر کرتے ہیں تا کہ نوجوان اہل علم ان کی طرف متوجہ ہوں اور اس علمی سرمایہ سے استفادہ کریں۔

ایک اور خصوصیت جو ان خطبات میں ہمیں ملتی ہے وہ یہ کہ ڈاکٹر صاحب بڑی ذہانت کے ساتھ علمی استدلال کرتے ہیں۔ خاص طور پر دستوری اور فقہی استدلال کرتے ہیں۔ اور پھر اس استدلال سے اپنے انداز میں نتائج اخذ کرتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کے اسلوبِ استدلال کی ایک بات نمایاں نظر آتی ہے وہ یہ کہ آپ خارجی شواہد پر گہری نظر رکھتے ہیں اور اگر ان شواہد سے کسی ایسی روایت کی تائید ہو رہی ہو جس کو ہمارے محدثین نے رد کر دیا ہو یا ضعیف قرار دیا ہو تو ڈاکٹر صاحب ان خارجی شواہد کی بنیاد پر ایسی روایت کو قبول کرنے میں جھجک محسوس نہیں کرتے۔

ڈاکٹر صاحب کا اصول یہ ہے کہ اگر روایت قرآن وسنت اور اسلام کی مجموعی تعلیمات سے متصادم نہ ہو اور ایسے خارجی شواہد موجود ہیں جن سے اس راویت کی تائید ہو رہی ہو تو اسے قبول کر لینے میں کوئی حرج نہیں۔ مثلاً آپ ﷺ کی طرف ایک روایت منسوب ہے کہ:

''علم حاصل کرو اگر چہ چین ہی جانا پڑے۔''

یہ روایت سند کے اعتبار سے سب سے کمزور روایت ہے مگر ڈاکٹر صاحب کا خیال ہے کہ یہ روایت قرآن کریم کے مجموعی تعلیمات سے متصادم نہیں ہے اس لیے کہ ایسے خارجی اور تاریخی شواہد موجود ہیں جن سے اس روایت کا صحیح ہونا ثابت ہوتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کو چین کے حالات کے بارے میں نہ صرف علم تھا بلکہ آپ کو اس بات کا علم بھی تھا کہ سرزمین حجاز سے چین تک کا راستہ کس قدر دور دراز اور دشوار گذار تھا۔ وہ اس غلط فہمی کو دور کرتے ہیں کہ شاید عہدِ رسالت ﷺ میں لوگ سرزمین چین سے واقف نہیں تھے ڈاکٹر صاحب نے ثابت کیا ہے کہ چین کے تاجر عرب کے کن علاقوں میں آیا کرتے تھے اور آپ ﷺ کے سفر کہاں تک ہوتے رہے۔ چینی تاجروں کے تجارتی تعلقات اور خود رسول اللہ ﷺ کے اسفار کو ذکر کر کے وہ یہ استدلال کرتے ہیں کہ آپ ﷺ کو کافی حد تک چین اور اس کے دشوار گذار راستوں کے بارے میں معلومات تھیں اسی لیے آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تمہیں چین جیسے دشوار گزار اور طویل راستے میں سفر کرنا پڑے تو بھی علم کے حصول کے لیے جاؤ۔

اسی طرح فقہ کے طالب علم کو بہت دلچسپی محسوس ہوتی ہے کہ جب وہ استدلال کرتے ہیں کہ ماقبل کی شریعت دستوری اعتبار سے قابل عمل ہے، اس کے لیے وہ قرآن حکیم کی اس آیت سے استدلال کرتے ہیں جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ نہ کرلیا ہوتا تو تم پر عذاب نازل کر دیتا تم نے ایسا کیوں کیا کہ فدیہ لے کر کفار کے قیدیوں کو چھوڑ دیا۔

﴿لَوۡ لَا كِتَابٌ مِنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمۡ فِي مَا اَخَذۡتُمۡ فِيۡهِ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ﴾

اب اس آیت کو سامنے رکھ کر وہ یہ استدلال کرتے ہیں کہ اس سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ جب تک ماقبل کی شریعت کے بارے میں وحی کے ذریعے ترمیم یا تنسیخ نہیں ہوتی اس وقت تک وہ قابل عمل یا قانون واجب العمل ہے اور آپ ﷺ نے اس کے مطابق عمل کیا۔

اس نقطۂ نگاہ سے آپ خطباتِ بہاولپور کا جائزہ لیں تو ڈاکٹر صاحب کی فقہی اور دستوری استدلال بہت کثرت سے ملتے ہیں اگر ہم اس پر کام کریں تو ایک مکمل مقالہ اس موضوع پر لکھا جاسکتا ہے۔ بہرحال یہ چند باتیں ہیں جو میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے خطبات کے بارے میں عرض کرنا چاہتا تھا۔ یہ خطبات آج ہمارے سامنے موجود ہیں اس کے بہت سے ایڈیشن اسلام آباد اور بہاولپور سے شائع ہو چکے ہیں۔ اس کا انگریزی میں ترجمہ موجود ہے۔ ہم میں سے ہر استاد کو، ہر طالب علم کو، ہر اہل علم کو اس سے ضرور استفادہ کرنا چاہیے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ ان کے درجات کو بلند فرمائے اور انہوں نے جو علمی مشن شروع کیا تھا اس کی تکمیل کی ہمیں بھی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

خطباتِ بہاولپور

(تعارف اور مشہور روایات کا تنقیدی جائزہ)

* ڈاکٹر محمد ھمایوں عباس شمس

اَلْخَطْبُ والمخاطَبَۃ'' والتَّخَاطب ، باہم گفتگو کرنا، ایک دوسرے کی طرف بات لوٹانا اسی سے خُطْبَۃ'' اور خِطْبَۃ'' کا لفظ ہے لیکن خُطْبَۃ'' وعظ و نصیحت کے معنی میں آتا ہے اور خِطْبَۃ'' کے معنی ہیں نکاح کا پیغام اصل میں خطبہ اس حالت کو کہتے ہیں جو بات کرتے وقت ہوتی ہے۔ (۱،۲)

قرآن کریم نے انبیائے کرام کے خطبات کا ذکر کیا تا کہ انسانیت فوز و فلاح کی صراط مستقیم کو گم نہ کر دے۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے جیل میں قیدیوں کو جو خطبہ ارشاد فرمایا وہ صرف توحید کی عظمت و شوکت کا آئینہ دار ہی نہیں بلکہ کار رسالت کی نازک ذمہ داریوں کو بھی واضح کرتا ہے۔ انسانی حقوق کی رہتی دنیا تک جب بھی بات ہوگی نبی آخر الزماں ﷺ کا خطبہ حجۃ الوداع انسانیت کے قلوب و اذہان کو حقائق و معارف کی نئی دنیاؤں سے آشنا کرتا رہے گا۔

برصغیر میں غالباً پہلی بار مدراس کے علاقہ میں ساؤتھ انڈین مسلم ایجوکیشنل سوسائٹی کے زیر اہتمام خالص علمی و فکری لیکچرز کا اہتمام ''خطبات'' کے نام سے ہوا۔ جس میں علامہ سید سلیمان ندویؒ اور علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؒ جیسے اساطین ملت نے اپنی برسوں کی تحقیقات کو اپنے محاضرات کی صورت میں عوام کے سامنے رکھا۔ خطبات کے نام سے جب یہ فکری گفتگو شائع ہوئی تو لیل و نہار کی گردش نے ان کی افادیت میں کمی نہ آنے دی بلکہ ان سے استفادہ کا رجحان روز افزوں ہوتا رہا۔ اس علمی روایت کی یاد کو ایک بار پھر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے ۲۰ر مارچ ۱۹۸۰ء کو تازہ کیا جہاں عالم اسلام کے عظیم سکالر ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے ۱۲ خطبات ارشاد فرمائے۔

---

* لیکچرار، شعبہ علوم اسلامیہ، جی سی یونیورسٹی، لاہور۔

ڈاکٹر صاحب مغرب کی دنیا میں اسلام کے سفیر تھے۔آپ کو اسلامی علوم سے عشق تھا، بلند پایہ عالم ہونے کے باوجود عجز وانکساری کا پیکر تھے۔آپ کی تحقیقات میں روشن خیالی کے ساتھ ساتھ مشرقی ومغربی علوم کا حسین امتزاج پایا جاتا ہے۔آپ وحدت امت کے داعی تھے۔آپ کی تصانیف کی تعداد ۲۰۰ سے زائد بتائی جاتی ہے اور ۱۰۰۰ سے زائد مقالات (جن میں اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ کے لیے لکھے گئے ''آ سے ی'' تک ۳۲ مختلف مقالات بھی ہیں) آپ نے علمی ورثہ میں چھوڑے۔خطوط ان کے علاوہ ایک علمی خزانہ ہیں۔آپ کی شائع شدہ کتب میں ''خطباتِ بہاولپور'' کو مقبولیت عامہ حاصل ہوئی۔ماہنامہ ''معارف اعظم گڑھ'' میں ان خطبات کا تعارف کرواتے ہوئے مولانا ضیاء الدین اصلاحی لکھتے ہیں کہ:

> ''اسلامی امور کے ماہر اور نامور فاضل ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کی دعوت پر بارہ (۱۲) خطبے دیے تھے۔زیر نظر کتاب ان ہی کا مجموعہ اور یونیورسٹی کے مجلّہ مفکر کا خاص نمبر ہے۔شروع کے چار ۴ خطبوں میں اسلام کے بنیادی مآخذ یعنی قرآن وحدیث اور فقہ واجتہاد کی تاریخ بیان کی گئی ہے۔پہلے خطبہ میں قرآن مجید کی جمع وتدوین کے سلسلہ میں گذشتہ آسمانی کتابوں کا ذکر بھی آ گیا ہے۔اس میں بتایا ہے کہ سابقہ صحف وکتب میں بعض تو سرے سے موجود ہی نہیں اور جدید تحقیقات سے جن کتابوں کے کچھ اوراق و مندرجات دریافت ہوئے ہیں ان کے صحیفہ ربانی ہونے کا کوئی یقینی ثبوت نہیں۔اس بحث کے آخر میں عہد نامہ قدیم وجدید کا تذکرہ ہے۔اس میں توریت کی متعدد بار گمشدگی کا ذکر کیا ہے، جو اس کا ثبوت ہے کہ وہ بعینہٖ کلام الٰہی نہیں ہے۔اسی طرح مروجہ چاروں انجیلوں کے بارے میں بتایا ہے کہ وہ دراصل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سوانح عمری ہیں۔اس لیے استناد کے لحاظ سے سب مسلمانوں کی کتب سیرت کے ہم پایہ ہیں۔پھر قرآن مجید جس محفوظ صورت میں مسلمانوں تک پہنچا ہے اس کی تفصیل پیش کی ہے۔ڈاکٹر صاحب نے آنحضرت ﷺ کی مکی زندگی کے ایسے واقعات تحریر کیے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ شروع ہی سے قرآن مجید کی نقل وکتابت اور جمع وتدوین کا کام انجام پاتا رہا ہے۔نیز آپ نے اپنی

وفات کے وقت اسے مرتب ومدون حالت میں چھوڑا تھا اس کے بعد عہدِ صدیقی وعہدِ عثمانی کی جمع وترتیب کی صحیح نوعیت بتائی ہے۔

دوسرے خطبہ میں حدیث کی دینی اہمیت واضح کرنے کے بعد عہدِ نبوی ﷺ کے تحریری سرمایے کا مفصل جائزہ لے کر دکھایا ہے کہ اس عہد میں تحریر وکتابت کا رواج بھی تھا اور احادیث کے علاوہ آپ ﷺ کے مراسلے وغیرہ بھی قلمبند کیے گئے تھے۔ پھر صحابہ کرامؓ اوران کے بعد کے زمانہ میں آپ ﷺ کے اقوال وافعال جس مستند طریقہ پر مرتب کیے گئے اس کے بارے میں لکھا ہے کہ اس کی مثال دوسری قوموں کے انبیاء کے حالات تو درکناران کی مذہبی وآسمانی کتابوں کی ترتیب میں بھی نہیں ملتی۔ تیسرے خطبہ میں فقہ اسلامی کی تاریخ بیان ہوئی ہے۔ اس ضمن میں اس کی تشکیل، نشوونما، امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ میں اس کی باقاعدہ تدوین اوراس کے اہم مآخذ ومصادر پر سیر حاصل گفتگو کی ہے اوراس زمانہ کے رائج ''رومن لاء'' پراس کی برتری بھی دکھائی ہے۔ چوتھا خطبہ اصول فقہ واجتہاد کی تاریخ پر مشتمل ہے۔ اس میں اس کی وضاحت کی ہے کہ اسلامی قانون کی تدوین کس طرح عمل میں آئی اور نئے مسائل کو قرآن وسنت کی روشنی میں کس طرح حل کیا جاتا تھا۔ نیز دور حاضر کے اجتہادی مسائل میں اجماع کی صورت کیا ہے۔ پانچواں خطبہ بڑا اہم ہے، یہ قانون بین المما لک پر ہے، اس میں دومملکتوں کے باہمی تعلقات کے اصول و قوانین پر روشنی ڈالی ہے اور بتایا ہے کہ مسلمانوں کے یہاں اس کا آغاز کس طرح ہوا۔ سیر کی اصطلاح اوراس موضوع پر مسلمان علماء وفقہا کی مختلف تصنیفات اوران کے مندرجات پر بحث کر کے انٹرنیشنل لاء کے سلسلہ میں ان کی اہمیت واضح کرتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب پورے وثوق سے فرماتے ہیں کہ اس علم کو وجود بخشنے والے مسلمان ہیں، وہ قدیم یونانی اوررومی اورموجودہ یورپی دور میں انٹرنیشنل لاء کے رواج کی پرزور تردید کرتے ہیں۔ چھٹا خطبہ دین پر ہے۔ اس میں حدیث جبرئیل علیہ السلام کی روشنی میں عقائد وایمانیات،

اسلامی عبادات اوراحسان وتصوف کی حقیقت واہمیت بہت دلنشین انداز میں واضح کی ہے۔ آخر کے دوخطبوں میں سیرتِ نبوی ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر عالمانہ گفتگو کی ہے۔ اس سلسلہ کے پہلے خطبہ میں آنحضرت ﷺ کی مملکت کے نظم ونسق کا ذکر ہے۔ اس میں آپ سے قبل عرب کے عام نظم ونسق، دفاع، مالیہ، عدلیہ اور تعلیم وتربیت وغیرہ مختلف شعبوں کا ذکر ہے۔ اسکے بعد دفاع وغزوات پر ایک مستقل خطبہ ہے۔ نویں خطبہ میں دورنبوت کے نظام تعلیم اور آپ ﷺ کے علوم کی سرپرستی فرمانے کا تذکرہ ہے۔ ایک خطبہ میں عہدِ نبوی ﷺ کے تشریعی نظام اور عدلیہ پر مفید گفتگو کی ہے ایک اور خطبہ میں مالی نظام اور تقویم پر بحث کی گئی ہے۔ آخری خطبے میں رسول اللہ ﷺ کی تبلیغ اسلام کے طریقے اور غیرمسلموں کے ساتھ آپ کی رواداری اور شریفانہ برتاؤ کی تفصیل پیش کی ہے خطبوں کے بعد ڈاکٹر صاحب سے سوالات کئے جاتے تھے اور وہ ان کے جواب دیتے تھے۔ ہر خطبہ کے آخر میں یہ سوال وجواب بھی درج ہیں جو دلچسپ اور معلومات سے پر ہیں۔ اسلامی علوم کی تاریخ، قانون بین الممالک اور عہدِ نبوی ﷺ کا نظامِ دفاع وتعلیم وغیرہ پر ڈاکٹر صاحب کی مستقل کتابیں پہلے چھپ چکی ہیں اور وہ ان موضوعات پر برابر غور وفکر اور تحقیق فرماتے رہے ہیں۔ اس لئے یہ خطبے ان کے برسوں کے مطالعہ کا نچوڑ ہیں۔'' (۳)

ضیاءالدین اصلاحی کے بقول خطبات ''مدلل، پُرمغز، بصیرت افروز اور عہد حاضر کے رجحان کے مطابق ہیں۔ (۴)

اس کے پہلے ایڈیشن میں بعض سنگین نوعیت کی غلطیاں بھی رہ گئیں جن کی طرف اشارہ ڈاکٹر صاحب نے خود تبصرہ شائع ہونے کے بعد ایک خط میں کیا۔ آپ لکھتے ہیں:

''معارف میں خطباتِ بہاولپور کی تحلیل دیکھی، تمنا تو تنقید وتصحیح کی تھی، معلوم نہیں اسکا ۲۲ صفحوں کا غلط نامہ آپ کو ملا ہے یا نہیں؟ کئی دفعہ کافروں کو بھی حضرت............رضی اللہ عنہ لکھ ڈالا ہے۔'' (۵)

خطبات کی مقبولیت اور افادیت کے باوجود ان پر نقد و استدراک بھی ہوا اور تحقیقی کام بھی مثلاً مولانا حافظ محمد اقبال رنگونی نے ''عورت کی سربراہی اور ڈاکٹر حمید اللہ کا استدلال'' کے عنوان سے ڈاکٹر صاحب کے نقطۂ نظر پر تنقید کی ہے۔(۶) مولانا محمد زاہد نے بھی آپ کے خطبات و نظریات پر غیر علمی اور غیر سنجیدہ اندازِ تحقیق کی جو کہ کراچی سے شائع ہو چکی ہے۔(۷) اس طرح ڈاکٹر احمد حسن کا ایک تنقیدی خط سہ ماہی ''فکر و نظر'' اسلام آباد میں ڈاکٹر صاحب کے جواب کے ساتھ شائع ہوا۔(۸) دوسری طرف ان خطبات کی افادیت کے پیش نظر Emergance of Islam کے نام سے انگریزی ترجمہ شائع ہوا۔ خطبات کے بارھویں خطبہ ''تبلیغ اسلام اور غیر مسلموں سے برتاؤ'' کے حوالہ جات کی تخریج پروفیسر محمد سجاد نے کی۔(۹)

ڈاکٹر محمد حمید اللہ ایک وسیع المطالعہ شخصیت تھی ان کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے محدّثین کے سلسلہ رواۃ کی طرح کتابت حدیث کی سند کو بھی عہد رسالت تک متصل کر دکھایا لیکن وہ معروف معنوں میں محدث نہ تھے یہی وجہ ہے کہ خطبات میں وہ بعض ضعیف یا موضوع روایات سے استدلال کرتے ہوئے بھی نظر آتے ہیں اور یہ بات عیب بھی نہیں کیونکہ وہ بنیادی طور پر مؤرخ تھے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے بارے میں ایک مضمون پر ادارہ محدّث نے جو نوٹ لکھا وہ بھی درج بالا مؤقف کی وضاحت کرتا ہے:

> ''ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم کا احادیث کی تدوین و اشاعت کے سلسلے میں کام واقعۃً بہت عظیم ہے اور مرحوم کا امتیازی تخصص تاریخ و آثار ہی تھا جبکہ تحقیق حدیث میں ان کے بعض رجحانات و آراء ایسی ہیں جن سے اتفاق کرنا بڑا مشکل ہے۔ چنانچہ تحقیق حدیث کے سلسلے میں فن حدیث کے اصول و قواعد کی پابندی کی بجائے آپ تاریخی تحقیق کے منہاج کو ہی کافی سمجھتے تھے۔''(۱۰)

ڈاکٹر محمود احمد غازی کا یہ کہنا بھی بجا طور پر صحیح ہے کہ علم حدیث میں ان کے کام کی حیثیت ایک خاص انداز کی ہے۔ وہ معروف معنوں میں محدّث نہیں کہلائے انہوں نے علم حدیث کی تدریس کا اس انداز سے کام نہیں کیا جیسا کہ علم حدیث کے اساتذہ کرتے ہیں لیکن علم حدیث میں وہ ایک منفرد مقام کے حامل ہیں۔ (۱۱)

مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ وہ علم اسماء الرجال کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے اور اس کی اہمیت کے قائل تھے جس کا اندازہ آپ کے ان الفاظ سے لگایا جاسکتا ہے۔ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے ضمناً فرمایا:

''اسی طرح اس بارے میں اولاً یہ بھی معلوم کرنے کی ضرورت ہے کہ آیا یہ روایت صحیح بھی ہے یا نہیں چنانچہ ان راویوں کی سوانح دیکھنی ہوں گی اور یہ معلوم کرنا ہوگا کہ ان راویوں کے متعلق ہمارے علمائے سلف نے کیا رائے قائم کی۔ (۱۲)

ان خطبات کی چند روایات (تفسیر کے متعلقہ دو موضوع بھی زیر بحث آئے ہیں) کا محدّثین کے اصول پر تنقیدی جائزہ پیش خدمت ہے۔راقم نے ڈاکٹر صاحب کی رائے یا پیش کردہ نقطۂ نظر کو مختصراً نقل کر کے اس مؤقف کے بارے میں ائمہ اعلام کی آراء درج کردی ہیں اور زیادہ طوالت سے احتراز کیا ہے۔

۱۔ مفسرین نے حروف مقطعات کے بارے میں مختلف آراء کا اظہار کیا ہے۔ایک روایت میں ہے کہ ان حروف کی عددی قیمت ہے اور ان سے یہود نے مختلف قیاسات کئے۔اس روایت کی طرف ڈاکٹر صاحب نے بھی اشارہ فرمایا۔ (۱۳)

لیکن امام ابن کثیر نقلی و عقلی اعتبار سے رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''اس حدیث کا دار و مدار محمد بن سائب کلبی پر ہے اور اس روایت میں وہ منفرد ہے۔ایسی روایات کو محدّثین نے حجت نہیں مانا۔اس طرح اگر مان لیا جائے اور ہر حرف کے عدد نکالے جائیں تو جن چودہ حروف کو ہم نے بیان کیا ہے ان کے عدد بہت ہو جائیں گے اور جو حروف ان میں کئی بار آئے ہیں اگر ان کے عدد کا شمار بھی کئی بار لگایا جائے تو بہت بڑی گنتی ہو جائے گی۔ (۱۴)

۲۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قبول اسلام کا واقعہ معروف ہے لیکن محدّثین کو اس کی سند پر کلام ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے بھی اس مشہور قصہ کا ذکر کیا ہے۔ (۱۵)

اس قصہ کے بارہ میں امام ہیثمی نے لکھا ہے کہ اس میں اسامۃ بن زید بن اسلم ضعیف راوی ہے اور حاشیہ میں

محقق نے لکھا کہ اس روایت میں اسامہ سے بھی زیادہ اسحٰق بن ابراہیم الحنینی ضعیف ہے۔امام ذھبی نے قبول اسلام کی اس روایت پر تبصرہ ان الفاظ میں کیا:

قلت:حدث عنه اسحاق الأرزق بمتن محفوظ وبقصة إسلام عمر: وهی منکرة جدّا۔ (۱۶)

امام زیلعی کے تنقیدی الفاظ بھی ملاحظہ فرمائیں:

قال الدارقطنی:تفرد القاسم ابن عثمان ولیس بالقوی وقال البخاری له احادیث لایتابع علیها۔ (۱۷)

۳۔ عہدِعثمانی میں سرکاری نسخوں کے علاوہ دیگر نسخوں کوتلف کرنے کا حکم دیا گیا۔ڈاکٹر صاحب فرماتے ہیں:

''تاریخی طور پر کسی ایسے واقعہ کا ذکر نہیں ملتا۔'' (۱۸)

حالانکہ صحیح بخاری کی روایت کے الفاظ ہیں:

''وامر بماسواه من القرآن فی کل صحیفة اومصحف أن یحرق۔'' (۱۹)

۴۔ کتابت حدیث کے جواز کیلئے ڈاکٹر محمد حمید اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت سے بھی استدلال کیا ہے

استعن بیمینك۔(۲۰)

امام ترمذی نے خود اس روایت کے بارہ میں لکھا ہے:

سمعت محمد بن اسمعیل یقول:الخلیل بن مرة منکر الحدیث۔ (۲۱)

اورعبدالرحمٰن مبارکپوری لکھتے ہیں: فالحدیث ضعیف منکر.(۲۲)

۵۔ حدیث جبرائیل کے ضمن میں ڈاکٹر صاحب نے لکھا کہ اس دفعہ آپ کو جبرئیل کے پہچاننے میں دشواری ہوئی۔(۲۳)

مجمع الزوائد میں اصل الفاظ یوں ہیں:

"والذی نفس محمد بیده ماجاء نی قط الاوانا اعرفه الأن تکون هذه المرة رواه احمد۔"

لیکن ساتھ ہی امام نے وضاحت فرمائی ہے:

"فی اسناده شہر بن حوشب۔" (۲۴)

شہر بن حوشب کے بارے میں مختلف آراء کا جو خلاصہ تقریب التهذیب میں پیش کیا گیا ہے وہ یہ ہے:

"کثیر الارسال والاوہام" (۲۵)

۲۔ ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں:

"التحیات کے معنی ہیں آداب عرض کرنا۔ یہ چیز معراج کے واقعہ سے لی گئی ہے۔ حضور ﷺ جب معراج کے موقعہ پر اللہ کے حضور میں پہنچے تو حضور ﷺ نے التحیات کہا اس پر............الخ۔ (۲۶)

محدّثین کے ہاں اس روایت کی کوئی سند موجود نہیں۔ عبدالسلام مبارکپوری لکھتے ہیں:

"وهذالمروی لم اقف علی سنده۔" (۲۷)

علامہ یوسف بنوریؒ نے اس روایت کے مآخذ کی تصریح ان الفاظ میں کی ہے:

"وذکر بعض الحنفیه۔" (۲۸)

پھر لکھتے ہیں:

قال الشیخ: ولم أقف علی سندهذه الروایات غیرانه ذکرها فی الروض الانف۔(۲۹)

۷۔ کعبہ کی تعمیر کے بارے میں ڈاکٹر صاحب نے تحریر فرمایا کہ یہ آدم علیہ السلام کے زمانہ اقدس میں تعمیر ہوا(۳۰)

لیکن محقق علماء نے ایسی تمام روایات جن سے کعبہ کی تعمیر حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پہلے ثابت ہوتی ہے قابل اعتناء نہیں سمجھا۔ایسی روایات کے بارے میں ابن کثیر نے کہا ہے کہ اس میں سے کوئی بھی نبی کریم ﷺ سے صحیح ثابت نہیں اور یہ ساری اسرائیلیات میں سے ہیں۔ (۳۱)

علامہ آلوسی (۳۲)،امام حلبی (۳۳)،سرسید احمد خاں (۳۴)،رشید رضا مصری(۳۵)،عبدالرحمٰن البنا (۳۶) قاضی سلمان منصور پوری (۳۷)، پیر محمد کرم شاہ(۳۸) جیسے محققین نے ڈاکٹر حمید اللہ اور دیگر علماء کی اس رائے سے اتفاق نہیں کیا کہ کعبہ حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ میں تعمیر ہوا۔قوی دلائل ڈاکٹر صاحب کی رائے کی تائید نہیں کرتے۔تفصیلات کیلئے ملاحظہ فرمائیے راقم کی کتاب ''کعبہ''۔

ڈاکٹر صاحب کا یہ فرمانا کہ اگر کعبہ نہیں تھا تو پھر لوگ کس طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے۔(۳۹) بہت قوی اعتراض معلوم ہوتا ہے مگر اس کا جواب اس حدیث صحیح کی روشنی میں تلاش کیا جا سکتا ہے۔

> حضرت عبداللہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:
>
> ''اے بھتیجے! میں نے نبی ﷺ کی بعثت سے دوسال پہلے نماز پڑھی ہے ۔میں نے پوچھا: کس طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے؟ انہوں نے کہا جس طرف بھی اللہ تعالیٰ منہ کر دیتا تھا۔''(۴۰)

کعبہ کے ہوتے ہوئے حضرت ابوذر اس کیفیت کا ذکر کر رہے ہیں اگر اسی کیفیت کو حضرت ابراھیم علیہ السلام سے قبل مان لیا جائے تو کیا حرج ہے۔

۸۔ ہمارے ہاں معروف ہے کہ لونڈیوں کیلئے شرعی پردہ نہیں ہے۔ڈاکٹر صاحب نے بھی اس طرف اشارہ کیا(۴۱) اس کے جو مفاسد ہیں ان کے پیش نظر ابوحیان اندلسی نے اس رائے سے اتفاق نہیں کیا کہ لونڈیوں کو پردہ نہ کرنے کی اجازت تھی بلکہ وہ لکھتے ہیں کہ حجاب کا حکم آزاد اور لونڈیوں سب کیلئے تھا۔یہی دین اسلام

کی حکمتوں کے عین مطابق ہے محمد علی الصابونی نے بھی ابوحیان اندلسی کی رائے سے اتفاق کیا۔

اس بحث کے آخر میں الصابونی لکھتے ہیں:

"وما اختاره (ابوحیان) هوالذی نختاره لانه یحقق غرض الاسلام فی التستر والصیانة والله اعلم." (۴۲)

ابن قیم لکھتے ہیں:

"جولونڈیاں جہاد سے حاصل ہوتی ہیں ان کے بارہ میں تو عادت پردے کی ہی ہے" (۴۳)

۹۔ مشاورت عامہ کے ضمن میں ڈاکٹر صاحب نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا معروف قصہ نقل کیا ہے جس میں آپ نے مہر کی ایک خاص حد مقرر کر دی لیکن ایک عورت نے قرآن کریم سے دلیل دی تو اپنا فیصلہ واپس لے لیا (۴۴)

اس روایت کو امام بیہقی (۲۳۳/۷) نے نقل کیا ہے اور کہا ہے:

هذا منقطع۔

علامہ البانی لکھتے ہیں:

فهوضعیف منکر یرویه مجالد عن الشعبی عن عمر۔

علامہ البانی لکھتے ہیں کہ دوسری سند مصنف عبدالرزاق میں ہے اور اس میں دو علتیں ہیں:

(i) یہ روایت منقطع ہے کیونکہ عبداللہ بن حبیب بن ربیعہ کا سماع حضرت عمر سے ثابت نہیں جیسا کہ ابن معین نے کہا ہے۔

(ii) قیس بن الربیع کے حافظہ کی خرابی۔ (۴۵)

۱۰۔ علماء امتی کا نبیاء بنی اسرائیل. (۴۶)

علماء نے اس روایت کو موضوع قرار دیا ہے۔ (۴۷)

علامہ البانی لکھتے ہیں:

لااصل لہ باتفاق العلماء، وھو ممایستدل بہ القادیانیۃ الضالۃ علی بقاء النبوۃ بعدہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اس روایت کی کوئی اصل نہیں، اسی سے قادیانیوں کا گمراہ فرقہ نبی کریم ﷺ کے بعد نبوت کے اجراء کیلئے استدلال کرتا ہے۔ (۴۸)

۱۱۔ ہجرت حبشہ کے حوالہ سے نبی کریم ﷺ کے خط، حضرت جعفرؓ کی تقریر اور نجاشی کے ردعمل کا ذکر کرنے کے بعد ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں:

''کچھ اشارے ایسے ہیں جن سے گمان ہوتا ہے کہ اگر اس وقت نہیں تو بعد میں نجاشی ضرور مسلمان ہوگیا تھا۔'' (۴۹)

حقیقت حال اس سے مختلف ہے جو ڈاکٹر صاحب نے تحریر فرمائی۔ جس نجاشی نے اسلام قبول کیا وہ دوسرا نجاشی تھا نہ کہ وہ جو ہجرت حبشہ کے وقت شاہ حبشہ تھا اور اسے آپ نے مکتوب لکھا۔ صحیح مسلم کے الفاظ ہیں:

کتب الی کسری الی قیصر والی النجاشی والی کل جبار یدعوھم الی اللّٰہ تعالیٰ ولیس بالنجاشی الذی صلّی علیہ النبی صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلم۔ (۵۰)

۱۲۔ غالباً کتابت کی غلطی سے خطبات میں غزوہ احد کے ذکر میں یہ سطر چھپ گئی: ''صرف دو سوار مسلمانوں کی فوج میں تھے ایک حضرت ابو ہریرۃ اور دوسرے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما۔ (۵۱)

حالانکہ حضرت ابو ہریرہ نے سن ۷ ہجری میں اسلام قبول کیا اور عبداللہ بن زبیر ۱ھ میں پیدا ہوئے۔

۱۳۔ حضرت عمر غیر مسلم افسروں سے بوقت ضرورت استفادہ کرتے تھے، اس کیلئے ڈاکٹر صاحب نے ہرمزان کی مثال لکھی ہے۔ (۵۲)

لیکن بخاری میں فاسلم ھرمزان کے جملہ کی تشریح کرتے ہوئے ابن حجر لکھتے ہیں:

لان إسلام الهرمزان كان بعدقتال كثير بينه وبين المسلمين بمدينة تسترثم نزل على حكم عمر فأسره ابوموسى الاشعرى وارسل به الى عمر مع انس فاسلم فصار عمريقربه ويستشيره. (۵۳)

۱۴۔ جس درخت کے نیچے بیعت رضوان ہوئی اس کے بارے میں ڈاکٹر صاحب نے لکھا (۵۴) کہ حضرت عمر نے اس درخت کو کٹوا دیا تھا لیکن اس سلسلہ کی روایات کا تحقیقی جائزہ مولانا مودودی نے لیا ہے جو کہ درج ذیل ہے

جس درخت کے نیچے یہ بیعت ہوئی تھی اس کے متعلق حضرت نافع مولی ابن عمر کی یہ روایت عام طور پر مشہور ہوگئی ہے کہ لوگ اس کے پاس جاجا کر نمازیں پڑھنے لگے تھے، حضرت عمرؓ کو اس کا علم ہوا تو انہوں نے لوگوں کو ڈانٹا اور اس درخت کو کٹوا دیا۔ (۵۵)

لیکن متعدد روایات اس کے خلاف بھی ہیں۔ ایک روایت خود حضرت نافع ہی سے طبقات ابن سعد میں یہ منقول ہوئی ہے کہ بیعت رضوان کے کئی سال بعد صحابہ کرام نے اس درخت کو تلاش کیا مگر اسے پہچان نہ سکے اور اس امر میں اختلاف ہوگیا کہ وہ درخت کون سا تھا۔ (۵٦)

دوسری روایت بخاری و مسلم اور طبقات ابن سعد میں حضرت سعید بن المسیب کی ہے وہ کہتے ہیں کہ میرے والد بیعت رضوان میں شریک تھے انہوں نے مجھ سے کہا کہ دوسرے سال جب ہم لوگ عمرۃ القضاء کے لیے گئے تو ہم اس درخت کو بھول چکے تھے۔ تلاش کرنے پر بھی ہم اسے نہ پا سکے۔

تیسری روایت ابن جریر کی ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے عہد خلافت میں جب حدیبیہ کے مقام سے گزرے تو انہوں نے دریافت کیا کہ وہ درخت کہاں ہے جس کے نیچے بیعت ہوئی تھی، کسی نے کہا فلاں درخت ہے اور کسی نے کہا فلاں۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا چھوڑو، اس تکلف کی کیا حاجت ہے۔ (۵۷)

(۱۵) خطبات کے ص: ۳۱ پر استثنائی ضرورتوں کے تحت عورت کو امام بنانے کے جواز کا ذکر کیا ہے۔ اس مسئلہ کے بارے میں ڈاکٹر صاحب کی ڈاکٹر احمد حسن (متوفی ۱۹۹٦ء) سے خط و کتابت بھی ہوئی جو فکر و نظر کی

جلد۲۶ کے جولائی۔ستمبر کے شمارہ میں ۱۹۸۸ء میں شائع ہوئی۔ڈاکٹر سہیل حسن نے روایات کے اصل متن نقل کر کے استفسار کیا ہے کہ کیا واقعہ حضرت ام ورقہ مدینہ منورہ میں کسی مسجد میں نماز پڑھاتی تھیں یا صرف اپنے گھر میں اپنے اہل خانہ کو نماز پڑھاتی تھیں؟ (۵۸)

زیر بحث مسئلہ میں ذہن میں آنے والے تمام سوالات بعد کے ہیں سب سے پہلے اس روایت کی اسنادی حیثیت کو پرکھنا چاہیے۔یہ معاملہ بھی فضائل سے متعلق نہیں بلکہ فقہی نوعیت کا ہے۔اس میں اعلیٰ درجہ کی صحیح روایت کی ضرورت ہے۔اس روایت کا مآخذ درج ذیل کتب ہیں:

ابوداؤد (۵۹) ،مسند امام احمد بن حنبل (۶۰) ، السنن الکبریٰ (۶۱) ،سنن دارقطنی (۶۲) ، مستدرک حاکم (۶۳) ،صحیح ابن خزیمہ (۶۴)

ان تمام روایات کا مدار الولید بن عبداللہ بن جمیع یا عبدالرحمٰن بن خلاد الانصاری پر ہے۔ان دونوں کے بارے میں ائمہ جرح وتعدیل کی آراء ملاحظہ کرنے کے بعد از خود یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ دلیل میں کتنا وزن ہے؟ الولید بن عبداللہ بن جمیع کے بارے میں یہ ذکر کر کے کہ ابن حبان نے ثقات میں ذکر کیا ہے۔امام ابن حجر لکھتے ہیں:

''وذكره ايضاً فى الضعفاء وقال ينفرد عن الاثبات بمالا يشبه حديث الثقات فلما فحش ذلك منه بطل الاحتجاج به وقال ابن سعد ثقة له احاديث وقال البزار احتملوا حديثه وكان فيه تشيع قال العقيلى فى حديثه اضطراب وقال الحاكم لولم يخرج له مسلم لكان اولى۔ (۶۵)

عبدالرحمٰن بن خلاد الانصاری کے بارے میں ابوالحسن بن القطان کی رائے یہ ہے: حاله مجهول (۶۶) ان احادیث میں اس بات کی بھی صراحت نہیں کہ مؤذن اور غلام ام ورقہ کے پیچھے نماز ادا کیا کرتے تھے۔اس بات کا احتمال ہے کہ مؤذن، اذان دینے کے بعد دوسری مسجد میں چلا جاتا ہو اور غلام بھی ایسا ہی کرتا ہو اور ام ورقہ اپنے ''دار'' کی خواتین کی امامت کرواتی ہوں اس کی تائید دارقطنی کی روایت سے ہوتی ہے۔(اس میں بھی الولید بن عبداللہ بن جمیع اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں)أن رسول الله أذن لها أن يؤذن لها ويقام وتؤم نساء ها.(۶۷)

جمہور علماء مردوں کیلئے عورت کی امامت کے قائل نہیں البتہ ابن ماجہ کی روایت جس سے استدلال کیا جاتا ہے صحیح نہیں اور عورت، خواتین کیلئے امام بنے اس میں بھی اختلاف ہے۔ (۶۸)

(۱۶) امام مہدی کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب حدیث نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:(امام مہدی کے والد کا نام) میرے باپ ہی کے نام کے مطابق ہوگا یعنی عبداللہ، اس کی ماں کا نام میری ہی ماں کے نام کے مطابق ہوگا یعنی آمنہ۔ (۶۹)

جبکہ روایات صحیحہ میں باپ کے نام کا ذکر تو آتا ہے مگر ماں کے نام کا ذکر نہیں۔

یواطئ اسمه اسمی واسم ابیه اسم ابی۔ (۷۰)

(۱۷) ڈاکٹر صاحب نے خطبات کے ص:۸۱ پر ارشاد فرمایا: ''اس طرح قاضیوں کے نام حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہمیں ایک خط ملتا ہے۔''

اس روایت میں الولید بن معدان ہے انکا بیٹا عبدالملک ان سے روایت کرتا ہے امام ذھبی امام ابن حزم کے حوالہ سے لکھتے ہیں: کلاهما ساقط

اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے امام ذھبی لکھتے ہیں:

" انفرد بحدیث عمر رضی اللّٰه عنه فی کتابه الی ابی موسی أن یجتهد رأیه۔"(۷۱)

(۱۸) حدیث معاذ فقہاء کے ہاں مقبول ترین سمجھی جاتی ہے یہاں تک کہ تلقی بالقبول کے اصول سے اس کی صحت بھی ثابت کی جاتی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے بھی اس روایت کو ذکر کیا ہے۔(۷۲) لیکن محدّثین کے ہاں اس روایت کی صحت مشکوک ہے۔

علامہ البانی نے سلسلۃ الاحادیث الضعیفۃ والموضوعۃ کی دوسری جلد میں ص:۲۷۳ تا ۲۸۶ تک اس روایت پر مفصل بحث کی اور اسے منکر کہا۔ علامہ البانی نے ص:۲۸۵ پر ان آئمہ کی فہرست دی ہے جنہوں نے اسے ضعیف کہا۔

① البخاری ② الترمذی

③ العقیلی ④ الدارقطنی

⑤ ابن حزم ⑥ ابن طاہر

⑦ ابن الجوزی ⑧ الذھبی

⑨ السبکی ⑩ ابن حجر

وہ کہتے ہیں کہ اتنی بات تو درست ہے کہ نص کے نہ ہونے کی صورت میں اجتہاد کیا جائے گا مگر کتاب وسنت کی تفریق درست نہیں کیونکہ سنت کتاب کے مجمل کی وضاحت کرتی ہے، اس کے مطلق کو مقید کرتی ہے کتاب کے عام کی تخصیص کرتی ہے۔(۷۳)

(۱۹) اطلبو العلم ولوکان بالصین کے بارہ میں ڈاکٹر صاحب نے خود اعتراف کیا کہ ہمارے محدّثین ٹیکنیکل نقطہ نظر سے معترض ہیں۔(۷۴) لیکن اس کی وضاحت اس انداز سے کی کہ شاید یہ صحیح ہے اگر یہ روایت ضعیف ہوتی تو شاید قبول کر لی جاتی اور ڈاکٹر صاحب کی اس سلسلہ میں وضاحتیں یقیناً معلومات میں اضافہ کا سبب بنتیں ہیں لیکن محدّثین نے تو اسے موضوعات میں شمار کیا ہے۔

ملاحظہ فرمایئے۔

میزان الاعتدال (۷۵) ، سلسلة الاحادیث الضعیفه والموضوعة (۷۶)

تنزیه الشریعة (۷۷) ، فیض القدیر (۷۸)

(۲۰) غزوۂ بدر کے قیدیوں کے بارے میں آقا کریم ﷺ نے اپنے اصحاب سے مشورہ کیا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے مشورہ کے موافق آپ نے فدیہ لینے کا فیصلہ کر لیا۔ اللہ تعالیٰ کو یہ پسند نہ آیا تو فرمایا:

لَولَا کِتَبٌ مِنَ اللّٰه سَبَقَ......الخ (۷۹)

ڈاکٹر صاحب نے اس آیت کریمہ کا ترجمہ اس طرح کیا ہے:

''اگر پہلے ہی اللہ اس کا فیصلہ نہ کر چکا ہوتا (تا کہ اس پرانے قانون کو بدلا جائے) تو تم جو فدیہ لے رہے ہو اس پر تم لوگوں کو سخت سزا دی جاتی۔''

توجیہہ انتہائی غیر مناسب معلوم ہوتی ہے۔ آیات کے سیاق وسباق سے جو تاویل بہتر معلوم ہوتی ہے وہ مولانا امین احسن اصلاحی کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

''بہرحال ہمارے نزدیک یہ خطاب قریش سے ہے اور یہ ان کے اس پروپیگنڈے کا جواب دیا جا رہا ہے جس کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے۔ فرمایا کہ اس قسم کی دنیا طلبی تمہارا ہی شیوہ ہے۔ اللہ تو آخرت کو چاہتا ہے۔ یہاں اسلوبِ بیان کی یہ بلاغت ملحوظ رہے کہ یہ نہیں فرمایا کہ نبی اور اہل ایمان آخرت کے طلب گار ہیں بلکہ یہ فرمایا کہ اللہ آخرت کو چاہتا ہے۔ اس سے مقصود اس حقیقت کا اظہار ہے کہ نبی اور اہل ایمان کے ہاتھوں جو کچھ ہو رہا ہے یہ ان کی اپنی مرضی سے نہیں ہو رہا ہے بلکہ اللہ کی مرضی اور اللہ کے حکم سے ہو رہا ہے۔ نبی اور اہل ایمان کی حیثیت اس سارے کام میں محض آلہ اور واسطہ کی ہے وہ جو کچھ کر رہے ہیں یہی عین اللہ کا ارادہ اور اس کی مرضی ہے۔ اللہ کی مرضی اپنے بندوں کے لیے یہ ہے کہ وہ ہر کام آخرت کو اپنا نصب العین بنا کر کریں تو نبی اور اس کے ساتھیوں کا کوئی اقدام اللہ کی مرضی کے خلاف کس طرح ہو سکتا ہے۔ گویا بدر اور اس سلسلہ کے تمام اقدامات کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے اپنے اوپر لے لی۔ آخر میں فرمایا کہ اللہ عزیز وحکیم ہے۔ وہ جو ارادہ فرماتا ہے اس کو کوئی روک نہیں سکتا اور اس کا ہر ارادہ عدل وحکمت پر مبنی ہوتا ہے۔

﴿ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ''﴾. یعنی تم نے اتنے ہی پر یہ واویلا برپا کر رکھا ہے۔ حالانکہ یہ صرف ایک چرکا ہے جو تمہیں لگا ہے۔ تم نے جو شرارت اس موقع پر کی تھی اس کا تقاضا تو یہ تھا کہ اس پر تمہیں ایک عذابِ عظیم آ پکڑتا لیکن اللہ نے چونکہ ہر امت کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے، جس سے پہلے کسی قوم کا فیصلہ نہیں ہوتا اس وجہ سے اس نے تمہیں مہلت دے دی۔ مطلب یہ ہے کہ اس شور وغوغا

کے بجائے بہتر یہ ہے کہ اس مہلت سے فائدہ اٹھاؤ اور اس فیصلہ کن گھڑی کے آنے سے پہلے پہلے اپنی روش کی اصلاح کرلو۔

فِيمَا أَخَذْتُمْ میں مَا کے ابہام کی یہاں کوئی وضاحت موجود نہیں ہے اور اخذ کا لفظ لینے، پکڑنے، اختیار کرنے، کسی ڈھب کو اپنانے، کسی کام کو شروع کرنے سب کے لیے آتا ہے۔ سورۂ توبہ میں ہے وَإِنْ تُصِبْكَ مُصِيبَةٌ'' يَقُولُوا قَدْ أَخَذْنَا أَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ. (اور اگر تمھیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو یہ منافق کہتے ہیں خوب ہوا ہم نے اپنا بچاؤ پہلے ہی کرلیا تھا) یہاں یہ مطلب ہوگا کہ جو طریقہ تم نے اختیار کیا اس کی بنا پر تم سزاوار تو تھے ایک عذاب عظیم کے لیکن اللہ کے قانون کے تحت تمہیں کچھ مہلت مل گئی۔

ہمارے مفسرین کو ان آیات کی تاویل میں بڑی الجھن پیش آئی ہے۔ ان کے نزدیک یہ نبی ﷺ، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین پر عتاب ہے کہ وہ زمین میں خوں ریزی کے بغیر بدر کے قیدیوں سے فدیہ لینے پر کیوں راضی ہوگئے۔ صحیح تاویل واضح ہوجانے کے بعد اب اس بات کی تردید کی ضرورت باقی نہیں رہی تاہم چند باتیں ذہن میں رکھیے۔

ایک یہ کہ فدیہ قبول کرنے کے معاملہ میں نبی ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین سے بالفرض غلطی ہوئی بھی تو یہ کسی سابق ممانعت کی خلاف ورزی کی نوعیت کی غلطی نہیں تھی بلکہ صرف اجتہاد کی غلطی تھی۔ اجتہاد کی غلطی ایسی چیز نہیں ہے جس پر ایسی سخت وعید وارد ہو۔ بالخصوص ایک ایسا اجتہاد جس کی تصدیق فوراً ہی خود اللہ تعالیٰ نے کردی ہو۔

دوسری بات یہ کہ یہ اجتہاد کی غلطی بھی نہیں تھی۔ جنگ کے قیدیوں سے متعلق یہ قانون سورۃ محمد میں پہلے بیان ہوچکا تھا کہ وہ قتل بھی کیے جاسکتے ہیں، فدیہ لے کر بھی چھوڑے جاسکتے ہیں اور بغیر فدیہ لیے محض احساناً بھی چھوڑے جاسکتے ہیں۔

تیسری یہ کہ جہاں تک خوں ریزی کا تعلق ہے، اس کے اعتبار سے بھی بدر میں کوئی کسر نہیں رہ گئی تھی۔ قریش کے ستر آدمی، جن میں بڑے بڑے سردار بھی تھے، مارے گئے، کم وبیش اتنے ہی آدمی قید ہوئے۔ باقی فوج بھاگ کھڑی ہوئی تو آخر لڑائی کس سے جاری رکھی جاتی؟

چوتھی یہ کہ یہاں عتاب کے جو الفاظ ہیں وہ قرآن کے مخصوص الفاظ ہیں۔ جو شخص قرآن کے انداز بیان سے آشنا ہے وہ جانتا ہے کہ ان لفظوں میں قرآن نے کٹر کفار ومنافقین کے سوا اور کسی پر عتاب نہیں کیا ہے۔

نقل کرنے میں طوالت ہوگی، جس کو تردد ہو وہ قرآن میں ان تمام مواقع پر ایک نظر ڈال لے جہاں ''لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ' کے الفاظ سے کسی پر عتاب ہوا ہے۔'' (۸۰)

۲۱۔ ڈاکٹر صاحب نے نبی کریم ﷺ کے دور کی تحریرات کے حوالہ سے حضرت تمیم داری کے قبول اسلام کا ذکر کرتے ہوئے لکھا:

''تمیم داری شام کے رہنے والے ایک عیسائی تھے وہ مکہ آتے ہیں، اسلام قبول کرتے ہیں اور پھر اپنے قصے بھی بیان کرتے ہیں۔'' (۸۱)

سیر صحابہ پر لکھی گئی کتب کا جائزہ لیں تو پتہ چلتا ہے کہ حضرت تمیم داری نے ہجرت کے نویں سال اسلام قبول کیا۔ ابن اثیر نے واضح طور پر لکھا ہے:

فاسلم سنة تسع من الهجرة

ملاحظہ فرمایئے اسد الغابۃ (۸۲)، تہذیب التھذیب (۸۳)، الاصابہ (۸۴)

۲۲۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بحث ومباحثہ کے بعد احادیث کی ضبط تحریر میں لانے کا ارادہ ملتوی کر دیا اور اس کی وجہ ڈاکٹر صاحب نے یہ بیان کی ہے کہ لوگ قرآن سے غافل نہ ہو جائیں۔ (۸۵)

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ایسی روایات قابل اعتناء نہیں کیونکہ آپ کا حضرت عمرؓ سے سماع ثابت نہیں۔اس روایت کو خطیب بغدادی نے تقیید العلم (۸۶) اور حافظ ذھبی نے تذکرۃ الحفاظ (۸۷) میں عروہ بن زبیر کی سند سے نقل کیا ہے۔اسی سند سے محمد مصطفیٰ اعظمی نے دراسات فی الحدیث النبوی (۸۸) میں بیان کیا ہے۔

۲۳۔ عمرو بن امیہ الضمری کو اس وقت سفیر بنا کر بھیجا جب کہ وہ ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے اور یہ ۲ر ہجری کا واقعہ ہے۔ (۸۹)

یہ بیان کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب کو غلط فہمی ہوئی کیونکہ ابن اثیر نے نقل کیا ہے:

واسلم قديما وهومن مهاجرة الحبشة ثم هاجرالى المدينة۔(۹۰)

حالتِ اسلام میں حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والے کے بارے میں کیسے کہا جاسکتا ہے کہ وہ ابھی مسلمان نہ ہوئے تھے۔اسی طرح حضرت جعفرؓ کو جو خط دیا اس کے یہ الفاظ ڈاکٹر صاحب نے نقل کئے:

''میں اپنے چچازاد بھائی جعفر کو تیرے پاس بھیج رہا ہوں اور اس کے ساتھ کچھ اور بھی مسلمان ہیں جب یہ تیرے پاس پہنچیں تو ان کی مہمانداری کرنا۔'' (۹۱)

امام زیلعی نے ''نصب الرایہ'' میں ان مکاتیب کو نقل کیا جن میں درج بالا جملہ مذکور نہیں۔(۹۲)

ڈاکٹر صاحب نے تاریخ الامم والملوک کا جو حوالہ دیا ہے اس کی سند اس طرح ہے:

حدثنا ابن حميد قال حدثنا سلمة حدثنا ابن اسحاق قال:(۹۳)

ابن حمید جو کہ محمد بن حمید الرازی ہے، اس کے بارہ میں امام ذھبی لکھتے ہیں:

قال البخاری:فيه نظروكذبه ابوزرعة وقال فضلك الرازی:عندی عن ابن حميد خمسون الف حديث ولا احدث عنه بحرف۔(۹۴)

ایسے راوی کی روایت جس پر کذب کا الزام ہے کہیں قبول کی جاسکتی ہے؟

۲۴۔ شفاء بنت عبداللہ کے بارے میں ڈاکٹر صاحب نے لکھا کہ انہیں مدینہ کے ایک بازار میں ایک عہدہ پر مامور کیا۔(۹۵)

ڈاکٹر صاحب کا یہ ارشاد تو درست ہے کہ شفاء بنت عبداللہ پڑھی لکھی خاتون تھیں مگر بازار میں ڈیوٹی والی بات درست نہیں۔

امام قرطبی لکھتے ہیں:

وقدروی عن عمر انه تقدم امرأة علی حسبة السوق ولم یصح فلا تلتفتوا الیه، فانما هومن دسائس المبتدعه فی الاحادیث۔(۹۶)

۲۵۔ خطباتِ بہاولپور کے ص:۸۰ پر ڈاکٹر صاحب حضرت ابوموسیٰ الاشعریؓ، گورنر بصرہ کے سیکرٹری کے حوالہ سے لکھا کہ حضرت عمرؓ نے بدلنے کا حکم دیا لیکن یہ بات آپ نے صرف اس حد تک ہی نہ فرمائی بلکہ گورنر بصرہ کو جھڑکا بھی۔ جب ابوموسیٰ الاشعری نے عرض کی:

والله ماتولیته انما کان یکتب۔

''اللہ کی قسم جب میں گورنر بنا تو اس وقت سے یہ کاتب تھا۔''

حضرت عمرؓ نے فرمایا:

أما وجدت فی اهل الاسلام من یکتب لك۔

''کیا تمہیں مسلمانوں میں سے کوئی نہ ملا جو لکھنے پڑھنے کا کام کر سکے۔''

پھر آپ نے ارشاد فرمایا:

لاتدنهم اذا اقصاهم الله ولاتأمنهم اذا خانهم الله ولاتعزهم بعداذا اذلهم الله فاخرجه۔

امام قرطبی نے بھی تقریباً یہی الفاظ نقل کرنے کے بعد اپنے دور (متوفی ۶۷۱ھ) کا المیہ ذکر کیا ہے۔ ہمیں آج کے دور میں امام کے ان الفاظ پر غور کرنا چاہیے:

وقد انقلبت الاحوال فی هذه الازمان باتخاذ اهل الكتاب كتبة وامناء وتسودوا بذلك عند الجهلة الاغبياء من الولاة والامراء۔ (۹۷)

۲۶۔ ڈاکٹر صاحب نے صحیح بخاری کے حوالہ سے بیان کیا ہے:

''شدید مایوسی کے عالم میں ایک مرتبہ رسول اکرم ﷺ نے خودکشی کی کوشش فرمائی، قصہ یہ ہے کہ ایک دن آپ کی چچی، ابولہب کی بیوی نے طعنہ دیا کہ معلوم ہوتا............، ایک پہاڑی کی چوٹی پر چڑھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ چھلانگ لگا کر خودکشی کر لیں..........'' (۹۸)

ڈاکٹر صاحب کے وسعت مطالعہ کا انکار تو نہیں کیا جا سکتا لیکن بعض اوقات ایسی بات ارشاد فرما دیتے ہیں جس سے یوں محسوس ہوتا ہے کہ شاید اس موضوع پر علماء کی آراء و نظریات کا تفصیلی مطالعہ کرنے کا موقعہ نہیں مل سکا اس بارے میں ڈاکٹر صاحب کے معاصر پیر محمد کرم شاہ الازہری کے یہ الفاظ قابل غور ہیں:

''کوئی امتی اس وقت تک مسلمان نہیں ہو سکتا جب تک اپنے نبی کی نبوت پر اسے راسخ یقین نہ ہو، اسی طرح نبی پر بھی لازم ہے کہ وہ اپنی نبوت پر محکم ایمان لے آئے۔ اس لئے ہم سرکارِ دوعالم ﷺ کے بارے میں یہ کیوں کر تصور کر سکتے ہیں کہ حضور ایسا کرتے تھے یا مایوس ہو جاتے کیا نبی کا ظرف اتنا چھوٹا اور حوصلہ اتنا تنگ ہوتا ہے کہ معمولی معمولی بات پر مایوس ہو جائے اور مایوس بھی اتنا کہ زندہ رہنے پر موت کو ترجیح دے۔'' (۹۹)

اس روایت پر الشیخ محمد الصادق ابراھیم عرجون نے ۱۰۰ صفحات پر طویل بحث کی ہے۔ ابتداء اس جملہ سے کی ہے:

''یہ فقرے جو بدأ الوحی کی حدیث کے ساتھ باہر سے چسپاں کر دیئے گئے ہیں باطل ہیں۔ کھوٹے اور مردود ہیں اور اسکی کئی وجوہات ہیں۔''

① یہ روایت امام زہری کی مرسلات میں سے، درمیان میں دو یا تین واسطوں کا ذکر نہیں۔

② سند کے ساتھ متن کا صحیح ہونا بھی لازم ہے۔

③ نبی کریم ﷺ سے فترۃ وحی کے بارے میں جو روایات مرفوع ہیں اس میں ان باتوں کا ذکر نہیں۔

شیخ عرجون کے ان دلائل کا ذکر کرنے کے بعد پیر محمد کرم شاہ الازہری لکھتے ہیں:

''وہ روایت جس میں پہاڑ سے اپنے آپ کو گرا دینے کے ارادے کا ذکر ہے پایہ اعتبار سے ساقط ہے اس لئے قابل اعتنا نہیں۔'' (۱۰۰)

ضمناً یہ بھی عرض کر دیا جائے کہ ڈاکٹر صاحب نے فترۃ وحی کی مدت ۳ سال بتائی ہے۔(۱۰۱)

اگرچہ شعبی کا یہی قول ہے لیکن اس کے برعکس حضرت ابن عباس نے فترۃ وحی کی مدت صرف چند روز بتائی ہے کیونکہ یہ روایت مرفوع ہے اس لئے شعبی کی روایت سے اقوی اور ارجح ہے۔ (۱۰۲)

بلاشبہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ اس دور میں اپنے فن کے امام تھے لیکن بہرحال انسان تھے ان کی تحقیق میں بھی تسامحات ممکن ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے شعبہ اسلامیات کو چاہیے کہ خطباتِ بہاولپور اور ڈاکٹر صاحب کی دیگر تصانیف کی روایات کے تنقیدی جائزہ پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کے مقالہ جات لکھوائے تاکہ بہت سی غلط فہمیوں کا ازالہ ہو سکے۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ خطبہ کی تفاصیل کے لئے اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ، دانش گاہ پنجاب لاہور جلد ۸۔ص

۲۔ اصفہانی، امام راغب ابوالقاسم الحسین بن المفضل المفردات (متوفی ۵۰۲ھ) بذیل مادہ۔

۳۔ ماہنامہ معارف، اعظم گڑھ، جلد ۱۳۱ عدد ۲ (فروری ۱۹۸۳ء) ص: ۱۵۸-۱۶۰)۔

۴۔ ماہنامہ معارف، اعظم گڑھ، جلد ۱۷ا عدد ۳ مارچ ۲۰۰۳ء ص ۱۶۵۔

۵۔ ماہنامہ معارف، اعظم گڑھ، جلد ۱۳۱، عدد ۵، مئی ۱۹۸۳ء ص: ۳۹۰۔

۶۔ ماہنامہ ''الحق'' اکوڑہ خٹک اگست ۱۹۹۲ء ص: ۴۵-۴۸۔

۷۔ مولانا محمد زاہد ''خطبات بہاولپور'' کا علمی وتحقیقی جائزہ، کراچی ۲۰۰۳ء۔

۸۔ حضرت ام ورقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں ایک استفسار) سہ ماہی فکر ونظر، ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد، جلد ۲۶، شمارہ جولائی۔ستمبر ۱۹۸۸ء ص: ۹۱ تا ۱۰۶۔

۹۔ سہ ماہی المعارف، ادارہ ثقافتِ اسلامیہ، لاہور، ۱۹۹۶ء جلد ۲۹ ص: ۲۷ تا ۶۲۔

۱۰۔ ماہنامہ محدث، ادارہ التحقیق الاسلامیہ، لاہور فروری ۲۰۰۳ء، ص: ۲۷۔

۱۱۔ ماہنامہ ''دعوۃ'' دعوہ اکیڈیمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، جلد ۹، شمارہ ۱۰ا ص: ۳۱ ڈاکٹر حمید اللہ نمبر۔

۱۲۔ خطباتِ بہاولپور، ادارہ تحقیقاتِ اسلامی اسلام آباد ۱۹۹۹ء، ص: ۳۷۵۔

۱۳۔ خطباتِ بہاولپور، ص: ۲۴۔

۱۴۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، دار الفکر ۱۹۸۰ء، بیروت، جلد اول ص: ۵۶۔

۱۵۔ خطباتِ بہاولپور، ص: ۱۱۔

۱۶۔ الذھبی ابوعبداللہ شمس الدین محمد (ت ۷۴۸ھ۔۱۳۴۷م) میزان الاعتدال جلد ۳، ص: ۳۷۵۔

۱۷۔ نصب الرایہ جلد اول، ص: ۱۹۹۔

۱۸۔ خطباتِ بہاولپور ص: ۲۰۔

۱۹۔ بخاری، کتاب فضائل قرآن، باب التزویج علی القرآن وبغیر صداق، حدیث نمبر ۴۶۰۳۔

۲۰۔ خطباتِ بہاولپور ص: ۴۸۔

۲۱۔ مبارک پوری، عبدالرحمٰن، مولانا ''تحفۃ الاحوذی'' جلد۳، ص:۳۷۵۔
۲۲۔ تحفۃ الاحوذی جلد۳، ص:۳۷۵۔
۲۳۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۱۵۸۔
۲۴۔ مجمع الزوائد جلد اول، ص:۴۵۔
۲۵۔ تقریب التھذیب ص:۲۲۷۔
۲۶۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۱۷۴۔
۲۷۔ مرعاۃ المفاتیح جلد۳، ص:۲۳۳۔
۲۸۔ بنوری، علامہ یوسف، معارف السنن جلد۳، ص:۸۷۔
۲۹۔ معارف السنن جلد۳، ص:۸۶۔
۳۰۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۱۹۵۔
۳۱۔ ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم جلد اول ص:۵۰۰، البدایۃ والنھایۃ جلد اول ص:۱۸۲۔
۳۲۔ آلوسی، علامہ روح المعانی جلد اول ص:۳۸۴۔
۳۳۔ سیرت حلبیہ جلد اول ص:۲۷۹-۲۸۰۔
۳۴۔ سرسید احمد خان، خطبات احمدیہ ص:۳۱۹-۳۳۱۔
۳۵۔ تفسیر المنار جلد۴، ص:۴۶۶۔
۳۶۔ الفتح الربانی جلد۲۰، ص:۵۸۔
۳۷۔ منصور پوری، قاضی سلیمان سلمان ''رحمۃ للعالمین'' جلد اول، ص:۳۸۔
۳۸۔ پیر محمد کرم شاہ الازہری، مکتبہ ضیاء القرآن، لاہور، ضیاء النبی جلد دوم ص:۱۴۶-۱۴۷۔
۳۹۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۱۹۶۔
۴۰۔ مسلم، کتاب فضائل صحابہ، باب فی فضائل ابی ذر، حدیث نمبر۴۵۲۰۔
۴۱۔ خطباتِ بہاولپور:۹۶۔
۴۲۔ روائع البیان جلد۲، ص:۳۷۹-۳۸۰۔
۴۳۔ ابن قیم، ابوعبداللہ شمس الدین محمد بن ابی بکر الزرعی الجوزیہ (۷۵۱ھ) اعلام الموقعین (اردو ترجمہ) جلد اول ص:۳۵۶۔
۴۴۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۸۲۔
۴۵۔ ارواء الغلیل فی تخریج احادیث منار السبیل جلد۶، ص:۳۴۸۔

۴۶۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۳۵۸۔

۴۷۔ ملاعلی قاری، موضوعات الکبریٰ ص:۲۴۷، سلسلۃ الاحادیث الضعیفۃ والموضوعۃ جلد اول، ص:۴۸۰۔

۴۸۔ مختصر المقاصد الحسنۃ ص:۱۴۱- الفوائد للشوکانی ص:۲۸۶۔

۴۹۔ خطباتِ بہاولپور ص:۳۶۲۔

۵۰۔ صحیح مسلم، کتاب الجہاد، باب کتب النبی ﷺ الی ملوک الکفار یدعوھم الی اللہ عز وجل۔

۵۱۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۲۳۵۔

۵۲۔ خطباتِ بہاولپور ص:۸۱۔

۵۳۔ ابن حجر عسقلانی، فتح الباری جلد ۶ ص:۲۶۴۔

۵۴۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۲۴۷۔

۵۵۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ج:۲ ص:۱۰۰۔

۵۶۔ ابن سعد، الطبقات الکبریٰ، ج:۲ ص:۱۰۵۔

۵۷۔ مودودی، سید ابوالاعلیٰ مودودی ''تفہیم القرآن''، مکتبہ ترجمان القرآن، لاہور، جلد:۵ ص:۵۶۔

۵۸۔ سہ ماہی ''فکر ونظر'' اسلام آباد، ج شمارہ ص:۱۰۲۔

۵۹۔ عون المعبود جلد اول ص:۲۳۰۔

۶۰۔ الفتح الربانی جلد ۵، ص:۲۳۴۔

۶۱۔ السنن الکبری، جلد اول، ص:۴۰۶۔

۶۲۔ سنن دارقطنی جلد اول ص:۴۰۳۔

۶۳۔ امام حاکم، المستدرک، جلد اول ص:۲۰۳۔

۶۴۔ صحیح ابن خزیمہ جلد ۳ ص:۸۹۔

۶۵۔ تھذیب التھذیب جلد ۱۱، ص:۱۳۹۔

۶۶۔ تھذیب التھذیب جلد ۶، ص:۱۶۸۔

۶۷۔ الفتح الربانی جلد ۵، ص:۲۳۴۔

۶۸۔ الفتح الربانی جلد ۵، ص:۲۳۴۔

۶۹۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۶۵-۶۶۔

۷۰۔ عون المعبود جلد ۴، ص:۱۷۳، کنز العمال رقم الحدیث ۳۸۶۷۴، ترمذی باب ماجاء فی المھدی۔

۷۱۔ میزان الاعتدال جلد۴، ص:۳۴۹۔

۷۲۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۷۰۔

۷۳۔ ملخصاً ص:۲۸۶۔

۷۴۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۲۶۲۔

۷۵۔ میزان الاعتدال، جلد اول ص:۱۰۷۔

۷۶۔ سلسلۃ الاحادیث الضعیفہ والموضوعہ، جلد اول ص:۴۱۳-۴۲۱۔

۷۷۔ تنزیہ الشریعۃ، جلد اول ص:۲۸۵۔

۷۸۔ فیض القدیر، جلد اول ص:۵۴۲۔

۷۹۔ الانفال:۶۸۔

۸۰۔ اصلاحی، مولانا امین احسن اصلاحی، تدبر قرآن، مکتبہ فاران لاہور، جلد۳ ص:۵۱۱ تا ۵۱۳۔

۸۱۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۴۱۔

۸۲۔ اسد الغابہ، جلد اول ص:۲۱۵۔

۸۳۔ تہذیب التھذیب، جلد اول ص:۵۱۱۔

۸۴۔ الاصابہ، جلد اول ص:۱۹۱۔

۸۵۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۵۵۔

۸۶۔ خطیب بغدادی، تقیید العلم، ص:۵۱۔

۸۷۔ تذکرہ الحفاظ، جلد اول، ص:۵۔

۸۸۔ اعظمی، محمد مصطفیٰ، دراسات فی الحدیث النبویؐ، جلد اول ص:۱۳۱۔

۸۹۔ خطباتِ بہاولپور ۳۷۰-۳۷۱، ۲۱۰۔

۹۰۔ ابن الاثیر، ابوالحسن علی بن محمد الجزری (۶۳۵ھ)، اسد الغابہ، قاہرہ ۱۹۷۰، جلد۴، ص:۸۷۔

۹۱۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۴۱، ۳۶۱۔

۹۲۔ نصب الرایہ جلد۴، ص:۴۲۱۔

۹۳۔ الطبری، ابوجعفر بن محمد بن جریر، تاریخ الامم والملوک، دارالفکر للطباعۃ والنشر بیروت ۱۹۷۹ء جلد۲، ج:۲۹۴۔

۹۴۔ میزان الاعتدال جلد۳ ص:۵۳۰۔

۹۵۔ خطباتِ بہاولپور، ص:۲۶۵۔

۹۶۔ القرطبی، ابوعبداللہ محمد بن احمد الانصاری، الجامع لاحکام القرآن، داراحیاء التراث، بیروت، ۱۹۶۵ء، جلد ۱۳، ص: ۱۸۳۔

۹۷۔ الجامع لاحکام القرآن جلد ۴، ص: ۱۷۹۔

۹۸۔ خطباتِ بہاولپور، ص: ۳۸۰۔

۹۹۔ ضیاء النبی جلد دوم، ص: ۲۱۲۔

۱۰۰۔ ضیاء النبی جلد دوم ص: ۲۱۱-۲۱۴۔

۱۰۱۔ خطباتِ بہاولپور، ص: ۳۷۹۔

۱۰۲۔ ضیاء النبی جلد دوم ص: ۲۱۵۔

علم وعمل کا پیکر۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ

* ڈاکٹر محمود احمد غازی

انتہائی قابل احترام جناب وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر سید الطاف حسین، برادران گرامی، خواہران محترم! وقت تنگ ہے باتیں کہنے کے لیے بہت ہیں ڈاکٹر صاحب کی زندگی اتنی بھرپور، اتنی غیر معمولی خدمات اور Contribution سے اتنی بھرپور ہے۔ اتنی پُر ہے کہ اتنی مختصر گفتگو میں ان کی شخصیت کا احاطہ کرنا اور ان کے علمی کام کا جائزہ لینا مشکل ہی نہیں ناممکن معلوم ہوتا ہے۔ مجھے ذاتی طور پر ان سے ملنے کا ۱۹۷۳ء میں نیاز ہوا۔ اور ان سے دنیا سے تشریف لے جانے کے آخری مہینوں تک جاری رہا۔ اس زمانے میں ڈاکٹر صاحب کے قلم سے کوئی ایسی تحریر نہیں نکلی جو انہوں نے کبھی اپنے دستخط یا دستخط کے بغیر مجھے اس کے ارسال سے مشرف نہ فرمایا ہو، اس دوران میں بار بار ایسے مواقع آئے کہ ڈاکٹر صاحب نے بعض زیر تحقیق معاملے میں مجھے اس کا مستحق سمجھا، اس قابل گردانا کہ مشاورت کا شرف عطا کر سکیں۔ اگر چہ مجھے اعتراف کرنے میں کوئی تامل نہیں کہ انہوں نے مجھے کسی مسئلے میں مشاورت کا شرف عطا فرمایا تو میرے پاس اس مشاورت کا کوئی جواز نہیں تھا اور میں ان سوال کا جواب نہیں دے سکا یقیناً آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ انہیں کوئی ایسا مسئلہ پیدا ہوا اور اس کا جواب اپنے دستیاب مآخذ میں یا اپنے سمندر جیسے علم یا دماغ میں نہ ملا ہو تو اس کا جواب کون دے سکتا ہے اور کیسے دے سکتا ہے؟ کم از کم میرے جیسے انسان کے لیے ممکن نہیں تھا کہ میں ان کے کسی سوال کا جواب دے سکوں۔

ڈاکٹر صاحب نے اسلامی علوم وفنون کے تقریباً ہر میدان میں قلم اٹھایا۔ کم وبیش ۱۱۵ ایسے موضوعات ہیں جس پر ڈاکٹر صاحب کی نہ صرف تحقیقات بلکہ رجحان ساز تحقیقات موجود ہیں۔ جس سے دنیا بھر کے اہل علم استفادہ کر رہے ہیں سیرت، تفسیر اور حدیث بین الاقوامی قانون کے علاوہ ڈاکٹر صاحب نے اسلامی معاشیات پر، مسلمانوں کی فلکیات پر حتی کہ مسلمانوں کی علم نباتات، علم لغت وتاریخ پر، مسلمانوں کی ماہی گیری پر، مسلمانوں کے فن زراعت پر،

* نائب صدر، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

مسلمانوں کی جہاز رانی پر اوران جیسے بہت سے موضوعات ہیں۔جن کو انہوں نے اپنی تحقیق کا موضوع بنایا اور ان موضوع پر کتابیں لکھیں لیکن ان سارے موضوعات پر جب وہ تحقیق کی ذمہ داری انجام دے رہے ہوتے تھے تو ان کا مقصد صرف ایک ہوتا تھا کہ اپنے پڑھنے والوں کو بالعموم اور مسلمان قاری کو بالخصوص اس اعتماد سے روشناس کرائیں جو اسلامی تاریخ اور اسلامی تہذیب وتمدن کے لیے ان کے دل کی گہرائیوں میں اور جذبات واحساسات میں اور رگ وپے میں موجود ہوتا تھا۔

ڈاکٹر صاحب گیارہ زبانیں جانتے تھے۔ان میں سے آٹھ زبانوں میں انہوں نے براہِ راست لکھا۔ان کی کتابیں عربی، روسی، جرمنی، ترکی، اردو، انگریزی، فرانسیسی، فارسی میں موجود ہیں۔روسی زبان انہوں نے ۱۹۵۳ء میں سیکھ لی تھی۔ جب وہ لینن گراڈ یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کے لیے جانا چاہتے تھے۔لیکن کسی وجہ سے نہیں جا سکے تھے۔اس کے علاوہ وہ کئی زبانیں جانتے تھے کہ جن سے استفادہ کرنا ان کے لیے آسان رہتا تھا۔ یہ زبانیں کس جذبے سے سیکھتے تھے اوران کے دل میں کس طرح کے احساسات تھے۔اس کا اندازہ آپ اس بات سے کر سکتے ہیں کہ جب ان کی عمر تقریباً ۸۸ سال ہوئی اوران کو پتا چلا کہ تھائی زبان میں قرآن کریم کا کوئی مستند اور مکمل ترجمہ موجود نہیں۔انہوں نے ایک دوحضرات سے تبادلہ خیال کیا اور معلوم ہوا کہ تھائی زبان جاننے والا کوئی ایسا صاحب علم فوری طور پر دستیاب نہیں کہ جس سے درخواست کی جائے کہ وہ تھائی زبان میں قرآن کا ترجمہ کرسکے۔ڈاکٹر صاحب نے ۸۸ سال کی عمر میں تھائی زبان سیکھنا شروع کی اوراس عزم وارادے سے سیکھی کہ جب اتنی زبان سیکھ لیں گے جو قرآن کریم کا ترجمہ کرنے کے لیے آسان ہوتو بعد میں جب اللہ نے مہلت دی تو وہ خودقرآن کریم کا ترجمہ کریں گے۔۱۹۴۹ء میں جب وہ پاکستان میں رہتے تھے توان کی ملاقات برصغیر کے نامور سیاسی قائد، عالم اور آزاد کشمیر کے سابق صدر میر واعظ مولانا محمد یوسفؒ سے ہوئی۔انہوں نے میر واعظ مولانا یوسفؒ سے قرآن کے ترجمے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا اور انہیں آمادہ کیا کہ وہ قرآن کریم کا کشمیری زبان میں ترجمہ کریں۔میر واعظ مولانا یوسفؒ نے ڈاکٹر صاحب کے کہنے پر قرآن کریم کا ترجمہ کیا۔اس کام میں انہوں نے ان کی مالی اعانت فرمائی لیکن اس اعانت کی کیا نوعیت تھی۔ڈاکٹر صاحب نے اس کا اظہار نہیں کیا مجھے نہیں معلوم،لیکن میر واعظ نے کہیں لکھا ہو یا کسی سے کہا ہوتو میرے علم میں نہیں۔ڈاکٹر صاحب اپنے معاملے میں انتہائی اخفاء سے کام لیا کرتے تھے۔وہ اپنی جانب سے

کیے گئے کسی Contribution کا اظہار پسند نہیں کرتے تھے۔ لیکن ایک خط میں انہوں نے مجھے لکھا کہ اس زمانے میں مجھے مرحوم میر واعظ کی مالی اعانت کی سعادت ہوئی۔ ایک جملہ انہوں نے اسی سیاق وسباق میں لکھا۔ جس سے پتہ چلا کہ قرآن پاک کی کشمیری زبان میں ترجمہ اور اشاعت کو کتنی اہمیت دے رہے تھے۔ ۱۹۸۳ء میں غالباً یا ۱۹۸۶ء میں غالباً انہوں نے جنرل ضیاء الحق مرحوم کو خط لکھا اور اس ترجمے کی اشاعت کی طرف توجہ دلائی۔ طویل عرصہ وہ اس طرح اس پروجیکٹ کو ساتھ لے کر چلے تھے، ایسے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان کا صف اول کا پروجیکٹ تھا اور سوائے چند لوگوں کے کسی کو نہیں معلوم تھا کہ وہ کشمیری زبان میں قرآن پاک کے ترجمے کو کتنی اہمیت دیتے اور دلچسپی رکھتے تھے۔ ایک زمانہ تھا کہ مشرقی اور مغربی پاکستان ایک تھے پھر وہاں لسانیات کا مسئلہ کھڑا ہوا۔ لسانیات کا مسئلہ کس لیے کھڑا ہوا؟ اردو زبان بنگالیوں کے لیے قابل قبول تھی یا نہ تھی۔ ان سب چیزوں سے قطع نظر ان کے ذہن میں ایک تجویز آئی تو ڈاکٹر صاحب نے یہ تجویز دی اور سوچا کہ اگر بنگلہ زبان کو عربی رسم الخط میں لکھا جائے اور اُردو زبان کے لیے کوئی نسخ رسم الخط اختیار کر لیا جائے اور کوشش کی جائے کہ دونوں زبان کے اہل علم اور لکھنے والے عربی اور فارسی کے ان مشترک الفاظ کو جو دونوں زبانوں کے اہل علم جانتے ہیں۔ رواج دینے کی شعوری کوشش کریں تو ایک زمانہ آ سکتا ہے کہ مشرقی اور مغربی پاکستان سے لسانی اختلاف کا مسئلہ ختم ہو جائے آپ دیکھیں ایک شخص جو پیرس کے ایک گوشے میں پانچویں منزل میں ایک چھوٹے سے فلیٹ میں بیٹھا ہوا ہے۔ بظاہر اس کا پاکستان سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ وہ ریاست حیدرآباد کا شہری ہے اور پیسے پاسے کے نام سے ایک Travel Document پر دُنیا میں سفر کرتا ہے۔ پیرس میں پناہ گزین ہے اور پیرس کے ایک تعلیمی اور تحقیقی ادارے سے وابستہ ہے۔ لیکن دنیائے اسلام میں جتنی کاوشیں اور کوششیں ہو رہی ہیں وہ ان سے واقفیت رکھتا ہے۔

۱۹۸۰ء میں مجھے الجزائر جانے کا اتفاق ہوا، واپسی پر میرا ارادہ پیرس سے ہو کر آنے کا تھا۔ میں نے ڈاکٹر صاحب کو اطلاع دی کہ الجزائر سے دعوت نامہ آیا ہے اور میں فلاں پروگرام میں جا رہا ہوں اور واپسی میں پیرس کے قیام کا ارادہ ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے اور بہت سی چیزیں جواب میں لکھیں اور یہ بھی لکھا کہ جہاں تک ممکن ہو الجزائر کے ذمہ داروں کو ادب اور احترام سے یہ توجہ دلائیے۔ یہ لفظ تھا ''ادب اور احترام سے توجہ دلائیے'' کہ مصر میں جامع الازہر موجود ہے۔ تونس میں جامعہ زیتونہ موجود ہے۔ مراکش میں جامع قروین موجود ہے کیا اچھا ہو کہ ایسی ایک اعلیٰ

یونیورسٹی الجزائر میں بھی ہو۔ گویا کہ ان کے ذہن میں تھا کہ الجزائر ایک اتنا بڑا ملک ہے۔ وہاں کوئی بڑا تعلیمی ادارہ اس سطح کا نہیں ہے جس کو اس معیار پر رکھا جا سکے تو ظاہر ہے ان کے ذہن میں کوئی ایسی چیز طاری ہوگی جب میں نے خط لکھا تو انہوں نے فوراً توجہ دلوائی اس طرح سے دنیائے اسلام سے مختلف معاملات سے ان کی دلچسپی اس طرح رہتی تھی مگر لگتا تھا کہ وہ ہر وقت اسی پر غور کرتے رہتے ہیں کہ دنیائے اسلام کو کیا مسائل درپیش ہیں۔ ایک مرتبہ ایک مسلم برادر ملک کے وزیر خارجہ پیرس گئے اتفاق سے مجھے بھی انہی دنوں پیرس جانے کا اتفاق ہوا اور چند روز کے لیے ڈاکٹر صاحب سے ملاقات ایک دو روز رہی۔ ڈاکٹر صاحب نے مجھے لکھا کہ فلاں ملک کے سفارت خانے کو خط لکھا۔ اخبار میں تصویر چھپی تھی کہ فلاں ملک کے وزیر خارجہ نے اپنے ہم منصب کو لنچ کی دعوت دی اور اخبارات میں یہ بھی لکھا۔ شرارت سے لکھا یا ویسے ہی لکھا کہ یاد رہے کہ یہ رمضان کا مہینہ ہے اور رمضان میں مسلمان روزہ رکھتے ہیں۔ لیکن فلاں مسلم ملک کے وزیر خارجہ نے فلاں ملک کے وزیر خارجہ کو لنچ کی دعوت دی تو ڈاکٹر صاحب نے کہا میں نے اس ملک کے وزیر خارجہ کو خط لکھ اور یہ لکھا کہ میں تسلیم کرتا ہوں کہ محترم وزیر خارجہ، آپ سفر پر پہلے تشریف لائے تھے اور مسافر پر روزہ فرض نہیں ہے تو اس لیے شرعاً کوئی قباعت نہیں معلوم ہوتی کہ وہ اپنے ہم منصب کو لنچ کی دعوت دے لیکن اس لنچ میں یقیناً وہ لوگ بھی شامل ہوئے ہوں گے جو سفارت خانے میں ہیں اور پیرس میں مقیم رہتے ہیں۔ انہوں نے اس رعایت کا فائدہ اٹھایا ہے۔ بہتر ہوتا کہ یہ لنچ کی بجائے ڈنر ہوتا اور دعوت افطار کے بعد دی جاتی۔ یہ خط لکھ کر ان کو بھیج دیا۔

جس دن ان سے میری ملاقات ہوئی اس دن اس سفارت خانے سے سفیر کا جواب آیا تھا۔ سفیر کے حکم سے کسی اور اہلکار کا جواب تھا۔ اس میں لکھا ہوا تھا کہ آپ شاید بھول گئے کہ ہمارا ملک ایک سیکولر ملک ہے اور ہم کسی مذہب پر یقین نہیں کرتے۔ اس لیے آپ کا اعتراض ہم پر وارد نہیں ہوتا اس پر وہ بڑے دکھ اور افسوس کا اظہار کر رہے تھے اور پھر میں نے یہ سوال پوچھا کہ اس طرح کے ممالک کو دارالسلام کی تاریخ میں رکھا جائے یا پھر دارالحرب کی تاریخ میں رکھا جائے کہ یہ نہ تو دارالحرب ہے اور نہ ہی اس کو دارالسلام کہا جا سکتا ہے۔ اس پر وہ کافی دیر تک وہ اپنا تبادلہ خیال اور اظہار خیال فرماتے رہے۔ یہ باتیں ایسی ہیں کہ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دنیائے اسلام کی تازہ ترین صورت حال سے اور مسلمانوں کو Latest معاملات سے ان کو کس حد تک دلچسپی تھی کہ کس طرح وہ ان معاملات

پر غور وخوض کیا کرتے تھے۔ عملی اعتبار سے جس کا میں نے عرض کیا کہ انہوں نے اسلامی علوم وفنون کے تقریباً ہر میدان میں کام کیا ہے اور کوئی اہم میدان ایسا نہیں کہ جس میں ان کی عمیق اور بالغ نظر تحقیقات موجود نہ ہو۔ لیکن خاص طور پر جو موضوعات ان کی خصوصی دلچسپی کے ہیں وہ چار ہیں۔ ایک علم الحدیث جیسا کہ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا اور دوسرا سیرت ہیں۔ جس پر کم وبیش انہوں نے ۶۵ سال تک کام کیا اور اتنی وقیع کتابیں چھوڑ کر گئے کہ ان کو اس کی بنیاد پر سیرت کا مجدد اس دور میں کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا اس لیے کہ علم سیرت کی انہوں نے نئی نئی جہتیں تلاش کی ہیں اور نئے نئے سوالات اکٹھا کر کے محققین کے لیے نئے نئے راستے کھولے ہیں کہ ماضی کے محققین سیرت میں سے صدر اسلام کے چند ایک محققین کو ان کے ساتھ اس مقابلے پر رکھا جا سکتا ہے اس کے بعد پورے ایک ہزار سال کے دور میں جتنے سیرت کے محققین ہیں ان کا درجہ ان سب سے آگے یا کم از کم نمایاں معلوم ہوتا ہے۔ علم حدیث میں ان کا کارنامہ اتنا تاریخ ساز کارنامہ ہے کہ اس نے مستشرقین کے اعتراضات کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم کر کے رکھ دیا اور اب پچھلے ۴۰ اور ۵۰ سال میں کسی ذمہ دار اور سمجھ دار سنجیدہ انسان نے وہ اعتراضات نہیں اٹھائے۔ ایک زمانہ تھا کہ کہا جاتا تھا کہ حدیث کی جو مشہور کتابیں ہیں یہ تیسری اور چوتھی صدی ہجری میں لکھی گئی ہیں اور یہ گویا سنی سنائی یادداشتوں پر یا باتوں یا Hear Say Evidence کی بنیاد پر یہ کہی سنی باتیں جمع کر دی گئی ہیں اور ان کی کوئی تاریخی یا علمی بنیاد نہیں ہے اور گولڈزہیر نے، اس کے تلامذہ میں ''شاخت'' نے اور ''شاخت'' کے اثر میں ''محمود ابوریہ'' ہوا کرتے تھے مصر میں تھے ہمارے ہاں ''غلام احمد پرویز'' نے اور اس طرح بہت سے اہل علم نے ان چیزوں کو دہرایا اور یہ بات گویا تسلیم کروانے کی کوشش کی گئی کہ علم حدیث کی بنیاد کسی ٹھوس تاریخی وثائق پر نہیں ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ پہلے انسان ہیں جنہوں نے اس موضوع کو اپنی تحقیق کا میدان بنایا اور آج سے تقریباً ۷۰ سال پہلے ۱۹۴۰ء میں انہوں نے اس موضوع پر کتاب لکھی اور ایک قدیم حدیث کی کتاب اور صحیفہ جو حضرت ابوہریرہؓ کے شاگرد رشید ہمام ابن منبہ کا تیار کیا ہوا تھا اور براہِ راست ایک صحابی کی نگرانی میں وہ مجموعہ تیار ہوا تھا اور انہوں نے تحقیق کی اور ایڈٹ کیا اور اس پر انہوں نے بڑا تفصیلی مقدمہ لکھا اور مقدمہ میں انہوں نے ایک چیز کو بطور مثال لے کر یہ بتایا کہ جتنے بھی محدثین کے مجموعے تھے ان کی ماخذ تحریری بھی تھے اور زبانی بھی تھے اور قدیم مآخذ کو ایک ایک کر کے جائزہ لیا اور بتایا کہ مثلاً امام بخاریؒ، امام مسلمؒ، امام ابوداوٗدؒ، امام ترمذیؒ کے مآخذ ہیں وہ مآخذ اسی طرح کے ہیں

کہ جس طرح کسی بھی ایک مستند، تاریخی اور علمی دستاویز کے ماخذ ہو سکتے ہیں اس کے بعد کسی مستشرق نے یہ اعتراض نہیں کیا کہ علم حدیث کے مآخذ اساسی کسی سنی سنائی باتوں پر ہیں اور اس کی بنیاد کسی تحریری اور تاریخی طور پر قابل قبول دستاویز پر نہیں ہے۔ لیکن اس کے بعد ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے اپنے علمی کیریئر کا آغاز ایک قانون کے استاد کے طور پر کیا تھا۔ انہوں نے ابتدائی کتابیں جو ۱۹۳۰ء یا ۱۹۴۰ء کی دہائی میں لکھیں، ان میں اکثر و بیشتر قانون، اصولِ قانون اور خاص طور پر بین الاقوامی اسلامی قانون پر ہیں۔ وہ جامعہ عثمانیہ میں، بین الاقوامی اسلامی قانون کے استاد اور پروفیسر تھے۔ اور اسی حیثیت سے وہ بین الاقوامی وفد کے بھی رکن تھے۔ جو حیدر آباد (دکن) کے وزیر اعظم میر لائق کی قیادت میں اقوامِ متحدہ سیکورٹی کونسل میں جا رہا تھا۔ اپنے ملک کا مقدمہ پیش کرنے کے لیے اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ بطور بین الاقوامی قانون کے ماہر کے اس وفد میں شامل تھے۔

لیکن بین الاقوامی اسلامی قانون پر کام کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب کو یہ خیال ہوا کہ بین الاقوامی قانون کے میدان میں سب سے نمایاں کارنامہ قدیم اقوام میں مسلمان ماہرین قانون کا ہے اس نے ان کو مسلم بین الاقوامی قانون کی طرف متوجہ کیا تو امام محمدؒ اور اُن کی کتب پر انہوں نے کام کیا۔ ابو حنیفہؒ اور جو اس دور کے دوسرے فقہاء تھے ان کی تحریروں کو دیکھا تو ان کی دلچسپی بین الاقوامی قانون کے اس پہلو میں پیدا ہو گئی۔ پھر ان کی دلچسپی اس طرف ہو گئی جو مسلمانوں کی Contribution ہے اس طرح انہوں نے مسلمانوں کے بین الاقوامی قانون پر کم و بیش نصف درجن کتابیں لکھیں ان کی پی ایچ ڈی کے تینوں مقالے بین الاقوامی اسلامی قانون سے متعلق ہیں۔

- ایک مقالہ انہوں نے جرمنی کی بون یونیورسٹی میں پیش کیا جس کا عنوان تھا کہ:

''اسلامی بین الاقوامی قانون میں غیر جانبداری کا تصور''

- اسی طرح انہوں نے سوربورن میں جو مقالہ فرانسیسی میں پیش کیا۔ اس کا عنوان تھا کہ:

''رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین کے دور میں اسلامی سفارتکاری اور اس کے آداب وقواعد''

یہ مقالہ ان کا دو جلدوں میں تھا یہ دونوں جلدیں مطبوعہ ۱۹۳۴ء یا ۱۹۳۵ء میں پیرس میں چھپی تھیں اور ڈاکٹر صاحب نے مجھے اس کی فوٹو کاپی عطا فرمائی تھی۔

○ تیسرا مقالہ جوانہوں نے جامعہ عثمانیہ میں پیش کیا تھا جواب تک کی، اُن کی تحریروں میں اس موضوع میں بہترین تحریر کی حیثیت رکھتا ہے "Muslim Conduct of State" ہے جوانگریزی میں تیار کیا گیا تھا اور یہ بیسویں صدی میں اسلام کے بین الاقوامی قانون پر لکھی جان والی ابتدائی اور بہترین کتابوں میں سے ایک کتاب ہے جس میں انہوں نے اسلام کے بین الاقوامی قانون کو دور جدید کے بین الاقوامی قانون کے اسلوب اور سٹائل پر مرتب و مدون کیا اور وہ تمام موضوعات اور مسائل جو دورِ جدید کے بین الاقوامی قانون میں اٹھائے گئے ان سب مسائل کا انہوں نے اسلامی ماخذ سے حل تلاش کیا اس مواد کو یکجا کیا اور ایک نئی ترتیب سے جو پہلے انداز کی اور منفرد ترتیب تھی دنیا کے سامنے پیش کیا۔

اس کے بعد ڈاکٹر صاحب کے اس اسلوب کی پیروی کرتے ہوئے عرب وعجم میں درجنوں مصنفین نے اسلام کے بین الاقوامی قوانین پر کتابیں لکھیں۔ لیکن اس میں اولیت کا شرف صرف ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کو حاصل ہوا۔ بین الاقوامی قانون پر جب وہ مآخذ و مصادر کا مطالعہ کر رہے تھے اور اس کا جائزہ لے رہے تھے تو انہیں سیرت کی کتابوں سے واسطہ پڑا، اور اس واسطے سے ان کی دلچسپی سیرت میں پیدا ہوگئی۔

اس کے بعد ۱۹۴۰ء۔ ۱۹۴۵ء کے سالوں کے بعد سے لے کر زندگی کے آخری سالوں (۱۹۹۷ء۔ ۱۹۹۶ء) تک جب تک وہ کام کرتے رہے ان کی دلچسپی کا موضوع صرف سیرت یا وہ موضوعات رہے جو براہِ راست یا بالواسطہ سیرت سے متعلق ہوں۔ اگر چہ جزوی طور پر وہ ان تمام موضوعات پر کام کرتے رہے جن کا میں نے ذکر کیا لیکن ان کی حیثیت جزوی تھی ان کی دلچسپی کا اصل عنوان سیرت اور سیرت سے متعلقہ امور تھے لیکن انہوں نے اپنے ابتدائی مضمون کو چھوڑا نہیں۔ بین الاقوامی قانون پر ان کی چیزیں مسلسل آتی رہیں اور تحقیق کے نئے نئے گوشے وہ دنیا کے سامنے پیش کرتے رہے۔ وہ شاید پہلے آدمی ہیں اس دور میں جنہوں نے عہد نبوی کے سیاسی وثائق کو جمع کیا اور اس زمانے کے لحاظ سے جتنے دستیاب ماخذ تھے ان سب کا جائزہ لے کر عہدِ نبویؐ اور خلفائے راشدین کے دور کے ۴۰۰ سیاسی وثائق انہوں نے جمع کیے جس سے بڑا مجموعہ اس وقت عربی یا اور کسی زبان میں موجود نہیں ہے۔ اسی طرح ڈاکٹر صاحب کی وہ فرانسیسی زبان میں سیرت کی کتاب جو دو جلدوں میں ہے اور اس میں ڈاکٹر صاحب کی تازہ ترین تحقیقات شامل ہیں، جس کا آخری ایڈیشن ڈاکٹر صاحب نے مجھے عطا فرمایا۔ وہ ۱۹۹۰ء یا ۱۹۹۱ء کا ہے۔

۱۹۹۰ء۔۱۹۹۱ءتک کی پوری تحقیقات اس میں شامل ہیں جب ڈاکٹر صاحب کومعلوم ہوا کہ میں نے اس کتاب کے ترجمے کا بیڑا اٹھایا ہےتو ڈاکٹر صاحب نے غالباً۱۹۹۵ء۔۱۹۹۴ءمیں اپنے ہاتھ کے ٹائپ شدہ کوئی پچاس صفحات کے قریب مواد بھیجا اوراس پر لکھا تھا کہ یہ وہ اصلاحیں اور ترمیمیں ہیں ڈاکٹر صاحب اُردو لکھتے ہوئے ''الف ت'' سے جمع نہیں کرتے۔ہم لوگوں کی زبان پر اصلاحات اور ترمیمات چڑھا ہوا ہے۔ڈاکٹر صاحب ہمیشہ ''ی ن'' یا ''و ن'' سے جمع کیا کرتے تھے اس میں لکھا کہ، یہ وہ اصلاحیں یا ترمیمیں ہیں جو کتاب کے نویں ایڈیشن کے بعد مرتب کی گئی ہیں براہِ کرم اس کو ترجمے میں شامل کرلیا جائے۔

گویا۱۹۹۴ء۔۱۹۹۳ءکے دوران بھی ان کو جو نیا مواد ہاتھ آتا گیا اس کو ایک الگ دستاویز کی شکل میں مرتب کرتے گئے۔اور وہ دستاویز مسودات،اب بھی میرے پاس محفوظ ہیں جو اس ترجمے میں اضافہ کیا جاتا ہے اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ کوئی ایک لفظ بھی ایسا نہیں ہے جس سے کوئی نئی بات معلوم ہو اور وہ ڈاکٹر صاحب کے علم میں آئے اور اس کا نوٹس نہ لیں وہ اس کام کو کیسے کرتے تھے مجھے نہیں معلوم ہم سب میں سے اکثر کا تعلق لکھنے پڑھنے سے ہے بہت سی چیزیں ہمارے موضوع سے متعلق دیکھنے میں آتی ہیں اور گزر جاتی ہیں پھر بعد میں ملتی بھی نہیں اور یاد بھی نہیں رہتا۔ڈاکٹر صاحب ان میں سے ایک ایک چیز کا پوری طرح سے تعاقب بھی کرتے اور اس کو محفوظ بھی رکھا کرتے تھے۔میرے پاس (اور اُن کے بہت سے دیگر نیاز مندوں کے پاس) خطوط ہیں۔ان خطوط میں بعض کا انداز ایسا ہوتا ہے اور لکھتے تھے کہ:

> ''میں نے یہ سنا ہے کہ جنگ اخبار میں ایک مضمون چھپا ہے اس میں قرآن پاک کا مثلاً براہوی ترجمے پر کوئی بات کی گئی ہے کیا اس میں کوئی نئی بات ہے؟اگر نئی بات ہو تو براہِ کرم اس کی عکسی نقل مجھے بھیج دیں۔اخراجات فوراً روانہ کردونگا۔یہ جملہ ضرور ہوتا تھا ان سے کوئی پوچھے بھی آپ کو پورا جنگ اخبار ہی بھیج دیں گے۔اس کی فوٹو سٹیٹ کی کیا ضرورت پیش آئے گی۔لیکن یہ جملہ ان کا ضرور ہوتا تھا کہ کوئی اخراجات ہوں تو مجھے بتایا جائے میں اس کو پیش کرنے کے لیے تیار ہوں۔''

لیکن اگر جواب میں ان سے کوئی نقل منگوائی جائے جیسا کہ ایک دو دفعہ اتفاق ہوا کہ میں نے ان سے گزارش کی کہ

پیرس کی فلاں لائبریری میں فلاں کتاب کی نقل بھیج دیں تو انہوں نے صرف وہ کتاب بھیج دی بلکہ اس بات کا برا منایا کہ میں نے ان سے اخراجات کا سوال کیوں کیا؟

ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ میں نے اپنے دوست سے جو فرانس میں پاکستانی سفارت خانے میں کام کرتے تھے ان کو لکھا کہ اتنی رقم ڈاکٹر صاحب کی خدمت میں پیش کر دیں تو ڈاکٹر صاحب نے نہ صرف رقم واپس کر دی اور مجھے شکایت کا خط لکھا اور منع کیا کہ اس طرح کی کوئی بات دوبارہ نہ لکھی جائے اور بلا تکلف جب کسی چیز کی ضرورت ہو تو مجھے لکھا جائے میں ان شاء اللہ تعالیٰ بلا تکلف ہر قسم کی خدمت کے لیے حاضر ہوں یہ جملہ تقریباً ہر خط میں ہوتا تھا کہ ''خدمت کے لیے حاضر ہوں''۔ ڈاکٹر صاحب کی شخصیت کے اتنے متنوع پہلو ہیں۔ علمی اعتبار سے بھی، انسانی اعتبار سے بھی، جن کو بیان کرنے کے لیے ایک طویل عمر اور ایک طویل وقت کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے اس وقت میرے پاس ۱۲۴ خطوط محفوظ اور دستیاب ہیں ممکن ہے کہ کچھ اور خطوط بھی کاغذات سے مل جائیں۔ ان خطوط کو مرتب کرنے کا پروگرام ہے اور ان خطوط کی تمہید میں یہ ساری یادداشتیں جو ابھی تک حافظے میں ہیں لکھی نہیں گئیں اس تمہید میں لکھنے کا پروگرام ہے۔ بظاہر تمہید بھی ۱۵۰۔۲۰۰ صفحے کی ہوگی اس تمہید میں یہ سارے تاثرات اور واقعات جو میں نے دیکھے اس میں آئیں گے ڈاکٹر صاحب کو مجھ پر بڑا اعتماد پیدا ہو گیا تھا جس کی وجہ سے وہ بعض اوقات ایسی باتیں بھی بیان کر دیا کرتے تھے جو عام لوگوں سے بیان نہیں کرتے تھے۔ ایک واقعہ میں بیان کر دیتا ہوں جو مجھے یاد ہے اس سے پہلے بھی ایک دو دفعہ ذہن میں آیا مگر مجھے سنانا یاد نہیں رہا۔

> ''ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ جب وہ اپنا پی ایچ ڈی کا مقالہ پیرس میں لکھ رہے تھے تو کچھ مواد کے حصول اور حوالہ دوبارہ چیک کرنے کے لیے فاس جانے کی ضرورت پیش آئی۔ چنانچہ وہ ٹرین سے پیرس سے فاس روانہ ہوئے اور فاس کی بندرگاہ پہنچے اور اس بندرگاہ سے ایک بحری جہاز سے سفر کر کے تونس آئے اور تونس سے کسی ٹرانسپورٹ سے سفر کر کے فارس پہنچے۔ فاس کے کتب خانے میں کام کرتے رہے۔ انہوں نے جتنا اندازہ کیا تھا کہ اتنے پیسے خرچ ہونگے اور ان کو اس زمانے میں ۷۵ روپے ماہوار وظیفہ ملتا تھا۔ ریاست حیدر آباد کی جامعہ عثمانیہ سے اس کام کے لیے اب ۷۵ روپے ماہوار میں سے کتنی بچت ہوگی کہ پیرس سے وہ

فاس گئے اور وہاں کتنے اخراجات ہونگے اس کے لیے انہوں نے حساب کیا کہ اتنا آمدو رفت میں لگے گا اور اتنے اخراجات وہاں قیام کے ہوں گے اور اس طرح سے طے کر لیا جب وہاں کام شروع کیا تو معلوم ہوا کہ جتنی مدت کے لیے وہ سوچ کر آئے تھے اس سے زیادہ مدت کا کام ہے انہوں نے یہ طے کیا کہ باقی اخراجات میں تو کمی نہیں ہوسکتی اس لیے کہ بحری جہاز کا اور فارس سے تونس کی بندرگاہ کا وہاں پہنچنے تک کے اخراجات تو دینے ہیں جو وہاں قیام اور طعام کے اخراجات تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ اس میں، میں نے یہ طے کیا کہ پہلے ایک دن میں ایک وقت کھانا کھاؤں گا جب اخراجات میں کمی ہوئی تو کہا کہ دو دن میں ایک وقت کھانا کھاؤں گا جب پھر بھی کمی محسوس ہوئی تو طے کیا گیا کہ ۳ دن میں ایک وقت کھانا کھاؤں گا اور کام کرتے رہے۔ آخری دن جب وہ تین دن والا بھی ختم ہو گیا اور کام باقی رہا تو یہ طے ہو گیا کہ جب تک جان میں جان باقی ہے کام کرنا چاہیے اور جب جان نہیں ہوگی تو پھر بس کا ٹکٹ لے کر روانہ ہو جائیں گے۔ تو انہوں نے کہا کہ میں آخری دن بیٹھا ہوا تھا اور یہ خیال تھا کہ آج کے بعد مزید ٹھہرنا ممکن نہ ہوگا اور ۲، ۳ دن کا فاقہ ان کو ہو گیا تھا۔ لیکن کام باقی تھا۔ تو ظہر کی نماز جب پڑھی تو اللہ تعالیٰ سے دُعا کی اور اس میں رقت بھی طاری ہوئی کہ بڑا علمی کام ہے کتابیں، مخطوطات دستیاب ہیں پیسے ختم ہو گئے ہیں اللہ تعالیٰ کوئی غیب سے راستہ نکالیں۔ کہنے لگے کہ نماز پڑھ کر اپنے کتب خانے میں، جس گوشے میں جگہ بنائی ہوئی تھی وہاں آئے تو وہاں ایک صاحب بیٹھے ہوئے تھے جو لباس اور حلیے سے کوئی مرفہ الحال معلوم ہوتے تھے کہنے لگے آپ کا نام حمید اللہ ہے کہنے لگے کہ ہاں حمید اللہ ہے۔ پوچھا کہ آپ ہندوستان سے آئے ہیں کہنے لگے ہاں۔ میں نے سنا ہے کہ آپ انگریزی جانتے ہیں، کہنے لگے کہ ہاں انگریزی جانتا ہوں، یہ گفتگو فرنچ میں ہو رہی تھی کہنے لگا کہ میں ایک تاجر ہوں اور فلاں ملک میں کام کرتا ہوں مجھے ہندوستان سے بعض تجارتی معاملات کے لیے کچھ خط و کتابت کرنی ہے کچھ خطوط میں نے تیار کیے ہیں اگر آپ ان خطوط کو انگلش

میں تحریر کر دیں تو جو معاوضہ آپ کہیں گے میں آپ کو دوں گا۔ ڈاکٹر صاحب نے کہا لایئے انہوں نے اسی وقت وہ خطوط بیٹھ کر ترجمہ کیے اور اس سے کہا کہ جو آپ دینا چاہیں وہ دے دیں، اس نے بہت اصرار کیا۔ ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ جو رقم اس نے مجھے دی وہ اس رقم سے چار پانچ گنا زیادہ تھی جو وہ پیرس سے لے کر چلے تھے اور اس رقم سے پورا سفر ہوا تھا اس کے بعد مزید وہاں قیام کیا اور جتنے کتب خانے دیکھنے تھے وہ دیکھے۔''

اس طرح انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ غیب سے ایسی مدد فرماتا تھا اور اس طرح کے بہت سے واقعات میرے علم میں ہیں جس میں انہوں نے کہا کہ محض اللہ تعالیٰ کی طرف سے تھا اور اس کا کوئی اور سبب اور وجہ معلوم نہیں ہے۔ اس طرح کے مسائل کے ساتھ زندگی گزار دی اس کے ساتھ ساتھ ان میں جود وسخا کا غیر معمولی جذبہ اور داعیہ پایا جاتا تھا اس کی مثالیں ان کا ہر نیاز مند جانتا ہے جو لوگ ان سے واقف رہے ان کو اس طرح کے بے شمار واقعات معلوم ہیں ان میں سے بعض میرے علم میں بھی ہیں جس کو ان شاء اللہ تعالیٰ اگر مجھے موقع ملا تو وہ خطوط کی تمہید میں لکھنے کا پروگرام ہے میں شکر گزار ہوں کہ مجھے گفتگو میں شرکت کی دعوت دی گئی اور ایک ایسے اجتماع میں شرکت کا موقع ملا جو میرے لیے روحانی اعتبار لذیذ بھی ہے اور علمی اعتبار سے بہت مفید بھی ہے اور ایک اعتبار سے دینی اور اخلاقی ذمہ داری بھی رکھتا ہے کہ ہم پاکستان کے اور برصغیر پاک و ہند کے ایک ایسے فرزند کو یاد کر رہے ہیں جس کی علمی مقام اور عظمت کا اعتراف سب لوگوں نے کیا۔

ہم علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں بیٹھے ہوئے ہیں ایک مرتبہ ہم نے ان سے پوچھا کہ آپ نے اسلامیات، دینیات کے مختلف موضوعات پر کام کیا ہوا ہے۔ آپ کی کبھی علامہ اقبال سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ میری دو مرتبہ علامہ اقبال سے ملاقات ہوئی۔ ایک مرتبہ جب وہ خطبات مدراس کے لیے مدراس تشریف لے گئے تو ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ میں اور چند نوجوان سفر کر کے حیدر آباد سے مدراس گئے تھے علامہ اقبال کے ایک یا دو خطبے ہم نے سنے۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ میرا لاہور آنا ہوا تھا۔

(۱۹۳۲ء میں ''ادارۂ معارفِ اسلامیہ لاہور'' قائم ہوا تھا علامہ اقبال اس کے سربراہ تھے۔ اس کی دوسری سالانہ کانفرنس ۱۰، ۱۱، ۱۲/اپریل ۱۹۳۶ء میں لاہور میں ہوئی تھی اس میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ بھی شریک ہوئے تھے)

وہاں انہوں نے کہا کہ میں نے علامہ اقبالؒ کی زیارت کی تھی اور انہوں نے زیارت کے لفظ استعمال کیے۔ کہنے لگے کہ سو میں نے براہِ راست تو علامہ اقبالؒ پر نہیں لکھا۔ لیکن مجھے خیال ہوا کہ علامہ اقبال کے پیغام اور کلام سے اہل فرانس کو اور فرانکوفونزن یعنی وہ دنیا جو فرانسیسی زبان بولتی ہے اس کو آشنا کرنا چاہیے تو میں نے اپنے شوق سے ان کے خطبات Reconstruction کا فرانسیسی ترجمہ کیا تھا اور اس کے بعد نظم کا کرنے کا پروگرام تھا تو جزوی طور پر ''جاوید نامہ'' کا ترجمہ کیا اور شائد کلی طور پر یا ''پیامِ مشرق'' کا ذکر کیا یا ''بالِ جبریل'' کا مجھے یاد نہیں رہا۔ ان دونوں میں سے ایک کا یا دونوں کا اور جزوی طور پر جاوید نامہ کا اور Reconstruction کا ترجمہ کیا لیکن انہوں نے کہا کہ ترجمہ کرنے کے بعد کوئی طابع یا ناشر نہ ملا تو میں نے ترجمہ ویسے ہی رکھ دیا ممکن ہے میرے کاغذات میں کہیں ہو۔

یہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی دلچسپی کے حوالے سے یہ ایک نئی معلومات ہیں جو لوگوں کے علم میں نہیں ہیں۔ میں شکر گزار ہوں آپ کا اور اللہ تعالیٰ سے دُعا گو ہوں کہ وہ ان کے نامکمل کاموں کی طباعت اور اشاعت کی کوئی صورت پیدا فرمائے۔ (آمین)

ڈاکٹر محمد حمید اللہ سے ایک یادگار ملاقات

* پروفیسر ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی

ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم، عالم اسلام کی ایک نابغہ روزگار شخصیت تھی۔ امت مسلمہ ہی نہیں پوری عالم انسانیت کے لیے ان کا وجود باعثِ خیر و برکت تھا۔ ان کے علمی کارنامے، اہل علم و تحقیق کے لیے قابلِ تقلید ہیں اور باعثِ فخر بھی۔ باری تعالیٰ انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے۔ آمین۔

ان کی علمی تحقیق سے تادیر کسب و اکتساب کیا جاتا رہے گا اور رہنمائی لی جاتی رہے گی۔ اس کے ساتھ ان کی تحقیقات علمی و دینی پر نقد ہوگا اور اس کا تجزیاتی مطالعہ بھی، لیکن یہ سب کچھ اونچے درجے کے عالم اور سکالر کریں گے۔ میں کہ ایک عامی اور معمولی مدرّس ہوں، اسی بات کو اپنے لیے باعثِ افتخار سمجھتا ہوں کہ اس نابغہ عصر کی، جس کا نام نامی محمد حمید اللہ تھا، دوبار تو زیارت ہوئی اور اُنہیں بولتے اور تقریر کرتے بھی سنا.........اور ایک بار بالمشافہ ملاقات بھی ہوئی۔ یہ ملاقات میری زندگی کے چند اہم اور یادگار واقعات میں سے ہے، چنانچہ میں مرحوم کے علم و فضل، تجرِ علمی اور دینی تحقیقات پر کلام کرنے کے بجائے (جس کا میں اہل بھی نہیں ہوں) فقط، مذکورہ ملاقات کی روداد بیان کرنے پر اکتفا کروں گا۔ اس میں آپ کو ان کی شخصیت کی ایک جھلک نظر آئے گی اور اندازہ ہوگا کہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ اپنی ذات میں کیسے بڑے، بے بول اور بے مثل انسان تھے۔

یہ ملاقات ۷/دسمبر ۱۹۹۱ء کو پیرس کے ہوٹل اکادیمیہ کے کمرہ نمبر ۵ میں ہوئی۔ اس ملاقات میں پروفیسر محمد منور مرزا، جناب محمد سہیل عمر، جناب عبدالرحمٰن بزمی اور یہ ناچیز موجود تھا۔ مناسب ہوگا کہ اس کا مختصر پس منظر بھی عرض کردوں۔ قرطبہ کی عالمی اقبال کانفرنس (نومبر ۱۹۹۱ء) میں پاکستان سے ڈاکٹر جسٹس جاوید اقبال، بیگم ناصرہ اقبال، پروفیسر محمد منور، جناب محمد سہیل اور راقم شریک تھے۔ جاوید صاحب تو کانفرنس کے بعد بیگم کے ساتھ واپس چلے گئے

---

* سابق صدر شعبہ اردو، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

اور ہم تینوں نے قرطبہ کے بعد غرناطہ کا رخ کیا۔ اسلام آباد کے ہسپانوی سفارت خانہ نے بڑی خست سے کام لیتے ہوئے فقط سات یوم کا ویزا دیا تھا جو غرناطہ پہنچتے پہنچتے نبڑ گیا تھا۔ چنانچہ ویزوں میں توسیع کرانے کی تگ و دو میں ہمیں غرناطہ میں چھ، سات روز ٹھہرنا پڑا۔ (اس دوران ہم نے الحمراء اور دوسرے مسلم آثار دیکھے، چند مساجد کا سراغ لگایا اور بعض مسلمانوں سے تبادلہ خیال رہا) توسیع ملی تو ہم اشبیلیہ پہنچے۔ وہاں دو روز کے قیام میں فرانسیسی قونصل خانے سے خاصی مشکل سے بلکہ ایک سفارش پر، فرانس کا ویزا حاصل کیا۔

۵/دسمبر کی شب ہم پیرس میں وارد ہوئے اور شاہراہ موں پرناس کی ایک بغلی سڑک پر واقع ایک درمیانی درجے کے ہوٹل اکادیمیہ میں ٹھہرے تھے۔ ڈاکٹر رحمت اللہ صاحب، یہاں سے قریب ہی رہتے تھے وہ ملنے کے لیے آئے تو طے ہوا کہ کل صبح حمید اللہ صاحب سے ملنے چلیں گے۔ ڈاکٹر رحمت اللہ سے قرطبہ کانفرنس میں ملاقات ہوئی تھی۔ وہ عرصہ دراز سے پیرس میں مقیم تھے۔

دوسرے روز صبح ہوٹل اکادیمیہ سے نکل کر، ہم ڈاکٹر رحمت اللہ کی راہنمائی میں محمد حمید اللہ صاحب سے ملاقات کے لیے روانہ ہوئے، وہ ہمیں سیر کرانے کے موڈ میں تھے۔ لکسمبرگ باغ میں گھومتے گھماتے، پھر وہاں سے نکل کر مختلف تاریخی عمارتیں دکھاتے ہوئے وہ ہمیں سوربون یونیورسٹی کے علاقے میں لے آئے۔ یہاں سلپیس روڈ پر ہم ایک ناشر کی دکان پر رکے جو مشرقی علوم سے متعلق بھی کتابیں چھاپتا ہے۔ اس نے علامہ اقبال کے انگریزی خطبات کا فرانسیسی ترجمہ بھی شائع کیا تھا۔ یہاں ہم نے چند کتابیں دیکھیں، فہرست لی اور چل نکلے۔

ٹورناں (Tournt) روڈ پر واقع محراب دار گیٹ سے ہم ایک حویلی میں داخل ہوئے۔ معلوم ہوا کہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب دوسری منزل پر رہتے ہیں۔ حویلی کی ناظمہ اس شدید سردی میں بھی حویلی کا فرش دھونے دھلانے میں مصروف تھی اس نے بتایا:

> ''ڈاکٹر صاحب کہیں باہر گئے ہیں۔ مرزا صاحب نے اپنے کارڈ پر مختصر سا پیغام لکھ کر دے دیا رحمت اللہ صاحب نے بھی چند سطروں میں ہمارا اشتیاقِ ملاقات رقم کر دیا۔ افسوس ہوا کہ ڈاکٹر صاحب سے ملاقات کی یہ پہلی کوشش ناکام رہی۔''

دن بھر اِدھر اُدھر گھومنے پھرنے کے بعد ساڑھے چھ بجے ہم رحمت اللہ صاحب کے ہاں پہنچے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب آئے تھے اور آپ کے لیے یہ خط چھوڑ گئے ہیں۔ خط، مرزا صاحب کے نام تھا:

۱۲/۶/۱۹۹۱ء

مخدوم و محترم زاد مجدکم

سلام مسنون ورحمۃ اللہ و برکاتہ

میں بے حد متاسف ہوا کہ آپ نے زحمت فرمائی اور میں گھر پر نہ تھا۔ اس ناچیز کی زندگی کا یہ حال ہے کہ ہر روز نظام العمل بدلتا رہتا ہے اور کوئی ایسا وقت نہیں کہ ہر روز کے لیے معین ہو۔ میرے ہاں نہ ٹیلی فون ہے اور نہ، بہرا ہو جانے کے باعث، ٹیلی فون پر آ کر بات کر سکتا ہوں۔

اگر آں محترم یہ اطلاع دے سکیں کہ کہاں قیام ہے، اور کب تک قیام رہے گا تو میں مثلاً کسی شام کو ساڑھے پانچ چھ پر، یا اس کے بھی بعد، حاضر خدمت ہو جاؤں گا، اور چند منٹ سکون سے استفسار کر سکوں گا۔

نیاز مند خادم

محمد حمید اللہ

یہ رقعہ پا کر ہمیں خوشی ہوئی کہ صاحب موصوف نے اس قدر توجہ کی، مگر ساتھ ہی افسوس اور کچھ ندامت بھی کہ انہوں نے اس قدر زحمت اٹھائی، پھر بھی ملاقات نہ ہو سکی۔

اگلے روز صبح ناشتے کے بعد ہم پھر ٹورناں روڈ کی طرف چلے۔ ہمارے دوست عبد الرحمٰن بزمی صاحب اُس صبح لندن سے، بہ غرض ملاقات یہاں پہنچے تھے اُن سے ذکر کیا تو وہ بھی بہت خوش ہوئے اور ہمارے ساتھ چل پڑے کہنے لگے:

''یہ تو سونے پر سہاگا ہو گیا۔ ایک تو آپ لوگوں سے دو روز صحبت رہے گی، پھر حمید اللہ صاحب کی زیارت اور ملاقات، جس کی تمنا عرصۂ دراز سے تھی۔''

ٹورناں روڈ پر پہنچے اور حویلی میں داخل ہوئے تو جواب ملا: ''موجود نہیں ہیں..........'' ہمارا قیاس تھا (یا بدگمانی) کہ ڈاکٹر صاحب موجود ہیں، مگر حویلی کی ناظمہ انہیں ملاقاتیوں سے محفوظ رکھنا چاہتی ہے بہرحال ہم نے ڈاکٹر صاحب کے لیے تحریری پیغام چھوڑا ''ہم ہوٹل اکادیمیہ میں شام ۵ بجے سے آپ کے منتظر رہیں گے۔''

دن کا وقت ہم نے ادھر اُدھر گھومنے میں گذارا۔ ایفل ٹاور دیکھا پھر پیدل وہاں سے مقبرہ نپولین پہنچے بعدازاں مقبرے سے متصل ایک فوجی عجائب گھر دیکھا اور واپس ہوٹل آ گئے۔

شام ۵ بجے ہم ہوٹل اکادیمیہ کے کمرہ ۵ میں بالکل تیار اور منتظر بیٹھے تھے۔ ۵ بج کر چالیس منٹ پر مغرب کے کچھ ہی دیر بعد، ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب تشریف لے آئے۔ میں نے انہیں پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ محبت اور احترام و اشتیاق کی نظر ان پر مرکوز تھی۔ ایک دبلا پتلا اور دھان پان آدمی، اوور کوٹ، مفلر، جناح کیپ سے مماثل سیاہ ٹوپی، ڈاڑھی کے بال زیادہ تر سیاہ.......... ایک مایہ ناز شخصیت اور امتِ مسلمہ کے لیے ایک قابل فخر انسان، جس کی ساری زندگی خدمت اسلام اور مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے لیے وقف رہی، اور جو بہ ایں پیرانہ سالی آج بھی جوانوں کی طرح، بلکہ ان سے کہیں بڑھ کر سرگرم عمل ہے۔

علیک سلیک ہوئی۔ چند خیر مقدمی جملوں کے بعد ہم نے ان کا شکریہ ادا کیا کہ وہ زحمت کر کے یہاں پہنچے۔ ڈاکٹر صاحب ثقل سماعت کے سبب اونچا سنتے ہیں مگر گفتگو آہستہ آہستہ اور دھیمے لہجے میں کرتے ہیں۔

خیر خیریت اور احوال پرسی کے بعد، ہمارے استفسارات پر ڈاکٹر صاحب نے بتایا:

''چالیس سال سے یہاں ہوں۔ میری شہریت فرانس کی نہیں، حیدرآباد کی بھی نہیں، بے وطن ہوں۔ میرے پاس کسی ملک کا پاسپورٹ نہیں۔ بس ٹریولنگ پیپرز ہیں، جو فرانسیسی

حکومت نے دیے ہیں، ان پر سفر کرتا ہوں۔"

سوال : "فرانس کی شہریت کے لیے آپ نے کبھی مطالبہ نہیں کیا؟"

جواب: "نہیں، معلوم نہیں کیوں؟ لیکن بہرحال کبھی نہیں کیا۔"

فرانس میں اسلام اور نومسلموں کا ذکر چل نکلا۔ کہنے لگے:

"جی ہاں، بلا مبالغہ میرے ہاتھ پر سینکڑوں لوگوں نے اسلام قبول کیا ہوگا۔ ان میں ہر طبقے کے لوگ ہیں۔ طلبہ، پروفیسر، عالم فاضل لوگ، کچھ سفیر بھی، نانبائی بھی اور اگر آپ یقین کریں تو پیرس میں بعض پادری اور نن بھی مسلمان ہوئے ہیں۔ الحمدللہ، ان میں ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں ہمارے مسلمان ہونے کا اعلان نہ کیا جائے اور اگر ہمیں نام دینے کی ضرورت ہو تو بلا اجازت ہمارا نام نہ دیں۔"

مرزا صاحب: "کیا ان کے بچے بھی مسلمان ہو جاتے ہیں؟"

جواب: "جی ہاں، ان کا فورنیم بھی ہوتا ہے، جو اسلامی ہوتا ہے یعنی عبداللہ، عبدالرحیم وغیرہ، لیکن ایسا کم ہوتا ہے۔ ویسے میں کہتا ہوں کہ بچے ماں باپ کے نگران ہوتے ہیں۔ اگر ماں باپ اسلام پر عمل کرتے ہیں تو بچے از خود تقلید کرتے ہیں۔ ان کے بھٹکنے کا امکان کم ہوتا ہے۔ لیکن اگر ماں باپ خود عمل نہ کرتے ہوں اور چاہیں کہ بچے اولیاء اللہ بن جائیں تو.................."

مرزا صاحب: "نومسلموں کے لیے یا بچوں کے لیے دینی تعلیم کا کوئی بندوبست؟"

جواب: "ادارے تو ہیں، مساجد ہیں، یہ ان کی مرضی ہے، چاہیں تو پڑھنے کے لیے آ سکتے ہیں۔ بعض مساجد میں بچے اور بچیوں کے لیے شام کے اوقات میں بھی انتظام ہے۔ اتوار کی صبح بھی اہتمام ہوتا ہے۔"

اثنائے گفتگو میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کی تصانیف کا ذکر آ گیا۔ فرانسیسی میں ان کا ترجمہ قرآن اور سیرت النبیؐ

بار ہا چھپے ہیں۔ سیرت کا متعدد زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے۔ ان کی کتاب Introduction to Islam کا ترجمہ ۲۰،۲۲ زبانوں میں ہو چکا ہے۔ اس کی تالیف کا قصہ بہت دلچسپ ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے ایک بار بتایا کہ:

''ایک دن میرے پاس امریکہ سے ایک گم نام شخص کا خط آیا، جس میں اس نے لکھا تھا کہ میں ایک کالا انسان ہوں، میں نے کسی وجہ سے اسلام قبول کیا، لیکن تلاش کے باوجود مجھے کوئی ایسی چیز نہیں ملی، جس سے میں اپنے اس نئے مذہب سے متعلق معلومات حاصل کر سکوں، اگر آپ کے علم میں ایسی کوئی کتاب ہے تو مجھے بتایئے۔ میں نے غور وغوض کے بعد یہ محسوس کیا کہ اسلام سے متعلق کوئی جامع کتاب نہیں پائی جاتی۔ انگریزی میں اور نہ فرانسیسی زبان میں۔ میرے لیے آسان طریقہ تو یہ تھا کہ میں اس کالے شخص کو معذرت کا خط لکھ دیتا لیکن میں نے خیال کیا کہ اگر جامع کتاب نہیں ہے تو اسے لکھنا ہم پر فرض ہے، ہمیں یہ فرض ادا کرنا چاہیے۔

میں نے ایک دن اپنے دوستوں میں سے ۱۰،۱۲ کو اپنے ہاں مدعو کیا اور انہیں کالے کا خط دکھایا اور ان سے کہا کہ کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ ہم ایک جامع کتاب تیار کریں جس میں اسلام کی ہر ضرورت کا مختصر طور پر ذکر ہو، لیکن یہ کام ایک آدمی کے بس کا نہیں، ہم ۱۰،۱۲ دوست مل کر اس کام کو انجام دیں، ان شاء اللہ، خدا ہمیں اس کا اجر دے گا۔ دوستوں نے میرے اس خیال کی تائید کی اور مدد دینے کے لیے تیار ہو گئے اور کہا کہ تین ماہ میں یہ کام مکمل ہو جائے گا۔ چنانچہ ہر ایک میں ایک ایک باب تقسیم کر دیا گیا۔

مذکورہ ۱۰،۱۲ دوستوں میں بھارت، مصر، افریقہ اور دیگر ممالک کے مسلمان شامل تھے۔ یہ کام شروع کیا گیا اور میں نے تین ماہ میں اپنے حصے کا کام مکمل کر لیا۔ جب میں نے دوسروں سے معلوم کیا تو ہر ایک نے مجھ سے کہا: معاف کیجئے ہمیں مزید کچھ وقت دیجئے ہم جلد اسے مکمل کر لیں گے۔ چونکہ میں نے اپنا کام مکمل کر لیا تھا، اس لیے میں نے دوسرے باب پر لکھنا شروع کیا۔ ایک ماہ گزرنے کے بعد میں نے پھر اپنے دوستوں سے کام کے بارے

میں دریافت کیا تو انہوں نے پھر وہی جواب دیا، چنانچہ میں نے تیسرا باب بھی لکھ ڈالا۔ آخر کار اسی طرح سارے باب میں نے خود ہی لکھے اور اس طرح کتاب مکمل ہوگئی جو میری خواہش کے بغیر ایک ہی مولف کے خیالات پر مشتمل ہے۔ اس طرح خدا نے خیالات میں یکسانیت (Uniformity of Ideas) پیدا کرنے کا انتظام فرما دیا۔''

ڈاکٹر صاحب کثیر التصانیف عالم ہیں، ان کی علمی و تحقیقی خدمات کا احاطہ یہاں ممکن نہیں۔ ان کی بیسیوں کتابیں، دنیا کی مختلف زبانوں میں ترجمہ ہو کر، خلق خدا کے لیے فیض یابی کا ذریعہ بن رہی ہیں اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ متعدد تراجم اور بعض ایڈیشن خود ان کے علم میں بھی نہیں آتے۔ میں نے ان کی سیرت کے ایک ملخص اردو ترجمے کا ذکر کیا جو دس بارہ سال پہلے کراچی سے چھپا تھا۔ انہیں اس کا علم نہ تھا۔ ان کی درویش منشی کا یہ عالم ہے کہ کتابوں کی آمدنی اور رائلٹی کو انہوں نے مالی فائدے یا آسودگی کا ذریعہ نہیں بنایا۔ سب کچھ طلبہ یا تعلیمی اداروں اور کتب خانوں کو ہدیہ کر دیتے ہیں۔

ان کی زندگی سادگی اور فقر و درویشی کی ایک مثال ہے۔ بتانے لگے کہ گوشت نہیں کھاتا۔ کیوں کہ یہاں کا ذبیحہ، میرے نزدیک مشکوک ہے۔ وہ خود ہی، اپنے کمرے میں دال، دلیا، بنا لیتے ہیں یا ٹوسٹ اور دودھ گرم کر لیتے ہیں۔ ہم نے دیکھا کہ ان کے اوورکوٹ پر پیوند لگا ہوا تھا۔

بزمی صاحب، کچھ کہنے کے لیے منتظر اور بے تاب تھے۔

''ڈاکٹر صاحب' میں اپنے آپ کو بہت خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ یہاں حاضر ہوا، اور آپ سے ملاقات کی دیرینہ آرزو پوری ہوگئی۔''

ڈاکٹر صاحب: ''میں بھی مشرف ہوا ہوں۔''

بزمی صاحب: ''اور آپ سے مجھے بہت پرانی عقیدت ہے۔ میں 'صدق' پڑھتا رہا ہوں۔''

ڈاکٹر حمیداللہ: ''دور کے ڈھول سہانے ہوتے ہیں۔''

بزمی صاحب: ''نہیں یہ بات نہیں ہے خدا نے آپ کو جو............''

ڈاکٹر حمید اللہ: ''میں تو بس خدمت کر سکتا ہوں۔''

بزمی صاحب: ''آپ کی جو شخصیت ہے، آپ کا مقام و مرتبہ ہے، علمی دنیا میں جو آپ کا اعتراف ہے، وہ اپنی جگہ بالکل مسلم ہے۔ اللہ نے توفیق عطا کی ہے تو یہ بڑی بات ہے۔ میں ۱۹۵۰ء سے ''صدق'' منگا کر پڑھتا رہا، یہ آپ سے غائبانہ تعارف کا ایک ذریعہ بن گیا کیوں کہ اس میں آپ کی کسی خدمت یا تصنیف کا ذکر ہوتا تھا۔ میں گذشتہ ۱۹ برسوں سے انگلستان میں مقیم ہوں اور کئی بار سوچا کہ آپ سے ملاقات کے لیے پیرس آؤں، لیکن ہر چیز کا ایک وقت معین ہے۔ آج ملاقات ہوئی ہے۔''

مرزا صاحب: ''الحمد للہ، الحمد للہ۔۔۔۔ اللہ ڈاکٹر صاحب کو خوش رکھے۔ آپ نے اس ضعیف العمری میں اتنی تکلیف اٹھائی۔ راستہ بھی دور کا ہے۔''

ڈاکٹر حمید اللہ: ''میں پیدل نہیں آیا۔ میٹرو میں آیا ہوں۔ اللہ کا شکر ہے کہ ابھی چل پھر سکتا ہوں۔

ذرا سا توقف ہوا۔ میں نے موضوع بدلتے ہوئے سوال کیا: ''کیا آپ کبھی علامہ اقبال سے بھی ملے؟''

ڈاکٹر حمید اللہ: ''پہلی بار لاہور آیا تھا تو اقبال زندہ تھے۔ ان سے ملاقات ہوئی تھی۔ حالت یہ تھی کہ وہ لیٹے رہتے تھے۔ نئے ملاقاتی آتے۔ سلام کرتے، کچھ دیر بعد چلے جاتے۔ اجازت کا کوئی سوال نہ تھا۔ دربار عام تھا۔ اسی طرح میں بھی ایک دوست کے ساتھ ان کے ہاں گیا۔''

مرزا محمد منور: ''ان سے کوئی بات ہوئی؟''

ڈاکٹر حمید اللہ: ''بس مختصر سی، میں نے کہا: مجھے قانون سے دلچسپی ہے، فیکلٹی آف لاء کا طالب علم ہوں تو کہنے لگے: یہ بڑی اہم چیز ہے، اس میں تلاش اور کوشش جاری رکھو، اس وقت ان کے پاس کچھ اور دوست اور رفیق بھی موجود تھے۔ منشی طاہر دین بھی تھے۔''

انہی دنوں میں ڈاکٹر حمید اللہ نے جگن ناتھ آزاد کی منظوم تاریخ انسانیت میں سے آنحضورؐ کی ولادت باسعادت کے متعلق اشعار اور نعتوں کا فرانسیسی ترجمہ کیا تھا۔ گفتگو میں اس کا ذکر بھی آیا راقم نے پوچھا:

''ڈاکٹر صاحب، یہ ترجمہ آپ نے خود کیا یا فرمائش پر؟''

ڈاکٹر حمید اللہ: ''فرمائش نہیں، بلکہ مجھے خودخواہش تھی۔ میں نے ترجمہ کیا۔ اجازت لی۔''

مرزا محمد منور: ''جگن ناتھ آزاد بھی قرطبہ آئے ہوئے تھے، وہیں انہوں نے بتایا کہ میری نعت کا ترجمہ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے فرانسیسی میں کیا ہے۔''

ڈاکٹر محمد حمید اللہ: ''جی ہاں، رسول اللہ ﷺ کے بارے میں ان کی نظم مجھے پسند آئی۔''

قرطبہ میں آزاد صاحب نے اس کا ایک دستخطی نسخہ مجھے عنایت کیا تھا، میں نے مذکورہ کتاب ڈاکٹر صاحب کی طرف بڑھاتے ہوئے عرض کی۔ اس کتاب پر دستخط فرما دیں، آٹوگراف دے دیں۔ یہ آپ کا ترجمہ کیا ہوا ہے، میرے پاس کتاب یادگار رہے گی۔''

ڈاکٹر محمد حمید اللہ: ''آپ کا حکم ہے تو کر دیتا ہوں، لیکن مجھے یہ بالکل پسند نہیں۔''

میں نے عرض کیا: ''آپ کر دیجئے، میرے لیے یہ ایک افتخار ہوگا۔''

ڈاکٹر حمید اللہ: ''کیا لکھوں صاحب؟''

راقم: ''جو آپ مناسب سمجھیں۔''

(یہ کہتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے حسب ذیل عبارت لکھ کر دستخط کر دیے)

وفقنا اللّٰہ لِمَا یُحبُّ و یرضاہ' (محمد حمید اللہ، یکم جمادی الآخر ۱۴۱۲ھ)

پھر فرمایا: ''میری یہ حالت ہے کہ آپ کے لیے کوئی چھوٹی سی کتاب یا رسالہ بھی نہ لا سکا۔''

مرزا صاحب: ''آپ کی زیارت ہوگئی، اس سے بڑا تحفہ اور کیا ہو سکتا ہے۔''

ڈاکٹر حمید اللہ: ''ویسے میرا بھی کچھ فریضہ ہے، جو مہمان آئے، اس کی کچھ خدمت کروں۔''

مرزا صاحب: ''اللہ آپ کو صحت مندر کھے۔ یہ جو آپ نے شمع دین یہاں روشن کر رکھی ہے۔''

ڈاکٹر حمید اللہ: ''اس میں میرا تو دخل نہیں ہے۔ یہ اللہ ہی کا فضل ہے۔''

میں نے سوال کیا: ''آج کل آپ کا تصنیفی کام کیا ہے؟ کچھ لکھنے پڑھنے کا کام کر رہے ہیں؟''

کہنے لگے: ''روزانہ کوئی نہ کوئی کام چلتا رہتا ہے۔ ایک وقت میں پچیس کام ہاتھ میں رہتے ہیں۔ میں کوئی ایک کام نہیں بتا سکتا۔ جب تک کام مکمل نہ ہو، میں اس کا اعلان نہیں کرتا۔''

کچھ توقف کے بعد کہنے لگے: ''اب اجازت مرحمت فرمائیں۔''

مرزا صاحب: جی تو نہیں چاہتا مگر..........''

راقم: ''آپ ہمارے لیے خصوصی دعا فرمایئے۔''

ڈاکٹر حمید اللہ: ''وہ رب العالمین ہے، سب کی سنتا ہے۔..........''

اس کے بعد سورۃ فاتحہ کی تلاوت کی، پھر چلنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے۔ بہ وقت رخصت عرض کیا:

''اگر اجازت ہو تو چائے کی ایک پیالی..........''

کہنے لگے: ''میں چائے نہیں پیتا، چالیس سال سے نہیں پی..........''

ہوٹل سے نیچے اترتے ہوئے پوچھا: ''آپ کا کتنے دن قیام رہے گا؟''.......... بتایا:

دس دسمبر کو روانہ ہوں گے.......... فرمایا: ''خدا آپ کو خیریت سے لے جائے..........''

اس مردِ درویش کو رخصت کر کے ہم واپس کمرے میں آئے تو ملاقات کا تاثر، ایک نشے کی سی کیفیت میں، باقی تھا۔ بہ الفاظ مرزا صاحب یہ: ''شادابی ایمان کی سی کیفیت تھی'' چنانچہ ہم خاصی دیر تک موصوف ہی کی باتیں کرتے رہے۔ بزمی صاحب اپنے دورۂ پیرس کی کامیابی پر بہت مسرور و شاداں تھے اور اس بات پر بھی کہ انہوں نے ڈاکٹر صاحب

کی باتیں فیتہ بند (tape) کر لی تھیں ۔ وہ کیسٹ کو جگہ جگہ سے الٹا گھما کر (reverse) کر کے دیکھ رہے تھے............... بلاشبہ ڈاکٹر صاحب جیسے نادرروزگار انسان کی آواز بھی ایک خزینہ ہے۔ایسا شخص نادرروزگار نہیں تو کیا ہے۔اپنا کھانا خود پکاتا ہے،گوشت نہیں کھاتا۔ چائے نہیں پیتا، چالیس سال سے چائے نہیں پی۔ پیرس کے اس شدید سرد موسم میں، جہاں دن میں دس مرتبہ چائے یا کافی پینے کو جی چاہتا ہے۔صبر وضبط کا یہ مظاہرہ، ڈاکٹر صاحب جیسا پرہیز گار شخص ہی کرسکتا ہے۔دھان پان جسم کے ساتھ ان کی صحت کا راز اسی ضبط نفس میں نظر آیا۔

میں سوچ رہا تھا کہ کہ حمید اللہ صاحب نے اوائل عمر ہی سے ایک خاص طرز کا اسلوبِ حیات اپنا لیا تھا، اور وہ ساری عمر اس پر کاربند رہے۔ پھر انہوں نے حیات مستعار کا ایک مقصد متعین کر لیا۔ وہ مقصد کیا تھا: خدمت دین، خدمت علم، خدمت انسانیت ۔مگر جو لوگ اونچے مقاصد ومناصب کے پیچھے بھاگتے پھرتے ہیں، ان کے مقابلے میں ڈاکٹر صاحب کو کہیں زیادہ شہرت ملی ،عزت بھی نصیب ہوئی اور انہوں نے یقین کامل ہے کہ اپنی آخرت بھی سنوار لی ۔رہ رہ کر میرے ذہن میں ایک سوال چبھتا ہے آج ہم پاکستانی اکابر واصاغر نے کیا اسلوبِ حیات لائف اسٹائل)اختیار کر رکھا ہے؟ ڈاکٹر محمد حمید اللہ جیسی اپنے مشن سے وابستگی، علمی لگن، جاہ ومنصب سے بے نیازی، فقر ودرویشی، خدمت دین اور خدمت امت کا جذبہ تو خواب وخیال بن کر رہ گیا ہے۔

تمت بالخیر

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ

* سید ضمیر جعفری

[سید ضمیر جعفری (۱۹۱۶ء۔۱۹۹۹ء) اُردو ادب کے معروف مزاح نگار، ادیب، شاعر اور کالم نویس تھے۔ چک عبدالخالق (جہلم) میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۳۶ء میں گورنمنٹ کالج اٹک سے انٹر اور ۱۹۳۸ء میں اسلامیہ کالج، لاہور سے بی۔اے کیا۔ زمانہ طالب علمی میں ''مشعل''، ''مجلّہ گورنمنٹ انٹر کالج اٹک'' اور کریسنٹ (مجلّہ اسلامیہ کالج لاہور) کے مدیر رہے۔ ابتداء میں آپ کا قلمی نام درد جعفری تھا۔ بعد میں ضمیر تخلص کرنے لگے دوسری جنگ عظیم میں فوج میں کیپٹن ہو گئے۔ آپ کی چند مشہور کتب میں ''جزیروں کے گیت، مافی الضمیر، اڑتے خاکے، ضمیر حاضر، ضمیر غائب، ارمغان ضمیر کتابی چہرے، آپ کا ضمیر، ہندوستان میں دو سال'' ہیں۔ سید ضمیر جعفری علاج کی غرض سے امریکہ گئے اور وہاں ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ سے ملاقات کی اور اس ملاقات کے تاثرات ماہنامہ اردو ڈائجسٹ، نومبر ۱۹۹۶ء میں شائع ہوئے مذکورہ مجلّے کے شکریے کے ساتھ یہ تاثرات شائع کر رہے ہیں۔ (مدیر)]

آج اپنی زندگی کی ایک بڑی دیرینہ اور عزیز خواہش پوری ہوگئی، اپنا ایک کبھی کا کہا ہوا مصرع بھی یاد آ گیا۔

ملاقات ان سے کہاں ہو گئی ہے

عصر حاضر کی بہت محترم، ممتاز، یگانہ و منفرد شخصیت، مفکر و مفسر جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی خدمت میں حاضری کی آرزو ایک مدت سے دل میں کسمسا رہی تھی، چند برس قبل پیرس میں ان کے دروازے تک بھی جا پہنچے مگر یہ سعادت تو ہمارے لیے امریکہ میں لکھی گئی تھی۔ زندگی کے اتفاقات کتنے عجیب ہیں کہ ہمیں یہ بھاگوان ساعت جناب حضرت علی کی وساطت سے نصیب ہوئی جو بے شک ایک خوش کلام شاعر ہیں مگر ان کی عالمی شہرت ایک سائنس دان کی ہے اور سائنس دانوں کے بارے میں عموماً یہ باور کیا جاتا ہے کہ 'دین' سے ان کو کم ہی رغبت ہوتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کے اندر کا ''شاعر'' ہمارے کام آ گیا۔

جناب حضرت علی، نیویارک سے تقریباً ایک سو میل دور ''کنیکٹی کٹ''(Connecticut) ریاست کے ایک قصبے میں رہتے ہیں۔ ''مشاعروں'' کے علاوہ ٹیلی فون پر بھی گاہ بگاہ ان سے رابطہ رہتا ہے۔ ایک روز نہ جانے کس حوالے سے انہوں نے اس جلیل القدر شخصیت سے اپنی ملاقات کے تذکرے میں بتایا کہ ڈاکٹر صاحب ان دنوں امریکہ کی ریاست ''پینسلوینیا''(Pennsylvania) کے چھوٹے سے قصبے ولکیز بارے (Wilkes Barree) میں اپنے بڑے بھائی کے پوتے کے پاس مقیم ہیں۔

اندھا کیا چاہے دو آنکھیں۔ میں نے حضرت علی سے کہا:

''جانِ من مجھے ان کی بارگاہ میں لے چلو۔''

حضرت نے کہا:

''وہ علیل ہیں۔ بہت نحیف ہو گئے ہیں۔ گھر والوں نے ملاقاتیں محدود کر رکھی ہیں۔
بہر حال کوشش کروں گا۔''

میں نے کہا:

''کوئی صورت پیدا کرو کہ میں ان کی صورت ہی دیکھ لوں۔''

ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کا شمار عالم اسلام کے چند جلیل القدر مفکرین میں ہوتا ہے، مگر ان سے میری ذاتی ارادت کا سرچشمہ ڈاکٹر صاحب کے دو ارادت مندوں اور اپنے کرم فرماؤں (پاکستان کے نامور سندھی اسکالر) جناب پیر حسام الدین راشدی اور (ممتاز ادیب و دانشور اور ''اسٹیٹ بینک آف پاکستان'' کے گورنر) جناب ممتاز حسن کی باتیں تھیں۔ فرانسیسی زبان میں ڈاکٹر صاحب کا قرآن کریم کا ترجمہ اور تفسیر تو ایک عظیم الشان اور غیر فانی علمی کارنامہ تھا ہی، یہ دونوں حضرات ڈاکٹر صاحب کی ذاتی زندگی کے سادہ اور درویشانہ اسلوب سے بھی بے حد متاثر تھے۔ ان کی رائے میں مغرب میں اسلام کی ترویج و تفہیم کی پیش رفت میں جو مدد قرآن کریم کے اس فرانسیسی ترجمے سے ملی ہے، کسی اور ذریعے سے ممکن نہ ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ ابلاغ کی ادبی خوبصورتی کے حوالے سے ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے فرانسیسی ترجمے کی وہی اہمیت و مقبولیت ہے جو علامہ عبداللہ یوسف علی کے انگریزی ترجمے کو نصیب ہوئی ڈاکٹر صاحب کے بارے میں یہ بات تو معلوم تھی کہ ان کا تعلق حیدر آباد سے تھا، مگر ان کے خود اختیاری ''بن باس'' کا علم ممتاز حسن صاحب ہی سے ہوا کہ برصغیر کی آزادی کے بعد جب

بھارت نے حیدر آباد (دکن) کی خود مختاری کو غصب کرنا چاہا تو نظام دکن نے جو وفد مجلس اقوام متحدہ میں اپنا موقف پیش کرنے کے لیے امریکہ بھیجا اس میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ بھی شامل تھے، مگر یہ وفد ابھی راستے ہی میں تھا کہ بھارت کے جنرل جے انت ناتھ چودھری نے ریاست ہی کو روند ڈالا اور

''وہ شاخ ہی نہ رہی جس پہ آشیانہ تھا''۔

ڈاکٹر صاحب اس سفر پر ایسے نکلے کہ پھر انہوں نے حیدر آباد واپس جانا پسند ہی نہ کیا اور پیرس ہی میں مستقل مقیم ہو کر علمی کام میں مصروف ہو گئے۔ پاکستان میں ڈاکٹر صاحب کے حوالے سے یہ بات بھی عام سننے میں آئی کہ جنرل ضیاء الحق نے اسلامی نظام کے نفاذ کے سلسلے میں ان سے مشورہ کیا اور بہت بڑی رقم بھی ان کی خدمت میں پیش کی۔ اس مردِ قلندر نے مشورہ تو دیا مگر رقم قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

ہم ڈاکٹر صاحب کی عظمت کے ''ہالے'' میں پہلے بھی تھے مگر اس کا تصرف مزید اس وقت گہرا ہوا جب (ممتاز محقق و مصنف) ڈاکٹر افضل اقبال مرحوم کینیڈا میں پاکستان کے سفیر کے منصب سے سبکدوش ہو کر راولپنڈی میں مقیم ہوئے اور ان سے قریبی ربط و ضبط کا سلسلہ قائم ہوا۔ یہ اپنی ذات اور کتابوں میں مگن ''باغی شخص''، صرف تین شخصیتوں کا ''مرید'' تھا۔ مولانا جلال الدین رومیؒ، مولانا محمد علی جوہرؒ اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ۔ ڈاکٹر افضل اقبال جن دنوں برطانیہ میں ڈپٹی ہائی کمشنر تھے، پیرس میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کے ''اسلامک سنٹر'' میں آتے جاتے رہتے تھے۔ ہم سمجھتے تھے کہ مولانا (ڈاکٹر صاحب) کی تصنیفات صرف فرانسیسی زبان میں تھیں مگر ان کے ثمرات تو فرانسیسی کے علاوہ انگریزی، جرمن اور ترکی زبانوں میں بھی موجود ہیں۔ ان زبانوں میں آپ کی چند تصانیف ڈاکٹر افضل اقبال کے وسیع ذاتی کتب خانے میں بھی موجود ہیں۔ ڈاکٹر افضل اقبال نے جہاں مرشد رومی اور مولانا محمد علی جوہر پر معرکہ آراء کتابیں لکھی ہیں، وہاں ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کی عظیم فکر انگیز تصنیف ''خطباتِ بہاولپور'' کا انگریزی ترجمہ بھی افضل اقبال کا ایک بڑا کارنامہ ہے۔ وہ جن دنوں ''خطباتِ بہاولپور'' کا ترجمہ کر رہے تھے، ایسا لگتا تھا جیسے وہ شخص ڈاکٹر حمید اللہ کے افکار میں زندگی گزار رہا ہو۔

امریکہ میں ڈاکٹر صاحب کے جغرافیائی قرب نے دل میں ایک کرب کی سی کیفیت پیدا کر رکھی تھی۔ بے چینی اپنا کام کر گئی۔ کل ''کنیکٹی کٹ'' سے حضرت علی صاحب نے ٹیلی فون پر بشارت دی:

''کل سرشام ساڑھے آٹھ بجے ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب سے ملاقات کا وقت مقرر ہوا ہے۔آپ کے گھر سے دو بجے روانہ ہوں گے۔''

''لانگ آئی لینڈ''(Long Island) میں ہمارے گھر سے ''ولکیز'' تک اور پھر وہاں سے ''کنیکٹی کٹ'' میں جناب حضرت علی کے گھر تک ہم نے آج تقریباً دوسو میل سے زیادہ سفر کیا۔خوش منظری کا بیان اس وقت مقصود نہیں۔اتنا کہنا کافی ہے کہ ہم امریکہ جارہے تھے اور امریکہ کے پہاڑی علاقے میں جہاں آسمان کا حسن زمین پر اتر آتا ہے وہی عالم کہ:

کرشمہ دامن دل ی کشد کہ جا اینجاست

قصبے میں حضرت نے جس مکان کے سامنے موٹر روکی اس کو دیکھ کر دل کو دھچکا سا لگا۔مجھے یہ رہائش گاہ عالم اسلام کی اس جلیل القدر شخصیت کے شایان شان نہ لگی۔مکان خاصا تھا،مگر دل ان کو کسی عالی شان محل میں دیکھنے کا متمنی تھا۔جذبات کے دھارے میں یہ بھی یاد نہ رہا کہ ہم کس عظیم الشان درویش کی بارگاہ میں کھڑے تھے۔موٹر کی آواز سنتے ہی ایک ہنس مکھ نوجوان خیر مقدم کے لیے آگئے،یہ ڈاکٹر صاحب کے پوتے عرفان تھے۔اگلے لمحے ہم گھر کے سادہ سے ''ڈرائنگ روم'' میں محترمہ سدیدہ اور عرفان......دونوں بہن بھائیوں سے باتیں کررہے تھے۔میز پر سنگترے کے رس کے بھرے گلاس ہمارے سامنے رکھے تھے۔سدیدہ، جو بے حد شائستہ اور بہت تعلیم یافتہ خاتون ہیں،خود کسی دوسرے قصبے میں رہتی ہیں،مگر دادا کی ہمہ وقت تیمار داری کی ضرورت سے بھائی کے ہاں رہتی ہیں۔ڈاکٹر صاحب اوپر کی منزل میں آرام کررہے تھے۔گفتگو سے معلوم ہوا کہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد(دکن) سے فارغ ہوکر آپ کئی برس تک فرانس اور جرمنی کی جامعات میں تحصیل علم کرتے رہے۔دوسری عالمی جنگ کا زمانہ وہیں گزارا۔وطن واپس آئے تو سقوط حیدرآباد کا سانحہ پیش آ گیا میرے ایک سوال پر سدیدہ نے یہ بھی بتایا کہ ان کی مطبوعہ کتابوں کی تعداد ۱۷۲ ہے۔اس کے علاوہ سینکڑوں کی تعداد میں مقالات اور زیر تصنیف مسودات ہیں جو پیرس کے ''اسلامک سینٹر'' میں موجود ہیں۔کچھ دیر بعد سدیدہ ''دادا'' کو لینے اوپر چلی گئیں۔جاتے جاتے یہ بھی کہہ گئیں کہ ہمیں ان کی طبیعت کے اتار چڑھاؤ کو ملحوظ رکھنا ہو گا۔کچھ کہہ نہیں سکتی کہ وہ کتنی دیر تک بیٹھ سکیں گے۔

وہ اوپر گئیں تو عرفان صاحب سے باتوں میں علم ہوا کہ قصبے میں سارے بھارتیوں اور پاکستانیوں کو ملا کر

گھروں کی تعداد اڑھائی سو سے زیادہ نہ تھی۔ یہ معلوم کر کے حیرت ہوئی کہ سبزہ وگل سے ڈھکا ہوا یہ علاقہ ''کوئلے کی کانوں'' سے بھرا ہوا ہے۔ اس پر ہمارا اپنا کھیوڑہ (Khewra) کا علاقہ آنکھوں کے سامنے آ گیا جہاں کوئلہ زمین کے اندر بھی ہے اور زمین کے اوپر بھی۔

اتنے میں دیکھا کہ ڈاکٹر صاحب پوتی کے سہارے آہستہ آہستہ سیڑھیوں سے اتر رہے تھے۔ ہم دونوں نے آگے بڑھ کر تعظیم دی۔ انہوں نے تپاک سے مصافحہ کر کے دونوں ہاتھ سینے سے لگا کر اپنی شفقت کریمانہ کا اظہار فرمایا۔ میں نے اپنے روایتی تسلیمات کے ''کورنش اسلوب'' میں جھک کر ان کے گھٹنوں کو چھونا چاہا تو انہوں نے میرے ہاتھ جھٹک دیے۔ سدیدہ نے بھی منع کیا کہ جھکنا انہیں پسند نہیں، کہیں وہ آپ کو ڈانٹ ہی نہ دیں۔ ڈاکٹر صاحب نے گاؤن پہن رکھا تھا۔ سر پر ہلکی سی ''جناح کیپ'' تھی۔ چھوٹی چھوٹی خشخشی داڑھی چہرے پر بہت بھلی لگ رہی تھی، مگر وہ بہت کمزور اور لاغر تھے۔ میں نے کسی ''عالم دین'' کو آج تک اتنا ''نحیف'' نہیں دیکھا۔ ان کو دیکھ کر دل کو جھٹکا سا لگا۔ ایک بات پر تعجب بھی ہوا کہ بظاہر ایک ''مشت استخواں'' ہونے کے باوجود چل پھر سکتے ہیں۔ سدیدہ نے بتایا کہ ابھی کچھ عرصہ پہلے تک تو مسجد تک ہو آتے تھے، سڑک تک ٹہل آتے، مگر ایک دن مسجد میں گر گئے تو اب گھر سے نہیں نکلتے۔

اس سے پہلے کہ ہم کچھ پوچھتے، آپ نے دونوں ہاتھ سینے پر رکھتے ہوئے ارشاد فرمایا ''کوئی خدمت''۔

عرض کیا: ''بس جناب والا کی شفقت درکار رہے۔''

میرا خیال تھا کہ ڈاکٹر افضل اقبال کے ترجمے کا شاید ان کو علم نہ ہو۔ پہلا سوال ''خطباتِ بہاولپور'' کے ترجمے ہی کا پوچھا۔ آپ نے اثبات میں سر ہلایا۔ سدیدہ نے بتایا کہ کتاب ان کو پہنچ چکی ہے۔ آپ نے اظہارِ پسندیدگی فرمایا۔ یہ خبر بھی انہیں مل چکی تھی کہ ڈاکٹر افضل اقبال کا انتقال ہو چکا ہے۔

میں نے عرض کیا:

> ''حضرت کی خدمت گرامی میں حاضری کی دیرینہ تمنا تھی۔ زیارت سے بے حد خوشی ہوئی۔''

پوچھا: ''فرانسیسی زبان میں قرآن کریم کے ترجمہ وتفسیر کی تکمیل پر کتنا عرصہ لگا۔''

فرمایا: ''یاد نہیں''

پوچھا: ''کیا آپ نے اپنی ''آٹو بائی گرافی'' تحریر فرمائی ہے؟

فرمایا: ''نہیں''

پوچھا: ''لکھنے کا ارادہ ہے؟''

فرمایا: ''نہیں''

ڈاکٹر صاحب ہر سوال کا جواب ایک دو لفظوں میں دیتے رہے۔ ظاہر ہے کہ ان کی موجودہ صورت حال میں لمبے لیکچروں کی ان سے توقع بھی نہیں کی جاسکتی تھی لیکن اب ایک سوال ہم نے اپنی دانست میں ایسا پوچھا کہ جواب میں دو چار جملے سننے کی توقع کر رہے تھے۔

پوچھا: ''کیا جنرل ضیاء الحق نے آپ سے پاکستان میں نظام اسلام کے بارے میں استفادہ کیا تھا۔''

فرمایا: ''میں بہت عاجز آدمی ہوں۔''

(آپ نے انگریزی کا لفظ Humble استعمال کیا) سوال جواب کے اس مکالمے میں تجربہ ہوا کہ آپ کی سماعت جتنی دھیمی تھی بصارت اتنی ہی روشن تھی۔ میری لکھی ہوئی تحریر جو میں مشکل سے اٹھا سکتا، وہ عینک کے بغیر پڑھ رہے تھے۔

گفتگو شاید اور چلتی، مگر سدیدہ درمیان میں ''دادا'' سے بار بار پوچھ رہی تھیں:

''آپ کو سردی تو محسوس نہیں ہو رہی؟''

''کمبل لا دوں؟''

''آپ کو نیند تو نہیں آ رہی؟''

''آپ تھک تو نہیں گئے؟''

ڈاکٹر صاحب ''پوتی'' کے سوالوں کا کوئی جواب نہیں دے رہے تھے، مگر آخر جب ایک مرتبہ یہ کہا کہ:

''آپ کا کیا مشورہ ہے۔''

تو ''مزاج دان پوتی'' نے استراحت کا فیصلہ کیا اور جس طرح دادا کو اوپر سے تھام کر نیچے لائی تھیں، اسی طرح تھام کر نیچے سے اوپر لے گئیں۔

جاتے جاتے ان سے ہم نے ایک سوال اور پوچھ لیا؟

''ملت اسلامیہ کے لیے کوئی پیغام۔''

فرمایا:

''اللہ محفوظ رکھے.....اللہ بچائے۔''

رخصت کرنے کے بعد سینے پر ہاتھ رکھتے ہوئے فرمایا:

''کوئی خدمت''؟

اور پھر سیڑھیوں سے چڑھتے ہوئے دیکھتے گئے اور ایک موڑ مڑتے ہوئے ہاتھ ہلا کر ہمیں محبت بھرے اشارے سے نوازا۔

بعد میں کھانے کی میز پر گفتگو میں ڈاکٹر صاحب کی شخصیت کے کئی دلنواز پہلو سامنے آتے چلے گئے۔ ساری ملاقات میں وہ ہم سے ایک ہی سوال بار بار پوچھتے رہے:

''کوئی خدمت''۔

اسلامی فلاحی ریاست کا قیام

* ڈاکٹر محمد حمید اللہ

[علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی تاریخ میں ۲۸ر اپریل ۱۹۹۲ء ایک بابرکت اور قیمتی دن تھا جب عالم اسلام کے نامور محقق، ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب یونیورسٹی میں جلوہ افروز ہوئے۔ آپ نے اسلامی فلاحی ریاست کے قیام سے متعلق چند زریں کلمات ارشاد فرمائے چونکہ اُس وقت کے صدر مملکت کے ساتھ ڈاکٹر صاحب کی ملاقات پہلے سے طے شدہ تھی اور ڈاکٹر صاحب کے پاس وقت بہت قلیل تھا اس لیے آپ نے نہایت مختصر اور اشاراتی گفتگو فرمائی۔ اس مختصر گفتگو میں ڈاکٹر صاحب کا نکتہ ارتکاز فلاحی ریاست میں عوام اور حکمرانوں کی ذمہ داریوں سے متعلق تھا فلاحی ریاست کے ان دونوں طبقوں کی اخلاقی تربیت، آپ کے نزدیک نہایت اہم معاملہ ہے بلکہ آپ کے خیال میں اخلاق حسنہ ہی اسلامی فلاحی ریاست کی بنیاد ہے۔ ریاستی ذمہ داروں اور عوام کے دلوں میں خوف خدا کا نہ ہونا، اخلاقی گراوٹ اور پستی کی علامت ہے۔ آپ کے خیال میں جب تک یہ علامت موجود رہے گی تب تک کوئی آدمی بھی اپنی ذمہ داریوں کو برلانے کا خیال نہیں کرے گا۔ نتیجتاً تمام تر وسائل کے باوجود فلاحی ریاست کا قیام ممکن نہ ہو سکے گا۔ دوسری طرف اگر حکمرانوں اور عوام کے دلوں میں خوف خدا ہے تو اپنی ذمہ داریوں کا خیال رکھیں گے اور خدمت کے جذبہ سے کام کریں گے لہذا باوجود کم وسائل کے، اسلامی فلاحی ریاست کا قیام ممکن ہو سکے گا۔ ڈاکٹر صاحب کے خیال میں اسلامی فلاحی مملکت اُس کو کہیں گے جس میں اُس کی رعایا کے جان، مال، عزت و آبرو کے تحفظ کا خاطر خواہ انتظام موجود ہو۔ ریاستی دفاع کے لیے ملکی فوج کا ہونا بھی نہایت ضروری ہے آپ کے خیال میں ملک کی فوج کا طاقتور ہونے کے ساتھ ساتھ نظم وضبط کا پابند ہونا بھی ضروری ہے۔ تقریر کے اختتام پر سامعین کی طرف سے سوالات بھی پیش کیے گئے۔ محترم ڈاکٹر صاحب نے ان کے جوابات دیئے۔ شاہ معین الدین ہاشمی، لیکچرر، شعبہ حدیث و سیرت نے ڈاکٹر صاحب کی اس تقریر کو ٹیپ سے منتقل کیا۔ مدیر]

﴿متن تقریر﴾

اساتذہ کرام، علماء کرام، عزیز خواہران و برادران محترم اور عزیز طلبہ، یہ میرے لیے ایک شرف کا باعث ہے کہ آپ کے ہاں مجھے دعوت دی گئی۔ میں پہلی دفعہ اس یونیورسٹی کے نام سے واقف ہوا ہوں۔ تین چارون پہلے تک مجھے اس نام سے واقفیت نہیں تھی جس سے معلوم ہوا کہ میں کتنا جاہل شخص ہوں۔ میرا قصور معاف کریں۔ بہر حال یہ خوشی کی بات ہے کہ آپ کے شہر میں اب ایک نہیں تین یونیورسٹیاں ہیں گو کہ میں اس سے زیادہ متاثر نہیں اس لیے کہ شہر پیرس میں کوئی بیس یونیورسٹیاں ہیں۔ اس لحاظ سے مجھے یہ کوئی بڑی چیز نہیں معلوم ہوتی، لیکن اسلامی ممالک سے مقابلہ کریں تو یہ ایک بڑی چیز ہے کیونکہ کم اسلامی ملکوں میں ایک ہی شہر میں ایک سے زیادہ یونیورسٹیاں پائی جاتی ہیں۔ وقت چونکہ کم ہے اس لیے اصل موضوع کی طرف رجوع کرنا زیادہ مناسب ہے۔

جو موضوع مجھے دیا گیا ہے وہ مشکل ہے۔ اس کے معنی ہیں کہ ہم میں سے ہر آدمی کی خواہ مسلمان ہو یا غیر مسلم، مشرقی ہو یا مغربی، ہر شخص کی خواہش ہوتی ہے کہ فلاں چیز ہو لیکن اگر خود اُس کو ذمہ دار بنایا جائے تو وہ اس کام کو نہیں کر سکتا۔ دوسرے الفاظ میں حکومت یہ ضرور چاہے گی کہ رعایا کی فلاح کی سہولتیں ہوں لیکن اس میں جو دشواری پیدا ہوتی ہے وہ وسائل کی ہے۔ ایک ملک اگر بہت مالدار ہو تو اس کے پاس وسائل زیادہ ہوتے ہیں لیکن جو ملک مقابلۃً فقیر ہے وہ اپنی خواہش کے باوجود اپنی خواہشات کو بر نہیں لا سکتا۔ لیکن میں اس کو زمانہ حال کی بجائے اوپر لے جاتا ہوں عہد رسالت تک۔ کیونکہ میرے نزدیک اسلام کی ہر چیز رسول اکرم ﷺ کی اِتباع کے مطابق ہو تو ہی قابل قبول ہے۔ اس سے کوئی اہمیت نہیں کہ اسلامی حکومت کا رقبہ کتنا ہو؟ اُس کی فوج کتنی ہو۔ اس میں کتنے ہوائی جہاز ہوں۔ مقابلۃً عہد نبوی ﷺ میں ہم دیکھتے ہیں کہ اسلام کا آغاز ہوتا ہے تو فلاحی مملکت ہی کے لیے ہوتا ہے، لیکن جب ہم اس کی تیئس ۲۳ سالہ تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں نظر آتا ہے کہ وہ بتدریج ہوتے ہیں۔ پہلے دن ہی سے وہ ساری چیزیں مسلمانوں میں نظر نہیں آتیں جو کہ رسول اکرم ﷺ کی وفات کے وقت نظر آتی ہیں، مثلاً ایک بہت چھوٹی چیز لیجئے کہ اسلام کے جو اصل ارکان ہیں شہادت توحید و رسالت کے علاوہ وہ نماز، روزہ، حج زکوٰۃ ہیں۔ یہ چاروں ارکان ایک وقت میں مسلمانوں پر نافذ نہیں کیے گئے۔ اُن کے احکام ایک وقت نازل نہیں ہوئے۔ اوّلاً ایک چیز آتی ہے، پھر دوسری، پھر تیسری، پھر بالآخر رسول اللہ ﷺ کی وفات کے وقت حجۃ الوداع میں جو

آیت مبارکہ نازل ہوئی اور جس پر مسلمان ہی نہیں غیر مسلموں کو بھی بہت تأثر ہوتا ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

﴿ اَلیَومَ اَکمَلتُ لَکُم دِینَکُم وَاَ تمَمتُ عَلَیکُم نِعمَتِی وَ رَضِیتُ لَکُمُ الاِسلَامَ دِیناً ﴾ (۱)

''کہ آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر لیا اور تم پر اپنی نعمتیں مکمل کر لیں اور تمہارے لیے اسلام کا جو دین دیا گیا ہے اُس سے میں بہت خوش ہوں، میں راضی ہوں''۔

میں ابھی کہہ رہا تھا کہ اس آیت سے غیر مسلم بھی متاثر ہوتے ہیں۔اس کی ایک وجہ یہ تھی کہ ایک مرتبہ حضرت عمرؓ کی خلافت کے زمانے میں اُن کے پاس ایک یہودی آتا ہے اور کہتا ہے!''اے امیر المؤمنین تمہارے قرآن میں ایک واقعہ کا ذکر ہے اگر وہ ہم یہودیوں کے متعلق ہماری دینی کتابوں میں ہوتا تو ہم اسے ایک دن مناتے ایک عید مناتے تو حضرت عمرؓ میں Curiosity تھی۔ پوچھا کہ وہ کون سی آیت ہے؟ یہودی نے اِسی آیت کو دوہرایا۔ حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ میں واقف ہوں، کس وقت یہ آیت نازل ہوئی اور میں تمہیں یقین دلاتا ہوں کہ وہ ہمارے لیے عید ہے۔(۲) ہم اس کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کرتے بلکہ اس پر فخر کرتے ہیں چنانچہ وہ آیت نازل ہوئی عید الاضحیٰ کے موقع پر یعنی حج کے موقع پر، جو ہماری بڑی عید ہے۔

آپ کو معلوم ہوگا کہ فرانسیسی زبان میں روزہ توڑنے کی عید اور بڑی عید، دو نام استعمال ہوتے ہیں۔عید کبیر کا ترجمہ ہم نے ''بڑی عید'' کیا ہے۔اور وہ اسی حج کے متعلق ہے۔اس معنی میں شاید کہا جاتا ہے کہ ساری دنیا کے مسلمان اس میں شریک ہوتے ہیں۔ ویسے عید الفطر کے موقع پر شہر کے لوگ اور شہر کے اردگرد کے لوگ جمع ہوتے ہیں۔ان موضوعات کی مزید تفصیل میں جانے کا وقت نہیں۔

اصل میں عرض کرنا یہ ہے کہ فلاحی حکومت ایک آئیڈیل چیز ہے اور عہدِ نبوی ﷺ کے زمانہ ہی سے ہم مشاہدہ کرتے ہیں۔ چنانچہ ایک چیز ہمیں نظر آتی ہے کہ ایک طرف انسان کو آزادی دی جائے لیکن دوسری طرف ساتھ ہی ساتھ اللہ کا ڈر اُس کے اندر پیدا کرنا چاہیے۔آدمی پولیس کے، حکومت کے، عدالتوں کے خوف سے، شرارتوں سے باز نہ آئے بلکہ اللہ کے ڈر سے باز آئے۔ جب رعایا میں یہ جذبہ پھیل جائے کہ مجھے صرف اللہ سے ڈرنا ہے۔ وہ بھی

اس طرح کہ اللہ کی ناانصافی سے نہیں بلکہ اللہ کے انصاف سے ڈرنا ہے۔ میں شاید ایسے واضح کروں کہ ایک دفعہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا (صحیح بخاری وغیرہ میں یہ حدیث ملتی ہے) کہ اگر اللہ حساب کتاب کے دن آخرت میں نرمی سے کام نہ لے۔ بلکہ ہر چیز کی گویا شدت کے ساتھ نگرانی رکھتے ہوئے حساب لے تو کسی شخص کو نجات نہیں ملے گی۔ ایک صحابی نے جرأت کی۔ اُٹھ کر پوچھا ''یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ کو بھی'' تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ مجھے بھی یہی ہے اگر اللہ نرمی نہ کرے حساب لینے میں تو میری بھی نجات ممکن نہیں (۳) کیونکہ ہم انسان ہیں۔ کمزور ہیں۔ بشر ہیں۔ تو عرض کرنا ہے کہ اسلام میں ایک طرف رعایا کی سہولتیں زیادہ سے زیادہ پیدا کی جائیں یہ نظریہ ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ ڈسپلن کا جذبہ بھی ہے وہ یہ کہ رعایا کو آزادی ملے تو شرارتیں کرنے کی آزادی نہ ہو۔ بلکہ اچھے کام کرنے کی سہولتیں ہوں۔ اس میں جذبہ ہو کہ میں زیادہ سے زیادہ اپنے بھائیوں اور اپنی بہنوں کی خدمت کر سکوں۔ بہرحال عرض کرنا صرف یہ ہے کہ جہاں تک فلاحی حکومت، فلاحی مملکت کا تعلق ہے، میں سمجھتا ہوں اس میں مسلم اور غیر مسلم میں کوئی فرق نہیں۔ زمانہ حال کی مثلاً فرنگی حکومتوں کو لیں یا اسلامی حکومتوں کو یا غیر مسلم دیگر حکومتوں کو لیں، ان میں سے کسی کو بھی اس سے انکار نہیں ہوگا۔ ہمارے خیال میں ہماری رعایا کی فلاح، ہماری رعایا کی سہولت و آسائش کی ہم زیادہ سے زیادہ کوشش کریں۔ لیکن اس خواہش کو بَر لانے کے وسائل ہر شخص کے پاس نہیں ہوتے۔

بہرحال شاید میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ رعایا کی اور آسائشوں میں سے ایک اُس کا امن اور خطرے سے محفوظ رہنا ہے۔ اگر مجھے بڑی رقم ملتی ہے لیکن مجھے وہ چیزیں نہیں ملتیں جس کی میں خواہش کرتا ہوں تو بھی وہ رقم بے کار ہوگی۔ مثال کے طور پر آج کل کے روس کو لیجیے کہ جہاں کھانے پینے کی چیزیں بھی نہیں ملتیں۔ اگر بہت روپیہ بھی میرے پاس ہو تو میں وہ چیز حاصل نہیں کر سکتا۔ دوسرے الفاظ میں رعایا کو امن و آسائش اور بیرونی و اندرونی خطرات سے محفوظ رہنا اس کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے ہمیں ضرورت ہوگی کہ خرچ کریں مثلاً فوج ہماری طاقتور اور ڈسپلنڈ ہو اور شاید ایک چیز (آپ میرا قصور معاف فرمائیں) کہ فوج میں یہ جذبہ نہ ہو کہ وہ موجودہ صدر جمہوریہ اور وزراء کو باہر نکالیں اور قبضہ کریں۔ ایسا جذبہ نہ ہو بلکہ مقصد اور ان کی تمنا اور ان کے وجود کی غرض و غایت صرف یہ ہو کہ ملک کو بیرونی و اندرونی خطرات سے محفوظ رکھا جائے۔ اس کے لیے فوج میں ڈسپلن کی ضرورت ہوگی۔ فوج میں اسلحہ کی ضرورت ہوگی۔ اسلحہ کے بارے میں ایک تجربہ بتاتا ہے کہ اگر ہم خود وہ اسلحہ پیدا نہ کریں بلکہ باہر سے خریدیں تو وہ

کام نہیں دیتا۔ مثال کے طور پر ایک واقعہ اتفاق سے میرے ذہن میں آیا کہ حیدر آباد (دکن) کی حکومت نے جب بھارت کے حملہ کا خدشہ محسوس کیا تو بہت رقم خرچ کی اور اسلحہ خریدا۔ اٹلی، فرانس، اور جرمنی سے جو بھی لوگ اسلحہ فروخت کرنے پر آمادہ تھے، منہ مانگی قیمت دے کر ہم نے اسلحہ خریدا، لیکن جس وقت بھارت کا حملہ ہوا تو وہ اسلحہ کام نہیں آیا کیونکہ وہ خراب تھا۔ جنگ میں استعمال شدہ جو اسلحہ ردی تھا وہ ہمیں بیچا گیا تو جب تک اسلحہ ہم خود نہ بنائیں تو ہمیں یہ خدشہ ہوگا کہ شاید یہ اسلحہ ہمارے دوستوں کی طرف سے اتنا اچھا نہ ہو جیسے وہ خود استعمال کرتے ہیں۔

دوسری طرف جب ہمیں یہ احساس ہو کہ ہمارا ملک خطرے سے محفوظ رہنے کے لیے وسائل رکھتا ہے تو اسکے لیے یقیناً ہم رعیت کے لوگوں کو کوئی جھجک، کوئی تامّل نہیں ہوگا کہ منہ مانگی رقم ٹیکس کے طور پر حکومت کو دیں تا کہ یہ ضرورتیں ہماری پوری کی جائیں۔ اسی طرح رعایا کی یہ خواہش ضرور ہوگی کہ ٹیکس کم از کم ہوں اور ان کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں مہیا ہوں لیکن اگر رعایا میں ڈسپلن ہے رعایا میں یہ احساس ہے کہ کون سی چیز درست ہے؟ اور ساتھ ہی کون سی چیز ممکن ہے؟ تو پھر بغیر کسی دشواری کے وہ وقت پر حکومت کی مدد کرتے ہیں۔

اس کی ایک مثال یہ ہے کہ حضور ﷺ کے زمانے میں قیصر روم نے مسلمانوں کے خلاف کچھ حرکتیں کیں اور رسول اکرم ﷺ نے ایک فوج بھیجی جو غزوہ تبوک کے نام سے مشہور ہے۔ اس میں کوئی چالیس ہزار سپاہی تھے۔ اتنی بڑی فوج عہدِ نبوی ﷺ میں اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھی گئی۔ اس کے ٹرانسپورٹس، اس کے لے جانے کے وسائل اور دیگر جنگی ضروریات کے لیے رقم کی ضرورت تھی اور وہ اسلامی حکومت کے پاس نہ تھی۔ رسول اکرم ﷺ نے اس زمانے میں منبر پر چڑھ کر اپنے صحابہ سے مخاطب ہو کر بتایا کہ:

"ہمیں اس چیز کی ضرورت ہے اس لیے تم چندے دو۔"

تین مثالیں میں دوں گا جس سے یہ معلوم ہوگا کہ حضور ﷺ کی تربیت کے باعث اچھا مسلمان کون ہوتا ہے؟ حضور ﷺ کے فرمان کے ساتھ ہی حضرت عثمانؓ کھڑے ہوتے ہیں اور معلوم نہیں کہ آج کل کے حساب سے کتنے ملین روپیہ وہ پیش کرتے ہیں جو ان کی ثروت کے لحاظ سے شاید بڑی چیز نہ ہو یعنی انہوں نے اپنا سارا مال پیش نہیں کیا بلکہ ایک بہت بڑی رقم چالیس ہزار دینار یا کچھ اس طرح، رسول اکرم ﷺ بے حد خوش ہوئے ہونا چاہیے تھا اور کہا کہ

''اے عثمان آج سے تم جو بھی کرو گے اللہ نے تمہیں معاف کر دیا۔''

اس کے فوراً ہی بعد حضرت عمرؓ اُٹھتے ہیں اور آپ ﷺ کی خدمت میں ایک رقم پیش کرتے ہوئے کچھ فخر کرتے ہیں کہ میں ایک بڑی رقم دے رہا ہوں۔ دس ہزار درھم، اُن کے ذہن میں ایک بڑی رقم تھی۔

تو رسول اللہ ﷺ نے پوچھا کتنی رقم ہے؟ کیا گھر میں تمہارے پاس کوئی مزید رقم ہے؟ یا کچھ اس طرح کی چیزیں ہیں؟ تو حضرت عمرؓ نے صورتِ حال بتائی۔ اس پر بھی رسول اکرم ﷺ بہت خوش ہوتے ہیں۔

اب تیسرا حصہ سنیے۔ ان دونوں کے بعد حضرت ابوبکرؓ آتے ہیں اور مجھے یاد نہیں کہ شاید پانچ سو درھم یا پانچ ہزار درھم کی رقم پیش کرتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا کہ کیا رقم ہے؟ اور پھر یہ پوچھا کہ گھر میں کتنی رقم چھوڑی ہے تو ابوبکر نے جواب دیا کہ اور گھر میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کے سوا کوئی چیز نہیں۔ (۴)

ظاہر ہے عثمانؓ کے چالیس ہزار دینار ایک طرف اور یہ جملہ کہ پانچ ہزار درھم کی حقیر رقم کے سوا اس شخص کے گھر میں کوئی چیز نہیں۔

تو جو فرق ان مثالوں سے ہمارے ذہن میں آتا ہے وہ انسانی فطرت کے مطابق ہے۔ مقدار کو ہم نہیں دیکھتے ہم دیکھتے ہیں اس کی کوانٹٹی اور اس کی کوالٹی کو کہ کس قسم کا ہے؟ کس ماحول میں ہے اور کس کی طرف سے دیا جاتا ہے۔

یہ چند چیزیں میرے ذہن میں ہیں جو میں نے آپ سے عرض کیں اور میرا خیال یہ ہے کہ اسلام اس سے ہمیں منع نہیں کرتا کہ غیر مسلموں کی اچھی چیزوں سے استفادہ کریں۔ اگر آپ نیوکلیئر بم بنانا چاہتے ہیں تو آج کل کے فرنگی ملکوں سے سیکھیں گے۔ غیر مسلم ممالک سے سیکھیں گے۔ پھر اسے اپنی طرف سے اور ترقی دیں گے۔ دوسری طرف میں کہہ سکتا ہوں کہ رعایا کی فلاح و بہبود کے متعلق غیر مسلم حکومتوں کو بھی انکار نہیں ہے وہ بھی یہی چاہتی ہیں چاہے ضمناً مختلف حکمران اپنی ذاتی نمائش کے لیے کوئی چیزیں کریں جیسا کہ ہم زیادہ تر فرانس میں دگول کے زمانے میں دیکھتے تھے کہ بہت سی ترقی ہوتی ہے لیکن اپنے نام و نمود کی خواہش بھی اس میں بہت ہوتی ہے۔ ہمارے حکمران اسلامی ممالک میں جو بھی کریں وہ اللہ کے لیے کریں۔ کیونکہ خدا عالم الغیب ہے جب ایک دن ہمارا حساب و کتاب ہوگا تو وہ یہ نہیں دیکھے گا کہ تم نے کتنے ملین روپے سڑک کی آرائش کے لیے خرچ کیے۔ یہ دیکھے گا کہ اس سے پبلک کا

کیا فائدہ تھا؟ اور کس نیت اور کن وسائل کے ساتھ تم نے یہ کام انجام دیا۔

یہ چند چیزیں میرے ذہن میں آئیں اور میں نہیں سمجھتا کہ اس سے آپ کو تشفی ہوئی ہوگی۔ یہ چیزیں ایسی ہیں جس کی خواہش ہر کسی کو ہوتی ہے۔ لیکن اس کے وسائل ہر کسی کے پاس نہیں ہوتے۔ چاہے وہ امریکہ جیسا مالدار ملک ہو یا وسطی افریقہ کے نہایت ہی مفلس ممالک سے متعلق ہو۔ ہر حکومت کی خواہش یہی ہوتی ہے کہ اپنی رعایا کی فلاح و بہبود کے لیے کوشش کرے لیکن وہ اپنے وسائل کے لحاظ سے اس کو بَرلا سکتے ہیں۔ اگر ہم اصل بنیادی چیز پر توجہ کریں یعنی رعایا میں خدا کا ڈر، خدا کے ظلم کا نہیں (میں دوبارہ دہراتا ہوں) خدا کے انصاف کا ڈر، ہماری حکومت کے اعلیٰ ترین افسر، صدرِ جمہوریہ، وزراء وغیرہ اس جذبے کے مطابق عمل کریں تو اس کا اثر رعایا پر پڑے گا میں اس کو اس لیے عرض کر رہا ہوں کہ ہمارے ملک میں چاہے وہ پاکستان ہو یا دیگر اسلامی ممالک، رعایا کی خواہشیں بہت سی ہیں۔ لیکن افراد کے طور پر خود وہ اس پر عمل نہیں کرتے۔ دوسرے الفاظ میں ہم یہ چاہتے ہیں کہ ملک میں امن ہو لیکن ہمیں موقع ملتا ہے تو ہم چوری بھی کرتے ہیں۔ ہم زنا بھی کرتے ہیں۔ دوسرے قسم کے ناجائز اور نامناسب کام بھی کرتے ہیں۔ اگر ہم رعایا کے ذہنوں میں پہلے ہی دن سے ماں باپ، اُستاد اور ماحول کی طرف سے یہ جذبہ داخل کر دیا جائے کہ مجھے خدا کی ناانصافی سے نہیں، خدا کے انصاف سے ڈرنا چاہیے۔ اس خدا سے جس سے کوئی چیز مخفی نہیں ہوتی جو ہمارے ظاہر نہ کردہ خیالات سے بھی واقف ہوتا ہے۔ جو ہمارے اقوال سے بھی واقف ہوتا ہے، ہمارے اعمال سے بھی واقف ہوتا ہے۔ جب یہ جذبہ عام ہو جائے گا تو وہی میرے نزدیک صحیح فلاحی مملکت ہے۔ فلاحی مملکت یہ نہیں کہ اس کے پاس مفت علاج کا انتظام کتنا ہے اور دیگر سہولتیں کیا ہیں۔

سوال: موجودہ زکوٰۃ کا نظام جس کے تحت بنکوں سے زکوٰۃ جبراً کاٹی جاتی ہے، اس سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیجیے اور زکوٰۃ خرچ کرنے کے موضوع پر بھی اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں۔ نیز کیا زکوٰۃ فلاحی کاموں میں بھی استعمال کی جاسکتی ہے جیسے کہ ایدھی فاؤنڈیشن وغیرہ ہے۔؟

جواب: سوال اہم ہے اور ظاہر ہے کہ چند لمحوں میں اس کا جواب نہیں دیا جاسکتا۔ اس پر کتابیں لکھی جاسکتی ہیں۔ بہرحال زکوٰۃ کے بنیادی اصولوں میں دو چیزیں ہیں:۔

ایک تو یہ کہ شریعت نے ایک کم ترین مقدار مقرر کی ہے جس سے زیادہ ہو تو زکوٰۃ لی جائے۔

دوسری چیز جو بنیادی ہے وہ یہ ہے کہ زکوٰۃ آمدنی پر نہیں بلکہ غیر استعمال شدہ رقم کا ہمارے پاس ایک سال تک بغیر استعمال کے رہنے کی صورت میں زکوٰۃ ہوگی۔ دوسرے الفاظ میں اگر مجھے ایک لاکھ روپے آمدنی ہوتی ہے لیکن میرے اخراجات بھی ایک لاکھ روپے ہیں تو مجھ پر زکوٰۃ نہیں ہوگی۔ اسی طرح مثلاً فرض کیجیے کہ پانچ سو روپے پر زکوٰۃ لگ سکتی ہے تو یہ ضروری ہوگا کہ وہ پانچ سو روپے میرے پاس ایک سال تک فالتو رقم کی طرح رہیں اور اس سے استفادہ کرنے کی ضرورت نہ ہو تو اس پر اڑھائی فیصد زکوٰۃ دی جاتی ہے۔ جہاں تک موجودہ بنکوں کا نظام ہے تو مجھے یہاں کے نظامِ زکوٰۃ سے واقفیت بالکل نہیں۔ ممکن ہے کہ اس نظام میں ان دونوں اجزاء کا لحاظ رکھا گیا ہو، وہ یہ کہ رکھی جانے والی ہر رقم سے زکوٰۃ نہیں کاٹی جاتی اور یہ کہ وہ آمدنی پر نہیں بلکہ ایک سال تک غیر مستعمل رہنے کی حالت ہو تو اس سے زکوٰۃ لی جاتی ہے۔

دوسری چیز جو سوال میں بھی موجود ہے وہ یہ ہے کہ زکوٰۃ سے متعلق قرآنی احکام۔ قرآن میں آٹھ مدوں پر زکوٰۃ کو خرچ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

﴿ اِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاكِيْنِ وَ الْعَامِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَ فِي الرِّقَابِ وَ الْغَارِمِيْنَ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيلِ ﴾ (٥)

''حقیقت یہ ہے کہ صداقات، فقراء، مساکین اور جو مامور ہوں صدقات کے کام پر اور جن کی تالیفِ قلب مطلوب ہو اور گردنوں کے چھڑانے اور قرضداروں کی مدد کرنے اور اللہ کی راہ میں اور مسافروں کے لیے ہیں۔''

مصارفِ زکوٰۃ سے متعلق قرآن مجید میں حکم ہے اس میں آٹھ مدوں کا ذکر ہے کہ اس پر خرچ کی جائے۔ آپ کو حیرت ہوگی کہ زکوٰۃ صرف مسلمانوں سے لی جاتی ہے غیر مسلم رعیت سے زکوٰۃ نہیں لی جاتی لیکن اخراجات

غیر مسلموں پر بھی ہوتے ہیں۔ حضرت عمرؓ کے زمانے کی مشہور مثال ہے کہ ایک دن مدینے میں ایک یہودی بھیک مانگ رہا تھا۔ جب حضرت عمرؓ نے سوال کیا کہ تم کیوں بھیک مانگ رہے ہو تو اُس نے جواب دیا کہ مجھ سے جزیہ لیا جاتا ہے اور رقم میرے پاس نہیں ہے لہذا مجبور ہو کر بھیک مانگتا ہوں۔ حضرت عمرؓ نے نہ صرف فوراً یہ احکام دیئے کہ ان غیر مسلموں سے جزیہ نہ لیا جن کی یہ حالت ہے۔ اس حکم پر ہی آپ نے اکتفاء نہیں کیا بلکہ اُسی وقت خادم سے کہہ کر کچھ رقم منگوائی اور اُس یہودی کو دی۔ یہ رقم مسلمانوں کی زکوٰۃ کی تھی اور حضرت عمرؓ کے الفاظ یہ تھے کہ:

" هذا من مساكين اهل الكتاب "(٦)

"یعنی یہ غیر مسلموں کے مسکینوں میں سے ہے لہذا اس کی مدد کرنی چاہیئے"۔

خود قرآن میں آٹھ کی جو لسٹ دی ہے اُس میں اتنی گنجائش ہے کہ شاید اُس سے زیادہ کی ضرورت بھی پیش نہ آئے۔ بہر حال فلاحی کاموں میں زکوٰۃ یقیناً خرچ ہو سکتی ہے۔ خود قرآن میں آٹھ کی جو لسٹ ہے اس میں اتنی گنجائش ہے کہ شاید اُس سے زیادہ کی ضرورت بھی پیش نہ آئے۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ المائدۃ:۳۔

۲۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع الصحیح، باب "الیوم اکملت لکم دینکم" باب رقم ۱۰۹: حدیث رقم ۴۳۳۰۔

۳۔ البخاری، کتاب الرقاق، باب القصد والمداومۃ علی العمل، حدیث رقم ۶۴۶۷، مزید ملاحظہ ہو، مسند احمد عن ابی ہریرۃ، ج:۲ص:۲۳۵ (حدیث کے الفاظ یہ ہیں: عن عائشۃ، عن النبی ﷺ قال:

"سَدِّدُوا وقاربوا وابشروا، فانہ لا یُدخل احداً الجنۃ عملہ قالوا! ولا انت یا رسول اللہ؟ قال:

"ولأنا، إلا أن یتغمدنی اللہ، بمغفرۃٍ ورحمۃٍ"۔

۴۔ واقدی، محمد بن عمر بن واقد، المغازی، موسسۃ الاعلی للمطبوعات، بیروت، ج ۳ص، ۹۹۰۔۹۱۔

۵۔ التوبۃ:۶۰۔

۶۔ ابوعبید، القاسم بن سلام، کتاب الاموال، فقرہ نمبر، ۱۱۹۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے خطوط ایک مطالعہ

* ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر

ڈاکٹر محمد حمید اللہ (م ۲۰۰۲ء) بیسویں صدی کے نامور عالم دین اور محقق تھے۔ وہ اگرچہ عمر بھر گوشہ گیر اور زاویہ نشین رہے، مگر ان کی ذات بجائے خود ایک انجمن تھی۔ وہ اپنی ذاتی اور علمی زندگی میں غالب کے اس شعر کی نہایت عمدہ تفسیر تھے:

ہے آدمی بجائے خود اک محشر خیال
ہم انجمن سمجھتے ہیں خلوت ہی کیوں نہ ہو

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی پہلی برسی دسمبر ۲۰۰۳ء کے موقع پر محمد راشد شیخ نے ''ڈاکٹر محمد حمید اللہ'' کے نام سے ایک نہایت عمدہ کتاب مرتب کی۔ چار سو چھیانوے صفحات پر محیط اس کتاب میں ڈاکٹر صاحب موصوف کے ذاتی احوال اور علمی آثار کے علاوہ ان کی زندگی میں اور وفات کے بعد لکھے گئے مضامین کا عمدہ انتخاب بھی شامل ہے۔ کتاب میں اپنی ذاتی اور علمی زندگی کے حوالے سے تین تحریریں خود ڈاکٹر صاحب کی ہیں، جو کتاب کی اہمیت اور افادیت کی دلیل بھی ہیں اور اس کے وقار کی علامت بھی۔

کتاب کا ایک اہم حصہ ان کے مکتوبات پر مشتمل ہے۔ گیارہ مکتوب الیہم کے نام، ان کے ایک سو ساٹھ خط اس حصے کی زینت بنے۔ پچھلے ساٹھ پینسٹھ برسوں میں دنیا کے مختلف علاقوں کے رسائل و جرائد میں ان کے سینکڑوں خط متعدد زبانوں میں شائع ہوئے۔ خطوط کی زیادہ تر تعداد پاکستان اور بھارت کے علمی اور فکری جرائد میں شائع ہوئی۔ ہزاروں خط ہنوز غیر مطبوعہ صورت میں بھی موجود ہیں، کیوں کہ ان کے مکتوب الیہم کا دائرہ بہت وسیع رہا ہے۔ علم و ادب سے متعلق کتنے ہی لوگ ان سے وابستہ رہے۔ نو واردان تحقیق بھی ان سے فیض یاب ہوئے اور کہنہ مشق ارباب فکر و نظر نے بھی ان سے استفادہ کرنے میں کوتاہی نہیں کی۔ اگر اگلے چند برسوں میں ان کے مکاتیب پر مشتمل

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اردو، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

مجموعے شائع ہو جائیں تو ڈاکٹر صاحب کی علمی اور فکری زندگی پر کام کرنے والوں کو گراں قدر سرمایہ میسر آئے گا۔

محمد راشد شیخ کی مرتبہ اس کتاب ''ڈاکٹر محمد حمید اللہ'' میں ان کے مطبوعہ خطوط میں سے ایک سو چونتیں خط مظہر ممتاز قریشی کے نام اور بقیہ چھبیس خط دس دیگر شخصیات کے نام ہیں۔ ان چھبیس خطوط میں سے بھی اکثر و بیشتر ''معارف''، اعظم گڑھ، ''الحق'' اکوڑہ خٹک اور ''فاران'' کراچی کی مختلف اشاعتوں میں شائع ہوئے۔ چند ہی خط ایسے ہیں جو اس مجموعے کے ذریعے پہلی بار سامنے آئے۔

مظہر ممتاز قریشی کے نام ڈاکٹر صاحب کے ایک سو تیں مکاتیب پہلی بار مکتوب الیہ کے مختصر حواشی کے ساتھ ۱۹۹۶ء میں سہ ماہی ''ارمغان'' کراچی میں شائع ہوئے۔ اب دوسری بار چار مزید خطوط کے اضافے کے ساتھ مکتوب الیہ نے انہیں چھپوایا اور ان پر تفصیلی حواشی بھی تحریر کیے۔ ''ارمغان'' میں مختصر حواشی کی وجہ سے خطوط کی تفہیم اپنے درست اور مجموعی علمی و فکری تناظر میں ممکن نہ ہو سکی، لہٰذا اب انہوں نے دو سو نوے حواشی تحریر کر کے خطوط سے استفادے کا دائرہ اثر بڑھا دیا اور یوں ان حواشی کی روشنی میں ڈاکٹر صاحب کے خطوط کی اثر آفرینی محتاج تعارف نہیں رہی۔ مکتوب الیہ نے ''کچھ خطوط کی نئی اشاعت کے بارے میں'' کے عنوان سے لکھا کہ:

> ''ڈاکٹر مشرف احمد صاحب (صدر شعبۂ اردو نیشنل کالج جو، اب مرحوم ہو چکے ہیں، ان کا انتقال گزشتہ دنوں کراچی میں ہوا) مجھ سے ملنے میرے گھر آئے۔ میرا پتہ مشہور ادیب و محقق محترمی مشفق خواجہ صاحب نے دیا تھا۔ دراصل ڈاکٹر مشرف احمد صاحب اردو کے دو مشہور شاعروں جناب ثناء اللہ ڈار میراجی اور جناب اختر الایمان کے بارے میں ذاتی معلومات حاصل کرنا چاہتے تھے تا کہ ''ارمغان'' میں ان پر سیر حاصل تبصرہ شخصیت اور فن کے حوالے سے کریں اور ان کو فوٹوؤں کے ساتھ شائع کریں (فوٹوز میں نے دیئے تھے) میں نے ڈاکٹر مشرف صاحب کو دونوں سے میری جتنی ملاقاتیں ہوئی تھیں ان کی تفصیل بتلا دی ....غرض ایسی ملاقاتیں ایسی باتیں جن کا تعلق ان کی علمی ادبی شخصی زندگی سے تھا۔ ڈاکٹر مشرف احمد صاحب نوٹ کرتے رہے۔ میری الماری سے لگی ہوئی چھوٹی سی میز پر کئی خاکی اور سفید لفافے رکھے ہوئے تھے، جن میں دوستوں کے خطوط تھے۔ ڈاکٹر مشرف احمد ان کو

اِدھر اُدھر سے الٹ پلٹ کر پڑھتے رہے اور ایک بھاری بھرکم لفافے کے بارے میں پوچھا:
یہ کس کا ہے؟ میں نے بتلایا کہ یہ ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کے ذاتی خطوط ہیں تو فوراً انہوں
کہا: پھر تو یہ قیمتی ہوں گے۔ مظہر صاحب یہ خطوط مجھے دے دیں ''ارمغان'' میں شائع کر کے
واپس کر دوں گا۔''   (ص۱۱۲۔۴۱۱)

یہ خط کیا ہیں؟ معارفِ علمیہ کا خزینہ ہیں۔ ان میں اسلامی موضوعات اور ان کے مآخذ و مصادر پر اتنا کچھ ہے کہ اس قدر لوازمہ اپنی ثقاہت اور صداقت کے ساتھ کہیں اور یکجا نہیں۔ اپنے مندرجات کے اعتبار سے یہ خطوط بہت اہم ہیں۔ تمام تر خطوط علمی اور فکری نوعیت کے ہیں۔ چوں کہ مکتوب نگار کو خودنمائی کا شوق نہ تھا، اس لیے وہ اپنی ذاتی زندگی پر بات کرنے کو معیوب گردانتے۔ لہٰذا ان میں، ان کے علمی کاموں کا تذکرہ تو موجود ہے لیکن ذاتی زندگی کا کوئی پہلو بھی موجود نہیں۔ مکتوب الیہ نے جب بھی ان سے ان کے ذاتی احوال اور واقعات کے ارقام کے ضمن میں بات کی، تو وہ کچھ بدمزہ ہوئے اور لکھا:

''مجھے اپنی سوانح عمری سے چڑھ ہے۔''   (ص۳۲۸)

''اس کی تالیف میں مدد کا کوئی سوال نہیں۔''   (ص۳۵۱)

یہ صحیح ہے کہ ڈاکٹر صاحب اپنی ذاتی اور شخصی زندگی کو کبھی موضوع نہ بناتے۔ وہ پرانی وضع کے درویش صفت اور خدامست انسان تھے۔ علمی و فکری معاملات میں شخصی رویوں کی جلوہ نمائی انہیں پسند نہ تھی، اسی لیے وہ اپنے عزیزوں اور نیازمندوں کو اپنی سوانح عمری مرتب کرنے سے منع کرتے رہے، بلکہ اس سلسلے میں وہ کسی نوعیت کے تعاون پر بھی راضی نہ ہوئے۔ ذاتی احوال کی ترقیم و تسوید میں عدم معاونت کے باوجود ان کے خطوط میں ان کی علمی اور تبلیغی زندگی کے کئی پہلو بکھرے پڑے ہیں۔ اگر ڈاکٹر صاحب کے تمام خطوط چھپ جائیں تو ان کی مدد سے بآسانی ان کے علمی اور فکری طرزِ زندگی کی توقیت کی جا سکتی ہے۔

مظہر ممتاز قریشی کے نام خطوط نویسی کا دورانیہ کوئی گیارہ برسوں کو محیط ہے۔ ایک سو چونتیس خطوں میں سے دو خط انگریزی میں ہیں اور بقیہ اردو میں۔ پندرہ بیس خطوں کو چھوڑ کر، باقی تمام خطوط پر اسلامی ماہ و سال درج ہیں۔

کہیں کہیں وہ مطابقت میں انگریزی کیلنڈر کی تاریخیں بھی لکھ دیتے ہیں۔ یہ سارے خط مکتوب الیہ سے ان کے گہرے اخلاص اور اپنائیت کا خوب صورت اظہاریہ ہیں۔ خطوط کی زبان سادہ، سلیس اور رواں دواں ہے۔ خطوط میں بے تکلفانہ انداز کے پہلو بہ پہلو سنجیدگی اور متانت کے رنگ بھی موجود ہیں۔ مکاتیب کی قطعیت اور صاف گوئی سے ان کے علمی شکوہ کا پتہ چلتا ہے۔ مکتوب نویسی کے اپنے تقاضے ہوتے ہیں، جو دیگر تحریری سرمائے سے یکسر مختلف بھی ہوتے ہیں اور منفرد بھی۔ غالب نے ایسے ہی مراسلے کو مکالمہ نہیں بنایا تھا۔ وہ جانتا تھا کہ فن مکتوب نگاری سے صرف وہی شخص عہدہ برآ ہو سکتا ہے، جو مکتوب الیہ سے محبت اور اخلاص کے رشتے میں پیوستہ ہو۔ اسے اپنے مخاطب پر اعتبار بھی ہو اور اعتماد بھی، کیوں کہ جہاں تکلف اور بناوٹ و خل انداز ہو، وہاں شاید تحریر اور تو کچھ بن جائے، خط نہیں رہتی۔ زیر نظر خطوط میں، مکتوب نگار اپنے مکتوب الیہ (مظہر معین قریشی) سے جو یگانگت اور اخلاص کا رشتہ رکھتے ہیں، اس کا ہر صفحے پر احساس ہوتا ہے۔ وہ زور کلام اور جوش خطابت سے متاثر نہیں کرتے۔ ان خطوط کے بین السطور عجز اور انکسار کی جو لہر کارفرما ہے، وہ مخاطب کو اپنے دائرے سے باہر نکلنے نہیں دیتی۔ وہ زندگی کے دیگر معاملات میں بھی بہت منکسر المزاج اور راست فکر واقع ہوئے تھے۔ ان کے نقطۂ ہائے نظر کے خلاف پاکستانی اخبارات و رسائل میں کتنے ہی تردیدی مضمون چھپے، مگر انہوں نے ایسے مضامین کو کبھی بھی اپنی انا کا مسئلہ نہیں بنایا۔ جہاں وضاحت اور صراحت کی ضرورت محسوس ہوئی، جواباً خط لکھ دیا۔ وہ شائع ہو گیا، تو ٹھیک، بصورت دیگر لٹھ لے کر پیچھے نہیں پڑ گئے۔ چوں کہ وہ بحث برائے بحث کے آدمی نہ تھے، اس لیے ان کی تحریروں میں کج فہمی اور کج گفتاری کے عناصر بالکل نہیں ہیں۔ ایسے غیر ضروری معاملات میں الجھنے کو وہ تضیع اوقات جانتے تھے۔ انہیں چوں کہ وقت کی قدر و قیمت کا بے پناہ احساس تھا، اس لیے وہ اپنی زندگی کا کوئی لمحہ ضائع کیے بغیر اپنے علمی، فکری اور تبلیغی کاموں میں منہمک رہے۔ البتہ دوران مطالعہ اگر کہیں وہ کوئی غلطی یا کوتاہی دیکھتے تو، نہایت مدہم اور ہلکے سروں میں اس کی تصحیح فرماتے۔ انہیں کسی کی بھی تردید مقصود نہ ہوتی، محض ریکارڈ کی درستی کے پیش نظر ایسا کرتے۔ اس سلسلے میں دو مثالیں ملاحظہ ہوں:

> ''..........اس میں بعض غلط سلط باتیں مولانا مناظر احسن گیلانی مرحوم کے متعلق لکھی ہیں کہ وہ حیدرآباد میں فیکلٹی آف حدیث کے صدر تھے وغیرہ۔ جامعہ عثمانیہ میں ایسی کوئی چیز نہ تھی۔ جہاں تک مجھے یاد ہے وہاں شعبہ فنون اور شعبہ سائنس کے طلبہ کے لیے بھی

دینی تعلیم لازم کی گئی تھی۔ مسلمانوں کے لیے اسلامیات اور غیر مسلموں کے لیے اخلاقیات، شروع میں مناظر احسن صاحب وہاں اسلامیات کی تعلیم دیتے رہے۔ پھر ان کا شعبہ دینیات میں تبادلہ ہوا جہاں مولانا عبد القدیر صاحب کو پنشن ہوئی تو مناظر احسن صاحب پورے شعبہ دینیات کے صدر بنے اور آخر تک وہیں رہے۔ اگر رضی الدین صاحب کچھ اس طرح کی یادداشت لکھ دیں، تو غلط بیانیوں کی تصحیح ہوجائے گی۔" (ص ۳۷۹)

"ایک کثیر جہتی شخصیت" عنوان کا مضمون میرے "دکن کی ایک کثیر جہتی شخصیت (بہادر خاں)" مطبوعہ امرداد ۱۳۵۷ھ مطابق جون ۱۹۴۸ء سے جو رسالہ روح ترقی میں چھپا تھا، ماخوذ ہے مگر مندرجات میرے نہیں ہیں، ایڈیٹر نے شاید خود اس کا خلاصہ کرلیا ہے۔ اوپر جو نوٹ ہے کہ میں نے وہ مضمون رسالہ کہانی ڈائجسٹ کو بھیجا ہے، وہ بھی صحیح نہیں۔ عنوان پر "ڈاکٹر محمد حمید اللہ (پیرس)" الفاظ کو گویا فوٹو لے کر چھاپا گیا ہے۔ وہ بھی فرضی ہے۔ میں "پیرس" کبھی نہیں لکھتا بلکہ "پاریس" اور خود کو کبھی "ڈاکٹر" نہیں لکھتا۔ سب سے زیادہ تکلیف دہ چیز فوٹو ہے۔ وہ ایک جرم بھی ہے اور ایک گناہ بھی۔ جرم اس معنی میں کہ وہ میری اجازت بلکہ اطلاع کے بغیر چھپ کرلیا گیا ہے۔ گناہ اس معنی میں کہ صحیح بخاری میں ایک حدیث کئی بار دہرائی گئی ہے:

اشد الناس عذابا یوم القیامة المصورون

"انہیں چاہیے کہ توبہ کریں اور اللہ سے معافی مانگیں اور آئندہ ایسے کام نہ کریں۔" (ص ۴۱۰)

خط نویسی ان کا مشغلہ حیات نہ تھا بلکہ وہ اسے مقصد جانتے تھے اور تبلیغ دین کا ذریعہ بھی۔ وہ اپنے مکاتیب میں ابلاغ اور ترسیل کے قائل تھے۔ ان کے خطوط میں ادبی رکھ رکھاؤ کی گنجائش نہیں ہوتی۔ وہ اپنے مخاطب کو الجھاتے نہ تھے، سیدھے سبھاؤ اپنے نقطۂ نظر یا مسئلہ زیر بحث کی وضاحت کردیتے۔ وہ نہ اتنا مختصر لکھتے ہیں کہ بات سمجھ نہ آئے اور الجھاؤ پیدا ہو ورنہ اتنا طویل کہ خط تضییع اوقات کا باعث بن جاوے۔ اعتدال اور توازن ان کے اسلوب تحریر کی اہم خوبی ہے وہ نئے لکھنے والوں کی صرف مدد ہی نہ کرتے، انہیں بڑھاوا اور اکساوا بھی دیتے اور دلچسپ بات یہ کہ انہوں نے کبھی کسی پر بھی رائے مسلط نہیں کی، جو آج ہمارے اکثر بڑوں کی بڑائی کا امتیازی نشان ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ کے چھ خطوط

* بشیر محمود اختر

[جناب بشیر محمود اختر (پ ۱۷؍اپریل ۱۹۳۶ء) کا تعلق میر پور، ایبٹ آباد سے ہے، آپ نے ۱۹۵۷ء میں سنٹرل ٹریننگ کالج لاہور سے بی۔ایڈ کیا اور اورئینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی، لاہور سے ۱۹۶۱ء میں ایم۔اے اردو کی ڈگری حاصل کی آپ نے لیکچرار اُردو کی حیثیت سے آزاد جموں و کشمیر اور پنجاب و سرحد کے مختلف کالجز میں خدمات انجام دیں۔ ۱۹۸۰ء میں سینئر ایڈیٹر کی حیثیت سے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد میں تعیناتی ہوئی اور یہاں آپ نے ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ پروڈکشن اور چیف ایڈیٹر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دیں اور جون ۱۹۹۶ء میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے سبکدوش ہوئے۔ جناب بشیر محمود اختر، علمی و تحقیقی ذوق رکھتے ہیں۔آپ ماہنامہ ''انجمن'' لندن کے مدیر بھی رہے، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے شعبہ علوم اسلامیہ سے ''انجیل برناباس کی متنازعہ حیثیت کا جائزہ'' کے موضوع پر مقالہ لکھ کر ایم۔فل کی ڈگری حاصل کی۔آپ کی دلچسپی کے خاص موضوعات ''انجیل برناباس''، ''مطالعہ قرآن و بائبل'' اور مطالعہ عیسائیت رہے ہیں۔آپ کی چند معروف تالیفات درج ذیل ہیں:

- انجیل بارناباس کا مطالعہ، مطبوعہ شعبہ تصنیف و تالیف، دارالعلوم اسلامیہ، بفہ ہزارہ ۱۹۷۴ء
- مطالعہ بائبل و قرآن، مطبوعہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد، ۱۹۸۶ء
- "A Study of The Gospel of Barnabas" مطبوعہ اسلامی مشن لاہور، ۱۹۷۹ء
- ذخیرۃ الملوک از حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانی، ترجمہ مولانا صدرالدین الرفاعی، تلخیص و تسہیل، بشیر محمود اختر مجلس علم وادب، ایبٹ آباد، ۱۹۹۹ء
- نقد و تلخیص (کتابوں پر تبصرے) مجلس علم وادب، ایبٹ آباد، ۱۹۹۹ء

جناب بشیر محمود اختر صاحب کی ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ سے خط و کتابت زیادہ تر انجیل برناباس'' سے متعلق ہوتی رہی۔ ذیل کے چھ خطوط میں زیادہ تر معلومات اسی سے متعلق ہیں۔ جناب بشیر محمود اختر نے کمال مہربانی و شفقت سے ان خطوط کے نقول ارسال کیے اور ان کے حواشی بھی خود ہی قلم بند کیے۔ (مدیر)]

---

* سابق ایڈیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

4, Rue De Tournon

75006-Paris

۱۶۔ذی قعدہ ۱۳۹۴ھ (۱)

مکرمی دام لطفکم

میں حجاز گیا ہوا تھا۔ واپسی پر آپ کا عنایت نامہ ملا۔ شکر گزار ہوں۔ ریاض میں وزیر تعلیمات سعودی عربستان سے معلوم ہوا کہ مسجد قرطبہ میں ایک مرتبہ نماز تو سفیروں وغیرہ کی موجودگی میں پڑھائی گئی لیکن عمارت تاحال مسلمانوں کے سپرد نہیں ہوئی کیونکہ اسپینی عوام اس کے سخت خلاف ہیں۔

مجھے انجیل برنابا سے کبھی کوئی خصوصی دلچسپی نہ رہی کہ اس پر تحقیقی کام کرتا۔ میری افتادِ طبع ہمیشہ یہ رہی کہ اسلام پیشن گوئیوں پر نہیں، اپنے پاؤں پر کھڑا ہوتا ہے۔ ان حالات میں مجھ سے پیش لفظ لکھوانا کارآمد نہ ہوگا۔ (۲)

مخلص

محمد حمید اللہ

۱۔ مطابق دسمبر ۱۹۷۴ء۔ اُس وقت میں گورنمنٹ کالج مانسہرہ میں لیکچرار تھا۔ وہاں میرا قیام ۱۹۷۲ء سے ۱۹۸۰ء تک رہا۔

۲۔ میں نے ڈاکٹر صاحب مرحوم سے درخواست کی تھی کہ میری کتاب ''انجیل برناباس کا مطالعہ'' کے لیے پیش لفظ تحریر فرمائیں۔

4, Rue de Tournon

75006-Paris/France

۷۔ذی الحجہ ۱۳۹۴ھ (۱)

محترمی

سلام مسنون

مرسلہ کتاب اور عنایت نامہ ابھی ابھی ملے ہیں (۲) دلی شکریہ۔

کتاب طباعت سے پہلے دیکھتا تو کچھ فنی چیزیں غور کے لیے عرض کرتا۔ اب سفر پر پابہ رکاب ہوں۔ غور سے مطالعے کا وقت نہیں، صرف سرسری ورق گردانی کی۔ کچھ تاثرات لکھتا ہوں لیکن خوف ہے کہ وہ عجلت کی وجہ سے غلط فہمی ہی پر مبنی ہوں، اس لیے پیشگی معافی بھی مانگتا ہوں۔

کتاب کے آغاز میں بسم اللہ نہیں ہے۔

ص ۱۵ پر۔ براہ راست انگریزی سے ترجمہ ایک ام۔اے کے لیے بڑی بات نہیں۔ پھر انگریزی بھی تو اصل نہیں، محض ترجمہ ہے۔

ص ۶۸۔۶۹ وغیرہ۔ انگریزی کے ترجمے میں بعض جگہ علمی دیانت اور تطابق اصل کی جگہ احترام نبویؐ کے جذبات بے محل غالب آ گئے ہیں۔ علیہ السلام، صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت وغیرہ ہم اپنی تحریر میں تو لکھیں لیکن جب وہ اصل میں نہ ہوں، ترجمے میں ان کا آنا محل نظر ہے۔

---

۱ مطابق دسمبر ۱۹۷۴ء

۲ کتاب سے مراد ''انجیل برنباس کا مطالعہ'' ہے جو شعبۂ تصنیف و تالیف، دارالعلوم اسلامیہ، بفہ (ہزارہ) سے اکتوبر ۱۹۷۴ء میں منظر عام پر آئی۔

ص ۱۲۱پر۔سیل کی زبان سے ''مشرف بہ اسلام'' ہونا کتنا بے محل ہے۔اس نے تو ''مرتد ہوکر مسلمان ہو گیا'' لکھا ہوگا۔نقل کفر کفر نباشد۔ہم اپنے جذبات پر قابو رکھیں۔

ص ۳،۴،۱۶،۸،۱۷وغیرہ بے ربط abrupt نظر آتے ہیں۔ص ۱۰۸، پر پولوس، پھر پال،ص ۱۰۹پر پولس یہ اختلافات اچھے نہیں لگتے۔

حوالوں کی تلاش میں بڑی زحمت ہے۔ص ۱۶۱پر ۱۵کے بعد ۶، ۷، ۸وغیرہ آئے ہیں۔

بارہا ''ایمر کانا'' لکھا گیا ہے۔صحیح تر تلفظ ''اَمیرِ کانا'' ہوتا ہے۔ایک جگہ ''اوریل'' کو اسرافیل بتایا گیا ہے۔عام طور پر مستشرق اسرافیل کو رفائیل یا Scraphin کا معرب خیال کرتے ہیں۔

ص ۱۷۷پر ''المقتطف'' اور ''الہلال'' کے مدیروں کی تردید میں اس پر اکتفا کی گئی ہے کہ وہ نصرانی ہیں۔ اگر وہ آپ کی تردید میں اس پر اکتفا کریں کہ ''وہ تو مسلمان ہیں'' تو ظاہر ہے کہ آپ کو تکلیف ہی ہوگی۔

اُنْظُر اِلٰی مَا قَالَ وَلَا تَنْظُرْ اِلٰی مَنْ قَالَ۔آپ بُرا نہ مانیں تو عرض کروں کہ کتاب پڑھنے پر تاثر یہ ہوتا ہے کہ آپ ناطرف دارانہ تلاش حق میں نہیں ہیں بلکہ اپنے پیشگی طے شدہ خیالات کو منوانے پر تلے ہوئے ہیں۔عبارت ایسی ہونی چاہیے کہ اس طرح کا تاثر نہ ہو۔بھول کر بھی بے وجہ چوٹ نہیں کرنی چاہیے۔اس سے ''دودھ میں مینگنی'' پڑ جاتی ہے۔

بہرحال نقش اوّل اچھا ہے۔مطالعہ جاری رکھیے اور نقش ثانی کو بہتر بنائیے۔ایک ترکی دوست بھی برسوں سے اس موضوع پر ایک ضخیم کتاب لکھ رہے ہیں۔شاید اب ختم ہوگئی ہے۔

نیازمند

محمد حمیداللہ

4, Rue De Tournon,

Paris-6/France

۶۔رجب ۱۴۰۳ھ (۱)

چہارشنبہ

محترمی زادمجدکم

سلام مسنون ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محترمہ رضیہ عباس بیگم نے آپ کی امانتی کتاب بھیجی جو آج صبح ڈاک میں پہنچ گئی (۲) دلی شکریہ۔ میں کوئی تحفہ آئے تو عادۃً رسید بھیجنے کا فریضہ ضرور ادا کرتا ہوں۔ اب یاد نہیں کہ سابق میں بھی یہ کتاب آئی ہو۔ آئی تھی تو رسید ضرور بھیجی ہوگی۔

معلوم نہیں کہ آپ نے موریس بوکائی کی کتاب کس زبان میں پڑھی ہے۔ اصل فرانسیسی میں حدیث شریف کے متعلق جو بحث ہے، وہ قطعاً ناقابل قبول ہے۔ اس سے خطرہ یہ ہے کہ جو جاہل حصہ اول متعلق قرآن سے متاثر ہوا اور خوشی سے اچھل پڑے، وہ خیال کرسکتا ہے کہ حدیث کی تنقید بھی صحیح ہی ہوگی۔ بوکائی صاحب خاص خاص لوگوں سے کہتے ضرور ہیں کہ میں مسلمان ہوگیا ہوں لیکن بعض دیگر لوگوں (گارودی، مونتے ای وغیرہ) کے برخلاف تاحال پبلک اعلان نہیں کیا ہے، کم از کم میرے علم میں نہیں آیا۔

۱۔ مطابق اپریل ۱۹۸۳ء (میں ستمبر ۱۹۸۰ء سے اپریل ۱۹۹۶ء تک علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں خدمات سرانجام دیتا رہا)

۲۔ پروفیسر مسز رضیہ عباس، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، میں ڈائریکٹر ماس ایجوکیشن رہیں۔ وہ ۱۹۸۳ء میں کچھ دنوں کے لیے پیرس جا رہی تھیں تو میں نے اُن کے ہاتھ ڈاکٹر صاحب کے لیے اپنی کتاب "A Study of The Gospel Of Barnabas" (مطبوعہ اسلامی مشن، لاہور، فروری ۱۹۷۹ء) بھجوائی تھی۔

برناباس سے متعلق آپ کی دلچسپی سے متاثر ہوا۔خدا آپ کو برکات سے نوازے۔ مجھے کوئی خاص چیز اس سلسلے میں بیان نہیں کرنی۔بس،خدا کرے زورِ قلم اور زیادہ۔

انقرہ میں بعض ترکی فاضل بھی چند سال قبل اس پر کام کر رہے تھے۔ہاں! آپ کی نئی طباعت میں ایک انڈکس اور ایک کتابیات (ببلیا گرافی) بھی بڑھ جائیں تو اچھا ہو۔

صفحہ ۵۳ سطر نمبر ۲ میں ولادتِ نبوی ﷺ کو آپ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ۵۷۱ سال بعد لکھتے ہیں۔وجہ سمجھ میں نہ آئی۔حضور ﷺ ۵۶۹ء میں پیدا ہوئے۔اس میں سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عمر بوقت رفع الی السماء یعنی ۳۳ سال حذف بھی کریں تو ۵۳۶ سال ہوں گے۔وہ کہتے ہیں کہ پانچ یا سات سال قبل مسیح پیدا ہوئے تھے۔

صفحہ نمبر ۵۸ تا ۵۹ میں آپ لکھتے ہیں کہ Rafael فرشتہ غیر معروف ہے۔یہ عام طور پر اسرافیل کا فرنگی مترادف ہوتا ہے۔

صفحہ نمبر iii/59 بھی غور طلب ہے۔کیوں نہ انجیل کے الفاظ کے معنے یہ لیے جائیں کہ خدا کی چیز خدا کو دو (مثلاً عبادت کرو) اور قیصر کی چیز قیصر کو دو،یعنی قوانین ملک کی بھی تعمیل کرو،زکات بھی دو،یوں بھی تقسیم دین و حکومت کے لیے قرآن میں طالوت اور اشموئیلؑ کا قصہ قابل غور ہے: قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكاً (۱) پیغمبر کی موجودگی میں ایک الگ بادشاہ! یہ اسلام میں ممنوع نہیں ہے بلکہ ضرورت پر جائز ہے اور تقسیم فرائض،جبکہ واحد فرد سارے کام سرانجام نہ دے سکتا ہو۔جیسا کہ شاہ ولی اللہؒ نے بھی لکھا ہے:

اقیموا الصلوٰۃ واتوا الزکوٰۃ بھی ہے،اطیعوا اللّٰہ واطیعوا الرسول واولی الامر مِنکُمْ بھی ہے۔

قرآن اور انجیل میں اس بارے میں تضاد مجھے تو نظر نہیں آتا۔واللہ اعلم۔

فقیر حقیر

محمد حمید اللہ

---

۱ البقرۃ ۲:۲۴۶

4, Rue de Tournon,

Paris-6/France,

۱۲۔ ربیع الانور ۱۴۰۷ھ (۱)

محترمی زاد مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کے عنایت نامے سے سرفراز ہوا۔ کچھ عرصہ بعد مرسلہ کتاب بھی ملی (۲) ممنون ہوا اور ورق گردانی پر محسوس ہوا کہ آپ کی معلومات مجھ سے زیادہ ہیں۔ اس لیے کسی تصحیح و ترمیم کا سوال نہیں پیدا ہوتا۔ خدا آپ کے کاموں میں برکت دے۔ مجھے بالکل علم نہیں کہ حال میں ترکی میں انجیل بارناباس کا کوئی نسخہ دستیاب ہوا ہے۔ (۳) (آپ نے تفصیل بھی نہ دی کہ آپ کی معلومات کا کیا ماخذ ہے) میں وہاں کے احباب سے دریافت کروں گا لیکن وہ ''سکوتیہ'' فرقے کے امام ہیں، جواب کبھی نہیں دیتے۔ آپ چاہیں تو ذیل کے پتے سے دریافت فرمائیں، ممکن ہے جواب ملنا آپ کے نصیبے میں ہو:

Dr. Ekmeleddin Ihsanoglu	اکمل الدین احسان اوغلو
Research Centre for Islamic History	بشِکطاش
P.B. 24, Besiktas , Turkey.	

میں 81 سال کا ہوگیا ہوں۔ زیادہ خدمت نہ کرسکوں تو قصور معاف فرمادیں۔

نیازمند

محمد حمید اللہ

۱۔ نومبر ۱۹۸۶ء ۲۔ یہ کتاب تھی ''مطالعہ بائبل و قرآن'' اس کا پہلا ایڈیشن فروری ۱۹۸۶ء میں خصوصی مطبوعات علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد سے چھپا تھا۔ اس کا دوسرا ایڈیشن نظر ثانی اور اضافوں کے ساتھ مجلس علم و ادب ایبٹ آباد کی طرف سے نومبر ۱۹۹۹ء میں شائع ہوا۔

۳۔ ۱۹۸۴ء میں ترکی کے شہر حکاری کے ایک قریبی غار سے انجیل بارناباس کا ایک قدیم نسخہ دریافت ہوا ہے۔ اس سلسلے میں کوشش کی تو ترکی کے ایک فاضل ڈاکٹر حمزہ پکتاش کا مقالہ (ترکی زبان کے رسالے میں شائع شدہ) موصول ہوا۔

4, Rue de Tournon,

75006-Paris,

۲۸۔ جمادی الآخرہ ۱۴۰۳ھ

My Dear Niece Razia Begum,

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

Many Thanks for your kind letter. I am sorry, people have given you so much trouble. You have such a beautiful handwriting.

① I am alone, no question of meeting my "family ". I have no telephone either.

② I would request you kindly to send the book by ordinary book-post and I shall immediately send you the amount ان شاء اللہ God bless you.

③ You live rather far away from me in suburbs. If you are staying in France for some time, insha'allah it will be possible one day for me to come to meet you. At the moment, two friends are in hospital, including one French (converted) lady, and next week I have to go on travel, and prepare two articles.

Yours Sincerely,

M. Hamidullah

4, Rue de Tournon,

75006-Paris,

٦۔رجب ۱۴۰۳ھ

عزیزہ خوش رہو! (1)

سلام مسنون۔آج کی ڈاک میں آپ کا نوازش نامہ بھی ملا اور مرسلہ امانتی کتاب بھی۔دلی شکریہ۔
آپ نے خط میں اپنا پتہ کہیں نہیں لکھا ہے۔آئندہ احتیاط کیجئے۔اتفاق سے آپ کا پرانا خط جوابھی تلف نہیں کیا تھا، تلاش پر مل گیا ورنہ کتاب کی رسید بھی آپ کو نہ دے سکتا۔

ان شاءاللہ کسی فرصت میں ضرور ملاقات کا سامان خدا پیدا کر دے گا۔میں آئندہ پیر کو ایک سفر پر جا رہا ہوں۔عباس صاحب کی خدمت میں میرا اسلام۔

میں اسلام آباد بھی رسید بھیج رہا ہوں۔

مخلص

محمد حمید اللہ

۱؎ آخری دونوں خطوط، یعنی خطوط نمبر ۵۔۶ ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے محترمہ پروفیسر مسز رضیہ عباس کے نام لکھے تھے۔ مسز رضیہ عباس اوپن یونیورسٹی میں ہماری ساتھی رہیں۔میں اپریل ۱۹۹٦ء تک یونیورسٹی میں تھا، جب کہ مسز رضیہ عباس چند ماہ پیشتر دسمبر ۱۹۹۵ء میں سبکدوش ہوئیں۔انہوں نے از راہ کرم ان خطوط کی نقل مجھے عنایت فرمائی، چنانچہ یہ خطوط بھی بطور یادگار شامل اشاعت ہیں۔ان خطوط میں جس کتاب کا ذکر ہے، وہ میری کتاب "A Study of the Gospel of Barnabas" ہے جو میں نے مسز عباس کے ہاتھ ڈاکٹر صاحب کے لیے پیرس بھجوائی تھی۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے چند غیر مطبوعہ خطوط

* محمد ارشد

ڈاکٹر محمد حمید اللہ جدید دنیائے اسلام کے ایک جلیل المرتبت عالم ہو گزرے ہیں۔ انہوں نے قرآن و حدیث، فقہ و قانون اور سیرت النبی ﷺ جیسے متنوع و مختلف موضوعات پر تقریباً ایک ہزار مقالات اور ۷۰ وقیع کتب یادگار چھوڑے ہیں۔ محمد حمید اللہ کا علمی و فکری سرمایہ صرف ان کے مطبوعہ و غیر مطبوعہ کتب و مقالات تک ہی محدود نہیں رہا۔ ان کے مکاتیب بھی علوم و معارف کا ایک وقیع گنجینہ ہیں۔ ان مکاتیب سے نہ صرف یہ کہ مختلف اسلامی علوم و فنون کے حوالے سے قیمتی و مفید معلومات فراہم ہوتی ہیں بلکہ ان سے ڈاکٹر صاحب کی شخصیت، ان کے اصول زندگانی، ان کے عادات و معمولات اور ان کی گوناں گوں دلچسپیوں کا بھی پتہ چلتا ہے۔ یہ مکاتیب علمی اعتبار سے بڑی قدر و قیمت کے حامل ہیں۔ راقم السطور کو ڈاکٹر صاحب کے چند غیر مطبوعہ خطوط دستیاب ہوئے ہیں۔ ان میں سے پچیس خطوط مجلّہ ''معارفِ اسلامی'' کی وساطت سے ہدیہ قارئین کیے جاتے ہیں مرتب نے ان خطوط کے مندرجات کے سیاق و سباق کی توضیح کی غرض سے بعض ضروری حواشی بھی تحریر کر دیے ہیں۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے یہ خطوط پاکستان میں اپنے بعض اعزاء (دردانہ بیگم، خدیجہ ہاشمی، محمد فاروق مرحوم) و احباب (مظہر ممتاز قریشی، ڈاکٹر محمد صابر، ڈاکٹر معین الحق مرحوم) اور بعض دوسرے افراد کو تحریر کیے تھے۔ مرتب، کراچی میں مقیم ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی قریبی عزیزہ محترمہ دردانہ بیگم (پہلے دو خطوط انہی کے نام ہیں) کے علاوہ مظہر ممتاز قریشی کا تہہ دل سے شکر گزار ہے کہ انہوں نے اپنے اور اپنے بعض دوسرے عزیزوں کے نام ڈاکٹر صاحب کے خطوط کے زیراکس مہیا کرنے کے لیے زحمت گوارا کی۔

ڈاکٹر محمد صابر اور پروفیسر محمد اکرام صدیقی بھی شکریہ کے مستحق ہیں کہ جنہوں نے مرتب کی درخواست پر پرانی مثلوں اور کاغذات کے انبار میں سے ڈاکٹر صاحب کے خطوط کی تلاش کی مشقت بخوشی برداشت کی۔

---

* مدیر، اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی (علامہ اقبال کیمپس) لاہور۔

(۱)

بنام دردانہ بیگم

۱۲/شعبان ۱۴۱۲ھ۔

4, Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

عزیزہ دردانہ بیگم خوش رہو۔

سلام مسنون۔ آپ کا خط ملا۔ مسرت کا باعث ہوا۔ اخبار تکبیر میں بہت کچھ گپ شپ ہے۔ (۱)

ابھی یہ یقینی نہیں کہ میں پاکستان آؤں۔ اور آؤں تو سرکاری مہمان رہوں گا۔ آپ کے ہاں قیام کرنے کی مسرت حاصل نہیں ہو سکے گی اور فرانس کی دینی مصروفیتوں (۲) کے باعث پاکستان میں زیادہ قیام ممکن نہیں۔ اگر کراچی میں رکنا ہوا تو ان شاءاللہ ضرور آپ سے ملاقات کی مسرت حاصل کروں گا۔

سب کو سلام یاد آتے ہیں۔

محمد حمید اللہ

---

(۱) ڈاکٹر صاحب کا اشارہ ہفت روزہ ''تکبیر'' (کراچی) میں ۱۹۹۲ء کے ابتدائی مہینوں میں ان کے بارے میں شائع ہونے والی خبروں کی طرف ہے۔ ہفت روزہ ''تکبیر'' میں محمد صلاح الدین مرحوم نے اپنی ایک تحریر میں سابق وزیر اعظم پاکستان محمد نواز شریف کی معیت میں اپنے سفر فرانس کی روداد شائع کی تھی، جس میں انہوں نے ڈاکٹر محمد حمید اللہ (خازن انجمن اسلامیہ، فرانس) کو وزیر اعظم کی طرف سے ایک مسجد کی تعمیر کے لیے مالی امداد کی فراہمی کا ذکر کیا تھا [(دیکھئے: محمد صلاح الدین، پیرس میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ سے وزیر اعظم نواز شریف کی ملاقات'' در، تکبیر، ۱۴: ۶ (۳۱ جنوری - ۶ فروری ۱۹۹۲ء) ص ۹-۱۲)] ڈاکٹر صاحب نے اسے ''غلط سلط باتیں'' قرار دے کر گویا اس کی تردید کی تھی۔ ڈاکٹر صاحب کے بقول انہیں ''انجمن اسلامیہ اور دیگر اداروں کے لیے ایک پائی بھی عطیہ نہیں ملا تھا''۔ دیکھئے: نثار احمد اسرار، ''درویش صفت تبحر عالم''، در ''ڈاکٹر محمد حمید''، مرتبہ، محمد راشد شیخ، فیصل آباد: المیزان پبلشرز، ۲۰۰۳ء، ص ۱۷۳۔

(۲) فرانس میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی دینی مصروفیتوں کے بارے میں معلومات کے لیئے دیکھئے: محمد ارشد، ''مغرب میں دعوت اسلام: محمد حمید اللہ کی کاوشوں کا ایک جائزہ'' در ''فکر و نظر'' ۴۰-۴۱ (اپریل- ستمبر ۲۰۰۳ء) ص ۳۴۲-۳۴۸۔

(۲)

باسمہ تعالیٰ

جمعرات
۱۴/شوال ۱۴۱۲ھ۔

4, Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

عزیزہ خوش رہو۔

سلام مسنون۔ خیریت حاصل و مطلوب۔ آج آپ کا تازہ کرم نامہ ملا۔ ممنون ہوا۔ سابقہ جواب ہی دہرانا پڑتا ہے کہ مجھے چونکہ سرکاری طور پر پاکستان بلایا گیا ہے (۱) اس لیے رہائش اور کام سب سرکاری طور سے ہونے ہیں۔ کراچی میں جو دو تین دن ماہ مئی کے آغاز میں رہنے ہیں، وہ بھی سرکاری مہمان خانے میں ہوں گے۔ پوری کوشش کروں گا کہ آ کر آپ سے ملوں، لیکن کب اور کس دن تا حال کہنا ممکن نہیں۔

خدا آپ کے ابا (۲) وغیرہ کا سفر مبارک کرے اور حج و زیارت قبول فرمائے۔

محمد حمید اللہ

---

(۱) میاں محمد نواز شریف سابق وزیر اعظم پاکستان نے اپنے دورہ فرانس (جنوری ۱۹۹۲ء) کے دوران ڈاکٹر صاحب کو پاکستان کے دورہ کی دعوت دی تھی، دیکھئے: محمد صلاح الدین، ''پیرس میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ سے وزیر اعظم نواز شریف کی ملاقات''، در ''تکبیر'' (کراچی) ۶:۱۴ (۳۱ جنوری-۶/فروری ۱۹۹۲ء) ص ۹-۱۲۔

(۲) محی الدین عبد القادر (۱۴/دسمبر ۱۹۲۳ء-۲۶/اکتوبر ۱۹۹۷ء)۔

(۳)

بنام خدیجہ ہاشمی

باسمہ تعالیٰ

4- Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

۱۰/ رمضان ۱۴۱۲ھ۔

عزیزہ خوش رہو(۱)۔

سلام مسنون۔ خیر و عافیت کا طالب۔ کل آپ کا خط ملا۔ مسرت کا باعث ہوا۔ اگر میرا پاکستان آنا ہوا تو پروگرام حکومت کے ہاتھ میں ہے اور مجھے تاحال نہیں معلوم کہ میں کراچی میں اتر بھی سکوں گا یا نہیں۔ پاریس سے ہوائی جہاز راست اسلام آباد جاتا ہے۔ اللہ مالک ہے۔ اخبار تکبیر میں بہت سی غلط سلط باتیں بھی چھپی ہیں۔ آپ کے سوالوں کے متعلق: نمبر میں سمجھ نہ سکا۔ اناج پر فاتحہ میں پہلی دفعہ آپ سے سن رہا ہوں۔ تفصیل لکھنے کی زحمت گوارا فرمائیں تو شاید جواب دے سکوں۔ حیدرآباد میں یہ کبھی نہیں ہوتا تھا۔

نمبر امام مہدی کا آخری زمانہ عالم میں آنا صحیح حدیثوں میں مروی ہے لیکن ہندوستان میں ایک فرقہ مہدوی بھی ہے۔ (بہادر یار جنگ مرحوم کا بھی اس سے تعلق تھا)(۲) یہ بالکل الگ چیز ہے۔ اس کے بانی اپنے کو مہدی کہتے تھے۔ مگر وہ فرقہ وار بات ہے۔ حدیث کا ان پر اطلاق نہیں ہوتا۔ شاید یہ گزشتہ صدی والی بات ہے۔ سابق میں پہلی صدی ہجری میں بھی خلفاء عباسیہ میں اس کا آغاز ہوا تھا۔ یہ سب فضول باتیں ہیں۔ امام مہدی کب آئیں گے کسی کو نہیں معلوم۔ ان کا وزیر ہمارے خاندان سے ہوگا۔ میں نے بھی بچپن میں شاید پانچ چھ سال کی عمر میں چچا محمود مرحوم (۳) سے سنا تو میں نے لپک کر کہا تھا ''وہ میں ہوں گا۔ وہ میں ہوں گا'' وہ مسکرائے تھے اور تھپکی دی تھی۔ رمضان المبارک۔ عید مبارک۔

محمد حمید اللہ

---

(۱) خدیجہ ہاشمی، حال مقیم کراچی۔

(۲) ملاحظہ کیجئے حاشیہ نمبر ۱۹

(۳) مفتی محمود (م ۱۳۴۵ء) بن قاضی بدرالدولہ، کے احوال و آثار کے لیئے دیکھئے: محمد حمید اللہ ''عرض حال (مقدمہ تفسیر حبیبی) حیدرآباد دکن (س،ن)، ص ۱۵۳۔ ۱۵۴، وہی مصنف، ''مدرسہ محمدی مدراس اور اس کا پس منظر''، در یادگار نمبر بتقریب جشن صد سالہ مدرسہ محمدی باغ دیوان ''مدراس''، ص ۱۴۔ ۳۳؛ عبیداللہ، ''ڈاکٹر حمید اللہ کے چند مکتوبات''، در ''معارف''، ۱۷۲: ۴ (اکتوبر ۲۰۰۳ء)، ص ۲۷۳۔

(۴)

باسمہ تعالیٰ: حامدا و مصلیا

4- Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

۶/شوال ۱۴۱۲ھ۔

عزیزہ خوش رہو۔

سلام۔ خیریت حاصل ومطلوب۔

آج صبح آپ کا عنایت نامہ ملا۔ شکریہ (میرا بھی سابقہ خط آپ کو ملا ہوگا)۔ میں عید کارڈوں کو اسراف سمجھتا ہوں۔ استدعا ہے کہ آئندہ اس کی زحمت نہ فرمائیں۔ میری عید مبارک بھی قبول فرمایئے۔ میں سرکاری دعوت پر ۲۵/اپریل کو یہاں سے اسلام آباد جارہا ہوں۔ ان شاءاللہ۔ وہاں سے لاہور جا کر کراچی آنا ہے۔ سارا نظام العمل حکومت بنارہی ہے۔ اور ابھی تفصیل نہیں معلوم ہوئی۔ غالباً ماہ مئی کے شروع میں دو تین دن کے لیے کراچی بھی آنا ہوگا۔ کوشش کروں گا کہ اگر آپ سے بھی چند منٹ ملنے کی مسرت حاصل کروں۔ ٹھیک دن اور ٹھیک وقت بدقسمتی سے معلوم نہیں۔ ممکن ہے دن میں ہو، یا رات میں۔ میں غالباً کسی سرکاری مہمان خانے میں رہوں گا۔

سب کو سلام یاد آتے ہیں۔

محمد حمید اللہ

(۵)

باسمه تعالیٰ : حامدا و مصلیا

4- Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

۲۷/ ذی قعدہ ۱۴۱۲ھ۔

عزیزہ خوش رہو۔

سلام مسنون۔ آپ کا خط ملا۔ مسرت کا باعث ہوا۔ میں پاکستان میں بے حد مصروف رہا۔(۱) آرام سے بیٹھ کر گفتگو کا موقع نہ تھا۔ اس قصور کو معاف فرمادیں۔ آپ کے ہاں جانا یکا یک مقرر ہوا۔ اس لیے کوئی حقیر تحفہ بھی پیش نہ کر سکا۔ آپ کی محبت یاد رہے گی۔ خدا عمر دراز کرے۔

خدا کرے وہاں سب اہل وعیال خیریت سے ہوں۔ عید مبارک۔

محمد حمید اللہ

---

(۱) محمد حمید اللہ اپریل ۱۹۹۲ء کے آخری عشرہ میں پاکستان تشریف لائے تھے، چندروز قیام کے دوران انہوں نے کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں متعدد علمی مجالس اور اجتماعات سے خطاب کیا تھا۔ پاکستان میں ڈاکٹر صاحب کی مصرفیات اور مختلف علمی مجالس سے ان کے خطابات کے بارے میں ملاحظہ کیجیے: ''کراچی میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی مصروفیات''، در ''تکبیر''، ۱۴: ۲۰ (۸- ۱۴ مئی ۱۹۹۲ء) ص ۱۵- ۱۷؛ ادریس صدیقی: شہرہ آفاق محقق ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے ساتھ ایک روح پرور شام کی روداد''، در ''اردو ڈائجسٹ''، ۴۳: ۲ (فروری ۲۰۰۳ء) ص ۲۱- ۲۲؛ المعارف: ۲۵: ۷ (جولائی ۱۹۹۲ء) ص ۱۱۔

(۶)

باسمہ تعالیٰ

Centre Cultural Islamique,
4- Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

۱۵/ جولائی 1993ء۔

عزیزہ واہالی خوش رہو۔

سلام مسنون۔ ابھی ابھی آپ کا ۸؍ جولائی کا خط ملا۔ ممنون بھی ہوا اور سخت متاسف بھی کہ آپ کی والدہ محترمہ جنت کو سدھاری ہیں۔ اللہ انہیں جنت میں اعلیٰ درجات عطا فرمائے۔ ان کے لیے ایک ختم قرآن کر رہا ہوں۔(۱)

کارِ لائقہ سے یاد فرمائیں۔

محمد حمید اللہ

---

(۱) اس خط سے ''ایصال ثواب'' کے بارے میں ڈاکٹر صاحب کے اعتقاد کا بخوبی اظہار ہوتا ہے۔

(۷)

بنام مظہر ممتاز قریشی

4- Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

۱۸/ جمادی الآخرہ ۱۴۰۱ھ۔

محترمی (۱)

سلام مسنون۔ آپ کا ۱۲/ ماہ رواں کا خط کل پہنچا۔ شکریہ۔ اس سے پہلے مجھے کبھی آپ کا کوئی خط نہیں آیا۔ فرانس میں بے روزگاری کی کثرت کے باعث قانون بنا ہے کہ ہر سال غیر ملکی مزدوروں میں سے بیس ہزار کو جبراً وطن واپس جانے پر مجبور کیا جائے۔ میں ایسے کسی قاعدے سے واقف نہیں کہ طلبہ کو محدود مدت کی ملازمتیں دی جا سکتی ہیں۔

میرا کسی عرب سفارت سے دور کا بھی تعلق نہیں۔ (۲) واحد طریقہ یہ ہے کہ ہمارے دوست ایک درخواست اپنی صلاحیتوں کے ساتھ لکھ کر مختلف سفارتوں کو بھیجیں اور جواب کا انتظار کریں۔

مَثل ہے: نیکی اور پوچھ پوچھ؟ کتاب حضرت عائشہ کے ضرور ترجمے کرائیں اور چھپائیں۔ (۳)

خدا برکت دے۔ سب رشتہ داروں کو سلام۔

نیازمند

محمد حمید اللہ

---

(۱) مظہر ممتاز قریشی، حال مقیم شرف آباد، کراچی۔

(۲) مظہر ممتاز قریشی نے فرانس میں اپنے ایک قریبی عزیز کے لیئے ملازمت کے حصول میں مدد کے لیئے ڈاکٹر صاحب سے درخواست کی تھی، اس کے جواب میں یہ خط لکھا گیا۔

(۳) یہ کتاب ڈاکٹر معین الحق، صدر پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی، کی اہلیہ پروفیسر ممتاز معین الحق کی تصنیف ہے جو کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

(۸)

۷/ جمادی الآخرہ ۱۴۰۸ھ۔

محترمی زادمجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کرم نامہ ملا۔ شکرگزار ہوں۔

مجھے بالکل یاد نہیں کہ عبدالرشید صاحب کا مقالہ کیا چیز ہے۔(۱) کسی کو یہ حق نہیں کہ جنت نصیب لوگوں کی کتابوں میں حذف واضافہ کرے۔(۲) مجھے معاف فرمائیں۔

خادم

محمد حمید اللہ

---

(۱) عبدالرشید نے یہ مقالہ امام ماوردی کتاب ''کتاب الامثال'' مدون کر کے ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے لیے سندھ یونیورسٹی میں پیش کیا تھا۔

(۲) ڈاکٹر صاحب نے جس چیز کی طرف اشارہ کیا ہے، اس کے پس منظر کے بارے میں مرتب کو کچھ معلوم نہیں ہوسکا۔

(۹)

4- Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

۱۱؍ربیع الانور ۱۴۱۲ھ۔

مخدوم ومحترم زادمجدکم

سلام مسنون۔خیر وعافیت کا طالب۔کل شام کی ڈاک سے تازہ کرم نامہ ملا۔ممنون ہوا۔

آپ کے سوال پر عرض ہے کہ میری تاریخ ولادت چہارشنبہ ۱۶؍محرم ۱۳۲۶ھ مطابق ۱۹؍فروری ۱۹۰۸ء ہے۔خطباتِ بہاولپور کے طبع قدیم میں طباعتی غلطی تھی۔(۱) تازہ اسلام آباد والے ایڈیشن میں اس کی تصحیح کردی گئی ہے۔(۲)

آپ کے گزشتہ خط کا اس کے وصول ہوتے ہی جواب گزران چکا ہوں۔ڈاک کی سست خرامی میرے بس کی چیز نہیں۔اگر مناسب ہو تو ذیل کا خط اپنی طرف سے کہانی ڈائجسٹ (۳) کو بھجوادیں کہ میرے پاس اس کا پتہ نہیں ہے:

''میں نے آپ کے اگست وستمبر ۱۹۸۹ء کے کچھ اوراق پیرس میں حمید اللہ صاحب کو بھیجے تھے وہاں سے شکریے کی رسید کے ساتھ یہ اطلاع بھی آئی ہے کہ ''ایک کثیر جہتی شخصیت'' عنوان کا مضمون میرے ''دکن کی ایک کثیر جہتی شخصیت (بہادر خان)'' (۴) مطبوعہ امرداد ۱۳۵۷ھ دہلی مطابق جون ۱۹۴۸ء سے، جو رسالہ روح ترقی (۵) میں چھپا تھا، ماخوذ ہے مگر مندرجات میرے نہیں ہیں۔اڈیٹر نے شاید خود اس کا خلاصہ کرلیا ہے۔اوپر جو نوٹ ہے کہ میں نے وہ مضمون رسالہ کہانی ڈائجسٹ کو بھیجا ہے، وہ بھی صحیح نہیں۔عنوان پر ''ڈاکٹر محمد حمید اللہ (پیرس)'' الفاظ کو گویا فوٹو لے کر چھاپا گیا ہے، وہ بھی فرضی ہے۔میں ''پیرس'' کبھی نہیں لکھتا بلکہ ''پاریس''۔اور خود کو کبھی ''ڈاکٹر'' نہیں لکھتا۔سب سے زیادہ تکلیف دہ چیز فوٹو ہے۔وہ ایک جرم بھی ہے اور ایک گناہ بھی۔جرم اس معنے میں کہ وہ میری اجازت بلکہ اطلاع کے بغیر چھپ کرلیا گیا ہے۔گناہ اس معنے میں کہ صحیح بخاری میں ایک حدیث کئی بار دہرائی گئی ہے:

''اشدّ الناس عذابا یوم القیامة المصوّرون''۔(۶)

انہیں چاہیے کہ توبہ کریں اور اللہ سے معافی مانگیں اور آئندہ ایسے کام نہ کریں۔

شہاب الدین ید اللّٰہی صاحب کے مضمون میں بھی تاریخی غلطیاں ہیں۔ کالم سوم میں [لکھا ہے] کہ حکومت نے جاگیر اور دیگر اعزازات واپس لے لیے، یہ غلط ہے۔ خود بہادر یار جنگ (۷) سے سنا ہوا بیان ہے کہ انہوں نے خود ہی یہ حضور نظام (۸) کو واپس کیے۔

خدا آپ کو اور اہل خاندان کو خیر و عافیت سے رکھے۔

ناچیز

محمد حمید اللہ

---

(۱) مطبوعہ، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور، ۱۹۸۱ء۔

(۲) مطبوعہ ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد، طبع رابع، ۱۹۸۸ء۔

(۳) کہانی ڈائجسٹ (کراچی) نے ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے ایک مضمون کو اس کے عنوان میں تغیّر و تبدّل کے بعد شائع کیا تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے یہ خط اسی حوالے سے تحریر کیا۔

(۴) ڈاکٹر صاحب نے یہ مضمون نواب بہادر یار جنگ کی یاد میں تحریر کیا تھا۔

(۵) دیکھیے: ''روح ترقی'' (حیدر آباد دکن)، رجب ۱۳۶۷ھ، ص ۳-۵، ۱۴۔

(۶) بخاری شریف کی محولہ بالا حدیث کے الفاظ یہ ہیں: ''ان اشد الناس عذابا عند اللّٰہ یوم القیامۃ المصورون''، دیکھیے: کتاب اللباس، باب: عذاب المصورین یوم القیامۃ، حدیث نمبر، ۵۹۴۹۔

(۷) تقسیم برصغیر پاک و ہند سے ماقبل دور میں اسلامیان مملکت آصفیہ حیدر آباد دکن کے ایک سرکردہ سیاسی رہنما۔ بہادر یار جنگ کی سیاسی و ملی خدمات کے جائزہ کے لیئے دیکھیے: غلام محمد، ''حیات بہادر یار جنگ''، کراچی: بہادر یار جنگ اکادمی، ۱۹۹۰ء۔

(۸) مملکت آصفیہ حیدر آباد دکن کے آخری تاجدار آصف جاہ نظامِ سابع نواب میر عثمان علی خان (۱۹۱۱ء-۱۹۴۸ء)۔

4- Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

۱۰/ رمضان ۱۴۱۲ھ۔
محترمی زادمجدکم۔
سلام مسنون ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

گزشتہ جمعہ کو خورشید صاحب نے آپ کا خط تو نہیں، ایک پیام اپنے ایک دوست کے ذریعے سے بھجوایا کہ آپ میری کسی کتاب سے اپنا سلسلہ نشریات شروع کرنا چاہتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ نہ کچھ سمجھ میں آیا اور نہ پیام رساں سمجھا سکے۔ آج آپ کا کرم نامہ راست آیا ہے۔ شکر گزار ہوں۔ میرے پاس نہ کوئی کتاب تیار اور ناشر کے انتظار میں ہے اور نہ دنوں، ہفتوں میں تیار ہو سکتی ہے۔ میری فرانسیسی سیرت النبی (۱) اور ترجمہ قرآن (۲) گویا ابھی مطبع ہی میں ہیں، اور سیرت کا نیا انڈکس بھی مکمل نہیں ہو سکا ہے۔ غرض میری مشغولیت کم نہیں ہوئی ہے کہ کوئی نیا کام سر لے سکوں۔ کتاب سیرت کو اسلام آباد کا ادارہ تحقیقات اسلامی چھاپنے کی اجازت لے چکا اور ترجمہ کرا رہا ہے (۳) میرے ترجمے کے انتظامات و امکانات بالکل نہیں ہیں۔ آپ ان کتابوں کو تو چھاپ نہیں سکتے جو دوسرے لوگ چھاپ رہے ہیں، بجز ان کی اجازت کے۔ مطبوعہ مضامین کا مجموعہ ایک نئی کتاب بن جائے، اس میں کوئی امر مانع نہیں لیکن انتخاب میں نہیں کر سکتا۔ دم آخر ایک نظر ثانی بھی کرنی چاہیے، بعض وقت طباعت کی غلطیاں بھی ہوا کرتی ہیں۔ بہرحال آپ نے میری عزت افزائی فرمائی ہے۔

نیازمند

محمد حمید اللہ

---

(۱) سیرتِ النبیؐ پر ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی تصنیف (Le Prophete de l'Islam Son Oeuvre:Sa Viet) جو دو جلدوں پر مشتمل ہے، پیرس سے شائع ہوئی ہے۔

(۲) فرانسیسی زبان میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ کا ترجمہ قرآن "Le Saint Coran" کے اب تک بیس سے زائد ایڈیشن نکل چکے ہیں۔

(۳) فرانسیسی زبان میں سیرتِ النبیؐ کی پہلی جلد کا انگریزی ترجمہ محمود احمد غازی نے کیا ہے۔ اسے The Life and Work of the Prophet of Islam کے عنوان سے ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد نے شائع کیا (۱۹۹۸ء) ہے۔

باسمه تعالیٰ : حامدا و مصليا

4- Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

۴/ رمضان ۱۴۱۳ھ۔

مخدوم ومحترم زادمجدکم۔

گستاخی معاف: کتاب النبات (۱) کا جونسخہ مجھے آیا تھا اس میں بیرونی ٹائٹل سفید کاغذ ہے۔ اندرونی ٹائٹل کی فوٹو کاپی منسلک ہے اس سے آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ یہ ابھی پروف ہی کی حالت میں ہے مگر جلد بندی کے ساتھ (۲) اگر ہمدرد فاؤنڈیشن سے معلوم ہو سکے کہ کتاب کی قیمت فروخت کیا ہے اور تین نسخوں کا خرچ ڈاک کیا ہوگا، تو رقم ارسال کردوں کہ احتیاطاً گھر میں یہ نسخے رکھنا چاہتا ہوں، نہ معلوم کب کسی کو کوئی نسخہ تحفہ دینا ہو۔

قصور معاف۔ زحمت دہی کی معذرت چاہتا ہوں۔ مکان میں سب کو سلام۔

خادم

محمد حمید اللہ

---

(۱) ابوحنیفہ احمد داؤد الدینوری (م ۲۸۲ھ) کی یہ کتاب ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے مدون و مرتب کی ہے اور بیت الحکمت، (ہمدرد فاؤنڈیشن) کراچی نے، اسے شائع کیا (۱۹۹۳ء) ہے۔

(۲) ڈاکٹر محمد حمید اللہ اس کتاب کی پروف خوانی سے مطمئن نہ تھے بلکہ اس میں موجود اغلاط پر کبیدہ خاطر تھے، دیکھئے: محمد حمید اللہ بنام مظہر ممتاز قریشی، مؤرخہ ۱۸/ اپریل ۱۹۹۴ء از پیرس در ''ارمغان'' شمارہ ۴، ۵ (جولائی۔ دسمبر ۱۹۹۴ء)، ص

(۱۲)

باسمہ تعالیٰ: حامداً و مصلیا

4- Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

۱۴/۱۲/۱۹۹۴ء

مخدوم و محترم زادمجدکم۔

سلام مسنون۔ابھی دو دن ہوئے آپ کا کرم نامہ ملا۔آپ کے خط پر ۱۳/جنوری لکھا ہے۔عرصے سے آپ کا کوئی خط نہیں ملا۔یہ پہلا خط ہے۔ڈاک کی حالت کے باعث رجسٹری سے بھیج رہا ہوں۔

مندرجہ حالات کی اطلاع سے دلی مسرت ہوئی۔آپ مجھ سے پچاس سال پہلے کے قصے پوچھ رہے ہیں۔اگر لکھ سکا تو ضرور آپ کی خدمت میں ارسال کروں گا۔حافظہ بہت خراب ہو گیا ہے۔صحت ابھی کمزور ہے۔

رضی الدین صاحب (۱) کی علالت سے افسوس ہوا۔اللہ انہیں جلد صحت کاملہ عطا فرمائے۔

مکان میں سب کو مجھ ناچیز کا سلام پہنچائیں۔

خادم ناچیز

محمد حمید اللہ

(۱) ڈاکٹر رضی الدین صدیقی مرحوم، سابق وائس چانسلر عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن و قائداعظم یونیورسٹی، اسلام آباد۔

(۱۳)

بنام پروفیسر محمد اکرام صدیقی

4- Rue de Tournon,
75006 Paris-/France.

۶ / ربیع الآخر ۱۴۰۱ھ۔

مخدوم زادمجدکم (۱)۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

عنایت نامہ ملا۔ ممنون ہوا۔ میں نے فوراً مبارک لا باریئر صاحب (۲) کو خط لکھا۔ اس خط کے پہنچنے سے قبل وہ آپ کو لکھ چکے تھے۔ مکرر خلاصہ یہاں درج کرتا ہوں:

انہوں نے پہلی دفعہ پاریس کے بنک Credit Lyonnais کے توسط سے ۵۰ء۹ ڈالر بک ہاؤز لمیٹڈ کے لیے بھیجے (بتوسط یونائیٹڈ بنک، شارع قائد اعظم برانچ، لاہور، بک ہاؤز اکاؤنٹ ۱۷۷۶، مورخہ ۱۴/ دسمبر ۱۹۷۹ء)

اس کے بعد دوسری مرتبہ ۵۱ ڈالر اسی بنک کے توسط سے یونائیٹڈ بنک، رنگ محل برانچ، پوسٹ بکس ۶۲۹، لاہور کے نام، بک ہاؤز اردو بازار پوسٹ بکس ۷۳۴، لاہور کے لیے بھیجے۔

مبارک صاحب کو کبھی بک ہاؤز کے لفافے میں، کبھی قاضی پبلی کیشن کے لفافے میں جواب آتے رہے۔ ضرورت پر بنک کی رسیدوں کے فوٹو کاپی بھیجے جائیں گے۔ توقع ہے کہ مذکورہ تفصیلیں پتہ چلانے کے لیے کافی ہوں گی۔

Mr. Labarriere
9, Avenue de 8- Mais- 1945,
Pantin, France.

تکلیف ہوتی ہے کہ پاکستان کے بنک مثالی انتظام میں نظر نہیں آتے۔ کراچی ہو کہ لاہور۔ چند دن ہوئے میرے ساتھ لاہور میں یوں ہوا کہ حبیب بنک The Mall برانچ نے میرے ڈسلڈورف Dusseldorf کے کامرس بنک کے کھاتے میں کچھ رقم جمع کرائی۔ دریافت پر جرمنی بنک نے کہا کہ حبیب بنک نے اور کوئی تفصیل نہیں دی۔ میں نے راست حبیب بنک، دی مال، لاہور کو خط لکھا کہ یہ رقم کس لیے بھیجی گئی ہے؟ ڈیڑھ دو مہینے ہو گئے تا حال کوئی جواب نہیں دیا۔ میں نے یہاں پاکستانی سفارت خانے کو اطلاع دی۔ مگر تا حال وہاں سے بھی کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا۔ (میں کراچی کے بنک کی ''کرمفرمائی'' سے آپ کو پریشان نہ کروں گا) لاہور کا معاملہ 8.8.1980 کا ہے اور رقم ۶۳ء۳۵ جرمن مارک ہے۔ اگر آپ کو مناسب معلوم ہو تو لاہور محلّہ مال کی حبیب بنک کے ڈائریکٹر کو ٹیلیفون پر اطلاع دیجئے۔ شاید کچھ توجہ ہو۔ آپ کا دلی شکریہ۔ خدا برکات دارین سے نوازے۔

کیا آپ مجھے قرآن مجید کا پشتو ترجمہ مہیا فرما سکتے ہیں؟ ہدیہ اور مصارف ڈاک سے اطلاع دیں تو پیشگی رقم ارسال کر سکتا ہوں۔

محمد حمید اللہ

---

(۱) پروفیسر محمد اکرام صدیقی (برادر خورد پروفیسر عبدالحمید صدیقی مرحوم، سابق مدیر ''ترجمان القرآن'') منتظم اعلیٰ، قاضی پبلیکیشنز، اردو بازار، لاہور۔

(۲) فرانسیسی نومسلم جو ڈاکٹر صاحب کے ہاتھوں مشرف بہ اسلام ہوئے۔

(۱۴)

بسم اللہ

۲۷/ جمادی الاولیٰ ۱۴۰۱ھ۔

محترم ومکرم زادمجدکم۔

سلام مسنون ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ خدا آپ کو جزائے خیر دے۔ آپ نادرِ روزگار لوگوں میں سے ہیں جو لِلّٰہ خدمتِ خلق کرتے ہیں۔ خدا آپ کو حسناتِ دارین عطا فرمائے۔

کل آپ کا ۲۴/ مارچ ۱۹۸۱ء کا خط (KP/786/1827) پہنچا۔ آج مبارک لاباریئر صاحب سے ملاقات ہوئی۔ ان کے خطوط کا جواب کبھی بک ہاؤز کے لفافے میں اور کبھی قاضی پبلی کیشن کے لفافے میں آتے رہے اور یہ غلط فہمی کا باعث رہا۔ اور تا حال معلوم نہ ہوسکا کہ ان دونوں کمپنیوں یا ان کے مالکوں میں باہم کیا تعلقات ہیں۔ اسی لیے یہ واضح نہ ہوسکا کہ جس کمپنی کو باہر سے آئی ہوئی رقم بنک نے پہنچائی وہ کیوں آرڈر کی تعمیل نہیں کر سکتے ہیں؟ اور آپ فرماتے ہیں کہ راست ان کو لکھ کر حساب طے کیا جائے۔ مگر اس کا مطلب واضح نہیں: کیا ان کو یہ لکھا جائے کہ رقم واپس کر دیں؟ یا یہ کہ رقم آپ کو دے کر آپ سے مطلوبہ کتابیں حاصل کر کے مبارک لاباریئر صاحب کو بھیجیں؟ آپ یہ کتابیں مفت بھیجنا چاہتے ہیں۔ خدا آپ کو ہزاروں ہزار نوازے، لیکن کیوں؟ جب رقم آ چکی ہے تو اس سے استفادہ کیوں نہیں کیا جا سکتا؟ ممکن یہ ہے کہ آپ کے نجی معلومات ہوں۔ بہر حال مکرر آپ ہی کو زحمت دے رہا ہوں کہ مجھے ہدایت فرمائیں کہ بک ہاؤز کو مبارک لاباریئر صاحب کیا لکھیں؟ کیا اچھا ہوا گر یہ گتھی وہیں حل ہو جائے ~

؎ من نگویم کہ این نکن آن کن مصلحت بین و کار آسان کن

احتیاطاً طلب کردہ کتابوں کی فہرست یہاں درج کرتا ہوں۔

Miftahul Quran 2 Vols.

Steingass: Arabic English Dictionary.

Siddiqi, Penal Law of Islam.

Mathews, The Guide for Hajj & Umra.

Determination of Direction of Qibla.

Pickthall, Meaning of the Glorious Qur`an.

Steingass, English Arabic Dictionary.

Siddiqi, Animal Sscrifice in Islam.

Qazi, What is a Muslim Name?

Contribution of Indo- Pakistan to Arabic Literature
(Mr. Labarriere, 9 Av. De, 8- Mais, 45, 93500- Pantin/France.)

یہ تو ہوا ہمارے نومسلم بھائی کا حصہ۔

آپ نے پشتو ترجمہ قرآن مجید کے بھیجنے کا ذکر فرمایا ہے۔ دلی شکریہ۔ مگر برائے خدا، ہدیہ اور ڈاک کے مصارف سے بھی تو اطلاع دیجئے تا کہ فرض کی ادائی کر سکوں۔

اگر میں یہاں سے آپ کی کوئی خدمت کر سکتا ہوں تو بے تکلف تحریر فرمائیں، ان شاء اللہ تعمیل کی مسرت حاصل کروں گا۔

مخلص

محمد حمید اللہ

4- Rue de Tournon,
Paris-75006/ France.

۱۶/ جمادی الآخرۃ ۱۴۰۱ھ۔

محترم پروفیسر صاحب دامت افضالکم۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

آپ نادرروزگار آدمی ہیں۔ کثر اللّٰہ فینا امثالکم میں نے آپ کا خط مبارک لابارئیر صاحب کو سنایا۔ سمجھ گئے۔ بک ہاؤس کو لکھ رہے ہیں۔ خدا کرے کام بن جائے۔ چاہے دیر آید درست آید کا مصداق ہی کیوں نہ ہو۔ آپ نے پشتو ترجمہ قرآن روانہ فرمایا ہے۔ آپ ہی کی طرح میرے بھی کچھ اصول زندگی ہیں۔ اگر آپ ہدیہ بیان نہ فرمائیں تو ساری عمر کوفت رہے گی کہ اس کو کیوں لکھا، کسی اور کو کیوں نہ لکھا؟ کرم فرمائیں خدا آپ کو دہری جزائے خیر دے گا۔

نیازمند

محمد حمید اللہ

مکرر۔

غالباً آپ کے ہاں کتابیں چھپتی ہی نہیں بلکہ بکتی بھی ہیں۔ ایک تازہ نادر کتاب کا پتہ لکھتا ہوں۔ ابن اسحاق (وفات ۱۵۱ھ) کی سیرت نبویہ جو عربی میں ہے اور سیرت کی اہم ترین بھی اور قدیم ترین بھی کتاب ہے، ابھی ابھی قونیہ (ترکی) میں چھپی ہے۔(۱) چاہیں تو منگوالیں اور ملک میں پھیلائیں: سیرت ابن اسحاق:

Hayra Hizmet Vakfi
Nesriyat Mudurlugu
Aziziye Camii Yani, No.42,
Konya/ Turkey.

---

(۱) ابن اسحاق کی سیرت النبیؐ کو ڈاکٹر صاحب نے مرتب ومدون کیا ہے۔

4- Rue de Tournon,
75006-Paris/France.

۳/شعبان ۱۴۰۱ھ۔

مخدوم ومحترم زاد فیضکم

کل شام کی ڈاک میں قرآن مجید کے پشتو ترجمے کا پارسل پہنچ گیا دلی مسرت سے رسید پیش کررہا ہوں۔ میرا گزشتہ عریضہ آپ کو مل گیا ہوگا۔ جواب کا انتظار ہے کہ اس ترجمے کے اور ڈاک سے ارسال کے مصارف کتنے ہوئے ہیں، تا کہ ارسال کا فریضہ انجام دے سکوں۔ اس کے بغیر سکونِ قلب حاصل نہ ہو سکے گا۔ خدارا اس طرف توجہ فرمائیں۔

یہ بھی ممکن ہے کہ آپ بدلے میں یہاں کی کتابیں منگوائیں۔ دو کاروباری چیزیں عرض کروں گا، برا نہ مانیں:

پارسل پر آپ نے صرف مُرسَل اِلَیہ کا نام لکھا ہے۔ مُرسِل کا نہیں۔ یہ مناسب نہیں۔ بعض وقت بستہ مرسل الیہ کو وفات سے، پتے میں سہو ہونے سے یا کسی اور وجہ سے نہیں پہنچتا۔ مرسل کا پتہ ہو تو وہ اسے واپس ہو سکے گا ورنہ ڈاک اسے تلف کر دے گی۔

فرانس کی حد تک بجز مجبوری کے کتابیں بک پوسٹ سے بھیجیں پارسل سے نہیں۔ فرانس میں ہر پارسل چنگی سے گزرتا ہے اور اس پر محصول لگتا ہے۔

مبارک لا باریئر صاحب کا معاملہ ابھی چل رہا ہے۔ ممکن ہے سفارت اور وزارت تک جائے۔ آخر میں مکرر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ آپ کا دعا گو۔

فقیر حقیر

محمد حمید اللہ

مکرر:

① آپ کو زحمتِ تحریر تو دینا نہیں چاہتا لیکن یہ معلوم کرنے کی خواہش ضرور ہے کہ آپ کس موضوع پر تعلیم دیتے ہیں؟(۱)

② صحیح بخاری کا فرانسیسی ترجمہ ساٹھ ستر سال پہلے چھپا تھا۔ Heudas & Marcais دو مترجموں کا کیا ہوا۔ اب اس کا غلط نامہ ایک کامل جلد (تین سو صفحوں والی) میں چھپا ہے۔ اگر اصل ترجمہ جو چار جلدوں میں ہے، لاہور یونیورسٹی لائبریری یا اورینٹل کالج میں ہو تو یہ نئی جلد ان کے لیے ضروری ہے۔ میں آپ کو بھجوا سکتا ہوں۔ صحیح بخاری کا انڈکس بھی فرانسیسی زبان میں تیار کر رہا ہوں۔ ان شاء اللہ چھپ جائے تو مفید ہوگا۔(۲)

---

(۱) سابق پروفیسر بائیالوجی، اسلامیہ کالج سول لائینز، لاہور۔

(۲) فرانسیسی زبان میں ڈاکٹر صاحب کا مرتب کردہ بخاری شریف کا وضاحتی اشاریہ تاحال طباعت واشاعت کا منتظر ہے۔

(۱۷)

بنام ڈاکٹر معین الحق

4- Rue de Tournon,
Paris-6/ France.

ذی الحجہ ۱۴۰۹ھ۔

مخدوم و محترم زاد مجدکم (۱)

سلام مسنون۔ عید مبارک۔ آج ہی ۹؍جولائی کا کرم نامہ ملا۔ مسرت و ممنونیت کا باعث ہوا۔ حکیم محمد سعید صاحب کے لیے میں بھی دعا گو اور آپ کی دعاؤں میں شریک ہوں۔

میں تو آج کل کچھ نئی علمی خدمت سے عاجز ہوں کہ زیر علاج ہوں۔ یہاں انگریزی میں لکھنے والے عنقا ہیں۔

میری کتاب الوثائق السیاسیہ کی بدقسمتی ہے کہ وہ بیروت میں چھپی ہے جہاں سے ڈاک آج کل بند ہے۔ نہ خط، نہ پارسل۔ کتاب مذکور کا چھٹا اڈیشن نکل چکا ہے (اور الحمد للہ ہر اڈیشن میں سابق پر کچھ اضافے ہی ہوتے رہے ہیں)۔ میرے ہاں ذاتی نسخے کے سوا کوئی اسٹاک نہیں اور نہ میرے علم میں شہر پاریس میں کسی کتب فروش کے ہاں وہ موجود ہے۔ بہترین طریقہ یہ ہو کہ بیروت کے سفارتِ پاکستان کا توسط لیں۔ جیسا کہ عرض کیا، اس کا چھٹا اڈیشن نکل چکا ہے۔ میرے ہاں گھر میں اتفاق سے چوتھے اڈیشن کا ایک فالتو نسخہ ہے۔ ضرورت ہو اور کارآمد ہو سکتا ہو تو وہ آپ کی خدمت میں گزران سکتا ہوں۔ (اردو ترجمہ بہت پرانے اڈیشن سے کیا گیا ہے)۔ (۲)

میری مطبوعات کی منتخب فہرست جو ۱۹۸۰ء میں چھپی (۳) وہ تو ابھی موجود ہے لیکن ظاہر ہے بعد از وقت چیز ہے۔ اب مطبوعہ مقالوں کی فہرست ہزار تک پہنچ گئی ہے کتابیں الگ ہیں۔ باقی اس فہرست کی طباعت کی شاید کوئی ضرورت نہیں۔ آج ہی صبح کی ڈاک میں شرح السیر الکبیر للامام محمد (شارح سَرَخسی) کے فرانسیسی ترجمے کی پہلی جلد آئی (۴) اور پرانی فہرست میں اضافے کا باعث بنی ہے۔ یہ چار جلدوں میں ہوگی۔

پاکستان ہجرہ کاؤنسل کے ہاں بھی ایک کتاب چھپ رہی ہے۔(۵) ہمدرد فاؤنڈیشن میں بھی ایک کتاب ہے۔(۶) مدراس میں بھی ایک کتاب زیرِطبع ہے وغیرہ وغیرہ۔

خدا کرے آپ خیر و عافیت سے ہوں۔ آپا جان کو بھی سلام۔

خادم

محمد حمید اللہ

---

(۱) ڈاکٹر معین الحق مرحوم، سابق صدر ''پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی'' کراچی۔

(۲) ''الوثائق السیاسیۃ'' کا اردو ترجمہ مولانا ابو یحییٰ امام خان نوشہروی نے کیا ہے۔ اسے ''سیاسی وثیقہ جات'': از عہدِ نبویؐ تا بہ خلافت راشدہ'' کے عنوان سے مجلس ترقی ادب، لاہور، نے شائع (طبع اول ۱۹۶۰ء) کیا ہے۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ اس اردو ایڈیشن کو ناقص خیال کرتے تھے، دیکھئے: ''خطباتِ بہاولپور''، اسلام آباد، ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی، ۱۹۸۸ء، ص ۴۲۸۔

(۳) فہرست محولہ بالا کو ڈاکٹر صاحب کی ایک عزیزہ عائشہ بیگم نے ۱۹۸۰ء میں فلاڈلفیا (امریکہ) سے شائع کیا تھا۔

(۴) ڈاکٹر صاحب کے قلم سے مذکورہ کتاب کا فرانسیسی ترجمہ انقرہ، ترکی سے چار جلدوں میں شائع ہو چکا ہے۔

(۵) ھجرہ کونسل نے ڈاکٹر صاحب کی انگریزی کتاب بعنوان:

"The Prophet's Establishing a State and His Succession"

شائع کی (۱۹۸۸ء) ہے۔

(۶) کتاب النبات، کی طرف اشارہ ہے۔

(۱۸)

بنام ڈاکٹر محمد صابر

4- Rue de Tournon,

Paris-75006/ France.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

NATIONAL HIJRA CENTENARY CELEBRATIONS COMMITTEE

کراچی ۲۶ / ربیع الانور ۱۴۰۲ھ-

محترمی زادمجدکم (۱)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

میں ان شاءاللہ چند گھنٹوں میں پرواز کررہا ہوں ۔۔۔۔ فی امان اللہ.

آپ کی بے پایاں عنایتوں کے شکریے کے لیے الفاظ نہیں پاتا۔ جزاکم اللہ خیر الجزاء۔

دوایک تکلیفیں دینی ہیں:

ایک خاتون نے آپ کے جلسے کے دن مجھ سے دریافت کیا تھا کہ عہد نبوی کی عورت طبیبوں کے نام بتاؤں۔ حضرت عائشہؓ اور حضرت رفیدہؓ انہیں معلوم تھیں۔ اگر آپ ان سے مل سکیں تو ان سے فرمایئے (مجھے ان کا نام تک معلوم نہیں کہ راست خط لکھ سکوں) کہ ایک حضرت ام وَرَقَہؓ بھی ہیں جو جنگ بدر کے وقت نرس بننا چاہتی تھیں لیکن رسول اللہ نے کہا کہ ''یہ سخت خطرے کا وقت ہے، تم اس مہم میں نہ آؤ'' یہ حافظِ قرآن بھی تھیں۔ اور اپنے محلّے کی مسجد میں مردوں عورتوں سب کی امام بھی تھیں۔ (۲) ان کا ذکر ابو داؤد میں ہے۔ (۳)

دوسرے، ایک اور نرس لڑکی تھی جو غزوۂ خیبر کے وقت اثناءِ سفر میں ایام آنے سے بالغ ہوئی تھی۔ اس کا ذکر ابن ہشام نے کیا ہے۔ (۴)

استانبول میں ہمایوں بادشاہ کا خط ہے۔ آپ نے ایک بار اس پر غالباً مضمون لکھا تھا۔ یہ کب اور کہاں چھپا تھا؟

③ غالباً آپ کے ہاں کچھ کتابیں مجھے بھیجنے کے لیے آئی ہیں۔ التماس ہے کہ انہیں پارسل کر کے کبھی نہ بھیجیے (کہ تیس چالیس روپے چنگی لازماً دینی ہوتی ہے) بلکہ بک پوسٹ کے طور پر۔

مکرر دلی شکریہ۔

مخلص

محمد حمید اللہ

مکرر:

میرا بہترین پتہ یہ ہے: ''دَربان، برائے حمید اللہ'' یعنی

LA CONCIERGE
(Pour M. Hamiddullah)
4, Rue de Tournon,
F.75006-Paris/ France.

---

(۱) ڈاکٹر محمد صابر، پروفیسر شعبہ تاریخ اسلام، کراچی یونیورسٹی، کراچی۔

(۲) عورت کی امامت و حکمرانی کے بارے میں محمد حمید اللہ کے خیالات اور ان کے تنقیدی کے جائزہ کے لیے دیکھیے: محمد حمید اللہ، ''خطبات بہاولپور''، اسلام آباد: ادارۂ تحقیقات اسلامی (اشاعت ہشتم ۲۰۰۲ء)، ص ۳۰-۳۲، ۶، ۳۷۶؛ وہی مصنف، ''عورت کی امامتِ مسجد''۔ ڈاکٹر صاحب کے قلم سے یہ اصل تحریر مظہر ممتاز قریشی (شرف آباد، کراچی) کے ہاں موجود ہے، انہوں نے ازراہ کرم اس کا زیراکس اس مرتب کو فراہم کیا ہے۔؛ ''عورت کی حکمرانی: مدیر تکبیر [محمد صلاح الدین مرحوم] اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے درمیان ایک اہم مسئلہ پر فکر انگیز مراسلت''، در تکبیر، ۱۵: ۱۴ (۲-۸/اپریل ۱۹۹۳ء) ص ۹-۱۱؛ محمد حمید اللہ بنام مظہر ممتاز قریشی، مؤرخہ ۲۲/جمادی الآخرۃ، ۱۴۰۹ھ، مؤرخہ ۱۵/رجب ۱۴۰۹ھ در ''ارمغان'' شمارہ ۴، ۵ (جولائی-دسمبر ۱۹۹۶ء) ص ۹۲-۹/۹۳ ذی القعدہ ۱۴۱۲ھ، ص ۱۲۰؛ فخر الدین صدیقی، ''اسلام میں عورت کی حکمرانی''، در ''جنگ'' (راولپنڈی)، ۱۶/جون ۱۹۹۲ء؛ وہی مصنف، ''اسلام میں عورت کی حکمرانی کی گنجائش نہیں''، در ''نوائے وقت'' (کراچی)، ۲۰ جون ۱۹۹۲ء، ۲۱/جون ۱۹۹۲ء؛ رضوان علی سید، ''عورت کی سربراہی''، در ''جنگ'' (راولپنڈی)، ۱۵ جون ۱۹۹۲ء؛ علامہ عنایت اللہ گجراتی، ''عورت کی سربراہی''، در ''جنگ'' (راولپنڈی)، ۱۱/جون ۱۹۹۲ء؛ محمد الیاس اعظمی، ''عورت کی سربراہی''، در ''جنگ'' (راولپنڈی)، ۱۸/جون ۱۹۹۲ء۔

(۳) دیکھیے: سنن ابوداؤد، باب امامۃ النساء، حدیث نمبر ۵۹۱، ۵۹۲۔

(۴) دیکھیے: ابن ہشام، ''السیرۃ النبویۃ''، القاہرہ: شرکۃ مکتبۃ مصطفیٰ البابی الحلبی، ۱۹۵۵ء حصہ دوم، ج ۳، ۴، ص ۳۴۲-۳۴۳

(۱۹)

بسم اللہ

پارلیس ۲۴ محرم ۱۴۰۳ھ۔

محترم ومکرم زاد مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ عنایت نامہ ملا۔ ممنون ہوں۔ عجلت میں ہوں۔ اس لیے قصور معاف فرمادیں۔

① میں ۱۹۰۴ء کی ذاکر حسین کی کتاب تاریخ اسلام سے ناواقف ہوں۔ ویسے تاریخ اسلام پر ابن خلدون کی عربی تاریخ اسلام کا اردو ترجمہ ہوا تھا۔ وہ اس سے قدیم تر معلوم ہوتا ہے۔

② میری غالباً لندن میں چودھری رحمت علی مرحوم سے مختصر ملاقات تو ہوئی تھی۔ لیکن ان کے متعلق دیگر حوالوں سے میں واقف نہیں ہوں۔

③ خطباتِ بہاولپور کا میں نے ۲۶ صفحوں ایک غلط نامہ ناشر صاحب کو بھیجا تھا۔ غالباً نہ چھاپا گیا۔ ایک خلاصہ رسالہ ''فاران'' کراچی کے فروری ۱۹۸۲ء نمبر کو ضرور فراہم فرمائیں۔ مصحف حضرت عثمانؓ پیٹرسبورگ (حال لینن گراڈ) میں تھا جہاں سمرقند کی فتح کے بعد روسی اس کو لوٹ کر لے گئے تھے اس کے وہاں سے دوبارہ ترکستان بھیجنا ایسا واقعہ ہے جو خود جنرل علی اکبر توپچی باشی نے مجھ سے پارلیس میں (جہاں وہ پناہ گزین تھے) بیان کیا تھا۔(۱)

ان کا ابھی حال میں پارلیس ہی میں انتقال ہوگیا ہے۔ ادر معلومات کا مآخذ اب میری اپنی روایت ہی ہے۔ میں نے اپنے لکچر میں ''رائے'' نہیں دی ہے، معلومات بیان کئے ہیں، واقعے کا ذکر کیا ہے۔ استانبول کے نسخے پر آیت فسیکفیکھم اللہ(۲) پر خون کے دھبے میں نے توپ قاپی میوزیم کے نسخے میں دیکھے ہیں۔(۳)

اسی آیت پر تاشقند کے نسخے میں کوئی دھبے نہیں ہیں۔اور تاریخ میں اسی آیت پر خون گرنے کا ذکر آتا ہے۔امریکا میں تاشقند کے نسخے کا ری پرنٹ شائع ہوا ہے۔(۴)اس کے دیباچے میں بھی میں نے یہ معلوم لکھے ہیں۔اس کا پتہ ہے:

Hyderabad House,
145 BS. 13th Street,
Room 400,
Philadelphia, PA., 19107

کوئی اور خدمت؟

مخلص

محمد حمید اللہ

---

